ترکی اور اردو زبان کے مشترک الفاظ

Türkçe ve Urduca' daki Ortak Kelimeler

اصغر حمید

ASGHER HAMİD

ترکی اور اُردو زبان کے مشترک الفاظ

Türkçe ve Urduca' daki Ortak Kelimeler

اصغر حمید

Asgher Hamid

Turki Aur Urdu Zuban Kay Mushtarak Alfaaz
by Asgher Hamid

نام کتاب : ترکی اور اُردو زبان کے مشترک الفاظ
مصنف/ناشر : اصغر حمید، حسن پور-244241 (ضلع جیوتی با پھولے نگر) یوپی
فون: 05924-264446 / Mobile No. 9259900385
صفحات : 552
قیمت : اندرون ملک -/500 روپے (پانچ سو روپے)
جنوبی ایشا و ترکی کے لیے -/500 ہندوستانی روپے کا زرِ متبادل
دیگر ممالک 35 امریکی ڈالر
India- Rs. 500/-
South Asia & Turkey Equivalent to Rs. 500/-
Other Countries : $ 35
تعداد : 500
سال اشاعت : 2006ء
مطبع : شاہد پبلیکیشنز، نئی دہلی
کمپوزنگ : محمد اسلام خان، فون: 9910100445
زیرِ اہتمام : ڈاکٹر شاہد حسین، نئی دہلی، موبائل: 9868572724
ISBN - 81-903966-0-9

ملنے کے پتے

ASGHER HAMID *(Advocate)*
Hasanpur, Pin Code : 244241
Distt. Jyoti Ba Phoole Nagar, (U.P.) INDIA
Mobile No. 9259900385

NAYA SAFAR PUBLICATIONS DELHI
C-166, Vivek Vihar, Phase-I, Delhi-110095
Phone : 011-22153058, (Mob.) : 9910153058

SHAHID PUBLICATIONS
2253, Resham Street, Kucha ChellanDarya Ganj,
New Delhi-110002 Mob.: 9868572724 Tel. (R) : 23272724

انتساب

ترکوں اور ہندوستانیوں

کے

قدیم تہذیبی رشتوں کے

نام

Bu kitap asırlara dayanan Türk ve Hint halklarının kültürel münasebetlerine ithaf edilmektedir.

فہرست

FOREWORD

The links between Turkish and Urdu has not been sufficiently brought into light neither in Turkey nor in other countries especially for those who are not experts in this area. Altough the linguists and the members of the two cultures who could have the chance of witnessing it are famillíar with the existence of common words in two languages, it might be surprising to know that the number of those common words approach nine thousand. However the fact that the Turks reigned in South Asia starting from their arrival from Central Asia nearly at the 11th century untill the beginning of the British colonialist rule at the 18th century and integrated with the people of the region, clearly indicates the naturalness of the existence of commonalities between the two languages. Some of the vocabulary in this work which lost in time their active usage in our spoken and written language have actually played an important role in Turkish and have been used both in daily and literary languages. This lexicon of words prepared throughout long years with great effort by scrutinizing thoroughly the vocabulary of the two languages deserves to come to light. I earnestly wish that this valuable work encourages other people to conduct research in this area and leads the way to similar ones.

I would like to congratulate the author who had the chance of learning Turkish almost fifty years ago in our country and despite of not being a linguist gave life to this lexicon of words keeping his love for the language with a decisiveness and tenacity, rarely seen nowadays. I hope that this book will be a bridge for the two peoples bound by historically deep rooted ties to rediscover each other. 16.06.2006

Halil Akıncı
Ambassador of the Republic
of Turkey in New Delhi

ÖNSÖZ

Türkçe ile Urduca arasındaki bağlantı konunun uzmanı olmayanlar açısından ülkemizde ve dünyada genelde yeterince ışığa çıkartılmamıştır. İki dilde ortak kelimeler olduğu dilbilimciler ve iki kültürün karşılıklı temas sırasında şahit olma şansı yakalamış mensuplarınca bilinse de, sözkonusu kelimelerin sayısının dokuz bine yaklaşması hayret uyandırabilir. Oysa takriben İ.S. 1000 yılından itibaren Türklerin Orta Asya'dan Güney Asya'ya gelerek bölge halkıyla kaynaşmış ve 18. yüzyılda İngilizlerin sömürge yönetimine kadar hüküm sürmüş olması, iki dil arasındaki sözkonusu ortaklığın doğallığını açıkça göstermektedir. Türkçe ve Urduca'daki ortak kelimeleri bir araya getirmeye çalışan bu eserde karşılaşılan bugün artık dilimizde aktif olma özelliğini yitirmiş, yazı dilinde dahi kullanımdan düşmüş sözcükler esasen tarihte Türkçe'nin bir parçası olarak işlev görmüş, günlük dilde ve/veya edebi dilde kullanılmışlardır. Uzun yıllar büyük emekle ve iki dilde mevcut sözlüklerin hassas bir taramaya tabi tutulması neticesinde hazırlanan bu derleme gün ışığına çıkartılmayı hak etmektedir. Elimizde tuttuğumuz bu değerli çalışmanın benzeri çalışmaları cesaretlendirmesini ve yol göstermesini içtenlikle temenni ediyorum.

Dilbilimci olmamakla birlikte neredeyse elli yıl önce ülkemizde Türk diliyle tanışma şansı elde eden ve Türkçe'ye olan sevgisini yıllarca kalbinde saklayarak, günümüzde örneği gittikce azalmakta olan bir inat ve kararlılıkla bu eseri ortaya koyan kitabın yazarını tebrik ediyor, çalışmanın tarihten gelen derin bağlara sahip iki halkın birbirlerini yeniden keşfetmesinde bir köprü olmasını diliyorum. 16.06.2006

Halil Akıncı
Türkiye Cumhuriyeti
Yeni Delhi Büyükelçisi

پیش لفظ

اصغر حمید صاحب کی یہ تصنیف یا تالیف ایک علمی دیوانگی کا کرشمہ ہے اور دیوانگی بھی ایسی جس کا آغاز اور عروج کبر سنی کے عہد میں ہوا جب اعضا کی توانائی جواب دینے لگتی ہے۔ لیکن دماغ تنومند ہو جاتا ہے۔ شاید اس پروجیکٹ سے ان کو جوڑنے اور مستعد بنانے میں کچھ حصہ میرے تحریک کا بھی ہے۔ چھ سات سال قبل جب میں تاشقند کے سفر سے واپس آیا اور ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے پوچھا کہ آپ نے اردو اور ترکی کی مشترک لفظیات پر کام کرنے کا جو منصوبہ بنایا تھا اس کا کیا رہا؟ بولے کام تو شروع کیا ہے لیکن رفتار سست ہے۔ کچھ گھر کی مصروفیات کچھ وسائل کی کمی۔ میں نے عرض کیا کہ ایسے علمی کاموں کی تکمیل اسی وقت ہوتی ہے جب اسے زندگی کے دوسرے مشغلوں سے الگ کر کے ترجیحی اہمیت دی جائے اور اسے پورا کرنے کے لیے ایک جنون طاری کیا جائے۔

اسی دوران میرے ان کے ایک مشترک دوست اور السنہ ترکی کے ماہر ڈاکٹر اکمل ایوبی گزر گئے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ میری بات ان کے دل کو لگی اور انھوں نے کمر کس لی۔ گزشتہ پانچ چھ سال کی مدت میں برابر ان سے رابطہ رہا اور تبادلۂ خیال بھی ہوتا رہا۔ انھیں یہ خیال تھا کہ میں نے دس بارہ سال چغتائی ترکی کے علاقے میں گزارے ہیں اس لیے میں ترکی زبان کی لسانی ساخت سے کچھ آشنا ہوں گا، وہم ثابت ہوا۔ اس لیے کہ تاریخی حالات سے عثمانی ترکی اور وسطی ایشیا کی چغتائی ترکی میں خاصہ فاصلہ پیدا ہو چکا ہے۔ اس لیے چغتائی ترکی زبان کی لغات کے بارے میں جو مواد اور کتابیں انھیں دیں وہ بھی زیادہ سود مند ثابت نہیں ہوئیں لیکن یہ ضرور ہوا کہ ان کا کام کرنے کا حوصلہ بڑھتا رہا اور انھوں نے خاصی مشقت کر کے رضا لائبریری رام پور، علی گڑھ کے کتب خانوں اور ترکی کے سفارت خانے سے کچھ قیمتی مواد حاصل کیا اور اس طرح اس منصوبہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

اصغر حمید صاحب سے میرے دوستانہ مراسم (جو بعد میں رشتہ داری میں بدل گئے) ۵۷-۱۹۵۶ء کی علی گڑھ کی طالب علمی کے زمانہ سے ہی قائم ہیں۔ ہم دونوں نے روسی زبان کے ڈپلوما کورس میں بھی داخلہ لیا تھا اور ایک نہایت خوب صورت اور مہذب انگریز ٹیچر سے روسی زبان سیکھی تھی۔ پھر وہ حکومت ہند سے ایک وظیفہ پا کر ترکی زبان کی تعلیم کے لیے ترکی چلے گئے۔ کئی سال تک ہم ایک دوسرے کے لیے لاپتہ ہو گئے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ موصوف نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ترکی کا استاد بننے کی کوشش کی تو انھیں وکالت کرنا پڑی۔ اور مجھے وکالت کا پیشہ ترک کر کے یونیورسٹی میں استاد کا منصب ملا۔ قدرت اس طرح کی غلط بخشیاں کرتی ہی رہتی ہے۔ اتنا ضرور ہوا کہ ترکی سے واپس آنے کے بعد اصغر حمید صاحب جدید ترکی ادب کے ترجمہ کی طرف مائل ہوئے۔ انھوں نے ترکی شعرا ناظم حکمت، یحیٰ کمال، الہامی بیکر تیز اور خالدہ نصرت زورلوتا کی نظموں کے نیز چند ترکی افسانوں کے ترجمے اردو میں کیے۔ حسن پور اور مراد آباد میں وکالت کے علاوہ انھوں نے خاندانی کاشت اور باغبانی کا مشغلہ بھی اختیار کیا اور اس طرح جب ان کے جوان ہوتے بچوں نے انھیں اس کام سے بے دخل کیا اور ان میں فراغت کی تو وہ پہلے کے لسانی اور علمی تحقیق کے اس کاروبار کی طرف لوٹ گئے جسے انھوں نے علی گڑھ میں شروع کیا۔ استنبول (ترکی) میں آگے بڑھایا اور واپس آ کر بہ مجبوری اس سے چھٹکارا پایا۔ لیکن اس دوری کے ایام میں بھی اس سے ایک علمی تعلق قائم رہا۔ یہی وجہ ہے کہ کچھ فراغت پا کر اصغر حمید صاحب نے جب اس کام کو دوبارہ ہاتھ میں لیا تو پانچ چھ سال کی مسلسل محنت اور جانفشانی سے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔

دراصل ترک نسل کی قوم کا اصل خطہ یورال کا التائی کوہستانی علاقہ مانا جاتا ہے۔ صدیوں پہلے ترکوں کے کچھ قبیلے ہجرت کر کے ترکی اور مشرقی یورپ کے کچھ علاقوں میں آباد ہو گئے۔ باقی وسطی ایشیا مغربی چین اور کاکیشیا (کوہ قاف) کے خطے میں پھیل گئے۔ ان کی زبان بھی مختلف جغرافیائی اور لسانی اثرات کے تحت پرورش پاتی رہی۔ مثلاً آذری میں فارسی زبان کے اثرات گہرے ہیں اس لیے کہ یہ علاقہ مدت تک ایران کا ایک صوبہ رہا۔ وہاں شیعہ عقیدہ کے لوگوں کی اکثریت ہے۔ لیکن ازبکستان کی چغتائی ترکی میں عربی فارسی کے دخیل الفاظ کے باوجود قواعد اور زبان کی ساخت میں ترکی غالب ہے۔ یہی دو زبانیں ایسی ہیں جن میں شعر و ادب کا سرمایہ بھی تقریباً ایک ہزار سال سے ملتا ہے۔ تاہم یہ صحیح ہے کہ جغرافیائی تاریخ اور بعض سیاسی اسباب کی بنا پر چغتائی ترکی اور عثمانی ترکی میں رابطے بہت کم رہے۔

تاہم اس سلسلے میں جیسا کہ اصغر حمید صاحب نے اشارہ کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اردو زبان کی تشکیل پر وسطی ایشیا کے ترکوں کی زبان ہی اثر انداز ہوئی۔ یہی نہیں جن لسانی اور تہذیبی عناصر کو ایرانی اثرات سے منسوب کیا جاتا ہے وہ سب وسطی ایشیا کی اقوام ترکمانی، تاجکی اور ازبیک نسل کے لوگوں سے یا ان کے واسطے سے آئے۔ عربوں کی طرح

ایرانی النسل خاندان نے بھی صدیوں تک وسطی ایشیا کے بڑے علاقے پر حکومت کی ہے۔

بہر حال اصغر حمید صاحب کے اس مطالعہ کا تعلق وسطی ایشیا کی ترکی سے نہیں بلکہ عثمانی ترکی سے ہے اور وہ بھی عہد جدید کی ترکی سے جب رسم الخط کی تبدیلی سے ترکی زبان کی بعض بنیادی آوازوں میں بھی تبدیلی پیدا ہوئی۔ مثلاً ق، غ اور ع کی آوازیں جن مخارج سے ادا ہوتی تھیں اب ان مخارج سے نہیں نکلتیں۔ اسی طرح دوسری تبدیلیاں عمل میں آئیں۔ اگرچہ یہ حیرت کی بات ہے کہ وسطی ایشیا کی چغتائی ترکی زبان کا رسم الخط بھی دو مرتبہ تبدیل ہوا لیکن ان کی آوازوں کے مخارج اور ادائگی میں کوئی بنیادی فرق نہیں آیا۔

اصغر حمید صاحب نے دیباچہ میں ان تبدیلیوں اور اس نوع کے لسانی مسائل کی وضاحت خوبی سے کردی ہے۔ میرا حال وہی ہے جو مشہور مصرع میں کہا گیا ہے ۔

زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم

اصغر حمید صاحب نے ترکی اور اردو زبان میں استعمال ہونے والے ترکی الفاظ کے معنی و مفہوم تلفظ اور لہجہ میں جہاں جہاں فرق دیکھا ہے اس کی نشان دہی بھی کردی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اردو زبان اور محاورہ کے ماہرین کو اس میدان میں زیادہ دقت نظر سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔

ترکی زبان کے بارے میں کچھ مضامین اور رسائل شائع ہوتے رہے ہیں لیکن دونوں زبانوں کے مشترک الفاظ کے ذخیرہ پر اتنا وسیع کام اب تک سامنے نہیں آیا ہے۔

مجھے امید ہے کہ اہل نظر کی جانب سے اصغر حمید صاحب کو اس تحقیقی مطالعہ کی داد ملے گی اور اس کے ساتھ ترک شناسوں کو اس میدان میں مزید کام کرنے کا حوصلہ ملے گا۔

قمر رئیس

۵ر جون ۲۰۰۶ء

دہلی

دیباچہ

ترکی زبان سے میرا تعلق تقریباً نصف صدی پرانا ہے۔ یہ بات ۱۹۵۶ء کی ہے جب میں شعبہ جغرافیہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ریسرچ کا طالب علم تھا۔ اس زمانے میں نمبر ۱ حالی روڈ کے ایک حصہ میں جہاں میں قیام پذیر تھا ایک شامی بزرگ الماسون صاحب رہا کرتے تھے۔ وہ ترکی زبان سے واقف تھے اور انھوں نے ترکی زبان کی تدریس کے لیے کچھ اسباق رومن حروف تہجی میں تیار کیے تھے۔ ان اسباق میں الفاظ کا تلفظ پرانی زبان کا تھا جو اس وقت ترکی میں مروج نہیں تھا۔ ترکی زبان کی ابتدائی تعلیم میں نے انھیں کے توسط سے حاصل کی۔ خوش قسمتی سے ۱۹۵۷ء میں مجھے حکومت ہند کی وزارت تعلیم کے وظیفہ پر ترکی جانے کا موقع مل گیا جہاں استنبول یونیورسٹی میں میں نے ترکی زبان کی تعلیم حاصل کی۔ ترکی کے قیام کے دوران میں نے محسوس کیا کہ ترکی اور اردو زبان میں مشترک الفاظ کی تعداد بہت زیادہ ہے جن کو کتابی شکل میں یکجا کیا جا سکتا ہے لیکن ہندوستان آکر آلام روزگار نے مہلت نہ لینے دی۔ اس لیے میں نے اس کام کی انجام دہی کے لیے اپنے ایک دوست اور ساتھی سے درخواست کی جو ترکی زبان سے بخوبی واقف تھے جب انھوں نے اس طرف کوئی توجہ نہ دی تو چار و ناچار میں نے خود ہی اس منصوبہ کو اپنے ہاتھ میں لیا اور تقریباً گزشتہ چھ سال کی محنت شاقہ کے بعد تقریباً نو ہزار الفاظ کی فہرست پیش کر رہا ہوں جو ترکی اور اردو زبان میں مشترک ہیں۔

لفظ اردو ترکی زبان سے ماخوذ ہے۔ ترکی زبان میں ORDU اوردو کے معنی فوج، لشکر، کیمپ اور کسی ملک کی عسکری قوت کے ہیں۔ مسلم فاتحین جب ہندوستان آئے تو اپنے ساتھ عربی، فارسی اور ترکی بولنے والے فوجی بھی لائے۔ ان کی آمد کا سلسلہ حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت کے زمانہ میں حاکم یمن ابوالعاص کی آمد ۶۳۲ء سے شروع ہوا۔ اس نے تھانہ صوبہ مہاراشٹر پر حملہ کر کے فتح حاصل کی۔ اس کے بعد ۶۶۴ء میں مہلب بن ابی صفرہ نے ملتان اور ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم نے سندھ پر قبضہ کیا۔ یہ سب عربی النسل تھے۔ ترکوں کی ہندوستان میں آمد سبکتگین اور پھر محمود غزنوی (۹۹۸-۱۰۳۰ء) کے حملوں سے شروع ہوئی۔ اس کے بعد غوری، ایبک، التتمش، بلبن، خلجی، تغلق، مغل، آصف جاہی و قطب شاہی حکومتیں جو ترک النسل تھیں قائم ہوتی چلی گئیں۔ ان کے فوجیوں کو اپنی روزمرہ کی ضروریات کے لیے مقامی باشندوں سے رابطہ قائم کرنا پڑا اور اس طرح آپسی تعلقات سے ایک نئی لشکری زبان جو عربی، فارسی، ترکی اور مقامی زبانوں خصوصاً ہندی کا مرکب تھی وجود میں آئی۔ اس مخلوط زبان کو دلی میں 'اردوئے معلی' یعنی سلاطین کے لشکر کی بولی کہا گیا۔ گجرات میں اسے ''گجری'' اور دکھن میں اسے ''دکنی'' کے نام سے موسوم کیا گیا۔ کسی نے اسے ''ہندی'' یا ''ہندوی'' کہا اور کسی نے اسے ''لاہوری''، ''دہلوی'' یا ''ریختہ'' کا نام دیا۔ کسی نے سندھی سرائیکی کے علاقہ کو اس کے پیدا ہونے کی جگہ قرار دیا۔ شاہجہاں نے اس کے رواج پر دھیان دیا اور بقول مولوی سید احمد دہلوی مصنف ''فرہنگ آصفیہ'' شاہجہاں نے ہر بازار میں دلال مقرر کر دیے تاکہ جو الفاظ سامان کی خرید و فروخت وغیرہ کے وقت لوگوں کی زبان سے نکلیں انھیں معہ موقعۂ استعمال بغیر کانٹ چھانٹ اسی طرح لکھ کر بادشاہ کے سامنے پیش کرتے رہیں۔ اس طرح شاہجہاں کی توجہ سے یہ زبان روز بروز ترقی کرتی چلی گئی۔ انگریزوں کی حکومت کے دوران اس میں انگریزی کے الفاظ بھی شامل ہو گئے۔ ۱۸۳۵ء میں اردو نے فارسی زبان کی جگہ لے لی جو ۱۹۱۱ء سے ہندوستان کی سرکاری زبان تھی۔

اس طرح اردو زبان جو جدید ہند آریائی خاندان سے تعلق رکھتی ہے پہلے ترکی، عربی اور فارسی اور ہندی زبانوں کا مرکب تھی مگر بعد میں اس میں انگریزی اور دوسری زبانوں کے الفاظ بھی شامل ہو گئے اور اب یہ ان سب کا سنگم ہے۔ ۱۹۴۷ء تک اردو ہندی ہندوستان کی سرکاری زبانیں رہی ہیں لیکن ملک کے آزاد ہونے کے بعد قانون بنا کر اردو کو اس حیثیت سے بے دخل کر دیا گیا اور مرکز سے رابطہ سے انگریزی سرکاری زبان بنی رہی۔ اردو پاکستان اور ریاست جموں و کشمیر میں سرکاری زبان ہے۔ اس کے علاوہ ملک کی کئی ریاستوں مثلاً بہار و دلی میں اسے دوسری سرکاری زبان کا درجہ حاصل ہے۔ یہ ہندوستانی آئین کے آٹھویں شیڈول میں دوسری زبانوں کے ساتھ ایک قومی زبان کی حیثیت سے شامل ہے۔ برصغیر ہند و پاکستان کے علاوہ یوروپ کے بعض ملکوں میں بھی اس زبان کے شعبے قائم ہیں اور اردو بولنے والے موجود ہیں۔

ترکی زبان تورانی یا یورال التائی زبانوں کی ایک اہم شاخ ہے۔ یہ ترکیائی Turkic زبان کی مغرب ترین زبانوں میں سے ایک ہے جو مرکزی ایشیا تک بولی جانے والی زبان ہے اور اسے عام طور پر جنوبی مغربی گروپ کے ممبر کی حیثیت سے اغوز گروپ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ دوسری ترکیائی زبانیں جن کا ایک دوسرے سے قریبی تعلق ہے آذر بائیجانی (آذری) قزاق، کرغیز، تاتار، ترکمین، اُوئی غر، اُزبیک اور بہت سی دوسری زبانیں ہیں جو بلقان سے مرکزی ایشیا، شمالی مغربی چین وجنوبی سائبیریا میں بولی جاتی ہیں۔

ترکی کے علاوہ جہاں اس کے بولنے والوں کی تعداد قریب ۷ کروڑ ہے اسے بلغاریہ، مقدونیا، قبرص، رومانیہ، اُزبکستان، آذر بائیجان، قزاقستان، کرغیزیا، تاتارستان، ترکمنستان، ہرزی گووینا، چیچینیا، جرمنی، بیلجیم، آسٹریا، ایران، عراق وجنوبی مشرقی یوروپ سے روس کے ینیسی دریا اور چین کے شمالی مغربی علاقہ تک یعنی قریب ۳۵ ملکوں میں بولا جاتا ہے۔

کچھ عالموں کے مطابق منگولیا اور ترکی کے درمیان بولی جانے والی زبانوں کو Turkic یا ترک زبانیں کہا جانا چاہیے اور لفظ ترکی صرف ترکی میں ہی بولی جانے والی زبان کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے لیکن عام طور پر سب زبانوں کو ترکی زبان کہا جاتا ہے اور جغرافیائی حدود یا ادبی لہجوں کے مطابق ان میں فرق کردیا جاتا ہے جیسے آذربیجان میں بولی جانے والی آذری ترکی، چین کے مغربی حصہ میں بولی جانے والی زبان کو اُوئی غر، چغتائی، تاتاری اور عثمانی ترکی وغیرہ وغیرہ۔ پندرہویں صدی تک اناطولیا کے ترک اُوئی غر رسم الخط میں ترکی زبان لکھتے تھے۔

۲۳-۱۹۱۹ء کے انقلاب ترکی کے بعد مصطفیٰ کمال نے جنھیں اتاترک کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے ''یوروپ کے بیمار آدمی'' یعنی ترکی کو ایک جدید اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے جہاں دیگر اصلاحات کیں وہیں ترکی زبان کو عربی رسم الخط کے بجائے رومن رسم الخط میں لکھے جانے کا فیصلہ بھی لیا۔ اس کے لیے انھوں نے عوام کو اس طرف راغب کرنے کے لیے تختہ سیاہ کا سہارا لینے کے ساتھ ساتھ سختی سے بھی کام لیا۔ اتاترک نے ترکی کے ادیبوں اور حکام کی ایک میٹنگ طلب کی جس میں انھوں نے دریافت کیا کہ اس میں کتنا وقت لگے گا تو عام رائے تھی کہ پندرہ سال لیکن چونکہ کمال اتاترک اس تبدیلی کو جلد از جلد لانا چاہتے تھے اس لیے انھوں نے اس کام کے لیے چھ ماہ کی مدت مقرر کی۔ ۹ راگست ۱۹۲۸ء کو اتاترک پہلے ملک کے اکابر کے سامنے اور پھر عوام کو نئے حروف تہجی سکھانے کے لیے گاؤوں کی سڑکوں پر نکل پڑے۔ ساٹھ سال کی عمر تک کے مردوں اور پچاس سال کی عمر تک کی عورتوں کے لیے شام کی کلاسوں میں نئے ترکی حروف تہجی کو سیکھنا لازمی قرار دے دیا گیا۔ یکم نومبر ۱۹۲۸ء کو ترکی پالیمنٹ نے نئے حروف تہجی کو جاری کرنے اور سال کے ختم ہونے کے بعد شائع کی جانے والی کتابوں میں عربی حروف کے استعمال پر پابندی لگانے کا قانون پاس کردیا اور ۱۹۲۹ء سے ترکی زبان کے لیے رومن رسم الخط جاری کردیا گیا۔

''اوشان لی جا'' یا عثمانی ترکی جو عربی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی کے حروف تہجی کی تعداد ۳۱ تھی جو ذیل میں درج ہیں:

ا۔آ (الف ممدوح) ب۔پ۔ت۔ث۔ج۔چ۔ح۔خ۔د۔ذ۔ر۔ز۔ژ۔س۔ش۔ص۔ض۔ط۔ظ۔ع۔غ۔ف۔ق۔ک۔ل۔م۔ن۔و۔(ہ،ھ)۔ی۔

اس کے برخلاف جدید ترکی زبان میں جواب رومن رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔ ۲۹ حروف تہجی ہیں جن کو معہ ان کی آوازوں کے نیچے لکھا جاتا ہے۔

A(ا) جیسے Arz(ارض) Askerî(اَسکیری) بمعنی عسکری میں

B(ب/بے) جیسے Baba(بابا) میں

C(ج/جے) جیسے Cam(جام) بمعنی شیشے میں

Ç(چ/چے) جیسے Çay(چائے) میں

D(د/دے) جیسے Daire(دائرے) بمعنی دائرہ میں

E(اے) جیسے Ecnebi(اَجنبی) بمعنی اجنبی میں

F(ف/فے) جیسے Faide(فائدے) بمعنی فائدے میں

G(گ/گے) جیسے Günah(گیُوناہ) بمعنی گناہ و Garur(گرُور) بمعنی غرور میں

Ğ(خاموش G)

H(ح/ہ/ہے) جیسے Hacet(حاجیت) بمعنی حاجت، Hafta(ہفتا) بمعنی ہفتہ و Haber(خبیر) بمعنی خبر میں

İ(اِی) جیسے İbadet(اِبادیت) بمعنی عبادت و İkrar(اِکرار) بمعنی اقرار میں

(ای) بھاری آواز I

J(ژ رژے)	K(ک رکا)	L(ل رلے)	M(م رمے)	N(ن رنے)	O(اُو)
جیسے Jeoloji (ژے اُولو ژی) بمعنی جیولوجی میں	جیسے (کیافر)Kâfir بمعنی کافریا (کباحت)Kabahat بمعنی قباحت میں	جیسے (لیہچے)Lehçe بمعنی لہجے میں	جیسے (مالک)Malik بمعنی مالک میں	جیسے (نادر)Nadir بمعنی نادر میں	جیسے (ہوش)Hoş بمعنی ہوش میں

Ö(اَو)	P(پ رپے)	R(ر رے)	S(س رسے)	Ş(ش رشے)	T(ت رتے)
(دونوں ہونٹوں کوگول کرکے) جیسے (اومیُور)Ömür بمعنی عمر میں	جیسے (پارچا)Parça بمعنی پارچہ میں	جیسے (ریہبر)Rehber بمعنی رہبر میں	جیسے (ساحِل)Sahil (ساہت)Sabit بمعنی ثابت و (صنعت) San'at بمعنی صنعت میں	جیسے (شاہ)Şah میں	جیسے (تابُوت)Tabut و (طرَف)Taraf میں

U(اُو)	Ü(اِیُو)	V(و روے)	Y(ی ریے)	Z(ز رزے)
جیسے (اُنسُور)Unsur بمعنی عنصر، و (اُصُول)Usul بمعنی اُصُول میں	(دونوں ہونٹوں کوگول کرکے) جیسے (یُسلُوپ)Üslup بمعنی اسلوب، یاGül گیُول بمعنی گل میں	جیسے Vade (وادے) بمعنی وعدہ میں	جیسے Yadigâr (یادی گار) بمعنی یادگار میں	جیسے (زادے)Zade بمعنی زادہ، Zaruri (زَروری) بمعنی ضروری، (زَرِف)Zarif بمعنی ظریف، Zihin(زِہن) بمعنی، ذہن میں

پرانی ترکی زبان یا عثمانی ترکی میں خ، ق، غ اور ع کی آوازیں حلق سے نکالی جاتی تھیں لیکن جدید ترکی زبان میں اب ایسا نہیں ہوتا۔ ایک سی آوازوں والے حروف تہجی ت و ط کے لیے اب T؛ ث، س، ص کے لیے S؛ ح، ہ، خ کے لیے H؛ ز، ذ، ض، اور ظ کے لیے Z؛ غ کے لیے G؛ اور ک، ق کے لیے K استعمال کیے جاتے ہیں۔ عربی رسم الخط میں بیشتر حروف تہجی ابتدائی، درمیانی، آخری یا جدا یا الگ الگ ہونے کی حالت میں شکلیں بدلتے تھے۔ ان پر زیر، زبر اور پیش کی علامت نہ لگائے جانے کی وجہ سے ان کے پڑھنے میں مبتدی کو بہت سے نشانات و حروف اور ہجوں کے قاعدے سیکھنے پڑھتے تھے یا اٹکل سے ان الفاظ کو پڑھنا پڑھتا تھا بالکل ایسے ہی جیسے کہ اردو میں ان کو اٹکل یا پریکٹس سے پڑھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے ترکی زبان کو لکھنا پڑھنے سیکھنے میں مبتدی کو قریب تین سال لگ جاتے تھے لیکن اب ترکی زبان کو رومن رسم الخط میں لکھے جانے اور زبان کے صوتی Phonetic ہو جانے کی وجہ سے ایک ترک بچہ اس کو تین ماہ میں سیکھ سکتا ہے۔

موجودہ ترکی زبان کی ساخت سادہ اور منطقی ہے اور ہند یوروپی Indo-European یا سامی النسل Semitic زبانوں کی ساخت سے بالکل مختلف۔

Osmanlica (اُوشمان لی جا) یا عثمانی ترکی میں عربی اور فارسی زبانوں کے الفاظ کی بھرمار تھی بالکل اسی طرح جیسے کہ پرانی اردو زبان میں یعنی یہ کہ فعل

کو چھوڑ کر زیادہ تر الفاظ عربی و فارسی کے ہوا کرتے تھے۔ انقلاب ترکی ۱۹۲۳-۱۹۱۹ء کے بعد ہزاروں عربی فارسی الفاظ کو جو صدیوں سے استعمال ہو رہے تھے ترکی زبان سے خارج کر دیا گیا اور ان کی جگہ قدیم ترکی الفاظ کو پرانی کتابوں سے نکال کر یا ترک زبانوں سے درآمد کر کے یا کچھ نئے الفاظ ایجاد کر کے شامل کر دیا گیا بالکل اسی طرح جیسے کہ ہمارے ملک میں ہندی کو قومی زبان بنائے جانے کے بعد فارسی، عربی اور انگریزی کے الفاظ کو خارج کر کے ان کی جگہ ٹھیٹھ سنسکرت کے اجنبی اور غیر مروج الفاظ ہندی میں داخل کر کے یا نئے الفاظ ایجاد کر کے کیا گیا۔ یہ سلسلہ ۱۹۵۰ء کے بعد مذہب نواز ڈیموکریٹک پارٹی جس کے قائد عدنان مینڈریس تھے کہ برسر اقتدار آنے سے نہ صرف بند ہوا بلکہ مینڈریس حکومت نے ملک کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد ایک قانون پاس کر ریپبلکن پارٹی کے دور حکومت میں نکالے گئے عربی و فارسی الفاظ کو دوبارہ ترکی زبان میں شامل کر دیا۔

ترکی زبان کے موجودہ ۲۹ رومن حروف تہجی میں ۸Vowels یا حروفِ علّت اور ۲۱Consonants یا حروف صحیح ہیں۔ منہ سے نکالے جانے والے حروف علّت e,ö,ü,i کو Closed Vowels یا Front Vowels (سامنے کے حروف علّت یا بند حروف علّت کہتے ہیں اور مُنہ کی خالی جگہ سے نکالے جانے والے حروف علّت a,ı,o,u کو Back Vowels پیچھے کے حروفِ علّت یا Open Vowels کھلے حروفِ علّت کہا جاتا ہے۔

ان حروف علّت کی ایک دوسری درجہ بندی آوازوں کو ہونٹ گول کر کے یا بغیر گول کیے نکالنے سے کی گئی ہے۔ ہونٹوں کو آگے نکال کر اور گول کر کے آواز نکالے جانے والے حروف علّت کو Rounded Vowels کہا جاتا ہے اور اس صف میں o,ö,u,ü آتے ہیں۔ ہونٹوں کو گول کیے بغیر آواز نکالے جانے والے حروفِ علّت a,e,i,ı ہیں جنھیں Unrounded Vowels کہا جاتا ہے۔

ترکی زبان میں بعض حروف علّت کی آوازوں کو بعض ایسی ہی دوسری آوازوں کے پیچھے آنے اور بعض حروفِ صحیح کو ساتھ ساتھ استعمال کیے جانے کے اصول کو Law of Euphony ضابطہ حسن یا Law of Assimilation ضابطہ مطابقت کہا جاتا ہے اور عملی طور پر تمام اسماء وافعال کے آخری حصے اس اصول سے متاثر ہوتے ہیں۔ اس کے مطابق اگر لفظ کے ارکان تہجی میں Back Vowels پیچھے کے حروفِ علّت a,ı,o,u میں سے کوئی ہو تو آگے آنے والے تہجی ارکان میں اسی طرح کے حروف علّت کا استعمال کیا جائے گا اور اگر ارکان تہجی میں سے Front Vowels یا سامنے کے حروفِ علّت e,i,ö,ü میں سے کوئی ہو تو اس کے بعد انھیں حروفِ علّت میں سے کسی کا استعمال کیا جائے گا۔

ترکی الفاظ کے آخر میں b,c,d,g شاذ و نادر ہی استعمال کیے جاتے ہیں لیکن اگر غیر ترکی زبانوں کے الفاظ میں ان کی آوازوں کا اخراج ہو تو یہ p,ç,t,k میں تبدیل ہو جاتے ہیں جیسے عربی زبان کا لفظ ''احمد'' Ahmet (احمیت) اور ''کتاب'' Kitap میں بدل جاتے ہیں۔

Law of Euphony کے اس آہنگ اور ترتیب کی وجہ سے جدید ترکی زبان کو ''مشرق کی اطالوی زبان'' کا نام دیا گیا ہے۔

ترکی زبان میں چھ نئے حروف تہجی Ğ,I,Ö,Ü,Ç,Ş کا اضافہ کیا گیا ہے جن میں سے Ü اور Ö کو جرمن زبان سے لیا گیا ہے۔ Ş کو ''ش'' کے لیے اور Ç کو ''چ'' کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ Ğ جسے نرم G (گ۔ گے) بھی کہا جاتا ہے کہ آواز سخت G کی طرح حلق کے اوپری حصہ میں کھچاوٹ پیدا کر کے نکالی جاتی ہے لیکن G کی صورت میں راستہ وقتی طور سے بند کر دیا جاتا ہے جبکہ Ğ کی آواز میں ہوا کا راستہ پوری طرح بند نہیں کیا جاتا۔ اس کا کوئی متبادل حرف انگریزی زبان میں نہیں ہے۔

انگریزی میں جو کتابیں ترکی زبان کے بارے میں لکھی گئی ہیں ان کے مطابق اگر Ğ (نرم G) کے پہلے سامنے کا حرف علّت Front Vowel ہو تو اس کا تلفظ انگریزی لفظ Yet کے Y کی طرح ادا کیا جائے گا لیکن اگر اس سے پہلے پیچھے کا حرفِ علّت Back Vowel ہو تو یہ حروف علّت کی آواز کو طول دے دیتا ہے جیسے Ağaç (آعاچ) بمعنی پیڑ میں۔ Ğ اگر کسی لفظ کے آخر میں آئے یا اس کے بعد کوئی حرف صحیح ہو تو یہ اپنے سے پہلے والے حرف علّت کی آواز کو کھینچ دیتا ہے جیسے Dağ (داغ) سابقہ داغ بمعنی پہاڑ میں۔ اور اگر Ğ سے قبل اور بعد میں پیچھے کے حروفِ علّت a,ı,o,u میں سے کوئی ہو تو پہلے والا حرفِ علّت طول دے دیا جاتا ہے، Ğ سے پہلے یا بعد میں اگر سامنے کے حروف علت میں سے کوئی ہو تو Ğ کی آواز انگریزی لفظ Paying کے Y کی خفیف آواز کی طرح ہوتی ہے جیسے Diğer بمعنی دیگر یا Eğer بمعنی اگر میں۔ لیکن دراصل Ğ جو سابقہ ترکی زبان یا عثمانی ترکی کے حرف تہجی ''غ'' کے Substitute یا بدل کے طور پر اکثر استعمال کیا جاتا ہے کی آواز ''غ'' کی خفیف آواز کی طرح نکالی جاتی ہے۔

اردو اور ترکی زبان کے مشترک الفاظ میں کچھ ایسے الفاظ بھی ہیں جن کے مروج معنی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ایسے الفاظ ذیل میں درج کیے جاتے ہیں:

ترکی لفظ	مروج معنی ترکی زبان میں	اردو لفظ	مروج معنی اردو زبان میں
Abdest	وضو۔ وضو کرنا	آب دست	پیشاب کے بعد پانی سے طہارت کرنا
Abla	بڑی بہن۔ گھر کا کام کرنے والی بزرگ عورت	اَبلا	کمزور عورت، نازک عورت۔ خوب صورت عورت
Ablak	گول۔ صرف Yüzlü کے ساتھ یعنی Ablak-yüzlü بمعنی گول چہرہ والا میں	اَبلَق	چتکبرا۔ سفید دست و پا گھوڑا۔ دورنگہ گھوڑا۔ کوڑھی
Adak	قسم۔ دھمکی	اَدَق	نہایت مشکل کام۔ دِقت طلب کام
Alâyiş	شو۔ نمائش۔ دکھاوا	آلائش	آلودگی۔ نجاست۔ ناپاکی
Ameliyat	چیڑ پھاڑ۔ فوجی آپریشن	عملیات	منتر۔ افسوں
Caize	نشان۔ مارک	جائزہ	جانچ پڑتال
Havale	منی آرڈر	حوالہ	سپردگی۔ تحویل۔ پتہ۔ نشان
İhracat	ایکسپورٹس۔ برآمدات	اخراجات	جمع اخراج کی۔ جمع خرچ کی
Kâhil	بالغ۔ پختہ	کاہل	سست۔ آرام طلب۔ کام چور
Kilid/Kilit	تالا	کلید	کنجی۔ تالی
Nehir	دریا۔ ندی	نہر	نہر۔ دریا کی شاخ
Perende	قلابازی	پرندے	پرندکی جمع۔ اُڑنے والے۔ طیور۔ پکھیرو
Vekil	وزیر۔ مختار	وکیل	وکیل۔ مشیر قانونی
Yafta	اشتہار۔ لیبل (خاص طور سے سزا سنائے ہوئے مجرم کے گلے میں لٹکایا ہوا کارڈ جس پر اس کا جرم تحریر ہو)	یافتہ	پایا ہوا۔ حاصل کیا ہوا
Yasak	پابندی۔ امتناع۔ ممنوع	یَساق	مہم۔ جنگ کی تیاری۔ دیوان۔ دربار
Yatak	بستر	یَتاق	پاسبانی

علاوہ ازیں پرانی ترکی زبان میں ایسے مرکّب الفاظ بھی ہیں جو حالانکہ اردو زبان میں نہیں ہیں لیکن عربی فارسی ساخت ہونے کی وجہ سے اردو داں حضرات ان کے معانی بآسانی سمجھ سکتے ہیں جیسے Âkil-ül-beşer ، Ecsam-i-lâtife ، Ezher Cihet ، Hakikat-ül-emir ، Hüsnü-muamele ، Hüsnü-tesadüf ، Kabl-eşşüru ، Madum-ul-fikarat وغیرہ وغیرہ۔ خوف طوالت کے تحت ان کو کتاب میں شامل نہیں کیا گیا۔

کتاب ہذا میں الفاظ کے مآخذ ترکی اور اردو لغات کے مطابق تحریر کیے گئے ہیں۔ کہیں کہیں لغات کے مآخذ کے بارے میں اختلاف ہے مثلاً ایک لغت میں لفظ کا ماخذ فارسی لکھا ہے تو دوسری میں عربی درج ہے۔ اسی طرح اگر ایک لغت میں انگریزی درج ہے تو دوسری زبان کی لغت میں فرانسیسی لکھا گیا ہے۔ ایسی صورت میں ماخذ کی جگہ ایک زبان نہ لکھ کر دونوں زبانوں یعنی عربی/فارسی یا انگریزی/فرانسیسی لکھ دیا گیا ہے۔ کتاب میں مآخذ کے خانہ میں عربی کو "ع" اور فارسی کو "ف" سے ظاہر کیا گیا ہے اور باقی زبانوں کے مخففات نہ لکھ کر ان کے پورے نام لکھ دیے گئے ہیں۔ تمام الفاظ کو سلسلہ وار تحریر کیا گیا ہے۔

مجھے اس کتاب کی تیاری میں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان کا تذکرہ بے سود ہے۔ بس اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ اس وقیع کام کو میں نے نہایت بے سروسامانی کی حالت میں پایۂ تکمیل کو پہنچایا ہے جس کے لیے مجھے اپنے وکالت کے پیشہ کو بھی خیر باد کہنا پڑا۔ ایک بات یہ بھی مودبانہ عرض کر دوں کہ میں کسی علمی یا

ادبی پیشہ سے وابستہ نہیں رہا اس لیے جو کچھ بھی لکھا گیا ہے اس میں زبان کی فصاحت، تعمق خیال، ادبی اصطلاحات کے صحیح استعمال اور اسلوب نگارش کا حسن تلاش کرنے کی کوشش شاید بار آور نہ ہو۔ بول چال کی سیدھی سادی عام زبان میں ہی اظہار خیال کی کوشش کی گئی ہے۔ امید ہے کہ اہل علم حضرات میری کوتاہیوں کو درگزر فرمائیں گے۔

میں اپنے ان ساتھیوں اور دوستوں کا مشکور ہوں جنھوں نے اس کتاب کی تیاری میں میری مدد کی خصوصاً پروفیسر قمر رئیس صاحب ریٹائرڈ صدر شعبہ اردو، دلی یونیورسٹی و سابق ڈائرکٹر انڈین کلچر سینٹر تاشقند (ازبکستان) جو ازبیک زبان سے بھی بخوبی واقف ہیں اور ہز ایکسیلینسی حسن گیوگوش (Hasan Göğüs) سابق سفیر ترکی و ہز ایکسیلینسی خلیل آکنجی (Halil Akinci) سفیر ترک جمہوریہ برائے ہندو جناب محمد ایوز گیون ارمان (Mehmet Özgün Arman) کونسلر ترکی سفارت خانہ نئی دہلی کے تعاون اور رہنمائی کے بغیر میرے لیے کتاب ہذا کو مرتب کرنا بہت مشکل کام تھا۔

اصغر حمید

ایڈوکیٹ و نوٹیری پبلک

حسن پور، ضلع جیوتی با پھلے نگر- (یوپی)- ہندوستان

پن کوڈ- 244241

فون نمبر- 05924-264446

GİRİŞ

Hindistan Hükümeti tarafından Türkçe öğrenmem amacıyla gönderildiğim Türkiye'de kaldığım 1957-58 yıllarında Türkçe ve Urduca'da çok sayıda ortak kelime olduğunun farkına vardım. Sözkonusu kelimeleri bir kitapta bir araya getirme fikri aklıma o yıllarda gelmişti, ancak Hindistan'a döndükten sonra hukuk alanında iş hayatına atılınca buna bir türlü vakit ayıramamıştım.

Altı yıl önce üzerinde çalışmaya başladığım bu kitap tek başına ve elverişsiz şartlarda kaleme alınmış olup takdir okuyucuya aittir. Kitabın yazıldığı elverişsiz şartları gözönüne alarak bilgi sahibi okuyucularımın bu kitapta bulabilecekleri hataları hoşgörüyle karşılayacaklarını umuyorum.

Urdu kelimesi Türkçe'de silahlı kuvvetler manasına gelen "Ordu" kelimesinden türemiştir Hindistan'a gelen Müslüman işgalciler Arapça, Farsça ve Türkçe konuşan askerler getirmişlerdir. Müslümanların bölgeye gelişleri İ.S. 636 yılında Maharashtra'daki Thane'yi fetheden Yemen Hükümdarı Abu Al'as'la başlamıştır. Daha sonra İ.S. 664 yılında Muhallab-Bin Ali Safrah, Multan'ı ve İ.S. 712 yılında Mohd. Bin Qasim, Sind'i işgal etmiştir.

Anılan hükümdarların hepsi Arap asıllıydılar. Türklerin Hindistan'a gelişi Sübüktekin ve Gazneli Mahmud zamanında İ.S. 998 -1030 yılları arasında başlamıştır. Daha sonra Hindistan'da hüküm süren Ghoriler, İltutmuşlar, Balabanlar, Halaçlar (Kiljiler), Tuğluklar, Moğullar, Asaf Jahi ve Kutub Şahiler hepsi Türk soyundandır. Anılan idarecilere bağlı ordu mensuplarının yerel halkla temasları Arapça, Farsça, Türkçe ve başta Hintçe olmak üzere yerel dillerin karışımı yeni bir dile hayat vermiştir. Bu dillerin karışım veya birleşimi sonucu ortaya çıkan dilin adı "Urdu-Ye-Maulla" veya hükümdarların dili olarak adlandırılmış ve zaman içerisinde "Urduca"ya dönüşmüştür. Gujarat'ta bu dil "Gucri", Güney'de "Dakkini", olarak adlandırılmış, kimileri "Hindi" veya "Hindvi" olarak tanımlamış, kimileri ise"Lahori", "Delhvi" veya "Rekhta" demiş, bazıları "Brij Bhaşa" ile ilişkilendirmiş, bazılar ise "Khari Boli"yle arasında bağlantı olduğunu iddia etmiştir. Ayrıca, bu dili "Zuban-e-Pencab" veya Pencap dili olarak da tanımlayanlar olmuş, Sindh Sarayki bölgesi dilin doğduğu yer olarak gösterilmiştir.

Parhange Asafiye'nin yazarı Molvi Seyid Ahmed Delhvi'ye göre Şah Cihan'ın hükümdar olduğu dönemde bahsekonu dil gelişmeye devam etmiştir. Şah Cihan dilin kullanımına eğilmiş, her pazar yerinde halkın günlük dilinde kullandığı kelimeleri orjinal halleriyle değiştirmeden kaydederek kendisine sunacak uzmanlar görevlendirmiştir. Şah Cihan'ın dili kayırması ve ilgi göstermesiyle Urduca gelişme kaydetmiştir. İngiliz idaresi sırasında İngilizce kelimeler dile eklenmiş, 1835 yılında Urduca İ.S. 1191'den beri resmi dil olan Farsça'nın yerini almıştır.

Urduca Indo-Aryan dil ailesine aittir. Başta Türkçe, Arapça, Farsça ve Hintce'nin karışımı olan dile daha sonra İngilizce ve diğer dillerden de kelimeler girmiştir.

1947 yılına kadar Urduca ve Hintce Hindistan'da resmi diller olmaya devam etmiş, ancak bağımsızlıktan sonra Urduca resmi statüsünü kaybetmiş, ingilizce merkezi hükümetle iletişim dili olarak kalmıştır. Urduca Pakistan ve Jammu Keşmir Eyaleti'nin resmi dilidir. Ayrıca Bihar ve Delhi gibi bir çok eyalette de ikinci resmi dil olarak kabul edilmektedir.

Urduca 'da" ع (Ayın), غ (Gayn), خ (hı), Ve (Qaf) ق "Arapça harfleri Molvi'lerdeki gibi gırtlaktan söylenmez.

Asgher Hamid
Avukat-Noter
Hasanpur-244241
Jyotiba Puhle Nagar
Hindistan

A(a)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Aah	آہ	ف	نہیں۔نہیں ہوسکتا...	کلمۂ تاسف۔اے ہائے۔ہائے۔حیف۔افسوس۔اُف۔واویلا۔
Ab	آب	ف	پانی۔بارش۔دریا...	پانی، جل، نیر، بارش، مینہ، پسینہ، آنسو، عرق، خالص شراب، شوربا، پھلوں کا قدرتی رس، پالش، رونق، چمک، عزت، قدر، جوہر، روشنی، مزاج، تازگی، دھار، تیزی۔
Aba	عبا	ع	موٹے اون سے بنا کپڑا۔عربی پوشاک	کمبل، ایک لمبا کوٹ یا جبہ جو پاؤں تک ہوتا ہے۔جبہ، چغہ۔
Âba	آباء	ع	جمع Eb کی۔پدران...	اب کی جمع، باپ، والد، مجازاً دادا، مورث اعلیٰ، بزرگ میاں، بڑے بوڑھے۔
Âbad	آباد	ف	خوش حال، خوش حال جگہ	خوب بسا ہوا، آدمیوں سے معمور، گنجان، خوش و خرم، پھلا پھولا، ضد ویران کا۔
	آباد	ع	جمع Ebed کی۔ہمیشگیاں	ابد کی جمع۔
Âbadan	آبادان	ف	خوش حال، خوش حال مقام یا جگہ	بسا ہوا، خلیج فارس پر بسا ہوا ایران کا ایک شہر۔
Âbadani	آبادانی	ف	خوش حال، خوش حال جگہ	رونق۔گہما گہمی، چہل پہل، بستی، معموری، خیر خواہی، تہذیب، درستی، بوئی جوتی زمین۔
Abanoz	آبنوس	ع	آبنوس، ایک سخت و سیاہ لکڑی	ایک مشہور درخت جس کی لکڑی نہایت سیاہ، وزنی اور مضبوط ہوتی ہے تیز پانی میں ڈوب جاتی ہے۔
Abdal Aptal	اَبدال	ع	بیوقوف، ضعیف الذہن، ناتواں، اولیا مجتہد، پیر	ولی اللہ۔اتقیاؤں کے ایک گروہ کا سردار اعلیٰ۔
Abdest/ Aptest	آب دست	ف	وضو۔وضو کرنا	لفظی معنی منہ دھونا، وضو کرنا، طہارت، پاکیزگی جو پانی سے کی جائے، مجازاً استنجا، پاکی۔
Abe	اَبے	نامعلوم	توجہ دلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	اے، ارے، او، اپنے سے بہت چھوٹی عمر یا کم رتبے والے کو مخاطب کرنے کا ایک طریقہ۔تحقیراً حرف ندا کر بے تکلفی کے طور پر برابر والے سے بھی کہہ دیتے ہیں۔
Âbede	عباد	ع	جمع Abid کی۔پرہیزگار، متقی لوگ، پوجنے والے، معتقد۔	جمع عابد کی، عبادت کرنے والے۔
Abes	عَبث	ع	بیہودہ، بے کار، بے قاعدہ۔	بے فائدہ، بیہودہ، ناحق، بلاوجہ، فضول، بیکار، نکما، لاحاصل، بازی، کھیل۔
Abıhayat	آبِ حیات	ف	زندگی کا پانی، ایک چشمہ کوئی بھی بڑھیا پانی۔	امرت۔وہ پانی جس کو پینے سے کبھی موت نہیں آتی۔مجازاً رونق حسن چہرہ کی آب، لب معشوق، معشوق کا [illegible]۔
Aberevan	آبِ رواں	ف	بہتا ہوا پانی۔	بہتا ہوا پانی۔
Abıru	آبرو	ف	عزت، ناموس	عزت، مرتبہ، شرف، ناموری، ساکھ، شرم، حیا، عصمت،

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				نیک نامی، عمامہ، پگڑی، ٹوپی۔
Abid	عبد	ع	غلام، انسانی، بشری	بندہ، غلام، ملازم، نوکر، چیلا، داس۔
Âbid	عابد	ع	پجاری، زاہد	عبادت کرنے والا، پوجا پاٹ کرنے والا، پجاری، داس، سیوک، پرہیزگار، متقی، بھگت۔
Abla	اَبلا	ع	بڑی بہن، گھر میں کام کرنے والی بزرگ عورت	کمزور عورت، کامنی، مطلق عورت، تریا، ناری، استری، بیر بانی۔
Ablak	اَبلق	ع	گول (صرف چہرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے)	چتکبرا، سفید دست و پا گھوڑا، دورنگ، چتکبرا اور خصوصاً وہ گھوڑا جس کا رنگ سیاہ و سفید ہو، کوڑھی۔
Abu-hava	آب وہوا	ع	موسم، آب وہوا	پانی اور ہوا، پانی اور ہوا کی کیفیت، رُت، موسم۔
Abus	عبوس	ع	مہیب، ڈراونا، ترش رو، تیز مزاج	ترش رو، بدخلق، درندہ خاص کر شیر۔
Abudane	آب ودانہ	ف	پانی ودانہ، روزمرہ کی خوراک، قسمت	رزق، خوراک، کھانا پینا، دانہ پانی، روزی
Acaib Acayib	عجائب	ع	جمع Acibe کی، حیرت انگیز، عجیب وغریب چیزیں، عجیب، انوکھی، نرالی، کتنے تعجب کی بات ہے، تم ایسا نہیں کہتے۔ (اکثر تعجب کے اظہار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔)	عجیب کی جمع، حیرت انگیز چیزیں۔
Aceb Acaba	عجب	ع	کیا یہ ایسا ہے۔ مجھے تعجب ہے؟ شبہ کرنے کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے۔	تعجب، حیرت، انوکھا، عجوبہ، نادر، عمدہ، نیا، نرالا، عجیب، اچنبھے میں لانے والا، دور، بعید۔
Acele	عاجلہ	ع	جلدی، فوری، عجلت سے، جلدی کرنا، جلدی میں ہونا۔	فوری، فوراً، جلدی، شتابی، کنایۃً یہ جہان
Acem	عجم	ع	ایران، فارس	عرب کے علاوہ کوئی ملک اکثر مراد ایران و فارس سے۔ گونگا، وحشی آدمی، غیر عرب۔
Acemi	عجمی	ع	نیا بھرتی شدہ۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔	غیر عربی، عجم کا رہنے والا، ایرانی، تورانی، گونگا، وحشی۔
Acenta	ایجنٹ	اطالوی	ایجنٹ (کاروبار)، کارندہ، مختار	گماشتہ، آڑھتی، قائم مقام۔
Acib/Acip	عجیب	ع	انوکھا، تعجب خیز	انوکھا، نرالا، حیرت انگیز، قابل تعریف، نادر
Acibe	عجوبہ	ع	عجیب وحیرت انگیز چیز۔	عجیب چیز، انوکھی چیز، نایاب چیز
Âcil	عاجل	ع	جلدی کا، فوری، ضروری، مجبور کرنے والا	جلد باز
Aciz	عجز	ع	کمزوری، ناتوانی، نااہلیت، تجارت میں قرضہ نہ ادا کرنے کی حالت۔	کمزوری، ناتوانی، عاجزی، انکساری، بے قدری، مغلوبی، ہار، مسکینی، غریبی، منت سماجت، خوشامد درآمد۔
Âciz	عاجز	ع	معذور، کمزور، لاچار، غریب	لاچار، کمزور، ناتواں، بے بس، تنگ، مجبور، مایوس، مسکین، تھکا ہارا۔
Âcizi	عاجزی	ع	عجز، خاکساری	عجز، انکسار، منت، سماجت، خوشامد درآمد، فروتنی۔ لاچاری۔
Acul	عجول	ع	بے صبر، جلد باز	جلد باز، بہت دوڑنے والا۔
Acuze	عجوزہ، عجوز	ع	بڑھیا، پیرزال، ڈائن	بڑھیا، بوڑھی عورت

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Açar	آچار/اَچار	ف	کھولنے کا اوزار، چابی، ذائقہ دار چیز، اچار۔ چٹنی۔ بھوک کھولنے کی کھانے پینے کی چیز۔	پھل یا ترکاری کا مرکب جو سرکہ، تیل یا پانی میں مرچ مصالحہ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔ اچار، کھٹا کیا ہوا پھل، کچومر۔
Ad	عَدّ	ع	گننا، عدد، حساب لگانا، قدر کرنا۔	شمار کرنا، گننا۔
Âda	أعدا	ع	جمع Adu، بہت سے دشمن، جمع دشمن کی۔	جمع عدو کی، بہت سے دشمن، رقیب، بدخواہ، بیری، مخالف۔
Âdab	آداب	ع	جمع Edeb کی، رسم ورواج، طور، طریق۔	جمع ادب کی، مرتبہ کا لحاظ پاس، تہذیب، اخلاق، تعظیمی الفاظ، اطوار، دستور، تعظیم وتکریم، طور، طریقہ، آداب، تجایب، وہ طریقے جن سے بڑوں کی بڑائی اور چھوٹوں کی چھوٹائی ثابت ہو۔ سلیقہ، حسن اخلاق، سلام، تسلیم، بندگی، قواعد۔
Âdad	اعداد	ع	جمع Added کی، ہندسے، رقوم۔	گنتی، ہندسے، رقوم، جمع عدد کی۔
Adak	أذق	ع	منت، منّت پر بھینٹ، وعدہ کرنا۔ نذر کرنا۔ دھمکی۔	نہایت باریک، نہایت مشکل، دوبھر، کٹھن، وقت طلب، سخت، دقیق تر۔
Adalet	عدالت	ع	انصاف، حقانیت، ہر شخص کو قانون کے مطابق حق دینا۔	انصاف کرنے والا، انصاف، برابری، عدل، کچہری، دربار، اجلاس۔
Adam	آدم	ع	آدمی، انسان، شخص، ایجنٹ، ملازم، طرف دار۔	پہلا آدمی، انسان، نام پہلے پیغمبر کا جس سے انسان کی نسل چلی، سمجھدار، عقل مند، فہیم، عقیل، تمیزدار۔
Âdat	عادات	ع	جمع Adet کی، رسم ورواج۔	عادت کی جمع، خصلتیں، طبیعتیں، خاصیتیں، سوبھاؤ، قاعدے، دستور، رسوم۔
Adavet	عداوت	ع	دشمنی، عداوت، رنجش، نفرت	بغض، دشمنی، کینہ، مخالفت، خصومت۔
Aded	عَدَد	ع	گنتی، شمار، نمبر۔	گنتی، شمار، ہندسہ، تعداد، رقم۔
Adedi	عَدَدی	ع	عدد سے متعلق	عدد سے منسوب، عدد سے متعلق۔
Adem	عَدَم	ع	غیر موجودگی، نہ ہونا، نیستی، موت، کمی۔	نفی، نہ ہونا، ناپیدی، غیر حاضری، نقصان۔
Âdem	آدم	ع	دینی کتابوں کے مطابق دنیا کا پہلا انسان و پہلا پیغمبر، حضرت آدم۔	آدمی، انسان، حضرت آدم جو پہلے انسان تھے۔
Ademî	آدمی	ع	انسان، آدمی۔	انسان، بنی آدم، انسانی اخلاق والا، سمجھدار، نوکر، خادم، قاصد، خاوند، آشنا۔
Âdemiyet	آدمیت	ع	انسانیت	اخلاق، مروت، ملنساری، سلیقہ، عقل وشعور، سمجھ، انسانیت، تربیت، شرافت، تمیزداری۔
Âdemzade	آدم زاد	ع	نوع انسان، بنی انسان۔	آدم کی اولاد، آدم کی قسم، انسان، ابن آدم، اولاد آدم، انسان کا بچہ۔
Adese	عَدَسہ	ع	لینس، وہ شیشہ جس پر کرنیں پڑتی ہیں اور چیزیں چھوٹی یا بڑی کی جاسکتی ہیں۔	فوٹوگرافی کے کیمرہ کا وہ چھوٹا سا آئینہ جس میں عکس آتا ہے۔ محدب شیشہ، لینس۔
Âdet	عادت	ع	رسم، رواج، عادت، دستور، ماہواری۔	خو، خصلت، سوبھاؤ، طبیعت، طور طریقہ، دستور، قاعدہ، رسم، الفت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Adım	قدم		قدم، پیچ کا اُتار، چلتے وقت آدمی کے ایک قدم سے دوسرے قدم کا فاصلہ جو ستر سینٹی میٹر شمار کیا جاتا ہے۔	پاؤں، پیر، نشان، ڈگ، گام، وہ فاصلہ جو چلنے کی حالت میں ایک قدم سے دوسرے قدم تک ہو۔ روش، رفتار، چال، پیر کا نشان، تشریف آوری، مجازاً واسطہ، دخل، ذات، گھوڑے کی چال، موجودگی۔
Âdi	عادی	ع	عام۔ عام طور سے۔ عام جگہ۔ رسمی۔ حسب دستور۔ ہمیشہ کا۔ معمولی۔ حقیر۔ ادنیٰ۔	خوگر، وہ شخص جسے کسی امر کی عادت پڑ گئی، ناانصاف، دشمن، بدباطن۔
Adil	عدل	ع	انصاف، مساوات، برابری، حق رسانی۔	انصاف، برابری، مساوات، نیا ہے، نظیر، مانند۔
Âdil	عادل	ع	جو انصافاً ٹھیک ہو، حق شناس، منصف، انصاف سے الگ نہ ہونے والا، قانوناً گواہی کے لائق گواہ۔	منصف، جج، انصاف کرنے والا، جس کی گواہی شرعاً معتبر ہو۔
Adîl	عدیل	ع	برابر، یکساں، مانند، جوڑ، رتبہ اور قد میں مساوی، ثانی، مقابل۔	برابر، نظیر، ہم رتبہ اور قد میں مساوی، ہمسر، عادل، منصف۔
Adîm	عدیم	ع	بغیر۔ کی والا، (اس کے بعد عربی حرف تنکیر اور اسم لگایا جاتا ہے جیسے ترکی لفظ Adîm-ül-imkân بمعنی "ناممکن" میں۔	نیست، نابود، ناپید، گم، نایاب، معدوم۔
Adliye	عدلیہ	ع	وزارتِ انصاف	عدل و انصاف کا شعبہ، عدالتی نظام۔ جوڈیشری۔
Adres	ایڈریس	فرانسیسی / انگریزی	پتہ	پتہ نشان، خطاب، سرنامہ، تحریری شکریہ۔
Adu/Aduv	عدو	ع	دشمن	دشمن، بدخواہ، مخالف، رقیب۔
Af	عفو	ع	معافی، بریت، ڈسمسل، بخشش، جرم، قصور یا سزا سے معافی۔	معافی، بخشنا، بخشش۔
Âfak	آفاق	ع	جمع ufuk کی۔ اُفق کے دائرے۔	افق کی جمع، دائرے، افق، گرداگرد، آسمان کے کنارے، کنارہ، عالم، سنسار، دنیا، جہان، اس کنارے سے اس کنارے تک۔
Âfaki	آفاقی	ع	بیرونی، آوارہ، یہاں اور وہاں، ادھر اور اُدھر، سطحی، ظاہری، مادی، کسی واضح موضوع پر نہ ہو کر اِدھر اُدھر کی بات کرنا، بیہودہ زبان۔	ساری دنیا کا، عالمگیر، آسمان کے کنارے، دُنیا، حرم سے باہر کا باشندہ، دُنیا والا۔
Afât	آفات	ع	جمع Afet کی۔ مصیبتیں، آفتیں، دُکھ۔	آفت کی جمع۔ بلائیں، مصیبتیں، دُکھ۔
Aferide	آفریدہ	ف	پیدا کیا ہوا۔	پیدا کیا ہوا۔ مخلوق
Aferim/ Aferin	آفرین	ف	واہ واہ، براوٗ، چہ خوب، اکثر مایوسی کا اظہار کرنے کے لیے طنزاً استعمال کیا جاتا ہے۔	شاباش، مرحبا، واہ واہ، کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ کیا خوب، کلمہ تحسین، دستائش۔ کبھی طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âfet	آفت	ع	مصیبت، حادثہ، غضب، سحر کن، خوب صورت شخص	بلا، صدمہ، دکھ، بپتا، آسیب۔
Âfetzede	آفت زدہ	ف	مصیبت کا مارا۔	مصیبت کا مارا، مبتلائے آفت، ستم زدہ، سرگشتہ و تباہ، پریشان، تباہی کا مارا، بد بخت، کم نصیب، مفلوک، بے وقعت، ذلیل و خوار۔
Afgan	افغان	ف	افغانستانی، افغانستان کا رہنے والا۔	پٹھان، افغانستان کا، افغانستان کا رہنے والا۔
Afif	عفیف	ع	پاک، بے گناہ۔	پارسا، مرد، پرہیزگار، جو شخص حرام کاری نہ کرتا ہو۔
Afitab	آفتاب	ف	سورج، خوب صورت چہرہ۔	سورج، دھوپ، شراب کا پیالہ، یکتائے زمانہ، لاجواب، جس کا ثانی نہ ہو، معشوق۔
Afitab-perest	آفتاب پرست	ف	سورج کو پوجنے والا، سورج مکھی۔	ایرانیوں کا وہ فرقہ جو سورج کو مبدأ نور مان کر پوجتا ہے۔ آفتاب کی پرستش کرنے والا، نیلوفر کا پھول، سورج مکھی کا پھول، کنول کا پھول، گرگٹ۔
Afiyet	عافیت	ع	صحت، صحت البدنی	صحت، سلامتی، امن، آسودگی، خیریت، نیکی، بھلائی۔
Afsun/Efsun	افسون	ف	سحر، جادو، ٹونا، عیاری سے گھڑی گئی کہانی	جادو، سحر، ٹونا، ٹوٹکا، منتر، فریب، کرتوت۔
Afsunger	افسوں گر	ف	ساحر، جادوگر، ساحرہ، ڈائن	ساحر، جادوگر۔
Afyon	افیون	ع	افیون	افیون، افیم۔
Agâh	آگاہ	ف	جانکار، خبردار، ہوشیار۔ ایسا شخص جسے معلومات ہوں۔	خبردار، واقف، جاننے والا، ماہر، ہوشیار
Ağa	آغا	ت	پرانے زمانہ میں ترکوں میں نامور و برگزیدہ اشخاص کو دیا گیا لقب۔ سابقہ میں کچھ تنصیبات کے سربراہوں کا رسمی خطاب۔ لارڈ۔ شریف آدمی۔ سردار۔ مالک۔ بڑا بھائی۔ آغا بے۔ عثمانی ترکوں کے آخری دور میں بے پڑھے اور چھوٹے کام و خدمت کرنے والوں کو دیا گیا لقب یا نام۔	بڑا بھائی۔ برادر کلاں۔ صاحب۔ مالک۔ خداوند۔ آج کل کا بیگوں اور مغلوں کا جیسے خاں، پٹھان کا خطاب۔
Ağaz	آغاز	ف	شروع، ابتدا، شروعات	شروع، ابتدا، اول، سرنامہ، عنوان، دیباچہ
Ağleb	اغلب	ع	سب سے زیادہ۔ بہت زیادہ مروج۔ بہت زیادہ موثر یا زور آور۔	غالب تر، گمان، غالب، یقین کے قریب، مشہور، یقینی
Ağnam	اغنام	ع	جمع Ganem کی بھیڑیں، بکریاں، گلے	جمع غنم کی، گوسفند، بھیڑیں، بکریاں
Ağniya	اغنیا	ع	جمع Gani، دولت مند لوگ، امیر آدمی	غنی کی جمع، دولت مند لوگ
Ağraz	اغراض	ع	جمع Garaz کی، مقاصد، ارادے	غرض کی جمع، مطالب، مقاصد، ارادے، نیتیں، حاجتیں۔
Ağuş	آغوش	ف	بغل گیری، آغوش میں لینا، ہم آغوشی، چپٹانا۔	گود، بغل، کنار، گودی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ağyar	اَغیار	ع	جمع Gayr کی۔ دوسرے۔ اجنبی لوگ۔ رقیب۔	اجنبی۔ غیر۔ باہر والے۔ عدو۔ دشمن۔ رقیب۔ وہ شخص جو دوسرا مذہب رکھتا ہو۔ جس سے رشتہ داری نہ ہو۔
Ah	آہ	ف	آہ۔ اوہ۔ آہ بھرنا۔ بددعا	کلمہ افسوس۔ اوہ۔ آہ۔ ہائے وائے۔ حیف۔ اُف۔ ہا۔ وایلا۔ نالہ۔ سانس۔ دم۔ نفس۔
Aha	اَہا	ف	ترکی کے کچھ علاقوں میں بمعنی دیکھو۔ ایسے، یہاں، اب، یوں، اس طرح، ایسا کے استعمال ہوتا ہے۔	تعجب و خوشی کا کلمہ۔ ہیں۔ ایں۔ واہ واہ۔ کیا خوب۔ سبحان اللہ۔ اہاہا۔ اہوہو۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفرین۔ اوہو۔
Âhad	آحاد/آحاد	ع	اکائیاں۔ لوگ۔ افراد۔	احد کی جمع۔ اکائیاں۔ ایک سے نو تک گنتی یا ہندسے
Ahadiyet	اَحدیّت	ع	ایک ہونا۔ وحدانیت۔ خدا کا واحد ہونا	ایک ہونا۔ یکتائی۔
Ahali	اَہالی	ع	جمع Ehil کی۔ باشندے۔ رہنے والے لوگ۔ عوام الناس۔ پبلک۔	اہل کی جمع۔ صاحبان۔ کام کرنے والے لوگ
Ahar	اَہار	ع	سفید رنگ کا پینٹ جو نشاشتہ وغیرہ سے بنا کر کاغذ پر چپکایا جاتا ہے۔ کاغذ وغیرہ کو فنش دینے کا لاسہ یا سریش۔	نشاشتہ وغیرہ جس کو پکا کر کاغذ پر لگاتے ہیں۔ کلف۔ لیپی۔ بھوجن۔ خورش۔ بھروسہ
Âhar	آخر	ع	دوسرا۔ مختلف	اور۔ ایک اور۔ دوسرا
Ahbab/ Abbap	اَحباب	ع	جمع Hıb کی۔ بہت سے دوست۔ (عام طور پر واحد کے صیغہ میں استعمال ہے)۔ جانکار۔ ملاقاتی۔	حبیب کی جمع۔ بہت سے دوست یار۔ آشنا۔
Ahcar	احجار	ع	جمع Hacer کی۔ پتھر	جمع حجر کی۔ بہت سے پتھر
Ahdar	اخضر	ع	ہرا۔ سبز	ہرا۔ سبز
Ahdü-peyman	عہد و پیمان	ع	قسم کھانا	قسما قسمی۔ اقرار۔ قول و قرار
Ahen	آہن	ف	لوہا	لوہا
Ahenger	آہن گر	ف	لوہار	لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔
Ahenk	آہنگ	ف	مقصد۔ نیت۔ سمجھوتہ۔ سُر، سُور۔ نغمہ۔ راگ	وقت۔ قصد۔ ارادہ۔ انداز۔ نغمہ۔ راگ۔ ترجمہ۔ آواز۔ ایک باجے کا نام۔
Aheste	آہستہ	ف	سست رفتار۔ دھیما۔ موسیقی (پیانو)	ہولا۔ دھیما۔ نرم۔ نرمی۔ سہج سے۔ ملائمیت سے۔
Ahfad	اَحفاد	ع	Hafid کی جمع۔ پوتے۔ اولاد و نسل	حافد کی جمع۔ پوتے۔ نواسے وغیرہ
Ahfes	اَخفش	ع	جو رات میں بہتر دیکھتا ہے۔	چندھا۔ کمزور نظر والا۔
Âhir/Âhir/Ahir	آخر	ع	آخر۔ آخری۔ بعد کا۔ پچھلا۔	پیچھے۔ پچھلا۔ انتہا۔ ختم۔ انجام۔ حد۔ تمام
Ahibba	احبّا	ع	جمع Habib کی۔ بہت سے دوست۔	جمع حبیب کی۔ بہت سے دوست۔ عزیز۔ احباب
Ahid	عَہد	ع	قسم۔ وعدہ۔ سمجھوتہ۔ زمانہ۔	زمانہ۔ وقت۔ پیام۔ قول و قرار۔ اقرار۔ قسم۔ سوگند۔ سلطنت کا زمانہ۔ زمانہ حکومت۔ پابندی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ahidname	عہدنامہ	ع	سمجھوتہ۔ اقرارنامہ۔	سمجھوتہ۔ تحریری معاہدہ۔ اقرارنامہ۔
Ahidşiken	عہد شکن	ف	سمجھوتہ کو توڑنے والا۔ اقرارنامہ کی خلاف ورزی کرنے والا۔	وعدہ خلاف۔ اپنے قول و قرار پر قائم نہ رہنے والا۔ سمجھوتہ کو توڑنے والا۔
Ahiren	آخریں	ف	آخری۔ آخرکار۔ حال میں۔ پچھلے دنوں میں۔	آخرکار۔ سب سے بعد کا۔
Ahiret/Ahret	آخرت	ع	دوسری دنیا۔ مستقبل کی زندگی	دوسرا عالم۔ وہ عالم جہاں مرنے کے بعد انسان کی روح جائے گی۔ عاقبت۔ پرلوک۔ عقبیٰ۔ انجام
Ahirül-emir	آخرالامر	ع	معاملہ کے آخیر میں۔ آخرکار۔ آخرش۔ تمامی۔	آخرکار۔ انجام کار۔ آخرکو
Ahkâm	احکام	ع	جمع Hüküm کی۔ تجویزیں۔ فیصلے۔ آرا۔ قانون۔ ضابطے۔ ترتیبات۔ شگون یا علم ہیئت کے مطالعہ سے حاصل کردہ نتائج۔ توہماتی آرایا منطقیں۔	جمع حکم کی۔ فرمان۔ آرڈر۔ قرابین۔ حکم نامے۔ ارشادات
Ahlâf	أخلاف	ع	جمع Halef کی۔ نسل۔ اولاد۔ جنس	جمع خلف کی۔ پیچھے آنے والے۔ بعد میں آنے والے۔ اولاد۔
Ahlâk	اخلاق	ع	جمع Hulk کی۔ اخلاقی صفات۔ اخلاقی کردار۔ اچھی خصلتیں۔ خوش گوئی۔	جمع خُلق کی۔ طریقے۔ آداب۔ ملنساری۔ خوش گوئی۔ اچھی خصلتیں۔ اچھا برتاؤ۔ خاطر مدارات۔ آداب حکمت (فلسفہ) وہ علم جس میں تہذیب نفس اور سیاست مدن پر بحث کی جاتی ہے۔ علم الاخلاق۔ اخلاقیات۔
Ahlâkî	اخلاقی	ع	منسوب بہ اخلاق۔ مہذب۔ شائستہ	اخلاق سے منسوب۔
Ahlâkıyat	اخلاقیات	ع	علم اخلاق۔ اصول اخلاق۔	اصول۔ اخلاق۔ علم الاخلاق۔ تعلیم و تربیت کا وہ شعبہ جس کے ذریعہ اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے۔
Ahlât	اخلاط	ع	جمع Hilt کی۔ (جسم کی) طبیعتیں۔ مزاج۔	(طب) خلط کی جمع۔ چاروں خلطیں یعنی سودا صفرا خون بلغم۔
Ahmak	احمق	ع	بیوقوف۔ مورکھ	بیوقوف۔ مورکھ۔ نادان۔ ناسمجھ۔ جاہل مطلق۔
Ahmer	احمر	ع	سرخ۔ لال۔	بہت سرخ۔ لال
Ahrar	احرار	ع	جمع Hür کی۔ آزاد لوگ۔ آزاد خیال لوگ۔	جمع حُر کی۔ آزاد لوگ۔
Ahret	آخرت	ع	مستقبل کی زندگی۔ بعد کی دنیا۔	عقبیٰ۔ عاقبت۔ پرلوک۔
Ahsan/ Ahsen	احسن	ع	بہتر۔ بہترین۔ زیادہ یا بہت خوب صورت۔	بہت اچھا۔ بہت نیک۔ بہت خوب صورت۔
Ahşa	أحشا	ع	آنتیں۔ انتڑیاں۔ جمع Haşa کی۔	حشو کی جمع۔ جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو۔ بھرتی۔ اندر بھرنے کی چیزیں۔
Ahter	اختر	ف	ستارہ۔ قسمت۔	ستارہ۔ تارا۔ سیارہ۔
Ahu	آہو	ف	ہرن۔ مرگ۔	ہرن۔ مرگ۔ عیب۔ نقص۔ برائی۔ کنایہ چشم معشوق

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âhûzar	آہ وزاری	ف	کراہنا۔ افسوس کرنا۔ شکایت کرنا۔ گریا کرنا۔ آہیں بھرنا۔ سسکنا۔	رونا پیٹنا۔ واویلا کرنا۔ رونا دھونا۔ ہائے وائے کرنا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔
Ahval	احوال	ع	جمع Hal کی۔ حالات۔ کیفیتیں۔ کسی شخص کی صحت کی حالت۔	حال کی جمع۔ کیفیتیں۔ حالات و بیان۔ سرگذشت۔ حال چال۔ خیریت۔
Ahvel	احول	ع	بھینگنے والا۔ بھینگا۔ ترچھا دیکھنے والا۔	بھینگا۔ جس کو ایک کے دو نظر آئیں۔
Ahyan	احیان	ع	جمع Hin کی۔ اوقات۔ زمانے۔ لمحات۔	حین کی جمع۔ زمانے۔ اوقات
Ahyanen	احیاناً	ع	کبھی کبھار۔ کبھی کبھی۔ گاہے بگاہے۔ اتفاقاً۔	اتفاقاً۔ اتفاق سے۔ شاید۔ کبھی۔ کسی وقت۔ بھولے سے۔
Aid/Ait	عائد	ع	متعلق۔ بارے میں۔ لیے۔	اُلٹ کر آنے والا۔ واپس آنے والا۔ پھرنے والا۔ ذمے پڑنا۔ صادق آنا۔
Aile	عائلہ	ع	خاندان۔ بیوی	خاندان۔ بیوی۔
Akabe	عقبہ	ع	ڈھالو سڑک۔ درّہ۔ خطرناک لمحہ	اونچی اور لمبی پہاڑی جس کی چوٹی تک راستہ جاتا ہو۔ مشکل گھاٹی۔
Akaid	عقائد	ع	جمع Akide کی۔ یقین کی بنیادیں۔ مذہبی تقریریں۔ سوال و جواب کی کتاب۔	عقیدہ کی جمع۔ مذہب کے اصول۔ وہ چیزیں جن کو حق و سچا جان کر دل میں مضبوط کریں۔ دل میں جمے ہوئے یقین یا اعتقاد۔
Akça/Akçe	اقچہ	ت	سکہ۔ سکے کا تیسرا۔ زر۔ پیسہ۔ رقم۔	روپیہ۔ اشرفی۔ سونے یا چاندی کا سکہ۔
Akdah	اقداح	ع	جمع Kadeh کی۔ پیالے۔ ساغر۔ جام۔ کٹورے۔	جمع قدح کی۔ پیالے
Akdem	اقدم	ع	جمع Kadim کی۔ زیادہ پرانے۔ پہلے۔ زیادہ قدیم۔ سینئر۔ زیادہ خاص۔	بہت مقدم۔ سب سے اوّل
Akdes	اقدس	ع	سب سے زیادہ پوتر یا پاک	بڑا پاک۔ سب سے زیادہ پاک، اطہر
Âkıbet	عاقبت	ع	انجام، آخر، آخر میں، مستقبل قریب، قسمت۔	انجام۔ دوسرا عالم۔ قیامت۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل۔ آخرت۔ عقبیٰ۔ آخرکار۔
Akıbet-bin Akıbetendiş	عاقبت بین عاقبت اندیش	ع/ف	دور کی فکر کرنے والا۔ ہوشیار۔ انجام کی فکر کرنے والا۔	دور اندیش۔ انجام سوچنے والا۔ ہوشیار۔ عاقل۔ انجام پر نظر رکھنے والا۔
Akıbet-ülemir	عاقبت الامر		آخر میں۔ انت میں۔	(متعلق فعل) آخرکار
Âkıd	عاقد	ع	قول و قرار کرنے والا۔ معاہدہ کرنے والا۔	قول و قرار کرنے والا۔ گرہ لگانے والا۔
Âkıl	عاقل	ع	عقل مند، ہوشیار	عقلمند، دانا، ہوشیار، زیرک۔
Akıl	عقل	ع	سمجھ۔ ہوشیاری۔ یادداشت۔ رائے۔ تدبیر۔ فکر۔ انسان کے سوچنے، سمجھنے و تدبیر کرنے کی صلاحیت۔	خرد۔ دانائی۔ فہم۔ تمیز۔ سمجھ۔ نفس ناطقہ۔ ادراک
Akib	عقب	ع	ذیل کا۔ بعد کا۔ موخر۔ پیچھے۔	پیچھے۔ پس پشت۔
Akid	عقد	ع	باندھنا۔ گرہ۔ گانٹھ۔ معاہدہ۔ سودے بازی۔ شادی	گرہ۔ گانٹھ۔ قول و قرار۔ شادی۔ نکاح۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âkid	عاقد	ع	معاہدہ کرنے والی پارٹی/معاہدہ پر دستخط کرکے پابند ہونے والا۔	گرہ لگانے والا۔عہد کرنے والا۔
Akide	عقیدہ	ع	دینی یا مذہبی اعتقاد۔مذہب	دل میں جمایا ہوا یقین۔ایمان۔اعتماد۔اعتبار۔
Akif	عاکف	ع	محنتی۔تن دہ۔پراسرار۔پختہ ساز۔ٹھیک حالت میں رکھنے والا۔نقصان سے محفوظ رکھنے والا۔	گوشہ نشین۔مسجد میں ایک گوشہ کے اندر عبادت کے لیے بیٹھنے والا۔اعتکاف کرنے والا۔معتکف۔
Akik	عقیق	ع	مختلف ہلکے رنگوں میں کوارٹس کی پرتوں سے بنا ایک قیمتی پتھر۔سنگ سلیمانی۔مہر وغیرہ اشیاء بنانے میں استعمال میں لایا جانے والا ایک قیمتی پتھر۔	ایک سرخ رنگ کا قیمتی پتھر۔ایک پودے کے بیج جس سے تسبیح کے دانے بنتے ہیں۔
Âkil	آکل	ع	کھانے والا۔	کھانے والا
Âkile	آکلہ	نامعلوم	رفتہ رفتہ کھا جانے والا جانور۔	نتہ کا جانور۔
Akim	عقیم	ع	بانجھ۔بنجر۔بغیر نتیجے کے۔	بانجھ مرد یا عورت۔
Akis	عکس	ع	گرمی یا روشنی کا انعکاس۔پانی میں پڑا پرتو۔الٹی سائز۔الٹا۔مخالف۔	پرچھائیں۔پرتو۔فوٹو۔سایہ۔خلاف۔الٹا۔لوٹنا۔ضد
Aklen	عقلاً	ع	ہوشیاری سے۔سمجھداری سے۔عقل سے۔	از روئے عقل۔عقلیہ
Aklî	عقلی	ع	دماغ اور دلیل سے متعلق۔ذہنی۔قرین۔	عقل سے منسوب۔ذہنی
Aklî-selim	عقلِ سلیم	ع	کامن سینس۔عام عقل۔	پوری عقل۔رائے صائب
Akliyat	عقلیات	ع	عقلی علوم۔عقل کے ذریعہ حاصل کردہ علم	وہ علم جس کا تعلق عقل سے ہو۔فلسفہ وغیرہ۔
Akordeon	ایکارڈیون	فرانسیسی	اکارڈین۔دھونکنی والا ایک قسم کا باجہ جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔	اکارڈین۔ہاتھ سے بجانے والا ایک قسم کا باجہ
Akraba	اقربا	ع	جمع Karib کی۔رشتے دار۔اعزاء	جمع قریب کی۔رشتہ دار۔بھائی بند۔اقارب۔اپنے۔یگانے۔اعزاء
Akran	اقران	ع	Kirn کی جمع۔برابر۔ہم عصر۔ساتھی۔عمر،پیشہ و اجتماعی پوزیشن جیسے حالات میں ایک دوسرے کے برابر۔	قرن کی جمع۔پاس کے لوگ۔ہم عصر لوگ۔معاصرین۔
Akreb/Akrep	عقرب	ع	بچھو۔گھڑی کے گھنٹے کی سوئی۔	بچھو۔منحوس۔آسمان کے آٹھویں برج کا نام جو شکل بچھو کے ہے۔
Aksa	اقصیٰ	ع	زیادہ یا بہت دور۔سب سے زیادہ۔منتہائے زراعت و آبادی۔	بہت دور۔بیت المقدس۔
Aksam	اقسام	ع	جمع Kisim کی۔حصے۔ٹکڑے۔قسمیں۔انواع	قسم کی جمع۔قسمیں۔انواع۔طریقے اور جمع قسم بمعنی سوگند کے۔
Aktar	اقطار	ع	جمع Kutur کی۔وہ خطوط مستقیم جو دائروں کے مراکز سے گزرتے ہوئے دونوں طرف محیط تک جائیں۔طرفین۔علاقے۔	قطر کی جمع۔کنارے۔علاقے
Aktar/Attar	عطار	ع	بساطی۔ریشمی اور اونی کپڑے بیچنے والا۔دوا فروش۔جڑی بوٹیاں بیچنے والا۔عطر فروش۔مخلوں	عطر فروش۔دوا فروش

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کے بیچ دوکان میں سوئی ڈورا، مصالحے وتمباکو جیسی چھوٹی موٹی مختلف چیزیں فروخت کرنے والا۔	
Aktör	ایکٹر	انگریزی / فرانسیسی	ایکٹر۔اداکار۔رول کرنے والا	ایکٹر۔اداکار
Aktris	ایکٹریس	انگریزی / فرانسیسی	ایکٹریس۔تھیٹر یس میں کرنے والی اداکارہ۔	ایکٹریس۔اداکارہ۔
Akur	عقور	ع	پاگل کتا۔برہم۔برانگیختہ۔غضب ناک	کٹکھنا کتا۔
Akval	اقوال	ع	Kavil جمع کی۔بیانات۔قول۔آرا۔کہے ہوئے الفاظ۔	قول کی جمع۔باتیں۔مقولے۔
Akvam	اقوام	ع	Kavim جمع کی۔قومیں	قوم کی جمع۔قومیں۔گروہ۔مختلف ملکوں کے باشندے۔
Akvaryum	اَکیواریم	لاطینی	پانی کا ٹینک یا ٹینکوں کا سلسلہ جو عام طور سے شیشے سے بنایا جاتا ہے اور اس میں پتھروں کے ٹکڑے یا پودے وغیرہ قدرتی حالات کی طرح رکھے اور اگائے جاتے ہیں۔پودوں کو اگانے کے مصنوعی تالاب یا حوض۔	اکیواریم۔عام طور سے شیشے سے بنائے گئے حوض یا ٹینک جن میں پانی بھرا جاتا ہے اور پتھروں کے ٹکڑے یا آبی پودے قدرتی حالات میں رکھے جاتے ہیں۔
Al	اَل	ع	———	عربی زبان میں اسم جو صفت کے ساتھ آکر اس کے معنوں میں خصوصیت پیدا کر دیتا ہے۔
	آل	ت	سرخ۔سرخ رنگ۔گہرا سرخ رنگ۔بھورا گھوڑا۔غازہ۔جاپے کا بخار۔پرسوت۔	سرخ رنگ۔لال
	اَل	ت	ایلومنیم دھات سے بنا علامتی نشان	———
	اَل	ت	چال۔فریب۔حیلہ۔دغابازی	———
	اَل	ہندی	———	رشی کا نام۔ذیلی گوتر
Âl	آل	ف	———	ایک قسم کی شراب
	آل	ہندی	———	نئی پیاز کے ہرے پتے۔لڑکی۔گھیا۔تری۔تری زمین کی نمی۔ایک درخت جس کی جڑ سے سرخ رنگ نکلتا ہے۔
	آل	ہندی	———	مخفف پنجابی نال۔نزدیک۔پاس۔ساتھ۔ہمراہ۔
	آل	ت	اونچا۔بلند۔	———
	آل	ع	نسل۔سلسلہ۔کسی شخص کا کنبہ	اولاد۔بیٹا بیٹی۔بچے۔اہل خانہ۔نسل۔خاندان۔مجازاً بیٹی کی اولاد۔نواسا نواسی۔
Ali-resul	آلِ رسول	ع	رسول کی نسل	رسول مقبول کی بیٹی کی اولاد۔پیروان۔قوم سادات۔
Âlâ	اعلیٰ	ع	سب سے بلند۔زیادہ اونچا۔اچھا۔شان دار۔	بہت بلند۔بہت اونچا۔بلند مرتبہ۔
Alâka	علاقہ	ع	قرب۔تعلق۔رشتہ۔محبت۔دلچسپی	قرب۔ملک کا ٹکڑا۔تعلق۔رابطہ۔دوستی۔رشتہ۔سروکار۔نسبت۔نوکری۔عہدہ۔کام۔ضلع۔صوبہ۔پرگنہ۔احاطہ۔ملکیت۔قبضہ۔زمینداری۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				جائیداد۔ حکومت۔ حدود۔ سرحد۔ مناسبت۔ ذریعہ معاش۔
Alâkadar	علاقہ دار	ع رف	جڑا ہوا۔ ہم رشتہ۔ دلچسپی رکھنے والا۔ متعلق۔ تعلق رکھنے والا۔ سروکار رکھنے والا۔	رشتہ دار۔ قریبی۔ تعلقہ دار۔ ذیل دار۔
Âlâm	آلام	ع	جمع Elem کی۔ تکالیف۔ غم	الم کی جمع۔ درد۔ رنج و غم
Alâmet	علامت	ع	نشان۔ مارک۔ علامت۔ بہت زیادہ ہیبت والا۔ دہشت انگیز۔	نشان۔ مارک۔ پتہ۔ سراغ۔ کھوج۔ اشارہ۔ چھاپ۔ مہر۔ لیبل۔ بیماری کے آثار۔ جمع، تفریق، ضرب، تقسیم کا نشان۔ میل کا پتھر۔ فاصلے کا نشان۔
Alât	آلات	ع رف	جمع Alet کی۔ اوزار۔ کلیں۔ ہتھیار	آلت کی جمع۔ اوزار۔ ہتھیار
Alay	آلائی	ت	فوج۔ رجمنٹ۔ بھیڑ۔ جلوس۔ بڑی تعداد۔ تمسخر	رجمنٹ
Alâyiş	آلایش/آلائش	ف	آلودگی۔ گندگی۔ ناپاکی۔ ظاہرداری۔ نمائش۔ شان و شوکت۔ طمطراق۔ دکھاوا۔	آلودگی۔ غلاظت۔ میل۔ پھوڑے۔ انتڑیاں۔ عیب۔ خیانت۔ گناہ، بدکاری۔ پیپ، داد، زخم کا گندہ خون۔ کچا یا پکا سوار۔
Alelâcele	العجل	ع	جلدی میں	بہت جلدی کرنا۔
Alelhesab	علی الحساب	ع	حساب میں درمیانی ادائیگی	حساب چکائے بغیر درمیان میں ادائیگی۔ بلا حساب چکائے۔
Alem	علم	ع	جھنڈا۔ نشان۔ اونچا پہاڑ۔ مینار کی چوٹی۔ خاص نام۔ مسجد کے اونچے سرے پر چاند اور تارا۔	جھنڈا، فوج کا نشان۔ نیزہ۔ جھنڈی۔ وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو۔ مشہور۔ رسوا۔ بدنام۔ برہنہ۔ بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔ نقش جامہ یعنی کپڑے پر جو بیل بوٹے بنے ہوں۔
Alemdar	علم دار	ع	جھنڈا اٹھانے والا۔	وہ شخص جو جھنڈا لے کر آگے چلے۔ جھنڈا اٹھانے والا۔
Âlem	عالم	ع	دنیا۔ کائنات۔ تمام دنیا۔ ہر ایک زندہ مخلوق۔ صحت کی حالت۔ تفریح۔ دل لگی پارٹی۔ معاملات کی حیرت میں ڈالنے والی حالت۔	زمانہ۔ دنیا۔ جہان۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ قسم۔ جنس۔ حالت۔ صورت۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ لطف۔ مزہ۔ حسن۔ رونق۔ مانند
Âlem-i-ervah	عالم ارواح	ع	روحوں کا جہان۔ آگے آنے والی دنیا۔	روحوں کا جہان۔ وہ جگہ جہاں روحیں رہتی ہیں۔
Âlemigaib	عالم غیب	ع	پوشیدہ دنیا۔	دوسرا جہان۔ دوسرا جہان جو ہم سے پوشیدہ ہو۔
Âlemi-i-mâna	عالم معنی	ع	خوابوں کی دنیا۔	وہ دنیا جو محسوس نہ ہو سکے۔ خدا کی ذات۔
Âlemi-lâhut	عالم لاہوت	ع	روحانی دنیا۔ ابدی دنیا۔	ذات الٰہی کا وہ مقام جہاں سالک کو فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے۔
Âlemgîr	عالم گیر	ع	دنیا کو فتح کرنے والا۔ تمام میں پھیلا ہوا۔	دنیا میں پھیلا ہوا۔ جہاں کو زیر کرنے والا
Ales-sebah	علی الصباح	ع	صبح میں۔	بہت سویرے۔ تڑکے ہی۔ تور کے تڑکے۔ گجردم
Alet	آلت	ع	اوزار۔ ہتھیار۔ جسم کا حصہ یا عضو۔	اوزار۔ ہتھیار۔ ذریعہ
Alev/Alav	اُلاؤ	ت	شعلہ۔ لو۔ جھنڈی۔ دھجا۔ جلتی ہوئی اور لو دیتی گیس۔	آگ کا ڈھیر
Alevî	علوی	ع	شیعہ لوگ۔ علوی فرقہ کا۔	وہ شخص جو حضرت علی کی نسل کا ہو مگر حضرت فاطمہ کے بطن سے نہ ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Aley-kum-selam	وعلیکم سلام	ع	تم پر خدا کی رحمت ہو۔ مسلمانوں کے سلام۔ السلام علیکم کے جواب میں کہا جاتا ہے۔	تم پر خدا کی رحمت ہو۔
Alfabe	الفابیٹ	انگریزی	حروف تہجی	حروف تہجی۔
Âli	عالی	ع	اونچا۔ بلند۔ بلند مرتبہ والا۔	اونچا۔ بلندتر۔ بڑا۔ عظیم۔ صدر۔ مقدس۔ قابل تعظیم۔
Ali	علی	ع	حضرت علی۔ اونچا۔ بلند۔	بلند۔ نام اللہ تعالی۔ خلیفہ چہارم
Âlicah	عالی جاہ	ع	رتبہ میں اونچا۔ بلند رتبہ	بڑے رتبہ والا۔ بلند شان والا۔ بلند پایہ۔ بلند مرتبہ
Âlicenab	عالی جناب	ع	. . .	. . . .
Âli-himmet	عالی ہمت	ع	اونچے اصولوں کا۔ بلند ذہن کا۔	بڑی ہمت والا۔ اولوالعزم۔ صاحب حوصلہ۔ فیاض۔ سخی۔ بہادر۔ دل والا۔
Âlimekam	عالی مقام	ع	اونچے رتبہ یا پوزیشن والا۔	بڑے درجہ والا۔
Âli-mekan	عالی مکان	ع	. . .	. . . .
Âli-şan	عالیشان	ع	مشہور۔ نامور۔ صاحب مرتبہ۔	اعلی رتبے کا۔ شان دار۔ بڑی شان والا۔ عمدہ۔
Alil	علیل	ع	بیمار۔ معذور۔ اندھا۔	مریض۔ بیمار۔ دکھیا۔ روگی۔
Âlim	عالم	ع	بہت پڑھا لکھا شخص۔ اسکالر	دانا۔ جاننے والا۔ بہت پڑھا لکھا۔
Alkol	الکحل	ع	الکوحل۔ شراب۔ اسپرٹ	شراب۔ اسپرٹ۔
Allah	اللہ	ع	خدا۔ اے خدا! کسی بات پر حیرانی و پریشانی کو سمجھانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔	خدا
Allah-ü-ekber	اللہ اکبر	ع	اللہ سب سے بڑا ہے	خدا بہت بڑا ہے۔ تکبیر جو نماز میں، جنگ میں حملہ کرتے وقت اور جانور ذبح کرتے وقت کہی جاتی ہے۔ تعجب۔ عظمت۔ شکوے، شکایت، مبالغے اور فخر اور مباہات کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔
Allâme	علامہ	ع	بہت زیادہ پڑھا لکھا۔ عالم۔	بہت بڑا دانا۔ جاننے والا۔ بہت زیادہ پڑھا لکھا۔
Allem-kallem	الم غلم	ت	مبہم الفاظ۔ داؤ پیچ۔ مکر۔ جھانسے جل۔	نکمی اور بیکار چیزیں۔ اناپ شناپ۔ اٹ شٹ۔ بے تکی بات۔
Alûd	آلود	ع	اثر لیے ہوئے۔ لتھڑا ہوا۔	لتھڑا ہوا۔ ناپاک۔
Alûde	آلودہ	ف	لتھڑا ہوا۔ ناپاک کیا ہوا۔ غلیظ کیا ہوا۔	لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔ ناپاک۔ نجس۔ پھنسا ہوا۔ گناہگار۔ پاپی۔
Alüminyum	ایلومونیم	فرانسیسی	ایلومونیم۔ ایک چمکدار اور سفید رنگ کی ہلکی دھات۔	ایلومونیم
Âm	عام	ع	معمولی۔ عام۔ عالمگیر۔ خلقت سے متعلق۔ پبلک	معمولی۔ پھیلا ہوا۔ خاص کی ضد۔ سب۔ تمام۔ بازاری۔ مشہور۔ رواجی۔ رسمی۔ سال۔ برس۔ مروّج۔ مشترک۔ مستعمل۔ بہت۔ بسیار۔ کثیر۔
Ama/Amma	اَمّا	ع	لیکن۔ کبھی تعجب سے یا بڑھا چڑھا کر بیان کرنے کے وقت استعمال کیا جاتا ہے۔	لیکن۔ پر۔ مگر۔ تاہم۔ پھر بھی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âmâ	عمٰی	ع	اندھا	اندھا۔
Amâ	عمٰی	ع	اندھاپن	اندھاپن۔
Amac	آماج	ع	نشانہ۔مقصد۔	تیر یا بندوق کا نشانہ۔
Âmade	آمادہ	ع	تیار۔	تیار۔راضی۔رضامند۔مستعد۔
Âmak	اعماق	ع	جمع Umak کی۔گہرائیاں۔تہیں۔	عمق کی جمع۔گہرائیاں۔تہیں۔
Âmal	اعمال	ع	جمع Amel کی۔حرکات۔کام۔فعل۔	جمع عمل کی۔کام۔افعال۔کرنی۔وظائف۔کرتب۔ورد۔
Âmâl	آمال	ع	خواہشات۔اُمیدیں۔جمع Emel کی۔	امل کی جمع۔امیدیں۔خو۔
Aman	اَمان	ع	معافی۔رحم۔افسوس۔خدا کے لیے۔	پناہ۔حفاظت۔آرام۔آسائش۔عافیت۔
Ambar/ Anbar	انبار	ف	اناج ذخیرہ کرنے کی جگہ۔غلہ کا گودام۔جہاز میں سامان رکھنے کی جگہ یا ہولڈ۔تجارت یا ریت ناپنے کا کھتا۔ -	ڈھیر۔ذخیرہ۔تودہ۔
Ambargo	ایمبارگو	اسپانوی	بندرگاہ چھوڑنے کی ممانعت۔جہاز کو چھوڑنے یا چلانے کی روک۔مختصر عرصے کے لیے تجارت پر حکام کی طرف سے لگائی گئی روک۔	تھوڑے ٹائم کے لیے افسران کی جانب سے تجارت پر لگائی گئی روک۔بحیرہ کے افسران کی طرف سے جہازوں کے آنے جانے پر عارضی روک۔
Amber	عنبر	ع	عنبر۔مشک دانہ۔	سمندر کی ایک سوکھی گھاس جس کو جلانے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے۔
Amden	عمداً	ع	جان بوجھ کر۔پہلے سے تیار کیا ہوا۔	قصداً۔ارادے سے۔قصد سے۔
Amel	عمل	ع	حرکت۔پریکٹس۔ہاتھوں کا کام۔دست۔کام کی انجام دہی۔	کار۔کام۔فعل۔تعمیل۔کارروائی۔برتاؤ۔عادت۔معمول۔قاعدہ۔اثر۔تاثیر۔
Amele	عملہ	ع	جمع Amil کی۔کام کرنے والے مزدور۔ورکر لوگ۔مزدور۔کاریگر۔	عامل کی جمع۔اسٹاف۔کام کرنے والے۔کارکن۔اہلکار۔مکان کا سامان۔
Ameli	عملی	ع	پریکٹیکل۔عملی	عمل سے منسوب۔نشہ باز۔نشے کا عادی۔معمولی روزمرہ کے استعمال کی۔
Ameliyat	عملیات	ع	جمع Ameliye کی۔عملی کام۔آپریشن (فوج وغیرہ کے)۔چیر پھاڑ۔جراحی۔	عمل کی جمع۔افسوں۔منتر۔رسومات۔
Ameliye	عملیہ	ع	چیر پھاڑ۔آپریشن۔کام۔ملٹری آپریشن۔	آپریشن۔زخم۔کی چیر پھاڑ۔جراحی۔دستکاری۔
Amenna	آمنّا	ع	ٹھیک ہے۔صحیح ہے۔مجھے یقین ہے۔تسلیم ہے۔رضامندی ہے۔کچھ کہنا نہیں ہے۔	بجا ہے۔درست ہے۔ٹھیک ہے۔ٹھیک کہتے ہو۔ہم تسلیم کرتے ہیں۔ہم سچ جانتے ہیں۔
Amerikan	امریکن	انگریزی	امریکہ کا رہنے والا۔امریکہ سے منسوب	امریکہ کا باشندہ۔امریکہ سے منسوب۔
Amfiteatr	ایمفی تھیٹر	یونانی	تماشہ گاہ جہاں تماشائیوں کے لیے ترتیب وار آگے پیچھے بیٹھنے کے لیے زمین اونچی ہوتی ہے۔تھوڑے تھوڑے کرکے اونچی و بلند ہونے والی آراضی۔	گول تماشہ گاہ۔وہ گول اکھاڑہ جو قدیم زمانے میں شہر روم میں رومیوں نے تعمیر کرایا تھا اور جس میں وحشی جانوروں کی لڑائی دیکھا کرتے تھے۔دنگل۔اکھاڑہ۔
Amik	عمیق	ع	گہرا۔دقیق۔	گہرا۔اتھاہ۔ذیاڑ۔کامل۔
Âmil	عامل	ع	کرنے والا۔کام کرنے والا۔ایکٹیو۔مزدور۔کاریگر۔مصنوعات بنانے والا۔گماشتہ۔کارکن۔کارپرداز۔	عمل کرنے والا۔منتر پڑھنے والا۔بھوت پریت عمل کا جاننے والا۔سیانا۔حاکم۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Amîm	اَمیم	ع	عمومی۔ عام۔ عالمگیر۔ کل۔ جملہ۔	پورا۔ تمام۔ سب میں شامل۔ سب پر حاوی۔ عام۔
Amin	آمین	ع	ایسا ہی ہو۔ خدا دعا قبول کرے۔	اے خدا ایسا ہی ہو۔ خدا دعا قبول کرے۔ ختم قرآن شریف کی تقریب۔
Âmir	آمر	ع	کانڈر کرنے والا۔ کمانڈر۔ برتر۔ چیف۔ سربراہ۔	حکم دینے والا۔ امر کرنے والا۔ سردار۔ حاکم۔ ڈکٹیٹر۔ مطلق العنان۔
Âmir	اَمیر	ع	خوشحال۔ سرکاری افسر۔ سرکاری سے متعلق۔	مالدار۔ دولت مند۔ سردار۔ حاکم۔ حکم دینے والا۔
Amirane	آمرانہ	ع	تحکمانہ یا حکم دینے کی پوزیشن میں۔	امیر کی مانند۔ امیر کی مثل۔ منسوب بامر۔ حاکمانہ۔
Amiyane	عامیانہ	ع	گنوارو۔ بھدا۔ ادنیٰ۔ عام۔	جاہلوں کا۔ عوام کا۔ گھٹیا۔ بُرا۔
Amiz	آمیز	ف	فارسی حرف جو لفظ کے آخر میں لگایا جائے بمعنی ملا ہوا۔ بھڑکانے والا۔	ملنے والا۔ ملانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے کم آمیز۔
Amiziş	آمیزش	ف	میل۔ شراکت۔ میل جول۔	ملاوٹ۔ طونی۔
Âmme	عامّہ	ع	Am کی تانیث۔ عام۔ عوام۔ پبلک۔	سب لوگوں سے منسوب۔ مشہور۔ عام۔ کل۔ سب۔
Âmmi	عَمّ	ع	چچا۔	باپ کا بھائی۔ چچا۔ عمو۔
Amud	عمود	ع	ستون۔ تھم۔ کھمبا۔ زاویہ قائمہ پر قطع کرتا ہوا خط۔	تھم۔ ستون۔ کھم۔ چوب۔ خیمہ۔ وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر قائم ہو کر دونوں زاویہ قائمہ پیدا کرے۔
Amuden	عموداً	ع	عمودی طور پر۔ زاویہ قائمہ بناتے ہوئے۔	سیدھا۔ زاویہ قائمہ بناتا ہوا۔
Amuddî	عمودی	ع	سیدھا۔ اوپر سے نیچے۔ عمودوالی	لمبی۔ ستون جیسی عمودوالی۔ سیدھی۔
Ân	آن	ف	خوب صورتی۔ کشش۔	شان و شوکت۔ ناز و ادا۔ وضع۔ ڈھنگ۔ غرور۔ گھمنڈ۔ معشوقانہ چھبی۔ مال۔ ملکیت۔
	آں	ف	وہ شخص۔ وہ	
An	آن	ع	لمحہ۔ لحظہ	وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔ ساعت۔ چھن۔ پل۔ منٹ۔ گھڑی۔
	آن	ت	ذہن و دماغ۔ ذکا۔ یادداشت۔ ادراک۔ خیال۔	
Ana	اَنا	ت	ماں۔ بچے والی عورت۔ بچہ پیدا کرنے والی عورت۔ فوت ہونے والی خاتون کے نام کے ساتھ عزت کے لیے لگائی گئی اضافت۔ بوڑھی عورتوں کو خطاب کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا کلمہ۔ کسی چیز کا حصہ یا خاص ڈھانچہ۔ بنیادی۔ اصل۔ خاص۔	دایہ۔ دودھ پلانے والی عورت۔
Anannas	اَنناس	ع	اناس	انناس۔
Anarşi	اینارکی	یونانی	بدانتظامی۔ ہنگامہ۔ ہڑبونگ کا راج۔ اندھیر کا راج۔ سورش۔ قانون و حکومت کے نہ ہونے کی اجتماعی کیفیت۔	ضبط اور نظام کا فقدان۔ بے نظمی۔ حکومت کا نہ ہونا۔ قانون کا تعطل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Anarşist	اینارکسٹ	یونانی	انارکی کا حامی۔ انارکی کا طرف دار۔	انارکی کا طرف دار۔ انتہا پسند۔ نظم و ضبط کا مخالف۔ بدنظمی چاہنے والا۔
Anarşizm	اینارکزم	یونانی	انارکسٹوں کے سوچنے وسمجھنے کا طریقہ یا طرز۔	حکومت کی نفی۔
Anasır	عناصر	ع	جمع Unsur کی۔ تت۔ اجزا۔ مادے۔	جمع عنصر کی۔ اصلی اجزا۔
Anason	انیسون	ع	انیسون۔	ایک دوا کا نام۔
Anatomi	اینا ٹومی	یونانی	حیوانوں وخاص کر انسانوں اور پودوں کے بننے اور ان کے اعضا کی تشریح کا علم۔	علم تشریح البدن۔ انسانوں کی بناوٹ معلوم کرنے کا علم۔
Andelib	عندلیب	ع	بلبل۔	بلبل۔
Anenfeanen	آناً فاناً	ف	لمحہ کے لمحہ۔ وقت کے وقت۔ بتدریج۔ رفتہ رفتہ۔	آن کی آن میں۔ فوراً۔ تر تت۔ دم بھر میں۔ لمحہ کے لمحہ میں۔ بہت جلد۔
Anıvahidde	آنِ واحد میں	ت	فوراً	ایک آن میں۔ لمحے بھر میں۔
Anglikan	اینگلیکن	فرانسیسی انگریزی	عیسائیوں کے ایک فرقہ کا نام۔	عیسائیوں کے ایک فرقہ کا نام۔ انگریزی چرچ کا۔ انگریزی۔
Anglo-Saksan	اینگلوسیکسن	فرانسیسی انگریزی	پانچویں وچھٹی صدی میں برطانیہ کے تحت جرمن نسل کا نہ ہونے والا کوئی بھی شخص۔ مادری زبان انگریزی ہونے والا کوئی بھی۔	پرانی انگریزی۔ انگلینڈ کے سیکسن باشندے۔
Anif	عنیف	ع	سخت۔ تند۔ ظالم۔ درشت۔	تند خو۔ درشت مزاج۔
Anka	عنقاء	ع	کہانیوں میں ذکر کیا جانے والا و ناپایا جانے والا فرضی پرندہ۔	لمبی گردن والی۔ سیمرغ۔ ناپید۔ نایاب شے۔ عجیب۔
Ankarib	عنقریب	ف	جلد۔ جلدی۔	نزدیک۔ ابھی۔
Ankebut	عنکبوت	ع	مکڑی۔	مکڑی۔
Anne	انا	ت	مادر۔ ماں۔ بچے والی عورت۔	ماں۔ مادر۔ دودھ پلانے والی عورت۔
Anormal	ایب نارمل	انگریزی	جو نارمل نہ ہو۔	جو نارمل نہ ہو۔ جو طبعی حالت میں نہ ہو۔
Anud/Anut	عنود	ع	ضدی۔	لڑاک۔ گمراہ۔
Apartıman/ Apartman	اپارٹمنٹ	انگریزی	فلیٹس کا بلاک۔ فلیٹ۔	فلیٹوں کا بلاک۔ کئی منزلہ مکانوں کا بلاک یا عمارت۔
Âr	عار	ع	شرم۔ حیا۔ شرمانے والا کام۔ ناشائستہ حرکت۔	شرم۔ حیا۔ عیب۔
Âra	آراء	ع	Rey کی جمع۔ رائیں۔ ووٹ۔	رائے کی جمع۔ رائیں۔ خیالات۔ مشورے۔
	آرا	ف	فارسی کلمہ یا حرف جو لفظ کے آخر میں لگایا جائے بمعنی سجانے والا۔	آراستہ کرنے والا۔ آراستن مصدر سے امر۔
Arab	عرب	ع	عرب۔ ملک ایتھوپیا (افریقی براعظم کا ایک ملک) کا رہنے والا۔ حبشی۔ کالا آدمی۔	ملک عرب کا باشندہ۔ عرب نسل سے۔ خوش بیان۔ فصیح۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Araba	عَرَابہ/ارابہ	ع/ف	گاڑی۔ بیل گاڑی۔ ویگن۔ اوزار جو گھومنے والے خراد پر کاٹنے والے پرزہ کے لیے لگاتے ہیں۔	لمبا چھکڑا۔ گاڑی۔ سامان لادنے کی گاڑی۔
Arabî	عربی	ع	ملک عرب۔ عرب سے متعلق۔ عربی زبان۔	عرب سے متعلق۔ عرب کا باشندہ۔ عربی زبان۔ عرب کی بول چال۔ تازی گھوڑا۔
Arabîyat	عربیات	ع	عربی زبان کا ادب وسائنس۔ عربی زبان وادب سے متعلق علم۔	عربی زبان وادب سے متعلق علم۔
Arabistan	عربستان	ع	سعودی عرب۔	ملک عرب۔ عربوں کے رہنے کی ولایت۔ عربوں کی زمین۔
Araf	اَعراف	ع	جنت اور دوزخ کے درمیان بیان کی گئی جگہ۔	دوزخ اور جنت کے درمیان جگہ۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ۔
Arak	عَرق	ع	پسینہ۔ راکی۔ شراب۔	پسینہ۔ کشید کے ذریعہ نکالا ہوا پانی۔ کسی چیز کا رس۔ نچوڑا ہوا۔ پانی۔ شراب۔ شیرہ۔
Arakiye	عَرقیہ	ع	پگڑی یا صافے کے نیچے نرم اون (فیلٹ) کی ٹوپی جسے پرانے زمانہ میں درویش لوگ پہنتے تھے۔ ایک قسم کا چھوٹا الغوزہ۔	چھوٹا رومال جس سے پسینہ پونچھتے ہیں۔
Aral	ارل	ع	مجمع الجزائر۔ بحیرہ ارل۔	بحیرہ ارل۔
Âram	آرام	ف	سکون۔ آرام۔ ٹھہراؤ۔	ٹھہراؤ۔ تسکین۔ راحت۔ قرار۔ چین۔ سکھ۔ نیند۔ صحت۔ شفا۔ تندرستی۔ افاقہ۔ چھٹی۔ وقفہ۔ فائدہ۔ حاصل۔ منفعت۔
Âramgâh	آرام گاہ	ع	آرام کرنے کی جگہ۔ خلوت۔	آرام کرنے کی جگہ۔ سونے کی جگہ۔ خواب گاہ۔
Ararot	ارَاروٹ	انگریزی	گرم ملکوں خاص طور سے ویسٹ انڈیز میں پائے جانے والے درخت سے حاصل کردہ نشاستہ جو بچوں و کمزور لوگوں کی غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔	ایک قسم کی غذا جو ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے اور بچوں و مریضوں کو پانی یا دودھ میں پکا کر دی جاتی ہے اور جو زود ہضم اور سبک ہوتی ہے۔ ساگودانے کی ایک قسم۔ ارَاروٹ۔
Araste	آراستہ	ف	سجی ہوئی۔ سجایا ہوا۔	سجایا ہوا۔ سنوارا ہوا۔ سنگار کیا ہوا۔ تیار۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے لیس۔
Ârayiş	آرائش	ف	زیبائش۔ سنگار۔	زیبائش۔ آراستگی۔ بناؤ سنگار۔ سجاوٹ۔
Arazi	اَراضی/آراضی	ع	جمع Arz کی۔ زمینیں۔ ممالک۔ جائدادیں۔	ارض کی جمع۔ زمین۔ دھرتی۔ کاشت کی آراضی۔ کھیت۔
Arefe/Arife	عرفہ	ع	کسی تہوار سے پہلے۔ واقعہ سے قبل۔	ذی الحج کی نویں تاریخ جس میں حجاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔ ہر تہوار کا پہلا دن۔ کسی شخص کے مرنے کے بعد دوسرا دن جس میں مردے کا فاتحہ کراتے ہیں۔
Areometre	ایرومیٹر	یونانی	مقیاس الہوا۔ رقیق چیزوں کی ثقافت ناپنے کا آلہ۔	مقیاس الہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Argon	آرگن	انگریزی	ہوا میں ایک فیصدی پائی جانے والی بسیط گیس جو بے رنگ، بلا خوشبو اور بغیر کسی ذائقہ کے ہوتی ہے۔	ہوائی کرہ کا ایک جز۔ ہوا میں پائی جانے والی ایک گیس۔
Ârız	عارض	ع	جو اتفاقاً ہو جائے۔ روکنے والا۔ حائل ہونے والا۔ سر پہ چھانے والا۔ ناگہانی۔ اتفاقی۔ رخسار۔ گال۔	لاحق ہونے والا۔ پیش آنے والا۔ فوج کی موجودات لینے والا۔ فوج کا میر منشی۔ گال۔ رخسار۔
Ârıza	عارضہ	ع	حادثہ۔ اتفاق۔ نقص۔ کمی۔ رکاوٹ۔	مرض۔ دکھ۔ بیماری۔ حاجت۔ رنج۔
Ârızî	عارضی	ع	ناگہانی۔ اتفاقی۔ عارضی۔ چند روزہ۔ جو مستقبل نہ ہو۔	اتفاقیہ۔ وقتی۔ ہنگامی۔ نقلی۔ تھوڑی مدت کے لیے۔ وہ شے جو مستقل نہ ہو۔
Âri	عاری	ع	ننگا۔ ننگا بھوکا محتاج۔ کمی ہونے والا۔	ننگا۔ خالی۔ برہنہ۔ تنگ۔ قاصر۔ عاجز۔ مجبور۔
Ârif	عارف	ع	عقلمند۔ ہوشیار۔ باخبر۔ ماہر۔ جسے اپنے کام میں مہارت ہو۔	پہچاننے والا۔ خداشناس۔ ولی۔
Ârifane	عارفانہ	ع	ہوشیار۔ ہنرمند۔ چالاک (بے جان چیز یا عمل)	عارف سے منسوب۔ عقلمندانہ۔ عارف کی طرح۔
Arife/Arefe	عرفہ	ع	تہوار وغیرہ سے پہلے کا دن۔ کسی واقعہ کے ہونے کی ابتدا یا آغاز۔	ہر تہوار کا پہلا دن۔ ذی الحج کی نویں تاریخ جس میں حاجی لوگ عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔ مرنے کے بعد دوسرا دن جس میں فاتحہ دلواتے ہیں۔
Aristokrat	اریسٹوکریٹ	یونانی	ان ممالک میں جہاں طبقاتی فرق ہے شریف خاندان کے طبقہ میں سے کوئی بھی۔	امیر۔ مغرور۔ حکومت امرا کا طرف دار۔
Aritmetik	ارتھمیٹک	یونانی	علم حساب	علم حساب۔ کثرت و تعداد یا علم ہندسہ۔
Ariyet	عاریت	ع	اُدھار لینا۔ اُدھار دی گئی یا اُدھار لی گئی کوئی چیز۔ قرضہ۔	قرض۔ اُدھار۔ چند روز کے لیے مانگی گئی۔ مانگنا۔ کوئی چیز مانگ لینا۔
Ariz	عریض	ع	چوڑا۔ کشادہ۔	چوڑا۔ لمبا۔ کشادہ۔ عرض دار۔
Ariza	عریضہ	ع	عرضی۔ درخواست۔ پٹیشن۔ ماتحت کا خط حاکم کو۔	عرضی۔ وہ خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جائے۔
Arkeoloji	آرکیولوجی	یونانی	پرانے زمانہ کی صنعت و آثار کا علم۔ علم آثار قدیمہ۔	علم آثار قدیمہ۔ قدیم عمارتوں کا علم۔
Armağan	ارمغان	ع	ہدیہ۔ کسی کو خوش کرنے کے لیے یا عزت کے طور پر تحفہ دی ہوئی چیز۔	تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات۔ پیشکش۔ انوکھی چیز۔ نئی چیز۔
Arsa	عرصہ	ع	عمارت کے لیے پلاٹ۔ عمارت بنانے کے لیے چھوڑی گئی زمین یا وہ جگہ جہاں عمارت منہدم کی گئی ہو۔	میدان۔ آنگن۔ انگنائی۔ فاصلہ۔ دوری۔
Arslan/Aslan	ارسلان	ع	شیر۔ بہادر آدمی۔	شیر۔ غلام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Arş	عرش	ع	خدا کا تخت۔ چھت۔ پولیس۔ بوتھ۔ چھت۔ کلائی پہنچے سے کہنی تک۔ ہاتھ۔ دست۔ رگ کا تانا۔ ملٹری کمانڈ (مارچ) یعنی آگے بڑھو۔	تخت۔ چھت۔ آسمان۔ آٹھواں آسمان۔
Arus	عروس	ع	نوبیاہتا دلہن۔ نئی شادی شدہ دلہن۔	نئی شادی شدہ دلہن۔
Armatur	آرمیچور	فرانسیسی	کسی مشین کے دونوں قطبین کے درمیان کرنٹ کے جمع رکھنے کے لیے ان قطبین کے درمیان لوہے کا ٹکڑا۔	خیدہ میگنیٹ کے قطبین کو جوڑنے والا لوہے کا ٹکڑا۔
Armonym	ہارمونیم	فرانسیسی	ہارمونیم۔	ہارمونیم۔ ایک باجے کا نام۔
Artist	آرٹسٹ	انگریزی	خوب صورت صنعتوں میں مشغول ہونے والا صنعت کار۔ تفریح کی جگہوں پر تماشہ یا سوانگ دکھانے والا۔	صناع۔ مصور۔ تصویریں بنانے والا۔ کاریگر۔ فنکار۔ نقاش۔
Artistik	آرٹسٹک	انگریزی	فنکارانہ۔ آرٹ کے مطابق۔ صنعت کارانہ۔ خوب صورت دستکاریوں سے متعلق۔	مظہر صنعت و مذاق۔ پرہنر۔ خوب صورت۔
Aruz	عروض	ع	قواعد کا وہ حصہ جو شعروں پر استعمال ہوتا ہے۔ ہجوں کی درازی و کوتاہی پر مبنی و مخصوص آہنگ و کلمات کی مختلف اشکال سے عبارت اشعار کا پیمانہ۔	نام علم شعر کا۔ وہ علم جس سے نظم کے قواعد معلوم ہوتے ہیں۔
Arz	عرض	ع	درخواست۔ احترام کے ساتھ کہنا یا بیان کرنا۔ بیان۔ پٹیشن۔ عرضداشت۔ رائے کا اظہار۔	بیان۔ گذارش۔ التماس۔ اظہار۔ عرصہ۔ مدت۔ وقفہ۔ اثنا۔ درمیان۔ چوڑائی۔ پاٹ۔
Arzan	عرضاً	ع	چوڑائی میں۔	ازروئے عرض۔ طولاً کا نقیض۔ چوڑائی میں۔ اتفاقاً۔
Arzî	عرضی	ع	زمین سے متعلق۔ خاکی۔ زمینی۔ عرض البلادی۔	زمین کا۔ زمینی۔ زمین سے متعلق۔ عرض البلادی۔
Arziyat	ارضیات	ع	زمین سے متعلق علم۔ جیولوجی۔	علم طبقات۔ علم ترتیب زمین۔ زمین کے طبقوں کا علم۔ طبقات الارض۔ جیولوجی۔
Arzu	آرزو	ف	خواہش۔ تمنا۔	خواہش۔ مطلب۔ تمنا۔ چاہ۔ مراد۔ مقصد۔
Arzuhal	عرضِ حال	ع	تحریری یادداشت۔	صورت حال کا اظہار۔ واقعہ کا بیان۔ اظہار۔ عرضداشت۔ بیان۔ روئداد۔ عرضی۔ خبر۔
Asâ	عصا	ع	لاٹھی۔ چھڑی۔ ڈنڈا۔ پرانے زمانہ میں وہ لمبی چھتری یا ڈنڈا جسے بزرگ لوگ چلنے میں استعمال کرتے ہیں۔	لاٹھی۔ سونٹا۔ قلم۔ لکڑی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Asâyı-Musa	اعصائے موسیٰ	ع	حضرت موسیٰ کے ہاتھ کا ڈنڈا۔	حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی لکڑی جس سے طرح طرح کے معجزے ظاہر ہوتے تھے۔
Âsâ	آسا	ف	مانند۔ مثل۔	مثل۔ مانند۔
Asab/Asap	عصب	ع	نس۔ پٹھا۔	نس۔ پٹھا۔
Âsab	اعصاب	ع	جمع Asab نسیں۔ پٹھے۔	جمع عصب کی۔ پٹھے۔
Asabî	اعصابی	ع	نسوں کا۔ اعصاب کا۔ اعصابی۔ بیماریوں میں مبتلا۔ برافروختہ۔	اعصاب سے متعلق۔
Asabiyet	اعصابیت	ع	اعصابی چڑچڑاپن۔ نسوں کی کمزوری۔ (سابقہ) مذہبی جنون۔ کٹرپن۔ حساسیت۔	اعصابی چڑچڑاپن۔
Asabe	عصبات	ع	وارثان۔ پدری تعلقات۔	خویشان اور فرزندان نرینہ جو باپ کی طرف سے ہوں۔
Asakir	عساکر	ع	جمع Asker کی۔ بہت سے سپاہی۔	جمع عسکر کی۔ بہت سے لشکر۔
Asal/Asıl/	اَصْل	ع	شروع کا۔ اساسی۔ بنیاد۔ منبع۔ جڑ۔ نسل۔	بیخ۔ جڑ۔ بنیاد۔ منبع۔ نکاس۔ مادہ۔ تخم۔ ست۔ خلاصہ۔ سرشت۔
Asalet	اصالت	ع	پیدائشی شرافت۔ فرض کی ذاتی طور سے انجام دہی۔ عدالت۔ میں ذاتی حاضری۔	اصلیت۔ اصل پن۔ پیدائشی خاصیت۔ پچھلی عادت۔ قوی اثر۔ نطفہ کا اثر۔
Asaleten	اَصالتاً	ع	اپنے آپ۔ بذاتِ خود۔	بذاتِ خود۔ بہ نفس نفیس۔ بلاوسیلہ۔ خود۔
Asam	اَصَم	ع	بہرا۔ عدد جس کا جذر صحیح نہ نکل سکے۔ عدد غیر ناطق۔	بہرا۔ کانوں سے بٹ۔ وہ سانپ جس پر جادو اثر نہ کرے۔ سنگ سخت۔
Âsan	آسان	ف	سہج۔ سہل۔	سہل۔ سہج۔
Asar	آثار	ع	جمع Eser کی۔ کام۔ علامات۔ نشانات۔ روایات۔ کہاوتیں۔ پرانی چیزیں جیسے ستون، عمارتیں، مقبرے وغیرہ جو قدیم واقعات یا اشخاص کی یاد کو برقرار رکھتی ہیں۔	جمع اثر کی۔ علامات۔ نقوش۔ نشانات۔ اندازے۔ اطوار۔ نمود۔ بنیاد۔ سنت رسول۔ پرانے نشان۔
Asarıatika	آثارِ عتیقہ	ع	پرانے مقبرے۔ پرانی نشانیاں۔	پرانے نشانات۔ کھنڈرات۔ پرانی تاریخی عمارتیں۔
Âsar	اعصار	ع	جمع Asır کی۔ صدیاں۔ زمانے۔ یگ۔	زمانے۔ یگ۔
Asayiş	آسائش	ف	آرام۔ ضمانت۔ قرار	راحت۔ آرام۔ سکھ۔ چین۔
Asfalt	اسفالٹ	یونانی	اسفالٹ۔	اسفالٹ۔
Asgar	اصغر	ع	زیادہ چھوٹا۔ سب سے چھوٹا۔ Sagir کی متقابل شکل۔	نہایت چھوٹا۔
Ashap	اصحاب	ع	جمع Sahabe،Sahip کی بمعنی مالکان وصحابہ۔	جمع صحب کی وصاحب کی۔ یار۔ دوست۔ وہ بزرگ جنھوں نے بحالت ایمان حضرت محمد صاحب کو دیکھا اور ایمان پر فوت ہوئے۔
Asır	عَصر	ع	وقت۔ عہد۔ صدی۔ زمانہ۔	وقت۔ زمانہ۔ سال۔ دن کا آخیر حصہ۔ روزگار۔ آخر دن کی نماز جو غروب آفتاب سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Asi	عاصی	ع	باغی۔ گناہ گار۔ نافرمان۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ سرکش۔	نافرمان۔ گنہ گار۔ مجرم۔ تقصیروار۔
Âsib	آسیب	ف	مصیبت۔ آفت۔	صدمہ۔ نقصان۔ خوف۔ دکھ۔ آزار۔ مصیبت۔ جن۔ پری۔ دیو۔ پریت۔
Asid	ایسڈ	انگریزی	تیزاب۔ ایسڈ۔	تیزاب۔
Asîl	اصیل	ع	شریف۔ شریف النسل۔ اصل (ایجنٹ کی ضد)	خالص نسل کا۔ شریف۔ نجیب۔ اعلیٰ خاندان۔
Âsim	آثم	ع	گناہ گار۔ خطاوار۔ تقصیروار۔ مجرم۔	عاصی۔ گناہ گار۔
Asîr	عسیر	ع	مشکل۔ دشوار۔ سخت۔	مشکل۔ دشوار۔
Asistan	اسسٹنٹ	فرانسیسی	پروفیسر یا معاون خاص۔ اسسٹنٹ۔ ڈائریکٹر۔ سہایک ڈائریکٹر۔	مددگار۔ معاون۔
Asitan	آستاں	ف	چوکھٹ۔ دہلیز۔ دروازہ۔ شہزادہ کا دربار۔	چوکھٹ۔ ڈیوڑھی۔ دروازہ۔ بزرگوں کے مزار۔ روضہ کا دروازہ۔
Asker	عسکر	ع	فوج۔ فوجی۔ سپاہی۔	لشکر۔ پلٹن۔ فوج۔ سپاہ۔
Askerî	عسکری	ع	فوج کا۔ فوج سے منسوب۔	فوج سے منسوب۔ فوج۔ سپاہی۔
Aslâ	اصلا	ع	کبھی نہیں۔ ہرگز نہیں۔ کسی بھی وقت نہیں۔	ہرگز۔ مطلقاً۔ کبھی۔ کسی حالت میں۔ بالکل۔ مطلق۔ تاکیدی نفی۔ زنہار۔
Aslan/Aslen	اصلاً	ع	اصلی۔ بنیادی۔ خالص۔	اصلی۔ بنیادی۔ اصل کے اعتبار سے۔
Aslî	اصلی	ع	بنیادی۔ لازمی۔ طبعی۔ جبلی۔ اصلی (رتبہ یا درجہ)۔	حقیقی۔ خلقی۔ ذاتی۔ جنسی۔ پیدائشی۔ جبلی۔ فطری۔ مقدم۔ اول۔ عمدہ۔ ٹھیک۔ واقعی۔ سچ۔
Asrî	عصری	ع	جدید۔ ماڈرن۔	زمانہ سے نسبت رکھنے والی کوئی شے۔ موجودہ زمانہ کے ساتھ۔
Astar	اَستر	ف	پہننے کے کپڑوں، پردوں، تھیلوں و جوتوں وغیرہ میں کپڑے وغیرہ کی تہہ یا لائننگ، پینٹ وغیرہ کرنے سے پہلے رنگ کا کوٹنگ	ابرہ و کپڑا جو رضائی کے نیچے لگاتے ہیں۔ کپڑے کی تہہ جو دوسرے کپڑے وغیرہ کے نیچے لگاتے ہیں۔ مطلق تہہ جیسے چونہ وغیرہ کا استر۔ خچر۔
Astronami	ایسٹرونومی	یونانی	ستاروں کا علم۔ فلکی اجسام اور ان کے طبیعاتی و کیمیائی بناوٹ وغیرہ سے متعلق علم۔	علم ہیئت نجوم۔ ستاروں کا علم۔
Asude	آسودہ	ف	سکون سے۔ اطمینان سے۔	آرام کرنے والا۔ مطمئن۔ خوشحال۔ دولت مند۔ مدفون۔ مرحوم۔
Asudgi	آسودگی	ف	دھیرج۔ اطمینان۔ تسکین۔ امن و چین۔	امن وامان۔ چین۔ آرام۔ راحت۔ دولت مندی۔ فارغ البالی۔
Asûman	آسمان	ف	آسمان۔ آکاش۔ چرخ۔ فلک۔	آسمان۔ آکاش۔ فلک۔
Asûmanî'	آسمانی	ف	آسمانی۔	آسمانی کی۔ اوپری۔ بالائی۔ مثل آسمان۔ نیلگوں۔ نیلا۔ آبی۔ ناگہانی۔ اچانک۔ اتفاقیہ۔ بھنگ۔ شراب۔ تاڑی۔ بلندی۔
Asyaî	ایشیائی	ت	ایشیا کا۔ براعظم ایشیا سے متعلق۔	ایشیا کا۔ ایشیا سے متعلق۔ ایشیائی۔ براعظم ایشیا کا باشندہ۔
Aş	آش	ف	پکاہوا کھانا۔	حریرہ۔ شوربہ۔ پتلی غذا۔
Âşar	اعشار	ع	جمع Üşûr کی۔ دسویں حصے۔	عشر کی جمع دسویں حصے۔
Aşarat	عشرۃ	ع	دسویں۔ ڈیسیملس۔ دس کی گنتی میں۔	جمع عشری۔ دہائیاں۔ دس، بیس، تیس وغیرہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âşarî	آعشاریہ	ع	دسواں	دسواں۔
Âşayir	عشائر	ع	جمع Aşiret۔ قبیلے۔	جمع عشیرہ کی۔ قبیلے۔ کنبے۔
Aşere	عشرہ	ع	دس۔	دہ۔ دس۔ محرم کی دسویں تاریخ۔
Âşık	عاشق	ع	محبت کرنے والا۔ چاہنے والا۔ گھومنے پھرنے والا گویا۔	محبت کرنے والا۔ چاہنے والا۔ فریفتہ۔ عشق کرنے والا۔ طالب۔ عارف۔ کامل۔ مدہوش۔ وہ پرزہ جو پہیے کے حلقہ میں ڈالا جاتا ہے۔ بے پروا۔ غافل۔ مدہوش۔ پٹی کی گھنڈی۔ اچیت۔
Âşıkane	عاشقانہ	ع	عاشق کی طرح۔	عاشقوں کا سا۔ عاشقوں کی طرح۔
Aşifte/ Aşüfte	آشفتہ	ف	پاکدامنی کی ضرورت کا خیال نہ رکھنے والی عورت۔	پریشان۔ سراسیمہ۔ پراگندہ۔ بدحواس۔
Aşikâr	آشکار	ف	صاف۔ ظاہر۔	ظاہر۔ صاف۔ کھلا ہوا۔ واضح۔ نمایاں۔
Aşikâre	آشکارہ	ف	صاف طور سے۔ کھلے طریقہ سے۔	ظاہر۔ نمایاں۔ کھلا ہوا۔ واضح۔ فاش۔
Aşina	آشنا	ف	جان پہچان والا۔ واقف۔	واقف کار۔ شناسا۔ جان پہچان والا۔ ملاقاتی۔ غیر مرد یا عورت۔ جو ایک دوسرے سے ناجائز تعلقات رکھتے ہیں۔
Âşir	عشیر	ع	دسواں/دسواں حصہ/قریبی دوست/بیوی	دسواں حصہ۔
Aşir	عشیر	ع	دس	دہ۔ دس
Aşiret	عشیرہ	ع	قبیلہ خاص طور سے خانہ بدوش قبیلہ۔	کنبہ۔ قبیلہ۔ اہل خانہ۔
Aşk	عشق	ع	محبت۔ خواہش۔	محبت۔ پریم۔ پیار۔ فریفتگی۔ خواہش۔ شوق۔ عادت۔ لت۔
Aşub	آشوب	ف	ہلچل۔ ہڑبڑاہٹ۔ انتشار۔	ہلچل۔ پریشانی۔ شوروغوغا۔ فتنہ وفساد۔ بکھیڑا۔ طوفان۔ غدر۔ بلوہ۔ آنکھ دکھنا۔
Aşure	عاشورا، عاشورہ، عاشور	ع	محرم کی دسویں تاریخ۔ اُس دن کے لیے تیار کیا میٹھا کھانا۔	محرم کی دسویں تاریخ۔ امام حسین کے شہید ہونے کا دن۔
Ata	اَتا	ف	باپ۔ آباواجداد۔ یا پردادا۔	باپ۔ والد۔ بزرگ۔ پیر۔ شیخ۔ آقا۔
Atâ	عطا	ع	تحفہ۔	انعام۔ بخشش۔ سخاوت۔ کسی کو کوئی چیز دینا۔
Atabey/ Atabek	اَتابک	ت	سلجوق ترکوں کے دور میں شہزادے کا معلم۔ بچے کو گھمانے دکھلانے پر معمور تنخواہ دار ملازم۔ چھوٹے حکمداروں کو دیا گیا خطاب۔	بزرگ باپ۔ شاہانہ خطاب۔ شیراز کے ترک بادشاہوں کا لقب۔
Atalet	عطالت	ع	سستی۔ کاہلی۔ بیکاری۔ بیکار رہنا۔	بیکاری۔ عطلوار
Ataşe	اتاشی	فرانسیسی	سفیر کے ماتحت ملازم۔	اتاشی۔ ایلچی کا مصاحب۔
Ataya	عطایا	ع	Atiye کی جمع۔ تحفے۔ عطیے۔	عطیہ کی جمع۔ تحفے۔ تحائف۔ انعام۔ بخششیں۔
Atebe	عتبہ	ع	چوکھٹ۔ قدم۔ زینہ۔ شاہی عدالت۔	آستانہ۔ درگاہ۔ روضہ۔ چوکھٹ۔ تخت۔
Ateş	آتش	ف	آگ۔ گرمی۔ حرارت۔ بخار۔ جوش۔ جذبہ۔ درجہ حرارت۔ ٹمپریچر۔	آگ۔ نار۔ جلن۔ سوزش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ateşfeşan	آتش فشاں	ف	آگ اُگلنے والا۔	جوالا مکھی۔
Ateşgede	آتش کدہ	ف	آتش پرستوں کا مندر یا معبد جہاں آگ کی پرستش ہوتی ہے۔	وہ عمارت جہاں آگ کی پوجا ہوتی ہے آتش پرستوں کا معبد۔
Ateşi	آتشی	ف	آگ کا۔ آگ سے سرخ۔ جہنمی۔ نری۔ شیطانی۔ آتشی مزاج۔	آگ سے نسبت رکھنے والا۔ آگ سے بنا ہوا۔ گرم مزاج۔
Ateşîn	آتشیں	ف	گرم۔ آگ جیسا۔ جوش دلانے والا۔	آگ جیسا۔ آگ کی طرح گرم۔ آگ کی طرح سرخ۔
Ateşpare	آتش پارہ	ف	چنگاری۔ آگ۔ بگوڑ شخص۔	انگارہ۔ چنگاری۔
Ateşperest	آتش پرست	ف	آگ کو پوجنے والا۔ مجوسی۔	آگ کو پوجنے والا۔ زرتشت کو ماننے والا۔ پارسی۔
Atıf	عطف	ع	رجحان۔ موڑنا۔ مہربانی۔ کسی چیز سے منسوب کرنا۔ دو لفظوں یا جملوں کو ایک دوسرے سے جوڑنا۔	پھیرنا۔ موڑنا۔ مہربانی۔ خواہش کرنا۔ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیرنا۔ وہ حرف جو دو لفظوں یا کلموں کو ملائے جیسے اور، یا، و وغیرہ۔
Atıfet	عاطفت	ع	لگاؤ۔ ہمدردی۔ شفقت۔ رحم۔ مہربانی۔	مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ شفقت۔
Âtıl	عاطل	ع	بے حرکت۔ کاہل۔ بیکار۔ سست۔	برہنہ۔ بیکار۔
Atîk	عتیق	ع	پرانا۔ قدیم۔	پرانا۔ آزاد۔ برگزیدہ۔ سبقا ہوا۔
Atiyye	عطیہ	ع	تحفہ۔ انعام واکرام۔ بخشش۔ داد و دہش۔	انعام۔ بخشش۔ دی ہوئی چیز۔
Atlas	اٹلس	انگریزی	دنیا کے تمام قطعات و علاقوں کے نقشوں کا مجموعہ۔	دنیا کے تمام علاقوں وغیرہ کے نقشوں کی کتاب۔
Atlas	اطلس	ع	ساٹن۔ ایک چمکدار ریشمی کپڑا۔ اطلس۔	ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
Atlet	ایتھلیٹ	یونانی	کشتی باز۔ کسرت کرنے والا پہلوان۔ ورزشی۔ ایتھلیٹ۔ ورزش سے جسم کو بڑھانے والا۔	کسرت کرنے والا۔ پہلوان۔ ایتھلیٹ۔
Atmosfer	ایٹماسفیر	یونانی	ہوائی کرہ۔	کرۂ باد۔ ہوائی کرہ۔
Atom	ایٹم	ع	کسی چیز کا وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جس کی تقسیم نہ کی جا سکے۔	جزلایتجزا۔ ذرہ۔ ریزہ۔ جوہر۔ وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ یا مادہ جس کو تقسیم نہ کیا جا سکے۔
Atş	عطش	ع	پیاس۔ خواہش	پیاس۔ تشنگی۔
Atşan	عطشاں	ع	پیاسا۔ تشنہ۔ پُرجوشی سے۔ خواہشمند۔ شدت سے چاہنے والا۔	تشنہ۔ پیاسا۔
Attar	عطار	ع	دوا فروش۔ جڑی بوٹیاں بیچنے والا۔	دوا فروش۔ عطر فروش۔
Atuf	عطوف	ع	ہمدرد۔ مہربان۔	مہربان۔ شفیق۔
Avakıb	عواقب	ع	جمع Akibet کی۔ آخیر۔ نتائج۔	عاقبت کی جمع۔ نتائج۔
Avalim	عوالم	ع	جمع Âlem کی۔ دنیائیں وغیرہ	جمع عالم کی۔ دنیائیں۔ جہان۔
Avam	عوام	ع	جمع Amme کی۔ پبلک۔ عام لوگ۔ انگلینڈ میں پارلیمنٹ میں دارالعوام۔	عامہ کی جمع۔ عام لوگ۔ رعایا۔ پرجا۔ جہلا۔ جاہل آدمی۔ بازاری لوگ۔ مخلوق۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Avamil	عوامل	ع	جمع Amil کی۔ایجنٹ۔اسباب۔	عامل کی جمع۔عمل کرنے والے۔اثرات۔عام لوگ۔
Avanak	عونق/عونق	ع	سادہ لوح۔احمق۔جسے آسانی سے دھوکا دیا جاسکے۔	بیوقوف۔احمق۔جانگلو۔وحشی۔
Avans	ایڈوانس	فرانسیسی	پیشگی روپیہ۔	زر پیشگی۔پیشگی۔
Avare	آوارہ	ف	بیکار۔ادھر ادھر گھومنے والا۔آوارہ گرد۔خانہ بدوش۔	آوارہ۔جس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو۔پریشان۔خراب وخستہ۔بدچلن۔اوباش۔شہدا۔کسی کے کام میں بول کر دخل کرنا۔
Avarız	عوارض	ع	جمع Ariza کی۔رکاوٹیں وغیرہ۔	عارض کی جمع۔بیماریاں۔امراض۔دکھ۔پیش آنے والی چیزیں۔
Avatıf	عواطف	ع	مہربانیاں۔کرم۔جمع Atifet کی۔	جمع عاطفہ کی۔مہربانیاں۔رجحانات۔
Avaz	آواز	ف	زوردار آواز۔	لفظ۔بول۔الاپ۔ہانک۔پکار۔صدا۔غل۔شور۔چیخ۔آہٹ۔دھاکہ۔راگ۔آہنگ۔
Âver	آور	ف	حرف یا کلمہ جو لفظ کے آخر میں لگایا جاوے لانے والا۔باعث ہونے والا۔پیدا کرنے والا۔غالب ہونے والا۔دخل رکھنے والا۔مالک ہونے والا۔جیسے جنگ آور۔	مرکبات میں مستقل بمعنی لانے والا جیسے خواب آور۔
Avize	آویزہ	ف	لٹکتے ہوئے لیمپ۔جھاڑ فانوس۔شمعوں کا جھاڑ۔	مکان کا زیور۔بندا۔بالا۔ایک قسم کا زیور جو کان میں پہنتے ہیں۔
Avrat	عورت	ت	عورت۔بیوی۔	
Avret	عورت	ع	انسان کے پوشیدہ اعضاء۔	مرد وزن کی شرمگاہ۔وہ چیز جسے دیکھنے اور دکھانے سے شرم آئے۔عورت کو مجازاً اس لیے عورت کہتے ہیں کہ سر سے پاؤں تک اس کا جسم عورت ہے یعنی قابل پوشیدہ کرنے اور چھپانے کے۔مجازاً عورت۔زن۔استری۔مرد کی مادہ اور بمعنی دشواری اور سختی کے بھی آتا ہے۔
Avustralya	آسٹریلیا	انگریزی	آسٹریلیا۔	آسٹریلیا۔
Avusturya	آسٹریا	انگریزی	آسٹریا	آسٹریا۔
Aya	آیا	ع	مجھے تعجب ہے کہ آیا۔ہو سکتا ہے۔شاید۔	کلمۂ ندا۔کلمہ افسوس وکلمۂ تمنا اور بمعنی افسوس اور بمعنی شاید اور کلمہ استفہام اور بمعنی واللہ اعلم اور واسطے استعجاب کے آتا ہے۔حرف شک۔
Ayal	عیال	ع	جمع Aile کی۔کنبے۔خاندان۔وابستہ اشخاص۔انحصار کرنے والے لوگ۔بیوی۔کنبہ۔فیملی۔	بال بچے۔متعلقین۔زن وفرزند اور وہ دوسرے رشتہ دار وغیرہ جن کا روٹی کپڑا وغیرہ اس شخص نے اپنے ذمہ لیا ہو۔
Ayan	عیاں	ع	صاف۔واضح۔	ظاہر۔الم نشرح۔کھلا ہوا۔نمودار۔علانیہ
Ayet	آیت	ع	قرآن شریف کی سورت۔نشان وعلامت۔معجزہ۔	نشان۔حجت حاضری۔فقرۂ قرآن۔توریت یا انجیل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ayıb/Ayıp	عیب	ع	شرم۔ کمی۔ خامی۔ ایسی چیز جو نہ کی گئی ہو۔ شرمناک۔ بداخلاق۔	نقص۔ برائی۔ خرابی۔ داغ۔ روگ۔ گناہ۔ قصور۔
Âyin	آئین	ف	دینی تقریب۔ رسم۔ تقریب۔	قاعدہ۔ دستورالعمل۔ ضابطہ۔ ملک کا بنیادی قانون۔ دستور اساسی۔ رواج۔ زیب۔ آرائش
Âyine/Ayna	آئینہ	ف	منہ دیکھنے کا شیشہ۔ آئینہ۔ خراد مشین کا چک یا وہ پرزہ جس سے چیزوں کو گھمانے کے لیے پکڑا جاتا ہے۔	منہ دیکھنے کا شیشہ۔ درپن۔ حیران۔ ششدر۔ روشن۔ صاف۔ اُجلا۔
Ayn	عین	ع	آنکھ۔ چشمہ۔ کنواں۔ بالکل صحیح نقل یا کاپی۔ مثنیٰ نقل برمطابق اصل۔	آنکھ۔ چشم۔ پانی کا چشمہ۔ حقیقت۔ جوہر۔ حقیقی سگا بھائی۔ ٹھیک۔ ہوبہو۔ درست۔
Aynı	عینی	ع	ہوبہو۔ یکساں۔ مشابہ۔	ہوبہو۔ درست۔ ٹھیک۔
Aynî	عینی	ف	متعلق بہ چشم۔ چشم دید۔ آنکھ سے دیکھا (قانونی) اصلی ضد ذاتی یا شخصی کی۔	آنکھ سے متعلق۔ دیکھا ہوا۔ سگا۔
Ayyar	عیّار	ع	دھوکے باز۔ چالاک۔	چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ چال باز۔ ٹھگ۔ ہوشیار۔ دغاباز۔
Ayyaş	عیّاش	ع	کثرت سے شراب پینے والا۔	آرام سے رہنے والا۔ بدکار۔ لچر۔ رنڈی باز۔ بہت عیش کرنے والا۔
Âza	اعضاء	ع	جمع Uzuv کی۔ بازو۔ ارکان۔ (واحد صیغہ کی حیثیت سے) رُکن۔	جمع عضو کی۔ ہاتھ پاؤں کے عضبی جوڑ۔ بدن کے اعضا، ہاتھ پاؤں وغیرہ۔
Azab/Azap	عذاب	ع	شدید تکلیف یا پریشانی۔	تنگی۔ تکلیف۔ دکھ۔ مصیبت۔ اذیت۔ سزائے گناہ۔ دقت۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ روگ۔ علت۔ گناہ۔ پاپ۔
Azab	عزب۔ عزَب	ت	اناطولیا کے بعض علاقوں میں کاشتکار نوجوان۔ بغیر شادی شدہ۔ پرانی عثمانی بحری فوج کا جوان۔	بے بیوی والا۔ بے شوہر والی۔
Azad/Azat	آزاد	ف	جو غلام یا پابند نہ ہو۔ جو آزاد پیدا ہوا ہو۔ آزادی۔ بچوں کا اسکول سے نکال دینا۔ چھٹی دینا۔	بَری۔ خودمختار۔ فارغ۔ بےغم۔ بےقید۔ جو کسی کا پابند نہ ہو۔ غلام کی ضد۔ سَرو کی ایک قسم۔ آزادکان۔
Azade	آزادہ	ف	آزاد۔ رہا کیا ہوا۔ بَری کیا ہوا۔	آزاد۔ قید سے چھوٹا ہوا۔
Azadegi	آزادگی	ف	آزادی۔	آزادی۔ رہائی۔
Âzam	اعظم	ع	Azim کی متقابل شکل۔ زیادہ بڑا۔ سب سے بڑا۔ سب سے عظیم۔	نہایت بڑا۔ بزرگ تر۔
Azamet	عظمت	ع	بڑائی۔ شان۔ گھمنڈ۔ غرور۔ شان و شوکت۔ خودستائی۔ ظاہرداری۔ بزرگی۔	بزرگی۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔ قدر و منزلت۔
Azerî	آذری	ع	آذربائیجان کے باشندے۔ آذربائیجان کے ترکوں میں سے کوئی۔	آذربائیجان کے رہنے والے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Azım	عظمٌ	ع	ہڈی۔	ہڈی۔ استخواں۔
Azil	عزل	ع	نوکری سے برطرف۔ ڈسمیل۔	موقوفی۔ برطرفی۔ معطلی۔ بیکاری۔ جماع کے وقت فرج کے باہر منی نکلنا۔
Azim	عزم	ع	قصد۔ پکا ارادہ۔ مصمم ارادہ۔	قصد۔ ارادہ۔ نیت۔
Azîm	عظیم	ع	بڑا۔ وسیع۔ خاص۔ طاقتور۔ مضبوط۔	بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔ سخت۔ نہایت۔
Azimet	عزیمت	ع	روانگی۔ سفر پر روانگی۔	ارادہ۔ مقصد۔ لگن۔ طلسمی دعا۔ وہ عمل یا افسوں جس سے موکلوں کو حاضرات میں موجود کرا سکیں۔ تعویذ۔ منتر۔
Aziz	عزیز	ع	پیارا۔ بیش قیمتی۔ نادر۔ نامی۔ گرامی۔ گراں۔ طاقتور۔ جلیل۔ پیر۔ اولیا۔ پیر لنہ۔	پیارا۔ محبوب۔ دل پسند۔ لائق۔ عمدہ۔ کمیاب۔ قابل عزت۔ قابل مرتبہ۔ رشتہ دار۔ قریبی۔ یار۔ دوست۔ خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔
Azize	عزیزہ	ع	Aziz کا تانیہ۔ محبوبہ۔ لائق۔ قابل عزت عورت۔ قریبی یا رشتہ دار عورت۔	عزیز کی تانیہ۔
Azrail	عزرائیل	ع	موت کا فرشتہ۔	ملک الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ۔ یم ذوت۔ فرشتۂ قضا۔

■◆■

B/(b)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bab/Bap	باب	ع	دروازہ۔ گیٹ۔ پھاٹک۔ پرگنہ۔ کلاس۔ تعلق۔ کتاب کا حصہ۔ موضوع	دروازہ۔ کتاب کا حصہ۔ مقدمہ۔ معاملہ۔ مضمون بحث۔ تذکرہ۔ مقصد۔ مطلب۔ غرض۔ مدعا۔ منشا۔ مراد۔ عنوان۔ بابت۔ حساب۔ دربار۔ درگاہ جیسے باب عالی۔
Baba	بابا	ف	باپ۔ آباواجداد۔ کسی مذہبی عقیدہ کے تکیہ کا سردار۔ گانٹھ۔ ایک قسم کا دورہ جو خاص طور سے حبشیوں کو پڑتا ہے۔ زینہ کا ستون۔ چھوٹا بچہ جو لڑکا ہو۔ کسی کو بھی دیا گیا لقب۔ گھاٹ کا کھمبا جس سے جہازوں کو باندھا جاتا ہے۔	باپ۔ چچا۔ دادا۔ نانا۔ سردار۔ بڑا پادری۔ سفید داڑھی والا۔ درویش۔ فقیر۔ بزرگ۔ محبت سے بچوں کو بھی اس لفظ سے پکارتے ہیں۔ خطاب کا عام لفظ جسے فقیر استعمال کرتے ہیں۔ (طنزاً) جناب۔ حضرت جیسے بس بابا بس۔ بڑا بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔
BabaCan	باباجان	ف	مہربان۔ اچھی عادت کا۔ آرام سے زندگی بسر کرنے والا شخص۔ جان سے قریب۔ پختہ و تجربہ کار اچھی عادت والا۔	پیار سے چھوٹے اپنے بڑوں کو کہتے ہیں۔
Babı ali Babi âli Bab-i-âlı	بابِ عالی	ع	لفظی معنی بلند دروازہ یا اونچی بارگاہ۔ عثمانی حکومت کا خاص دفتر۔	اونچی بارگاہ۔ دورِ عثمانی میں حکومت کے دارالامارۃ کا نام۔
Babur Böbür	بابر	ت	چیتا۔ بگھرا	شیر ببر۔ خاندان مغلیہ کے ایک بادشاہ کا نام جو اکبر بادشاہ کا دادا تھا۔
Babil	بابل	ع	بے بی لونیا۔ بابل۔	بیبی لونیا۔ بابل نام کا ایک مشہور شہر جو کوفہ کے قریب دریائے فرات پر واقع ہے۔
Baca	باجا	ت ہندی	چمنی۔ روشن دان۔ جھروکہ۔ ———	——— باجا۔ ساز۔ بجنے کی چیز
Bacı	باجی	ت	بڑی بہن۔ بہن۔ بیوی۔ بزرگ۔ لمبے سے تک گھر میں کام کرنے والی عورتوں کو و بہت زیادہ بوڑھی عورتوں کو احتراماً دیا گیا لقب۔ پرانے زمانے میں درویشوں و بعض مذہبی رہنماؤں کی بیویوں کو پکارے جانے کا لقب۔ حبشی نرس۔	آپا۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ اپنے سے بڑی بہن۔ باجگزار۔
Bad	باد	ف	ہوا۔ سانس۔	ہوا۔ پَوَن۔
Badar	بدر	ع	ہلال۔ ماہِ نو۔	چودھویں رات کا چاند۔ ماہِ کامل۔
Bade	بادہ	ف	شراب کا گلاس یا پیالہ۔ شراب۔ راکی نام کی شراب۔	شراب۔ مے۔ خمر

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bade	بعد	ع	بعد۔	پیچھے۔آخر۔پس۔
Badehu	بعد ہُو/ بعدہٗ	ع	اس کے بعد۔پھر۔تب۔	اس کے بعد۔پھر۔تب۔
Badem	بادام	ف	بادام۔	بادام۔
Bademî	بادامی	ف	بادام کی شکل کا۔	بادام کے رنگ کا۔سرخی زرد مائل۔
Bâdı-saba	بادِصبا	ف	ٹھنڈی اور سبک ہوا۔نسیم۔	ٹھنڈی اور سبک ہوا جو شمال مشرق کی طرف سے آتی ہیں۔
Bâdi	بادی	ف	سبب ہونے والا۔پیدا ہونے والا۔شروع ہونے والا۔	منسوب طرف۔باد۔ہوا پیدا کرنے والا۔ریحی خارج۔ بادی۔ٹھنڈا۔بائی۔گٹھیا۔ریاح پیدا کرنے والا۔شرارت۔نقصان۔ہوائی۔ہوا کا۔
	بادی	ع		شروع کرنے والا۔ابتدا کرنے والا۔ظاہر۔کھلا ہوا۔
Badi	بادی	ٹ	بلیغ	
Badiye	بادیہ	ع	جنگل۔بیابان۔	جنگل۔بیابان۔دشت۔صحرا۔
Bâdnüma	بادنما	ف	ہوا کا رُخ معلوم کرنے کا آلہ۔بادنما۔تیر کا پَر۔	آلہ جس کے ذریعہ ہوا کا رخ معلوم کرتے ہیں۔بادنما۔
Badya	بادیہ	ف	ٹب۔لکڑی یا مٹی کا بڑا پیالہ۔چوڑے منہ کا بڑا پیالہ۔	بڑا پیالہ۔کٹورا۔دشت۔صحرا۔
Bagaj	بگاز/بیگیج	فرانسیسی	مسافروں کا سامان۔	مسافروں کا سامان۔اسباب لشکر۔
Bağ	باغ	ف،ع	باغ۔انگور کا باغ۔باغیچہ۔	باغ۔چمن۔گلزار۔جہاں بہت سے...
Bağî	باغی	ع	سرکش۔بغاوت کرنے والا۔	بغاوت کرنے والا۔نافرمان۔سرکش۔منحرف۔
Bâh	باہ	ع	جنسی میل جول۔	قوت مردی۔قوت جماع۔شہوت۔مباشرت۔
Baha/Paha	بہا	ف	قیمت۔	مول۔دام۔قیمت۔
Bahadır	بہادر	ف	بہادر۔نڈر۔دلیر۔	جواں مرد۔شجاع۔سورما۔دلیر۔نڈر۔
Bahane/ Behane	بہانہ	ف	حیلہ۔مکر۔فرضی وجہ۔بناوٹ۔بہانہ کرنا۔	حیلہ۔عذر۔ٹال مٹول۔دھوکا۔فریب۔ظاہرداری۔سبب۔وجہ۔موقعہ۔ڈھب۔
Bahar	بہار	ف	موسم بہار۔نسبت۔موسم سرما و گرمیوں کے درمیان کا ٹائم۔	بسنت۔پھول کھلنے کا موسم۔رُت۔موسم ربیع۔رونق۔جوبن۔خوشی۔شباب۔شادمانی۔سیر۔تفریح۔آنند۔سرور۔نشہ کا چڑھاؤ۔
		ع	کھانے پینے میں ذائقہ اور خوشبو لانے والے مصالحے۔	
Bala	بالا	ت	بچہ۔	بچہ۔بڑی بالی۔کان میں پہننے کا زیور۔
Bahir	بحر	ع	سمندر۔شعر کا وزن۔	بڑا سمندر۔بڑا ساگر۔بڑا دریا۔شعر کا وزن۔
Bahis	بحث	ع	گفتگو۔مباحثہ۔جانچ۔بحث کا موضوع۔	مباحثہ۔لفظی تکرار۔تقریر۔حجت۔دلیل۔سوال و جواب۔گفتگو۔مناظرہ۔واسطہ۔تعلق۔چھان بین۔
Bahrî	بحری	ع	سمندر سے متعلق۔سمندری۔	بحر سے منسوب۔سمندری۔دریائی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bahriye	بحریہ	ع	نیوی۔ بحری فوج۔	جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ بحری فوج۔
Bahş	بخش	ع	تحفہ۔ دینا۔ معاف کرنا۔	معاف کرنے والا۔ بخشنے والا۔ دینے والا۔ حصہ بخرہ۔ عطیہ۔ نصیب۔ وظیفہ۔
Bahşayiş	بخشائش	ع	دینا۔ معاف کرنا۔	گناہ کی معافی۔
Bahşiş	بخشش	ف	ٹپ۔ بخشش۔ تحفہ۔ کسی خدمت کے صلہ میں دی گئی رقم۔ عطیہ۔	بخشش۔ انعام۔ عطیہ۔ معافی۔ درگذر۔ دان۔
Baht	بخت	ف	قسمت۔ تقدیر۔	بھاگ۔ قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔
Bahtiyar	بختیار	ف	خوش قسمت۔ خوش نصیب۔	خوش نصیب۔ نصیبے والا۔ اقبال مند۔
Bahusus	بالخصوص	ع	خاص طور سے۔ سب سے بالا۔	خاص طور سے۔ خاص کر۔ خصوص کے ساتھ۔
Baid	بعید	ع	خلاف قیاس۔ بہت دور۔ بہت فاصلے پر۔	دور۔ فاصلہ پر۔ علاحدہ۔
Bâis	باعث	ع	سبب۔ وجہ۔ مقصد۔	وجہ۔ سبب۔ علت۔ موجب۔ حقیقت۔ اصل۔ بنیاد۔
Bakar	بقر	ع	بیل۔ گائے۔	گائے۔ بیل۔
Bakaya	بقایہ/بقایا	ع	Bakiye کی جمع۔ رقوم جو ادائگی سے بچ رہتی ہوں۔ بقایہ	بقیہ کی جمع۔ واجب الادا چیز۔ بچا کچھا۔ جو کچھ خرچ کرنے کے بعد بچ جائے۔
Bakıye	بقیہ	ع	باقی بچا ہوا۔ بیلینس۔ جو وقت پر ادا کرنے سے رہ گیا ہو یا بچا ہو۔	بچا کچھا۔ بچا ہوا۔ حصہ۔
Baki	باقی	ع	بچا ہوا۔ باقی۔ مستقل۔ برداشت کرنے والا۔ پائدار۔ دائمی۔ لافانی۔	بچا ہوا۔ واجب الادا۔ واجب الوصول۔ ہمیشہ موجود رہنے والا۔ خداوند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
Bakir	بکر	ع	کنواری عورت۔ دوشیزہ۔ جسے چھوا نہ گیا ہو۔ غیر مستعمل۔ جو کام نہ آئی ہو۔	دوشیزہ۔ کنواری عورت۔ اول ہر چیز کا۔ وہ کام جس کے مثل پہلے نہ ہوا ہو۔ لطیف و نازک۔
Bakire	باکرہ	ع	دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔	کنواری لڑکی۔ دوشیزہ۔
Bakkal	بقال	ع	پنساری۔ کریانہ بیچنے والا۔	بنیا۔ دال آٹا نمک وغیرہ بیچنے والا۔
Bakla	باکلا/باقلا	ت	پھلیاں۔ چوڑی پھلیاں۔ چینی کی کڑی۔	مٹر اور لوبیا پھلیاں جو پکا کر کھائی جاتی ہیں۔
Bakteri	بیکٹیریا	فرانسیسی	بیکٹیریا۔	بیکٹیریا۔
Bâl	بال	ت	شہد۔ شربت۔	شہد۔
Bâl	بال	ع	دل۔ دماغ	دل۔ جان۔ عیش۔ عظمت۔
Bal	بال	ف	بازو۔ پر۔ بال۔	پرندوں کے پر۔ جان۔ عیش۔ عظمت۔ دل۔
	بال	انگریزی	———	گیند
Bala	بالا	ت	بچہ	بچہ۔
	بالا	ہندی	———	کان میں پہننے کا ایک زیور۔ بالی۔ باریک کیڑا جو گیہوں وغیرہ پودوں میں لگ جاتا ہے۔
	بالا	سنسکرت	———	بارہ برس سے سولہ برس تک کی عورت۔ ایک قسم کا زیور۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Balâ	بالا	ف	اونچا۔ اعلیٰ۔ مشہور۔ اوپر۔ متذکرہ بالا۔	اوپر کا حصہ۔ چوٹی۔ قد و قامت۔ اونچا۔ بلند۔ (قائل فعل)۔ اوپر۔ اوپر لکھا۔
Balâter	بالاتر	ف	زیادہ اونچا۔ مقابلتاً اونچا۔	بڑے اونچے مرتبہ والا۔ بہت اونچا۔
Balgam	بلغم	ع	بلغم۔ حلق سے خارج ہونے والا چپکدار مادہ جو کھانسنے سے باہر آتا ہے۔	کف۔ کھنگار۔ انسانی چار خلطوں میں سے ایک منہ یا ناک کی راہ سے نکلا ہوا ایک غلیظ مادہ۔
Baliğ	بالغ	ع	پہنچنے والا۔ حاصل کرنے والا۔ بالغ۔ مکمل پختہ۔ بلوغت کو پہنچنا۔	حد بلوغ کو پہنچنے والا۔ پہنچا ہوا۔ پورا۔ جوان۔ اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کا۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔
Balon	بیلون	انگریزی	غبارہ۔ بہت زیادہ شیشے سے تیار کیا گیا گول و پھولا ہوا۔ پانی کے جہاز کے آتش خانہ کی آڑ۔	غبارہ۔
Bambu	بمبو	انگریزی	بانس۔	بانس۔ بم۔ چند وچھے کی نلکی۔ نازو بجرے کی لکڑی۔
Ban	بان	ف	فارسی میں لفظوں کو جوڑنے والا حرف یا لفظ جیسے Derban بمعنی چوکیدار	اسماء کے آخر میں محافظ اور مالک کے معنی دیتا ہے جیسے فیلبان۔ نگہبان۔
Bando	بینڈ	انگریزی	بینڈ باجہ۔ بینڈ باجے والوں کی منڈلی۔	بینڈ باجہ۔ گروہ۔ منڈلی خاص طور سے بینڈ باجے والوں کی
Bâni	بانی	ع	تعمیر کرنے والا۔ بنانے والا۔ بنیاد ڈالنے والا۔	بنیاد رکھنے والا۔ شروع کرنے والا۔ موجد۔
Banka	بینک	فرانسیسی	بینک۔	بینک۔
Banker	بینکر	فرانسیسی	بینک کا مالک۔ بڑا صراف۔ بہت مالدار۔	بینک کا منتظم۔ صراف۔ مہاجن۔ ساہوکار۔
Bar	بار	انگریزی	شراب پینے، ناچنے اور تفریح کرنے کی جگہ۔	ہوٹل میں وہ جگہ جہاں شراب تقسیم ہوتی اور پی جاتی ہے۔ شراب خانہ۔ وکیلوں کی تنظیم۔ مجرم کا کٹہرا۔
Bar	بار	ف	پھیلانے والا۔ برسانے والا جیسے Eskbar اشک بار۔	برسانے والا۔ فارسی کا کلمہ جو لفظ کے آخر میں لگایا جاتا ہے جیسے گوہر بار۔ اشک بار۔ کار کے تابع (کاروبار) کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کے لیے (جو ئے بار۔ سنگ بار)۔
Bâr	بار	ف	وزن۔ بوجھ۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ ثمر۔ پھل۔ بوجھ ہونا۔	بوجھ۔ گرانی۔ وزن۔ اسباب۔ دخل۔ رسائی۔ حمل۔ گرہ۔ قرض۔ ذمہ داری۔ عدالت دربار۔ جلیل۔ بزرگ۔ ناگوار۔ تکلیف دہ۔
Bar Bar	بار بار	ت	زور سے چلانے یا زور سے چیخنے کے لیے فعل Bağırmak کے ساتھ جس کے معنی چیخنے چلانے کے ہیں استعمال کیا جاتا ہے۔	______
		ہندی	______	گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ لگاتار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Baraj	بیراج	فرانسیسی	پانی کا بند۔ ڈیم۔ پشتہ۔	بند۔ پشتہ۔
Baran	باراں	ف	بارش۔	بارش۔ مینہ۔ برسات۔ برستا ہوا۔ برسنے والا۔
Barbar	بربر	یونانی	ظالم۔ وحشی۔ ناشائستہ۔	ظالم۔ وحشی۔ ناشائستہ۔
Barî	باری	ع	خدا۔ اللہ تعالیٰ۔	خدا۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
Bari	باری	ت	ایک مرتبہ۔ کم از کم۔ پھر بھی۔	
		اردو		موقع۔ نوبت۔ نمبر۔ وقت۔ دفعہ۔ چوکی۔ پہرہ۔ کھڑکی۔ در بچہ۔
Barid	بارد	ع	ٹھنڈا۔ سرد۔	ٹھنڈا۔ سرد۔ خنک۔
Barıkad/ Barikat	بیری کیڈ	فرانسیسی	راستہ بند کرنے کی غرض سے ہر قسم کی روکاٹ کھڑی کرنی۔	کچا پشتہ۔ کچی مورچہ بندی۔ پیڑوں، مٹی یا پتھروں وغیرہ سے عجلت میں بنائی گئی رکاوٹ یا قلعہ بندی۔
Bâriz	بارز	ع	نمایاں۔ ظاہر	عیاں۔ آشکارا۔ ظاہر ہونے والا۔
Barograf	بیروگراف	یونانی	خود بخود ہوا کے دباؤ کا فرق ظاہر کرنے کا آلہ۔	ہوا کے دباؤ کے فرق کو ظاہر کرنے کا آلہ۔
Barometre	بیرومیٹر	یونانی	ہوا کا دباؤ وزن ناپنے کا آلہ۔	باد پیما۔ مقیاس الہوا۔
Barut/Barut	بارود	ف	بندوق میں استعمال کیا جانے والا پاوڈر۔ گرم مزاج کا شخص۔ بہت تیز شراب۔ گندھک۔ شورے اور کوئلے کو ملا کر بنایا جانے والا مادہ جو اسلحہ وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ پھٹتے وقت بہت شدت سے شعلہ کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔	گندھک شورے اور کوئلے وغیرہ کا مرکب جو آتشیں اسلحہ اور آتش بازی میں کام آتا ہے۔
Baruthane	باروت خانہ	ف	بارود بنانے کی فیکٹری اور اس کے جمع کرنے کی جگہ۔	بارود جمع کرنے کا مقام۔ بارود بنانے کی جگہ۔
Baryum	بیریم	انگریزی	ایک دھات کا نام۔ چاندی کے رنگ کی سفید و بسیط ایک دھاتو جو ہوا میں تیزی سے گھل جاتی ہے۔	ایک دھات کا نام۔
Basar	بصر	ع	بینائی۔ ذہنی ادراک۔	بینائی۔ بصارت۔ آنکھ۔
Basarî	بصری	ع	آنکھ یا نظر سے متعلق۔ آنکھ کا۔	آنکھ کا بصارت۔ آنکھ۔
Bâsır	باصر	ع	دیکھنے والا۔ تیز نگاہ والا۔ حاضر جواب۔ تیز فہم۔	دیکھنے والا۔ بینائی رکھنے والا۔
Bâsıra	باصرہ	ع	قوت بینائی۔ دیکھنے کی طاقت۔	دیکھنے والی۔ بینائی رکھنے والی۔ دیکھنے کی قوت۔ قوت بینائی۔
Basir	بصیر	ع	ہوشیار۔ عقلمند۔ تمیز کرنے والا۔ شناخت کرنے والا۔	بینا۔ دیکھنے والا۔ دانا۔ ماہر۔ ہوشیار۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
Basiret	بصیرت	ع	دور اندیشی۔ ادراک۔ خیال۔ فہم۔ خبرداری۔ پیش بینی۔ معرفت۔	بینائی۔ عقلمندی۔ دانائی۔ آگاہی۔ رائے۔ خیال۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Basit	بسیط	ع	سادہ۔ ابتدائی۔ وسیع۔	کشادہ۔ وسیع۔ پھیلا ہوا۔ عروض کی ایک بحر۔ غیر مرکب۔
Basur	باسور	ع	بواسیر۔	ایک قسم کا مسا جو مقعد میں ہوتا ہے۔
Batil	باطل	ع	فرضی۔ جھوٹا۔ غلط۔ بیکار۔ بیہودہ۔	جھوٹ۔ بے اصل۔ غلط۔ ناحق۔ لغو۔ بیہودہ۔ نکما۔
Batin	باطن	ع	فرقہ۔ نسل۔ کنبہ۔ پیٹ۔ پیڑو۔	پیٹ۔ شکم۔ دل۔ ضمیر۔ اندرونی حصہ۔ بھیتر کا۔ اندرون۔ پوشیدہ چیز۔
Bâtin	باطن	ع	اندرونی۔ اندر کا۔ پوشیدہ۔ راز پنہاں۔ بھید۔ اندر کا حصہ۔	ظاہر کی ضد۔
Batinî	باطنی	ع	پوشیدہ۔ مخفی۔ اندر سے متعلق۔ روحانی۔ مخفی۔ دقیق۔ پیٹ سے متعلق۔	پوشیدہ۔ اندرونی۔ اندرون پیٹ۔ ظاہر کی ضد۔
Batnî	بطنی	ع	پیٹ سے متعلق۔ پیڑو کی۔	بطن سے منسوب۔ پیٹ کا۔
Batiniye	باطنیہ	ع	قرآن شریف کی لغت کے معنوں کے علاوہ مجازی طور سے مطلب نکال کر دین کے احکامات کو مختلف ڈھنگ سے سمجھانے والا فرقہ۔	اہل تشیع کے فرقے کا نام جس کے اعتقاد کے مطابق ہر شرعی امر کے ایک ظاہری معنی ہوتے ہیں اور دوسرے باطنی۔
Battal	بطال	ع	کینسل کیا ہوا۔ منسوخ کیا ہوا۔ منسوخ۔ بے اصل۔ بیکار۔ بے قیمت۔ بغیر کسی روزگار کے۔ سست۔ کاہل۔ بڑا اور بھدا۔ بڑے سائز کا کاغذ۔ دستاویزات جو جائز نہ رہی ہوں۔	بہت جھوٹا شخص۔ بہت مکار آدمی۔ دروغ گو۔ بہت نکما آدمی۔ ناچیز۔ شخص۔ معطل۔ بیکار۔
Battaniye	بطانہ / بطانہ	ع	کمبل۔	بھرتی۔ بھراؤ۔ تہ پیچ۔ استر۔ زیر پیچ۔ دلی دوست۔ لباس کا استر۔ ٹوپی۔ پگڑی کے نیچے باندھنے کا کپڑا۔
Bâyi/Bayi	بائع / بایع	ع	فروخت کرنے والا۔	بیع کرنے والا۔ بیچنے والا۔
Bazi	بعض	ع	کچھ۔ چند۔ کبھی کبھی۔ کسی بھی وقت۔ کوئی۔ کسی۔	چند۔ متعدد۔ مختلف۔ کوئی۔
Baziçe	بازیچہ	ف	کھلونا۔ کھیلنے کی چیز۔ مسخرہ۔	کھیل۔ تماشہ۔ کھلونا۔
Bazirgân/ Bezirgân	بازرگان	ف	سوداگر۔ پھیری والا۔ گشتی خردہ فروش۔	دوکاندار۔ سوداگر۔ لین دین کرنے والا۔
Bazu	بازو	ف	کندھا اور ہاتھ کے درمیان کا حصہ۔ طاقت۔	بھجا۔ کہنی سے شانے تک کا حصہ۔ ڈنڈ۔ پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پر ہوتے ہیں مجازاً معاون۔ مددگار۔ دائیں بائیں کی فوج۔ میمنہ۔ ساتھی۔ دوست۔ مرثیہ خواں کا جوڑی دار۔ دروازے کے دونوں طرف کی لکڑیاں۔ قوت۔ استعداد۔
Bazubend	بازوبند	ف	جوشن۔ بازو پر باندھنے والا تعویذ۔	بازو پر باندھنے کا زیور۔
Be	بے	ت	بلا تکلف بول چال میں اے / ابے کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔	حرف ندا۔ مخاطب۔ ابے کا مخفف۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bebr	ببر	ع	چیتا۔ باگھ۔ پلنگ۔	شیر کی ایک قسم۔ ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں۔
Beca	بجا	ف	جگہ پر۔ مناسب۔	درست۔ ٹھیک۔ صحیح۔ مناسب۔
Bed/bet	بد	ف	بُرا۔ بدصورت۔ بدنما۔	بُرا۔ خراب۔ ناقص۔ نکما۔ شریر۔ فسادی۔ نیک کی ضد۔
Bedahet	بداہت	ع	جو ظاہر ہو۔ فی البدیہہ تقریر۔ بغیر تیاری کے تقریر۔ برمحل یا برجستہ کلام یا تصنیف۔	فی البدیہہ بات کہنا۔ یقینی ہونا۔ صریحی ہونا۔ ناگہانی واقعہ۔
Bedayi	بدائع	ع	جمع Bedia۔ خوبصورت اور قیمتی اشیاء	جمع بدیع۔ نادرات۔ بے مثل چیزیں۔ نئی پیدا ہوئیں اور عجیب اشیاء۔
Bedbaht	بدبخت	ف	بدنصیب۔ بدقسمت۔ جو خوش نہ ہو۔ ناخوش۔	بدنصیب۔ بدقسمت۔
Beddua	بدُعا		لعنت۔ غضب۔ خدا کی مار۔ لعنت کرنا۔ بُرا چاہنا۔	کوسنا۔ بُری دعا دینا۔
Bedel	بدل	ع	برابر۔ قیمت۔ بجائے۔ مقابلہ کی چیز۔ فوج کی نوکری سے مبرّہ ہونے کے لیے دی گئی رقم۔	عوض۔ معاوضہ۔ اُجرت۔
Bedele	بدلہ	ع	جگہ پر۔ تبادلے میں۔ بجائے۔	عوض۔ معاوضہ۔ اجر۔ صلہ۔ بخشش۔
Beden	بدن	ع	جسم۔ دھڑ۔ قلعہ کی دیوار۔ رسّی کا بل۔	تن۔ جسم۔ اندام۔ شرمگاہ۔ ستر۔
Bedenî	بدنی	ع	جسمانی۔ بدن سے متعلق۔	جسمانی۔ بدن سے متعلق۔
Bedendiş	بداندیش	ف	بُرا چاہنے والا۔ بُری نیت رکھنے والا۔ بدخواہ۔	بُرا چاہنے والا۔ مخالف۔ دشمن۔ بیری۔
Bedevî	بدوی	ع	بدّو۔ خانہ بدوش۔ عرب خانہ بدوش۔	جنگلی۔ گنوار۔ صحرا نشین۔
Bedhah	بدخواہ	ف	بُرا چاہنے والا۔ بداندیش۔	بُرا چاہنے والا۔ دشمن۔ مخالف۔
Bedhu	بدخو	ف	بُری خصلت والا۔ بدکار۔ نحس۔	بُری خصلت والا۔
Bedi/Bedii	بدیع	ع	کلام کی خوب صورتی اور اس کا انسان کے ذہن و احساسات پر اثر انداز ہونے کے موضوع پر بحث کرنے والے فلسفہ کا ایک شعبہ۔ کلام یا الفاظ کی خوب صورتی۔ مشابہ یا ایک نہ ہونے والا۔ اصل۔ اور بجل۔ الفاظ کو تحریر کرنے کی سائنس۔	بنانے والا۔ موجد۔ نادر۔ نو پیدا شے۔ انوکھا۔ نادر۔ ایک علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔
Bidihe	بدیہہ	ع	برجستہ۔ برمحل۔ سچائی جو خود ظاہر ہو۔	منطق کا اصطلاح میں وہ بات جس کے لیے دلیل کی ضرورت نہ ہو۔ بغیر سوچے سمجھے۔ برجستہ کہنا۔ صریح۔ ظاہر۔ برجستہ۔
Bedihe	بدیہی	ع	ظاہر۔ روشن۔ خود ہی ظاہر۔	ظاہر۔ روشن۔ الم نشرح۔ وہ بات جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو۔
Bedir	بدر	ع	ماہِ کامل۔ پورا چاند۔	چودھویں رات کا پورا چاند۔
Bedmesti	بدمستی	ف	نشہ میں ہونا۔	مدہوشی۔ شہوت پرستی۔ شرارت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bednam	بدنام	ف	بدنام۔ بُری شہرت والا۔ غلط شہرت والا۔	رسوا۔ وہ شخص جس کی شہرت خراب ہو۔
Bedzeban	بدزبان	ف	منہ پھٹ۔ بدلگام۔ دریدہ دہن۔ فحش۔ رذیل۔	بدکلام۔ گستاخ۔ گالی گلوچ بکنے والا۔
Begayet	بےغایت	ف	بہت زیادہ۔ بے حد۔	بے حد۔ بے انتہا۔
Begonya	بیگونیا	فرانسیسی	پھلواری کی ایک قسم کا پودہ جس میں گلابی رنگ کے پھول آتے ہیں۔	گلابی رنگ کے پھولوں والا ایک قسم کا پودہ۔
Beher	بہَر	ف	ہرایک کو۔ ہرایک کے لیے۔ ہرایک۔	واسطے۔ لیے۔ باعث۔
Behime	بہیمہ	ع	جانور۔ ظالم۔	چوپایہ۔ مویشی۔
Behimi	بہیمی	ع	ظالموں سے متعلق۔ جانور۔ یعنی جنسی احساسات وغیرہ۔	حیوانات۔ منسوب طرف بہیمہ کے۔ حیوانی۔
Behist	بہشت	ع	جنت۔ فردوس۔	جنت۔ فردوس۔ باغ۔ عیش وآرام کا مقام۔
Behre	بخرا/بخرہ	ف	حصّہ۔ ٹکڑا۔ قرعہ۔ بھاگ۔	حصہ۔ بانٹ۔ تقسیم۔ ٹکڑا۔ حصوں میں تقسیم کرنا۔
Beht	بُہت	ع	حیرت۔ حیرانی۔ اچنبھا۔	حیرت۔ اچنبھا۔
Beka	بقا	ع	پائداری۔ استحکام۔ جو کچھ بچا۔ انجام۔ دوام۔ قیام۔	قیام ہمیشگی۔ پائداری۔ دوام۔ باقی رہنا۔ زندہ رہنا۔
Bekâr	بکر	ع	کنوارہ۔ غیر شادی۔ دیہاتی جو بڑے شہر میں اکیلا ہوتا ہے۔	کنواری۔ ہر چیز کا اوّل۔ نازک۔ لطیف۔
Bekâret	بکارت	ع	دوشیزگی۔	دوشیزگی۔ کنوارہ پن۔
Bekaya	بقایہ	ع	لگان کے باقی۔ انگروٹ جن کا فوجی سروس کرنا لازمی ہو مگر طلب نہ کیے گئے ہوں۔	جمع باقی کی۔ واجب الادا۔ بچا کچھا۔ باقی۔ جو خرچ کرنے کے بعد بچ جائے۔
Bel	بَیل	ف	پھاوڑہ۔ باغبانی کا اوزار۔	کدال۔ پھاوڑہ۔ بیلچہ۔
Belâ	بلا	ع	پریشانی۔ مصیبت۔ بدنصیبی۔ سزا۔ بددعا۔	سختی۔ زحمت۔ مصیبت۔ دکھ۔ آفت۔ قہر۔
Belâgat	بلاغت	ع	فصاحت۔ خوش گوئی۔ خوش تقریری۔ زبان یا تحریر کو خوب صورت ڈھنگ سے سمجھانے کے لیے استعمال کرنا۔	کلام میں انتہائی درجے تک پہنچنا۔ فصیح کلام۔ حسب موقعہ گفتگو۔
Belâhet	بلاہت	ع	حماقت۔ بیوقوفی۔	احمق پن۔ بیوقوفی۔ سادگی۔ بھولا پن۔ نادانی۔
Belde	بَلدہ/بَلَد	ع	قصبہ۔ شہر۔ ملک۔	نگر۔ شہر۔ بستی۔ قصبہ۔ قطعۂ زمین۔
Belediye	بلدیہ	ع	میونسپلٹی۔ وہ ادارہ جو کسی شہر یا قصبہ کی صفائی وروشنی وغیرہ خدمات کی دیکھ بھال عوام کے چنندہ نمائندوں سے کراتا ہے۔	میونسپلٹی۔ میونسپل کارپوریشن محکمہ جو شہری صفائی اور حفظانِ صحت کے لیے ہو۔
Beli	بلے	ف	ہاں۔	(تابع فعل)۔ ہاں۔ سچ ہے۔ کیوں نہیں۔ درست ہے۔
Beliğ	بلیغ	ع	فصیح۔ خوش گو۔ شیریں کلام۔ خوش گفتار۔	پورا۔ کامل۔ فاضل۔ انتہا کو پہنچا ہوا۔ حسب موقع گفتگو کرنے والا۔ جس کی زبان بہت فصیح ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Belki	بلکہ	ف،ع	شاید۔ ہوسکتا ہے۔ لیکن۔	پھر بھی۔ سوا۔ اس سے بڑھ کر۔ شاید۔ ضرور۔
Bellütiye	بلوط	ع	اوک کی نسل کا پیڑ۔ بلوط۔	ایک قسم کا درخت۔
Benat	بنات	ع	جمع Bint کی۔ لڑکیاں۔ بیٹیاں۔	جمع بنت کی۔ بیٹیاں۔ لڑکیاں
Bend	بند	ف	ڈیم۔ ڈائک۔ بند۔ باندھ۔ پیراگراف۔ اخبار میں مضمون۔ پانی کا خزانہ۔ پشتہ۔ گرہ۔ گانٹھ۔	روک۔ پشتہ۔ بندش۔ قید۔ ٹیپ کا مصرعہ یا شعر۔ چپ۔ خاموش
Bende	بندہ	ف	غلام۔ نوکر۔	غلام۔ داس۔ نوکر۔ ملازم۔ نیازمند۔ خاکسار۔ انسان۔ آدمی۔ عابد۔ زاہد۔ سر جھکانے دینے والا۔ حکم ماننے والا۔ تابع دار۔
Bendegân	بندگان	ف	جمع Bende کی۔ نوکر غلام۔ خادم۔ ملازم۔	بندہ کی جمع۔ غلام۔ خادم۔ ملازم۔
Bender	بندر ر بندرگاہ	ع	تجارتی بندرگاہ۔ قلعہ جو کسی بندرگاہ یا خلیج کی حفاظت کرتا ہو۔	جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ لنگرگاہ جہاز۔
BeniÂdem	بنی آدم	ع	حضرت آدم کی اولاد۔ انسان کی نسل۔	آدم کی اولاد۔ انسان۔
Beni-İsrael	بنی اسرائیل	ع	حضرت یعقوب کی نسل کا۔ یہودی۔ اسرائیلی لوگ۔	یہودی قوم۔ اولاد اسرائیل۔ حضرت یعقوب کی اولاد۔ اسرائیل کے لوگ۔
Benk	بنگ	ف	بھنگ۔	بھنگ۔ حشیش۔
Ber	بر	ف	اوپر۔ میں۔ مطابق۔ فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ بمعنی لے جانے والا۔ اُٹھانے والا۔ جیسے Dilber میں۔	اوپر۔ پھل۔ سینہ۔ آغوش۔ بغل۔ جوان عورت کی پستان۔ چوڑائی۔ گود۔ نزدیک۔ مکان۔ کام۔ تمام۔ سب۔ طرف۔ جانب۔ حافظہ۔ فوقیت۔ کلمۂ الصاق بمعنی بدوش۔ لے جانے والا۔
		ہندی	___	انتخاب۔ پسند۔ پتی۔ منگیتر۔ شوہر۔ تمنا۔ مراد۔ دعا۔ آشیرواد۔ برکت۔ کپڑے کی چوڑائی۔ عرض۔
Beraber	برابر	ف	ساتھ۔ ساتھ ساتھ۔ ایک ہی سمت میں یا ایک ہی لیول میں۔ برابر۔ پہلو بہ پہلو۔	مساوی۔ یکساں۔
Beraet	برئت۔ برات	ع	بے گناہی۔ بری ہونا۔ مقدمے سے صاف چھوٹنا۔	رہائی۔ نجات۔ آزادی۔ سبکدوشی۔ بے جرم ہونا۔ بے قصور چھوٹنا
Berakis	برعکس	ف	اُلٹا۔	اُلٹا۔
Berat	برات	ف	پیٹنٹ۔ وارنٹ۔ حکمنامہ جس کے ذریعہ اعزاز دو تحفہ دیا جائے۔	فرمان۔ حکمنامہ۔ حصہ۔ جزا۔ وہ تحریر جس کے ذریعہ تنخواہ ملے۔ شعبان کی چودھویں پندرھویں رات۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق اس رات ہر شخص کی عمر کا حساب اور رزق کی تقسیم ہوتی ہے۔ وہ کاغذ جس کے ذریعہ خزانے سے روپیہ وصول ہو۔
Berayi	برائے	ف	لئے۔ مقصد سے۔ واسطے۔	فارسی حرف ربط۔ واسطے۔ لئے۔ وسیلے سے۔ برکت سے۔ صدقے میں۔
Berbad Berbat	برباد	ف	خراب۔ تباہ شدہ۔ منتشر کیا ہوا۔ گندہ۔ میلا۔ بگڑا ہوا۔	تباہ۔ ویران۔ خراب۔ ضائع۔ تلف

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Berber/ Berberî	بَربَر بَربَری	ع	افریقہ میں علاقہ بربر۔ صحرائے اعظم کا شمالی علاقہ اور اس میں رہنے والے لوگ اور ان کی زبان	شمالی افریقہ میں ایک علاقہ۔ اس میں بسنے والے لوگ اور ان کی زبان۔ اس علاقہ کی بکری
Berceste	برجستہ	ف	پسند۔ منتخب۔ چیدہ۔ تحفہ۔ انتخاب	ٹھیک۔ چست۔ تحفہ
Bereket	برکت	ع	زیادتی۔ فراوانی۔ بڑھوتری۔ رحمت۔ فضل	زیادتی۔ نیک بختی۔ افزائش۔ رحمت۔ کثرت۔ نعمت کی زیادتی۔ خوش قسمتی۔ عروج
Berhudar/ Berhurdar	برخوردار	ف	اپنی محنت کے پھلوں سے کامیاب ہونے والا۔ کامیاب خوشحال	اقبال مند۔ صاحب نصیب۔ زندگی کا پھل کھانے والا۔ خوش۔ پھلا پھولا۔ عام اصطلاح میں بیٹا فرزند
Berî	بَری	ع	آزاد۔ بری الذمہ۔ معاف کیا ہوا۔ بے گناہ ٹھہرایا ہوا۔	آزاد۔ چھوٹا ہوا۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ فارغ۔
Berk	برق	ع	بجلی۔	آسمانی بجلی۔ مصنوعی بجلی۔ تیز۔ چالاک۔
Berk	برگ	ف	پتہ۔ پتی۔ ورق	پتا۔ ورق۔ سامان۔ توشہ۔ پات۔
Berk	برک	ف	————————	ایک قسم کا اونی کپڑا جو اونٹ کے بالوں سے بنایا جاتا ہے۔
Berkarar	برقرار	ف	مضبوط۔ مستقل۔ ثابت قدم۔ ٹکاؤ۔	ٹھہرا ہوا۔ ٹکاؤ۔ قائم۔ بحال۔ مستقل۔ صحیح۔ سالم۔ باقی۔ زندہ۔ موجود۔
Berrak	بَرّاق	ع	صاف۔ چمکدار۔ شفاف	چمک دار۔ چمکیلا۔ جگمگاتا ہوا۔ بجلی کی طرح تیز رفتار۔ ہوشیار۔ مشاق۔ تیز ذہن۔ صاف شفاف۔
Berrî	بَرّی	ع	خاکی۔ زمین سے متعلق۔ زمین	خشکی کا۔ زمین سے متعلق
Berteraf	برطرف	ف	الگ۔ راستہ سے ہٹ کر۔ الگ کرنا۔ علیحدہ	برخلاف۔ موقوف۔ جدا۔ علیحدہ۔
Bervechi	بروجہے	ف	اس طرح	اسی وجہ پر
Gazab/ Gazap/ Gazeb	غضب	ع	غصہ۔قہر۔	غصہ۔قہر۔آفت۔مصیبت۔بے انصافی۔کلمۂ حیرت ومبالغہ۔ بہت۔از حد۔بڑھ چڑھ کر۔اچھا۔عمدہ۔زبردستی۔اندھیرا۔
Gazabnak	غضب ناک	ع	غصہ میں بھرا ہوا۔	غصہ میں بھرا ہوا۔خفا۔
Gazal	غزال	ع	ہرن۔مرگ۔چکارا۔	ہرن کا بچہ۔ہرن۔
Gazanfer	غضنفر	ع	شیر۔بہادر آدمی۔	شیر۔بہادر۔
Gazel	غزل	ع	غزل۔	عورتوں سے باتیں کرنا۔عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔ نظم ایک صنف جس میں عشق ومحبت کا ذکر ہوتا ہے۔غزل۔
	گزیل	ت	پیڑ کے سوکھے گرے ہوئے پتے۔	——
Gazeliyat	غزلیات	ع	غزلیں۔	غزلیں۔
Gazete	گزٹ	اطالوی	اخبار۔	اخبار۔سرکاری اخبار۔وہ اخبار جس میں سرکاری اطلاعات چھپتے ہیں۔
Gâzi	غازی	ع	اسلام کے لیے جنگ کرنے والا۔مسلمان حکمراں یا جنرل کو دیا گیا خطاب۔	کافروں سے لڑنے والا مسلمان۔کافروں کو قتل کرنے والا۔ مسلمان بہادر۔شجاع۔سورما۔فتح مند۔
Gazino	کاسینو	اطالوی	کافی ہاؤس جہاں اخبار وغیرہ رکھے جاتے ہیں۔	بڑا کافی ہاؤس۔عام ناچ گھر۔
Gazub	غضوب	ع	غصہ میں۔	بہت غضب ناک۔بہت خشمگیں۔
Gebe	گب	ت/ہندی	حاملہ۔	حمل۔گربھ۔گابھ۔
Geda	گدا	ف	فقیر۔بھیک مانگنے والا۔	فقیر۔بھیک مانگنے والا۔
Genc/ Gencine	گنج/گنجینہ	ف	خزانہ۔خزانہ کی جگہ۔ٹریزری۔اسٹور۔	خزانہ۔دفینہ۔ذخیرہ۔گودام۔اناج کی منڈی۔ڈھیر۔انبار۔ بازار۔مال گودام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
General	جنرل	فرانسیسی/ انگریزی	فوج میں کرنل کے بعد مارشل تک جانے والا اعلیٰ عہدہ کا افسر۔	جنرل۔سب سے بڑا فوجی افسر۔فوج کا کمانڈر۔
Generator	جنیریٹر	انگریزی	ڈائنما کی مشین۔	جنیریٹر۔
Geometri	جیومیٹری	یونانی	جیومیٹری۔	جیومیٹری۔اقلیدس۔ریکھا گنت۔
Ger	گر/گیر	ف	بنانے والا۔ورکر۔کرنے والا۔	بنانے والا۔کرنے والا۔
		ت	نرغی۔	
Gerçi	گرچہ	ف	حالانکہ۔مان کر۔یہ ٹھیک ہے کہ۔جس قدر ہو۔واقعی۔دراصل۔	حروف شرط۔اگر کا مخفف۔اگرچہ۔
Gerdan	گردن	ف	گردن۔حلق۔گردن کے سامنے کا حصہ۔	گردن۔گلا۔صراحی کا اوپر کا حصہ۔جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔
Gerdun	گردوں	ف	آسمان۔چرخ۔قسمت کا پہیہ۔	آسمان۔چرخ۔رتھ۔گاڑی۔چھکڑا۔گھومنے والا۔چرخی۔
Gerillâ	گوریلا	اسپانوی	بن مانس۔ بڑی طاقت کے خلاف چھوٹے چھوٹے فوجی دستوں کی چھاپہ مار جنگ۔	بن مانس۔گوریلا جنگ۔چھوٹے چھوٹے دستوں کی بڑی طاقت کے خلاف چھاپہ مار جنگ۔
Germ	گرم	ف	گرم۔ٹھنڈے کا الٹا۔	جلتا ہوا۔دہکتا ہوا۔گرم اثر رکھنے والا۔پُرزور۔پراثر۔تند۔تیز۔خفا۔ناراض۔تیز دھار۔جلد۔بہت زیادہ ٹھنڈے کی ضد۔
Germ-ü-serd	گرم و سرد	ف	گرم و ٹھنڈا۔کسی چیز کا خوشگوار و ناخوشگوار پہلو۔	گرم و ٹھنڈا۔برا بھلا۔نیک و بد۔
Germi	گرمی	ف	گرمی۔جوش۔شوق۔	تپش۔حرارت۔موسم گرما۔تپاک۔گرم جوشی۔شوخی۔طراری۔تیزی۔تندی۔آتشک۔غصہ۔خواہش نفسانی۔اندرونی حرارت۔پسینہ۔جوانی۔امنگ۔ولولہ۔جوش۔محبت۔الفت۔
Gevher	گوہر	ف	موتی۔کسی چیز کی روح۔کلام کا جوہر۔ہوشیار۔چالاک۔جواہر۔مزاحیہ کہاوت یا ضرب المثل۔	موتی۔مروارید۔جواہر۔قیمتی پتھر۔مادہ۔اصل۔نسل۔
Gıbta/Gıpta	غبطہ	ع	خواہش۔رشک۔رشک کرنا۔	کسی کی دولت پر اس کے زوال کی خواہش کے بغیر رشک کرنا۔رشک۔برابری کی خواہش۔
Gıda	غذا	ع	کھانا۔کھانے اور پینے کی وہ مقدار جو عام طور سے لی جاتی ہے۔	خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو۔کھانا۔
Gıdaî	غذائی	ع	طاقت بخش۔مقوی۔پشٹ۔	غذا سے منسوب۔کھانے کا عنصر رکھنے والی چیز۔
Gıla	غلا	ع	اونچی قیمت۔	غلّہ اور ہر چیز کا نرخ گراں ہونا۔قحط۔
Gılâf/kılıf	غلاف	ع	غلاف۔ڈھکنے والی چیز۔خول۔	اوپر کا پردہ۔خول۔پوشش۔نیام۔خانہ۔تکیہ وبکس وغیرہ کا اوپری کپڑا۔جزدان۔
Gılıkoz/Glikoz	گلوکوز	یونانی	شکر۔	انگور سے نکلی ہوئی شکر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Gılman	غلماں	ع	جمع Gulâm کی۔لڑکے۔غلام۔جنت کے خوب صورت نوجوان لڑکے۔	جمع غلام کی۔نوعمر لڑکے۔جنگ کے کم سن خادم۔
Glıserın/ Gılıserın	گلیسرین	یونانی	گلیسرین۔	گلیسرین۔ایک بے رنگ میٹھی اور سیال شے جو چکنائی سے تیار ہوتی ہے اور تیل یا دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔
Gılzet	غلظت رغلاظت	ع	گاڑھاپن۔کھردراپن۔بداخلاقی۔	گاڑھاپن۔کثیف ہونا۔گندگی۔
Gına	غنا	ع	دولت۔قناعت۔تونگری۔آسودگی۔کراہیت۔نفرت۔	تونگری۔بے نیازی۔دولت مندی۔
	غناء	ع	ناک سے گنگنانا۔ناک سے گانا۔گنگنانا۔	گانا۔راگ۔نغمہ۔
Gırado	گریڈ	اطالوی	الکوحل کی ڈگری یا گریڈ۔	درجہ۔مرتبہ۔رتبہ۔
Gırafik	گرافک	یونانی	کسی واقع کی پیش قدمی کو دکھانا یا کچھ چیزوں کے درمیان مقابلہ کونقوش کے ذریعہ ظاہر کرنا۔	منقش۔مشرح۔واضح۔
Gıram	گرام	فرانسیسی	کلوگرام کا ہزاروں حصہ۔	کلوگرام کا ہزاروں حصہ۔
Gıramer/ Gramer	گرامر	فرانسیسی ر انگریزی	قواعد۔گرامر۔	زبان کی قواعد۔صرف نحو۔
Gıramofon Gramofon	گراموفون	یونانی	گراموفون۔	گراموفون۔ایک آلہ جسے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے۔
Gıranıt/ Granıt	گرینائٹ	فرانسیسی	مختلف رنگوں میں ہونے والا سخت پتھر۔	سنگلاخ۔سخت پتھر۔
Gırıv	غریو	ف	چیخنا۔چلانا۔رونا۔نالہ وزاری کرنا۔	رونا۔پیٹنا۔آہ وزاری کرنا۔شور۔فریاد۔غوغا۔گرج۔چیخ وپکار۔
Gırıze	غریزہ	ع	جبلی خاصیت۔مزاج۔	اصل۔طبیعت۔سرشت۔
Gırızî	غریزی	ع	فطری۔طبعی۔خلقی۔	اصل۔طبعی۔خلقی۔حقیقی۔
Gışa	غشاء	ع	جھلی۔پردہ۔غلاف۔سرپوش۔	پوشش۔جھلی۔پردہ۔مہین غلاف۔
Gıyab/ Gıyap	غیب	ع	غیر موجودگی۔عدم پیروی۔	غیر موجود۔غائب۔پوشیدہ۔اوجھل۔پست زمین۔شک۔گمان۔
Gıyabı	غیبی	ع	عدالت میں غیر حاضر۔پیروی نہ کرنے والا۔غیر حاضر ہونے والا۔	غائب۔غیر موجود۔عالم غیب سے متعلق۔
Gıybet	غیبت	ع	کسی کی غیر موجودگی میں اس کی برائی کرنا۔عدم موجودگی۔عذر عدم موجودگی یا موقعہ واردات۔	کسی کے پیچھے اُسے بُرا کہنا یا اس کی برائی کرنا۔عدم موجودگی۔غیر حاضری۔
Gıran	گراں	ف	بھاری۔ناپسند۔مہنگا۔	بھاری۔ناگوار۔سخت۔مشکل۔ثقیل۔بیش قیمت۔اس شخص کو بھی کہتے ہیں جس کی موجودگی لوگوں پر دشوار ہو۔زرشت۔کڑوا۔سست۔کاہل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Giranbaha	گراں بہا	ف	قیمتی۔ بیش قیمتی۔	قیمتی۔ بیش قیمتی۔
Giradab/ Girdap	گرداب	ف	بھنور۔ خطرناک جگہ۔	بھنور۔ پانی کا چکر۔ گھمن گھیری۔
Girdibad	گرد باد	ف	بگولا۔	بگولا۔
Giriban	گریباں/گریبان	ف	کالر۔ گریبان۔	پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے۔ کرتا یا قمیض کا چاک۔
Girift	گرفت	ف	ایک دوسرے کو پکڑ کر مل جانا۔ سابق تحریر جو خالی جگہ چھوڑے بنا خوب صورت طریقہ سے لکھی گئی ہو۔ ایک قسم کی چھوٹی بانسری۔ پیچیدہ۔ بھرا ہوا۔ ملا ہوا۔ شامل۔	گرفتن سے ماضی کا صیغہ اور یہ ماضی کا صیغہ اکثر بمعنی مصدر کے آتا ہے۔ پکڑ۔ اعتراض۔ مزاحمت۔ مطالبہ۔ دست۔ قبضہ۔ گرپ۔ طعنہ۔
Giriftar	گرفتار	ف	جو گرفت میں ہو۔ نظر بند۔ پکڑا ہوا۔ خطرہ کے لیے کھلا ہوا۔ ستایا ہوا۔ آزمین۔ تابع۔	پکڑا ہوا۔ قیدی۔ اسیر۔ پھنسا ہوا۔ عاشق۔ فریفتہ۔
Girive	گریوہ	ف	اندھیرا گلیارا۔ چکردار سڑک۔ وہ جگہ جہاں سے نکاسی کو کوئی راستہ نہ ہو۔ مشکل۔ تفریح کا چکر۔	پشتہ۔ بلند زمین۔ ٹیلہ۔
Giryan	گریاں	ف	روتا ہوا۔	روتا ہوا۔ نالاں۔ رونے والا۔
Gol	گول	انگریزی	فٹ بال کا گول۔	ہاکی، پولو، فٹ بال اور بعض دوسرے مغربی کھیلوں میں دونشانوں کے بیچ کی جگہ جس میں گیند ڈالتے ہیں۔ ایک بار کی کھیل میں جیت۔
Gonca/ Konca	غنچہ	ف	کلی۔	کلی۔ شگوفہ۔ گل ناشگفتہ۔
Goril	گوریلا	انگریزی	بن مانس۔	بن مانس۔
Golf	گولف	انگریزی	گولف۔ چھوٹی چھوٹی گیندوں کی ڈنڈوں سے کھدیڑ کر سوراخ میں ڈالنے کا ایک کھیل۔	گولف کا کھیل۔ گولف۔
Golfstrim	گلف اسٹریم	انگریزی	بحراوقیانوس میں بہنے والے پانی کی گرم دھارا۔	گلف اسٹریم۔ پانی کی گرم دھارا جو انگلینڈ کے مشرقی ساحل سے گذرتی ہے۔
Göl	گول	ف	جھیل۔ تالاب۔ پوکھرا۔	داؤ غیر ملفوظ سے چھوٹا تالاب۔
Gönye	گنیا	یونانی	ڈرائنگ کا اوزار اسکوائر۔	مثلث کی شکل کا ایک اوزار جس سے عمارت یا دیوار کی کجی اور سیدھائی دریافت کرتے ہیں۔
Göya/Gūya	گویا	ف	ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ایسا سوچے گا۔ فرض کر کے۔ مانو۔ مان لو کہ۔	مانند۔ مثل۔ ہو بہو۔ تسلیم کیا جانا۔ بولنے والا۔ خوش گفتار۔ حیوان ناطق۔ کلمہ تشبیہ۔
Grup/Gurup	گروپ	فرانسیسی/ انگریزی	مجمع۔ گروہ۔ ٹولی۔ جماعت۔ حلقہ۔ ہر نقطہ نظر سے ایک ہی چیزوں کا مجموعہ۔	گروہ۔ مجمع۔ ٹولی۔ جماعت۔ حلقہ۔ درجہ۔ کئی چیزوں کا مجموعہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Gubar	غُبار	ع	دھول۔ پھولوں کی خاک۔	دھول۔ مٹی ملی ہوئی ہوا۔ گرد۔ رنج وکدورت۔ آزردگی۔ ملال۔ ایک خط کا نام۔
GubarAlûd	غُبار آلود، غُبار آلودہ	ف	دھول سے ڈھکا۔	گرد میں بھرا ہوا۔ مٹی میں اٹا ہوا۔
Gudde	غُدّہ	ع	غدود۔ گانٹھ۔ گلٹی۔	چربی اور گوشت میں گرہ کے مانند سخت اور گول چیز۔ غدود۔
Gufran	غُفران	ع	خدا کی بخشش۔	بخشش۔ گناہ کا معاف کرنا۔ معافی۔
Gul	غُول	ع	دیو۔ جن۔ پریت۔ بھوت۔	دیو۔ بھوت۔ پریت۔ چھلاوہ۔
Gulâm	غُلام	ع	لڑکا۔ نوجوان۔ زرخرید مرد۔	لڑکا۔ زرخرید نوکر۔ بندہ۔ ملازم۔ نیازمند۔ بلدوی۔ انکسار کا کلمہ۔ تاش کا ایک تصویردار پتہ۔ گنجفہ کے بارہ زردپتوں کا نام۔
Gugule	غُلغُلہ	ف	شوروشر۔ غوغا۔ غل غپاڑہ۔ گڑگڑانے کی آواز۔	ہنگامہ۔ شوروغل۔ دھوم۔ شہرت۔
Gûna	گُونہ	ف	قسم۔ طریقہ۔ وضع۔ ڈھب۔	رنگ۔ قسم۔ ڈھنگ۔ طور۔ اسلوب۔
Gûnagûn	گُوناگُوں	ف	مختلف اقسام کے۔	طرح طرح کے۔ رنگ برنگی۔
Gunne	غُنّہ	ع	ناک سے گنگنانے کی آواز۔	ناک میں بولنے کی آواز۔ غنغناہٹ۔
Gûr	گُور	ف	قبر۔	قبر۔ تربت۔ مزار۔
Gurab	غُراب	ع	کوا۔	کوا۔ زاغ۔
Gurbet	غُربت	ع	گھر سے باہر ہونا۔ جلاوطنی۔ غیر ملکی سفر۔	مسافرت۔ بے وطنی۔ مفلسی۔
Gurbetzede	غُربت زدہ	ف	جلاوطن کیا ہوا۔ غیر ملک میں رہنے والا۔	پردیس میں۔ غربت کا مارا۔ مفلس۔ محتاج۔ وطن سے دوری کا ستایا ہوا۔
Gureba	غُربا	ع	جمع Garib کی۔ اپنے ملک سے باہر رہنے والا۔ اجنبی لوگ۔ محتاج۔	غریب کی جمع۔ پردیسی۔ مسافر۔ مفلس۔ نادار۔
Gurre	غُرّہ، غُرّا	ع	چاند کے مہینے کی پہلی رات۔ چمک۔ سحر کی پہلی روشنی۔ گھوڑے کے ماتھے پر ستارے کا نشان۔	چاندنی رات۔ پہلی کا چاند۔ مہینے کی پہلی تاریخ۔ ناغہ۔ تعطیل۔
Gurub/ Gurup	غُروب	ع	سورج کا ڈوبنا۔ ستارہ کا ڈوبنا۔	سورج یا چاند کا ڈوبنا۔ زوال۔ خاتمہ۔
Gurur	غُرور	ع	گھمنڈ۔ تکبر۔ جھوٹی شان۔ خودبینی۔	گھمنڈ۔ ناز۔ تکبر۔ خودبینی۔ ابھیمان۔
Gussa	غُصّہ	ع	افسوس۔ فکر۔ تردد۔ رنج۔ غم۔	برہمی۔ عتاب۔ خفگی۔ رنجش۔
Gusûl	غُسل	ع	رسمی طور پر یا مذہبی طریقے سے نہانا۔	نہانا۔ جسم کو دھونا۔ اشنان۔
Gusûlhane	غُسل خانہ	ف	رسم کے متعلق نہانے کی جگہ۔ غسل خانہ۔	نہانے کا کمرہ۔ غسل خانہ۔ باتھ روم۔ حمام۔
Gûş	گُوش	ف	کان۔	کان۔ گوش۔ ہر شمسی مہینہ کی چودھویں تاریخ۔
Gübre	گُوبَر	ف	گوبر۔ کھاد۔ فصل کی پیداوار بڑھنے کے لیے ہر قسم کا کیمیاوی یا عضوی (آرگینک) مادہ۔ یا اس مقصد سے تیار کیا گیا انسانوں و جانوروں کا فضلہ۔	گوبر۔ چوپایوں کا فضلہ۔ مینگا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Güfte	گفتہ	ف	گانے کے بول یا الفاظ۔	موسیقی کے اثرات میں کلام کی آخری قسم۔
Güftügû	گفتگو	ف	بات چیت۔ گپ شپ۔	بات چیت۔ بول چال۔ تقریر۔
Gül	گل	ف	گلاب کا پھول۔ قطب نما کا ڈائیل۔	گلاب کا پھول۔ پھول۔ جسم کے داغنے کا نشان۔ چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا۔ سرا۔ جوتے کی ایڑیوں کا چمڑا۔ معشوق۔ داغ۔ دھبہ۔ پھانسی۔ حقے کا جلا ہوا تمباکو۔ سفید دھبہ جو آنکھوں میں پڑ جاتا ہے۔ آگ کے جل جانے کا نشان۔
Gülab	گلاب	ف	گلاب کے پھولوں کی پتیوں کا عرق۔ عرق گلاب۔	گلاب کا پھول۔ گلاب کا پودا۔ گلاب کے پھولوں کا عرق کنایۃً آنسو اور معشوق کے رخسار کا پسینہ۔
Güldan	گلدان	ف	گلدان۔ پھول دان۔	پھول دان۔ پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن۔
Gülgün	گل گوں	ف	گلابی۔ گلابی رنگ کا۔	پھول کی طرح سرخ رنگ کا۔ چالاک عمدہ گھوڑا۔ سرخ رنگ کا۔
Gülhatmi	گل خطمی	ف	گل خطمی۔	گل خطمی۔ نیلے رنگ کا پھول جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
Gülrengi	گل رنگ	ف	گل رنگ۔ گلاب کے پھول کا رنگ۔	گلاب کی طرح سرخ رنگ کا۔ لال۔ ارغوانی۔
Gülistan	گلستان	ف	گلاب کا باغ۔	باغ۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواری۔
Gülzar	گلزار	ف	گلاب کے پھولوں کا باغ۔ پھولوں کا باغ۔	باغ۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواری۔
Güm	گم	ف	وناپی ہوئی چیز۔ تباہ۔ برباد۔ کھوکھلی۔ گرج دار آواز۔	کھویا ہوا۔ ضائع۔ رائیگاں۔ غائب۔ پوشیدہ۔ ناپید۔ مفرور۔ حواس باختہ۔ حیران۔ پریشان۔
Güman	گمان	ف	شک۔ شبہ۔	شک۔ شبہ۔ وہم۔ وسواس۔ خیال۔ اندازہ۔ احتمال۔
Gümrah	گمراہ	ف	راہ بھٹکا ہوا۔ غلط راستہ پر۔ بگڑا ہوا۔ خراب۔	راستہ بھولا ہوا۔ آوارہ۔ بہکاوا۔ بے دین۔
Günah	گناہ	ف	خطا۔ گناہ۔ قصور۔	خطا۔ مذہبی احکام کے خلاف عمل۔ عصیاں۔ جرم۔ قصور۔ پاپ۔
Günahkâr	گناہگار	ف	خطاوار۔ گناہ کرنے والا۔ قصوروار۔ سزاوار۔ طوائف۔	خطاکار۔ جس نے گناہ کیا ہو۔ پاپی۔ بدکار۔ فاسق۔ مجرم۔ عاصی۔
Güruh	گروہ	ف	جماعت۔ گروپ (ہمیشہ حقارت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے)۔	غول۔ ٹولی۔ جماعت۔ جرگہ۔ مجمع۔ نوع۔ قسم۔ درجہ۔ ذات۔ پرندوں کی جماعت۔
Gürz	گرز	ف	پرانے زمانے میں اسلاح کے طور پر استعمال کیا جانے والا بھاری لٹھ۔ لوہے کا لٹھ۔	گرز۔ ایک ہتھیار جو اوپر سے موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔
Güzaf	گزاف	ف	بیہودہ گفتگو۔ بکواس۔ لفاظی۔	بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔
Güzar	گزار	ف	ادا کرنے والا۔ انجام دینے والا۔ گذرنے والا۔	مصدر سے حاصل مصدر (مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ادا کرنے والا جیسے خدمت گذار۔ فصد کھولنے کا نشتر۔ تصویر بنانے کا خاکہ۔ گزارنا سے فعل امر۔ ادا کر۔ چھوڑ دے۔
Güzeran	گذراں	ف	گذر جانے والا۔ راستہ۔ گذرتا ہوا۔	گذر جانے والا۔ ناپائیدار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Güzergâh	گذرگاہ	ف	راستے کی جگہ۔ بس کا راستہ۔ کشتی۔ گھاٹ۔ راہ گذر۔	راستہ۔ شارع عام۔ سڑک۔ گھاٹی۔
Güzeşte	گذشتہ	ف	گذرا ہوا۔ باقی۔ بقایہ۔	گذرا ہوا۔ سابقہ۔ بیتا ہوا۔
Güzide	گزیدہ	ف	پسند۔ پسندیدہ۔ منتخب۔	پسندیدہ۔ اختیار کیا ہوا۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ۔ اچھا۔
Güzin	گزیں	ف	پسند۔ پسند کیا ہوا۔ منتخب کیا ہوا۔	پسندیدہ۔ دلچسپ۔ پسند کرنے والا (اردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔)

■❖■

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی

H/(h)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ha	ہا		(نامعلوم) حرف ندا جو توجہ موکوز کرنے، تعجب کا اظہار کرنے کوئی فصیح سوال دریافت کرنے، یاد دہانی کرانے، پسندیدگی کا اظہار کرنے اور کچھ علاقوں میں "ہاں" کے معنوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔	(کلمہ تاسف) افسوس۔ حیف۔ دریغ۔ کسی امر کے روکنے یا منع کرنے کے لیے بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ فارسی اسموں میں علامت جمع جیسے درخت ہا یا افسانہ ہا۔
Hâb	خواب	ف	نیند۔	وہ بات جو انسان نیند میں دیکھے۔ رؤیا۔ سپنا۔ نیند۔ خیال۔ وہم۔
Hâb-ı-gaflet	خواب غفلت	ف	جو کسی یاد دیکھ بھال میں کمی۔	غفلت کی نیند۔ گہری نیند۔
Habaset	خباثت	ع	عیاری۔ برائی۔ بدمعاشی۔ خبیث ہونے کی حالت یا خبیث کام۔	پلیدگی۔ برائی۔ بدباطنی۔ شرارت۔
Habbe	حبّہ	ع	دانہ۔ بیج۔	گولی۔ دانہ۔ تخم۔ بیج۔
Haber	خبر	ع	علم۔ اطلاع۔ خبر۔ آگاہی۔ قصہ۔ داستان۔ روایت۔	اطلاع۔ آگاہی۔ واقفیت۔ پیغام۔ سندیسہ۔ افواہ۔ حدیث نبوی۔ پتہ۔ سراغ۔ ہوش۔ سدھ بدھ۔ حال۔ موت کی اطلاع۔
Haberdar	خبردار	ع	واقف۔ جاننے والا۔	جاننے والا۔ واقف۔ آگاہ۔ چوکس۔ ہوشیار۔ چوکنا۔ ہرگز۔ مخبر۔ جاسوس۔
Habeş	حبش	ع	گہرے کالے رنگ والا۔ حبشیوں کی مانند ابی سینیا کا باشندہ۔	افریقہ کا ایک ملک۔ ایتھوپیا۔ ابی سینیا کا رہنے والا۔ سیاہ رنگ۔
Habeşî	حبشی	ع	گہرے کالے رنگ والا۔ حبشیوں کی مانند ابی سینیا کا باشندہ۔	حبش کا آدمی۔ حبش کی چیز۔ کالی چیز۔
Habib	حبیب	ع	عاشق۔ معشوق۔ دوست۔	دوست۔ پیارا۔ معشوق۔
Hâbide	خوابیدہ	ع	سویا ہوا۔	سویا ہوا۔
Habil	ہابیل	ع	ہابیل۔ حضرت آدم کے بیٹے کا نام۔	حضرت آدم کے بیٹے کا نام ہے جسے اس کے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا۔
Habir	خبیر	ع	واقف۔ آگاہ۔ جاننے والا۔ عالم۔ فاضل۔	واقف۔ جاننے والا۔ دانا۔ ماہر۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
Habis	خبیث	ع	عیار۔ بدکار۔ مردود۔ شہدا۔ بدمعاش۔ لچا۔ کمین۔	بدباطن۔ بُرا۔ شریر۔ گندا۔ ناپاک۔ پلید۔
Hac	حج	ع	مکہ کی زیارت۔	وقت مقررہ پر مکہ معظمہ میں بیت اللہ کی زیارت کرنا اور خاص شرائط عبادت بجالانا۔ ارادہ کرنا۔ کسی چیز کا حجت میں غالب کرنا۔ موسم مقررہ پر کسی کے پاس بہت آمد و رفت کرنا۔
Hacalet	خجالت	ع	شرمندگی ندامت۔ کلفت۔	شرمندگی۔ ندامت۔ شرم۔ حیا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hacamat	حجامت	ع	خون کا بہنا۔ سینگی لگا کر خون کھینچنا۔	سر مونڈنے کا عمل۔ بال کاٹنے کا عمل۔ نائی کا پیشہ۔ صفائی۔ درستی۔ پچھنے لگوا کر سینگی سے خون کھنچوانا۔
Hâcegân	خواجگان	ع	جمع Hoca۔ معلمان۔ مولوی لوگ۔ اسکول ماسٹر۔	جمع خواجہ۔ مالک۔ آقا۔ سردار لوگ۔ پیر۔ صاحب خانہ۔ صاحب جمیت۔
Hacer	حجر	ع	پتھر۔	پتھر۔ سنگ۔
Haceri-esved	حجرالاسود	ع	خانہ کعبہ (مکہ) میں کالا پتھر۔	خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب سیاہ پتھر جس کو حاجی بوسہ دیتے ہیں۔
Hacet	حاجت	ع	ضرورت۔ احتیاج۔ طلب۔ مانگ۔ خواہش۔ خدا یا کسی اعجازی طاقت سے دعا مانگنا۔	خواہش۔ ضرورت۔ مطلب۔ امید۔ آرزو۔ التجا۔ ضرورت کی چیز۔ پاخانہ۔
Hacı	حاجی/حاج	ع	حج کرنے والا۔ زائر۔ جس نے مکہ کی زیارت کی ہو۔	حاجی۔ جس نے حج کیا ہو۔
Hacım/ Hacim	حجم	ع	جسامت۔ مقدار۔ بڑا حصہ یا تعداد۔	جسامت۔ ضخامت۔ جثہ۔ موٹائی۔ دَل۔ پستان کا اُبھرنا۔ ہر چیز کی اٹھان۔
Hacil	خجل	ع	شرمندہ۔ زیر کیا ہوا۔ مردہ یا بے جان کیا ہوا۔	شرمندہ۔ نادم۔ شرمسار۔
Hacir	حجر	ع	ممانعت۔ روک۔ خاص طور سے کسی شخص کو جائداد پر کنٹرول رکھنے سے قانونی طور سے باز رکھنا۔	کسی شخص کو اس کے تصرف سے باز رکھنا۔ حرام۔
		ع		کنار۔ بغل۔ گود۔
Haciz	حاجز	ع	ضبطی۔ گوشہ نشینی۔ علاحدگی۔ عزلت۔ قرض کی ادائگی کے لیے قرض دار کے روپے، جائداد و تنخواہ کی ضبطی۔	روکنے والا۔ حائل۔ مانع۔ پردہ۔ روک۔ آڑ
Hacle	حجلہ	ع	دلہن کا کمرہ۔	وہ کمرہ جو دلہن کے لیے آراستہ کیا گیا ہو۔
Hacmen	حجماً	ع	حجم میں۔ سائز میں۔	حجم کے اعتبار سے۔
Had	حد	ع	باونڈری۔ سیما۔ درجہ۔ ڈگری۔ رتبہ۔ میتھمیٹکس کی ایکویشن (تقسیم مساوی) یا شکل منطق کے لیے استعمال کیا جانے والا لفظ۔	کنارہ۔ احاطہ۔ انتہا۔ افق۔ سرحد۔ اقلیدس کے مقررہ اصول۔ باڑہ۔ وارد ہونے کی جگہ۔ سزا جو شریعت اسلامیہ کے مطابق دی جائے۔ بہت۔ زیادہ۔ لطف۔
Hâd	حاد	ع	تیز۔ ترش۔ تند۔ شدید بیماری۔ بحران۔	تیز۔ تند۔ نوکیلا۔ جوشیلا۔ تند مزاج۔ کھٹا۔
Hâdde	حادّہ	ع	تار کھینچنے والے کی پلیٹ۔ رولنگ مل۔ زاویہ قائمہ سے چھوٹا زاویہ۔ کارخانہ جہاں دھات کو رول کرکے چادریں، سریے وریلیں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔	سکڑا ہوا۔ اقلیدس میں وہ زاویہ جو ۹۰ سے ڈگری یا زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hadebe	حَدَبہ	ع	کُب۔ رکُشی۔ اُبھار۔ سوجن۔ سورج کا اُبھار۔	پیٹھ کا کوبڑ۔
Hadeka	حدقہ	ع	آنکھ کی پتلی۔	آنکھ کا حلقہ۔ آنکھ کی سیاہی۔
Hademe	خادِمان	ع	جمع کا صیغہ مگر واحد کے صیغہ کے طور پہ استعمال ہوتا ہے۔ دفتر یا اسکول وغیرہ کا ملازم۔ خادمہ یا مرد ملازم۔	
	خادِمہ	ع	ـــــــــــــــ	نوکرانی۔ ملازمہ۔
Hadid	حدید	ع	تنگ مزاج۔ جسے جلدی غصہ آئے۔ تند۔ جو جلدی اشتعال میں آئے۔ لوہا۔	تیز کی ہوئی چیز۔ لوہا۔
Hadika	حدیقہ	ع	باغ۔ تفریح کی جگہ۔ تفریح کا میدان۔	چاردیواری والا باغ۔ کھجوروں کا باغ۔
Hadim	خادِم	ع	ملازم۔ نوکر۔ خدمت کرنے والا۔	نوکر۔ ملازم۔
Hâdim	ہادِم	ع	برباد کرنے والا۔	ڈھانے والا۔ عمارت کا ڈھانے والا۔ اجاڑنے والا۔ منہدم کرنے والا۔
Hadis	حدیث	ع	حضرت محمد صاحب کی مذہبی روایات۔	بات۔ نئی چیز۔ بیان۔ ذکر۔ قصہ۔ کہانی۔ تاریخ۔ حدیث۔ اصطلاح شرع میں حضرت محمد صاحب کے قول اور فعل کی خبر۔ ارشاد رسول اللہ۔
Hâdis	حادث	ع	نئی۔ جو حال ہی میں نمودار ہوئی ہو۔ جو حال کی واقعہ ہوئی ہو۔	نئی چیز جو پہلے نہ ہوئی ہو۔ قدیم کی ضد۔ فانی۔
Hâdise	حادثہ	ع	واقعہ۔ اتفاق۔ حادثہ۔ ناگہانی۔ واردات۔ ناگہانی آفت۔	واقعہ۔ واردات۔ صدمہ۔ سانحہ۔ نئی بات۔
Hâdisat	حادثات	ع	جمع Hadise کی۔ واقعات۔ اتفاقات۔ ناگہانی آفات۔ وارداتیں۔ حادثے۔	جمع حادثہ کی۔ واقعات۔ ناگہانی آفات۔ اتفاقات۔ وارداتیں۔
Hads	حدس	ع	الہام۔ ذکاوت۔ باطنی دانش۔	دانائی۔ دریافت کرنا۔ فراست۔
Hadsî	حدسی	ع	الہامی۔ جو دل سے بلا دلیل و بغیر تصدیق کے معلوم ہو جائے۔	قابل احساس۔ غیر معمولی۔ حیرت انگیز۔ منتشی۔
Haf	ہاف	انگریزی	ہاف بیک۔ فٹ بال کے کھیل میں آگے کے (فارورڈ) کھلاڑیوں کے ٹھیک پیچھے کی پوزیشن۔	فٹ بال کے کھیل میں فارورڈ کھلاڑیوں کے ٹھیک پیچھے کی پوزیشن۔ آدھا۔ نصف۔
Hafakan	خفقان	ع	ہڑبڑاہٹ۔ برافروختگی۔ بہت زیادہ محنت یا بیماری کے سبب دل کا بے قاعدہ کام کرنا اور حرکت تیز ہونا۔	ایک مرض کا نام جس میں دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے۔ جنون۔ سودا۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ مالیخولیا۔
Hafaya	خفیات	ع	جمع Hafi کی۔ راز۔ بھید۔ پوشیدگیاں۔	راز۔ پوشیدگیاں۔ خفی کی جمع۔
Hafiz	حافظ	ع	قرآن کو ازبر کرنے والا۔ دیکھ بھال کرنے والا۔	جس نے قرآن کو حفظ کرلیا ہو۔ پاسبان۔ نگہبان۔ حفاظت کرنے والا۔ (کنایۃً) نابینا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hâfıza	حافظہ	ع	یادداشت۔	قوت یادداشت۔ یا۔ وہ عورت جس نے قرآن کو حفظ کرلیا ہو۔
Hafi	خفی	ع	پوشیدہ۔ راز۔	پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ مخفی۔ باریک۔ مہین۔
Hafid/Hafit	حافد	ع	پوتا۔ لڑکے کا لڑکا۔	یار۔ دوست۔ مددگار۔ پوتا۔ نواسہ۔ داماد۔ سالا۔ خسر۔ خدمتگار۔ سسرال والا۔
Hafif	خفیف	ع	ہلکا۔ سبک مزاج۔ آسان۔	سبک۔ ہلکا۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ ذلیل۔ رسوا۔ کم۔ تھوڑا۔ شرمندہ۔ نادم۔ عروض میں ایک بحر۔ زمین کا کھودنا۔
Hafir	حفر	ع	کھدائی۔	زمین کا کھودنا۔ زمین کی کھدائی۔
Hafiye	خفیہ	ع	جاسوس۔ اہلکار خفیہ پولیس۔ راز فراہم کرنے والا۔ خفیہ ایجنٹ۔	پوشیدہ۔ در پردہ۔ چھپا ہوا۔ پوشیدگی۔
Hafta	ہفتہ	ف	ہفتہ۔ ایک کے پیچھے ایک آنے والے سات دن کا دور یا مدّت۔	سات دن کی مدت۔ سات دن۔ سنیچر۔ شنبہ۔ ساتواں دن۔ وہ شخص جو بہت راہ چلنے سے تھک گیا ہو۔
Haftaym	ہاف ٹائم	انگریزی	فٹ بال کے کھیل میں پینتالیس منٹ کا وقفہ۔	فٹ بال کے کھیل میں ہاف ٹائم۔ کھیل یا سنیما کے درمیان کا وقفہ جب کھیل بند ہو جاتا ہے۔
Hah	ہا	نامعلوم	کسی چیز کو شے چاہنے پر اس کے ہونے یا انتظار کی جانے والی بات کے ہونے پر خوشی و منظوری کے احساس کو بتانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمہ تاسف۔ افسوس۔ حیف۔ دریغ۔ کسی امر کے رد کرنے اور منع کرنے کے لیے بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔
Hahiş	خواہش	ف	آرزو۔ تمنا۔	آرزو۔ تمنا۔ ارمان۔ رغبت۔ شوق۔ مطلب۔ مدعا۔ مرضی۔ مراد۔
Hahnahah	خواہ مخواہ/خواہ نخواہ	ف	چاروناچار۔ مرضی سے یا بلا مرضی۔	خواہ مخواہ۔ یونہی۔ بے سبب۔ ناچار۔ زبردستی۔
Haib	خائب	ع	ناامید۔ مایوس۔	ناامید۔ محروم۔ بدنصیب۔ نادار۔ غریب۔ گناہگار۔
Haif	خائف	ع	ڈرپوک۔ بزدل۔	ڈرپوک۔ ڈرنے والا۔ بزدل۔ خوف کھانے والا۔
Hail	حائل	ع	روکاوٹ۔ دو چیزوں کے درمیان میں آنے والا۔ آڑ۔ بانٹنے والا۔	باز رکھنے والا۔ دو چیزوں کے درمیان مانع ہونے والا۔ بیچ میں آنے والا۔ آڑ۔ پردہ۔ روک۔
	ہائل	ع	دہشت ناک۔ ہولناک۔ خوفناک۔ سخت۔ شدید۔	ہولناک۔ جس سے ڈر لگے۔
Hain	خائن	ع	امانت میں خیانت کرنے والا۔ کسی کو نقصان پہنچا کر یا اذیت دے کر خوش ہونے والا۔ دغاباز۔ شرارتی۔ ناشکرا۔ کپٹی۔ غدار۔	امانت میں خیانت کرنے والا۔ بدنیت۔
Hâk	خاک	ف	زمین۔ مٹی۔	مٹی۔ دھول۔ زمین۔ دھرتی۔ راکھ۔ کچھ نہیں۔ ذرا۔ کیونکر۔ خمیر۔ سرشت۔ کس طرح۔
Hak	حک	ع	کندہ کرنا۔ مٹانا۔ قلم کاری کرنا۔	مٹانا۔ کھرچنا۔ چھیلنا۔ دور کرنا۔ رگڑ۔ خراش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hak	حق	ع	سچائی۔ درست۔ انصاف۔ واجب۔ تنظیم۔ تعلق۔ رشتہ۔ صحیح۔ ٹھیک۔ سچ۔ مناسب۔ راست۔	سچ۔ لائق۔ واجب۔ درست۔ بجا۔ ٹھیک۔ قائم۔ فرض۔ ذمہ داری۔ جائز۔ انصاف۔ صلہ۔ مزدوری۔ انعام۔ عدل۔ اصلیت واقف۔ منصب۔ اختیار۔ ملکیت۔ خدا کا نام۔ ثابت۔ قائم۔
Hakan	خاقان	ت	سلطان۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔ ترک شہنشاہوں کو دیا گیا لقب۔ مشرق کا فرمانروا۔	سلطان۔ بڑا بادشاہ۔ چین کا ترکستان کے بادشاہوں کا لقب۔
Hakanî	خاقانی	ت	شاہی۔ شہنشاہی۔	شاہی۔
Hakaret	حقارت	ع	توہین۔ تحقیر۔ اہانت۔	خواری۔ ذلت۔ اہانت۔ سبکی۔ بے عزتی۔ نفرت۔ خفت۔
Hakaretamiz	حقارت آمیز	ت	ہتک آمیز	ہتک آمیز۔
Hakayak	حقائق	ع	جمع Hakikat کی۔ سچائیاں۔	سچائیاں۔ اصلیتیں۔ اصل حالات۔ حقیقتیں۔ سچی باتیں۔ اصل کیفیت۔ جمع حقیقت کی۔
Hakem	حَکَم	ع	ثالث۔ ریفری۔ امپائر۔	ثالث۔ پنچ۔ فیصلہ کرنے والا۔ منصف۔
Hakğu	حق گو	ف	راست باز۔ راست گو۔ سچا۔	سچ کہنے والا۔
Hakī	خاکی	ف	زمین کا رنگ۔ خاکی۔	زمین کے رنگ کا۔ خاکی۔ جس زمین میں سینچائی نہ ہوتی ہو۔
Hakikat	حقیقت	ع	سچائی۔ اصلیت۔ صدق دلی۔ اصلیت میں۔ واقعی۔ اصل میں۔ سچ مچ۔	سچائی۔ سچ۔ اصلیت۔ ماہیت۔ اصل۔ جڑ۔ بنیاد۔ حالت۔ کیفیت۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ مجاز کی حقیقت۔
Hakitaten	حقیقتاً	ع	سچ میں۔ اصل میں۔ واقعی۔	واقعی۔ فی الحقیقت۔
Hakperest	حق پرست	ت	سچائی کو پوجنے والا۔ سچا۔	خدا کا پجاری۔ سچا۔
Hakikî	حقیقی	ع/ف	سچا۔ اصلی۔ صدق دل۔ خالص۔ صاف باطن۔	اصلی۔ جو بناوٹی نہ ہو۔ بلا آمیزش۔ صاف۔ کھرا۔ سگا۔
Hākim	حاکم	ع	حکومت کرنے والا۔ حکمراں۔ جج۔ گورنر۔ جس کا اثر ہو۔	سردار۔ ناظم۔ فرماں روا۔ بادشاہ۔ آقا۔ مالک۔ زمین دار۔ حکم کرنے والا۔
Hâkim-i-mutlak	حاکمِ مُطلق	ف	مطلق حاکم۔	مطلق حاکم۔
Hākimane	حاکمانہ	ع	شاہی۔ جو حاکم کے شایانِ شان ہو۔	حاکم کی طرح۔ اختیارات سے۔
Hākimiyet	حاکمیت	ع	فرمانروائی۔ بادشاہت۔ فوقیت۔ راج۔	حکومت۔ سرداری۔ حکمرانی۔ قانونی اختیارات۔ قوت یا طاقت۔ حاکم کا کام یا عہدہ۔
Hakîm	حکیم	ع	بہت عقلمند یا عالم۔ فلسفی۔ فلاسفر۔ مدبر۔ عاقل۔ لیکن اگر یہی لفظ Hekim لکھا جائے تو اس کے معنی حکیم یا ڈاکٹر کے ہیں۔	دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ فلسفی۔ طبیب۔ وید۔
Hakîmane	حکیمانہ	ع	عقلمندانہ یا فلسفیانہ ڈھنگ سے۔ فلسفیانہ۔ دانا۔ ہوشیار۔	حکیم کے لائق۔ حکیم کی مانند۔
Hakîr	حقیر	ع	قابل نفرت۔ جو کسی کام کا نہ ہو۔ جس کی کوئی اہمیت نہ ہو۔ خاکسار۔	چھوٹا۔ ادنیٰ۔ ذلیل و خوار۔ اوچھا۔ بے قدر۔ خفیف۔ سُبک۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hakkâk	حکاک	ع	نقاش۔ نقش کرنے والا۔	حرف کھودنے والا۔ نگینہ ساز۔ موتی میں چھید کرنے والا۔
Hak-al-insaf	حق انصاف	ع	ایمان داری سے اور انصافاً۔	ایمان داری سے اور انصافاً۔
Hakkaniyet	حقانیت	ع	انصاف۔ حق۔ رسائی۔ راستی۔	خدا کی طرف منسوب ہونا۔ راستی۔ سچائی۔ صداقت۔
Hakkı-telif	حق تالیف	ع	کاپی رائٹ۔	کتاب لکھنے کا معاوضہ۔ رقم جس کے بدلے مصنف کسی کو کتاب چھاپنے کا حق دے۔
Hakperest	حق پرست	ف	سچ اور انصاف کو پسند کرنے والا۔ سچ اور انصاف کا دلدادہ۔	حق کی بات کرنے والا۔ سچا آدمی۔
Hak-şinas	حق شناس	ع	سچ کو جاننے و پہچاننے والا۔ راست باز۔	حق کو پہچاننے والا۔ خداشناس۔ قدر دان۔ جوہر شناس۔
Haktaalâ	حق تعالیٰ	ع	خدائے بزرگ و برتر۔	خدائے بزرگ و برتر۔
Hal	حال	ع	حالت۔ محل۔ وضعیت۔ کیفیت۔ قوت۔ کوالٹی۔ خصوصیت۔ وجد۔ نہایت خوشی کی حالت۔ پریشانی۔ موجودہ زمانہ۔ زمانہ حال کا فعل۔	موجودہ زمانہ۔ حالت۔ کیفیت۔ حیثیت۔ طور طریق۔ اسلوب۔ وجد۔ بے خودی۔ ذکر۔ بیان۔ طاقت۔ اس وقت۔ فی الحال۔ مجذوب ہونے کی کیفیت۔
Hal-i-hazır	حال حاضر	ف	موجودہ زمانہ۔ زمانہ حال کا فعل۔ جوں کا توں۔	زمانہ حال۔ موجودہ زمانہ۔
Hal	حل	ع	کسی مسئلہ یا سوال کی توضیح یا عقدہ کشائی۔ گانٹھ وغیرہ کا کھولنا۔ تحلیل ہونا۔	حساب کے سوال کا حل۔ عقدہ کشائی۔ مشکل کام کو آسان کرنا۔ سلجھاؤ۔ کھولنا۔ تحلیل ہونا۔ کھلنا۔ گھلنا۔ ملنا۔ گرہ کھولنا۔ واجب ہونا۔ عورت کا عدت سے باہر ہونا۔
Hâl	خال	ع	مسّہ۔ تل۔	تل۔ مسّہ۔ وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے۔ دورنگا کبوتر۔ سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا کبوتر۔ کاجل جو نظر بد سے بچانے کے لیے بچوں کے چہروں پر لگاتے ہیں۔ ماموں۔ خالو۔
Hala	خالہ	ع	باپ کی بہن۔ پھوپھی۔	ماں کی بہن۔ موسی۔
Halâ	خلا	ع	خالی جگہ۔ خلا۔ پاخانہ۔ حجرہ۔	خالی جگہ۔ زمین سے اوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا۔ خلوت۔ پاخانہ۔
Hâlâ	حالا	ف	موجودہ وقت میں۔ اب۔ ابھی۔ اب تک۔ ابھی تک۔ اگرچہ۔	ابھی۔ اسی وقت۔ مال گذاری کی قسط۔
Halâs	خلاص	ع	نجات۔ حفاظت۔ رہائی۔ چھٹکارا۔	چھٹکارا۔ رہائی۔ خلاصی۔ نجات۔
Halât	حالات	ع	جمع Halet کی۔ حالات۔ شرائط۔ کیفیتیں۔	جمع حال کی۔ حالات۔ کیفیتیں۔ واردا تیں جو انسان پر گذریں۔
Halâvet/ Helâvet	حلاوت	ع	مٹھاس۔ موافقت۔ خوش آئندگی۔	شیرینی۔ مٹھاس۔ لذت۔ ذائقہ۔ مزہ۔ راحت۔ آرام۔ پکے پھل کی مٹھاس۔
Halazade	خالہ زادے	ف	پھوپھی کا لڑکا یا لڑکی۔	خالہ کا لڑکا یا لڑکی۔
Hale	ہالہ	ع	چاند کے چاروں طرف کا گھیرا۔	دائرہ۔ کنڈل۔ چاند کا کنڈل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Halecan	خلجان	ع	دھردھراہٹ۔ دل کی دھڑکن کی تیزی۔ بے قراری۔ افروختگی۔ فکر۔ تردد۔ گھبراہٹ۔	تردد۔ فکر۔ اندیشہ۔ چبھن۔ خلش۔
Halef	خلف	ع	وارث۔ بدل۔ نسل۔ اولاد۔ قائم مقام۔	جانشین۔ پیچھے آنے والا۔ وارث۔ سعادت مند بیٹا۔
Halel	خلل	ع	کمی۔ نقص۔ ضرر۔ تعصب۔ نقصان۔	رخنہ۔ فتور۔ خرابی۔ بگاڑ۔ نقصان۔ سوراخ۔ دراز۔
Halet	حالت	ع	کیفیت۔ صورت۔ حالت۔	حال۔ حالت۔ گت۔ کیفیت۔
Halet-i-nezi	حالت نزع	ع	جان نکلنے کا عالم۔	مرتے دم کی حالت۔ جان کنی کا عالم۔
Hali/Hâli	خالی	ع	خالی۔ جس کے اندر کچھ نہ ہو۔ جس پر قبضہ نہ ہو۔	جس میں کچھ بھرا نہ ہو۔ جس کے اندر کچھ نہ ہو۔ کھوکھلا۔ بیکار۔ اکیلا۔ تنہا۔ بے روزگار۔ غیر مقبوضہ۔ غیر آباد۔ بے مشغلہ۔ غیر موثر۔ بے اثر۔ بے مزا۔
Halib	حالب	ع	پیشاب کی نلی۔	ران کی ایک رگ۔ دودھ دوہنے والا۔
Halic	خلیج	ع	خلیج۔ نہر۔ آبنائے۔ استنبول میں واقع خلیج جو گولڈن ہارن کے نام سے مشہور ہے۔	پانی کا وہ حصہ جو تین طرف سے خشکی سے گھرا ہوا اور ایک طرف سمندر سے ملا ہو۔
Halife	خلیفہ	ع	خلیفہ۔ پیغمبر اسلام کا قائم مقام۔ نبی کا جانشین۔	حضرت محمد صاحب کا قائم مقام۔ بعد میں آنے والا۔ پیا کا جانشین۔ نائب۔ ماتحت۔ نائی۔ درزی۔ باورچی۔ استاد کا بیٹا۔
Halik	خالق	ع	پیدا کرنے والا۔	پیدا کرنے والا۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
Halil	خلیل	ع	قریبی دوست۔ مونس۔	سچا دوست۔ یار صادق۔ حضرت ابراہیم کا لقب۔
Halîm	حلیم	ع	سلیم الطبع۔ شریف۔ نیک۔ متحمل۔	بردبار۔ متحمل مزاج۔ نرم۔ ملائم۔ کھچڑا۔
Halis	خالص	ع	خالص۔ بغیر ملاوٹ کا۔ اصلی۔	اصل۔ کھرا۔ بغیر ملاوٹ کا۔ نرل۔
Halita	خلطہ	ع	ملا جلا مادہ۔ آمیزش۔ ملونی۔ ملاوٹی۔ دھات۔	آمیزش۔ ملاوٹ۔
Halk	خلق	ع	عوام۔ بھیڑ۔ عام آدمی۔	خلقت۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ آفرینش۔
Halka	حلقہ	ع	دائرہ۔ گھیرا۔ جوبن کا ٹکڑا۔	گھیرا۔ احاطہ۔ مجلس۔ جماعت۔ علاقہ۔ ہر گول چیز۔ لوہے، لکڑی وغیرہ کا گول ڈنڈا۔ نگینہ۔ کنڈی کا گھر۔ علاقہ۔ ضلع۔
Halkârî	گل کاری	ع	سونے کے تاروں سے کڑھا ہوا چغہ یا جامہ۔	نقاشی۔ بیل بوٹے کا کام۔
Hallak	خلاق	ع	پیدا کرنے والا۔	بہت پیدا کرنے والا۔ مبالغہ کا صیغہ۔ خدا کا صفاتی نام۔
Halûk	خلیق	غ	اچھے اخلاق والا۔ اچھے چال چلن کا۔ باسلیقہ۔	صاحب خلق۔ مروت والا۔
Halvet	خلوت۔ خلوت	ع	تنہائی۔ تنہا جگہ۔ ریٹائرمنٹ۔ پرائیویٹ کمرہ۔ مذہبی رسومات کے ادا کرنے کا کمرہ۔ حمام میں پرائیویٹ کمرہ۔ مذہبی مشقیں کرنے کا حجرہ۔ کٹی۔	خالی جگہ۔ سونے کا کمرہ۔ خواب گاہ۔ جہاں کوئی دوسرا نہ ہو۔ تنہائی۔ تنہائی اور خالی ہونا۔ گوشہ نشینی۔ علاحدگی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Halvetgüzin / Halvetnişin	خلوت گزیں / خلوت نشین	ع ر ف	تارک الدنیا۔ بان پرست۔ تنہائی میں بیٹھنے والا۔	تنہائی پسند۔ تنہائی میں بیٹھنے والا۔
Ham	خام	ع	کچا۔ جو پکا نہ ہو۔ ناتجربہ کار۔ بے کار۔ بغیر ٹریننگ کے۔ بودا۔ نامکمل۔ ناقص۔ مبتدی۔ نوآموز۔	کچا۔ ناپختہ۔ سبز۔ ہرا۔ ادھ کچرا۔ کمزور۔ ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ اناڑی۔ فضول۔ بیہودہ۔ بند۔ خالص۔
Hamail	حمائل	ع	پٹی یا فیتہ جو کندھے پر ہتھیار وغیرہ لٹکانے کے لیے کام میں لایا جاتا ہے۔ اس طرح گلے میں ڈالنے والا تعویذ۔	گلے میں ڈالنے کی چیز۔ تلوار کا پرتلا۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں لٹکا سکیں۔ ایک زیور۔
Hamakat	حماقت	ع	بیوقوفی۔ احمقانہ غلطی۔	بے وقوفی۔ بے عقلی۔ نادانی۔ احمق پن۔
Hamal	حمال	ع	قلی۔ مال لے جانے والا۔ مال ڈھونے والا۔	مال بوجھ اٹھانے والا مزدور قلی۔ پلّے دار۔ مزدور۔
Hamam	حمام	ع	غسل خانہ خاص طور سے ترکی غسل خانہ۔	نہانے کی جگہ جو گرم ہوتی ہے۔
Hamaset	حماست	ع	دلیری۔ بہادری۔ دلیر ہونا۔ ہیرو ازم۔	دلیری۔ بہادری۔
Hamasî	حماسہ	ع	بہادروں یا بہادری سے متعلق داستان یا رزمیہ نظم۔	رزمیہ نظم۔
Hambelî	حنبلی	ع	اسلام کے اہل سنت چار فرقوں میں سے ایک۔ اس فرقہ کا پیرو۔	امام حنبل کا پیرو۔
Hamd	حمد	ع	خدا کی تعریف اور اس کا شکریہ ادا کرنا۔	تعریف۔ خدا کی تعریف۔
Hamd-ü-sena	حمد و ثنا	ع	خدا کا شکریہ اور تعریف۔	خدا کا شکریہ اور تعریف میں کہنا۔
Hamel	حمل	ع	ایک برج کا نام۔	آسمان کی ایک برج جس کی شکل مینڈھے جیسی ہے۔
Hâmiz	حمض	ع	تیزاب۔ کھٹا۔	تیزاب۔ ایسڈ۔ کھٹا پن۔
Hâmıziyet	حموضت	ع	تیزابیت۔ کھٹا پن۔ ترشی۔	کھٹائی۔ ترشی۔ کڑواہٹ۔
Hami	حامی	ع	حفاظت کرنے والا۔ بچاؤ کرنے والا۔ محافظ۔ مددگار۔ حمایت کرنے والا۔	حمایتی۔ مددگار۔ نگراں۔
Hamî	حامی	ع	حضرت نوح کے بیٹے حام کے نسل سے متعلق یا ان کی زبانیں۔ ایک جسمانی نسلی ولسانی گروپ جو افریقہ کے شمالی حصہ میں پھیلا ہوا ہے۔ کاکیشین نسل کی افریقی شاخ جس میں بربر اور فلاحین وغیرہ شامل ہیں۔	حضرت نوح کے بیٹے حام (جن کی نسل سے حبشی پیدا ہوئے) کی نسل سے متعلق۔
Hamil	حمل	ع	حمل۔ بوجھ۔ پیڑ کی فصل۔ وزن لادنا۔ تہمت۔ الزام۔ گربھ پر ہونے کی حالت۔	بار شکم۔ عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا۔ بوجھ۔ پیٹ۔ گربھ۔ گمان کرنا۔ قیاس کرنا۔
Hâmil	حامل	ع	برداشت کرنے والا۔ لے جانے والا۔ کسی دستاویز کو لے جانے والا۔ سہارا۔	بوجھ اٹھانے والا۔ کسی چیز کو لے جانے والا۔ مزدور۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hâmile	حاملہ	ع	حاملہ عورت۔	وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔
Hamir	خمر	ع	شراب۔	شراب۔
Hâmis	خامس	ع	پانچواں۔	پانچواں حصہ۔ پانچواں۔
Hâmiş	حاشیہ	ع	خط کے حاشیہ کے خالی جگہ میں لکھے گئے جملے۔ تتمۂ خط۔ جو عبارت خط یا نوشتہ میں بعد کو لکھی جائے۔ حاشیہ۔	کنارہ۔ حاشیہ۔
Hamiyet	حمیت	ع	حب الوطنی۔ جوش۔ عوامی کام کرنے کی اسپرٹ۔	غیرت۔ شرم۔ ننگ۔
Hamle	حملہ	ع	حملہ۔ یورش۔ کوشش۔ حملہ کرنا۔ ٹکرانا۔ شطرنج وغیرہ کے کھیل میں باری۔	دھاوا۔ یورش۔ ضرب۔ چوٹ۔ چڑھائی۔ وار۔ ہلہ کرنا۔ دھاوا بولنا۔
Ham-madde	خام مادّہ	ع	وہ کچی چیز یا مال جس سے مصنوعات بنائی جائیں۔	وہ خام چیز جس سے مصنوعات تیار کی جائیں۔
Hamse	خمسہ	ع	پانچ۔ ایسا کام جو پانچ حصوں پر بٹا ہے۔	پانچ چیزیں۔ پانچ سے نسبت رکھنے والا۔ وہ نظم جس میں ہر بند میں پانچ پانچ مصرعے ہوں۔ نظم جس کا ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو۔ پانچ منظوم رسالوں کا مجموعہ جیسے خمسہ نظامی و خسرو وغیرہ۔
Hamsin	خمسین رخمسون	ع	پچاس۔ جاڑوں کے موسم کے آخری پچاس دن۔ مصر میں موسم گرما کی گرم ہوا۔	پچاس۔
Hamul	حمول	ع	صابر۔ لمبی تکلیف اٹھانے والا۔ تحمل کرنے والا۔	بڑا بوجھ اٹھانے والا۔ صابر۔ متحمل۔
Hamur	خمیر	ع	خمیر۔ ست۔ فطرت۔ سرشت۔ کاغذ کی کوالٹی۔ خمیر کی طرح کوئی چیز۔ آدھی پکی روٹی۔	خمیر۔ گندھے ہوئے آٹے کو کچھ عرصہ تک گرمی میں رکھ کر یا کسی ترش چیز سے پھلا لینا۔ سرشت۔ فطرت۔ مزاج۔ طبیعت۔
Hamuş	خموش رخاموش	ف	چپ۔ خاموش۔ معدوم۔ بجھا ہوا۔ ساکت۔	چپ۔ چپکا۔ دم بستہ۔ بجھا ہوا۔ مردہ۔
Hamuşi	خموشی	ف	سکوت۔ چپی۔ سکون۔ نیستی۔ فنا۔ معدومی۔	سکوت۔ چپ۔ سکون۔ سناٹا۔
Han	خان	ت	حکمراں۔ قدیم ترکوں میں شہزادہ وغیرہ کو دیا گیا لقب۔ شہزادوں وغیرہ کو دیا گیا شرقی لقب۔ عثمانی ترکوں کے بادشاہوں کے نام کے آخر میں لگایا گیا احتراماً لفظ۔	سردار۔ رئیس۔ ہر امیر رئیس کا لقب۔ پٹھانوں کا لقب۔ سابق میں یہ لقب ترکستان اور خطائے بادشاہوں کا تھا۔ ذم اور خانساماں کا خطاب۔
Han	خان	ف	سرائے۔ کارواں سرائے۔ بڑی تجارتی عمارت۔	مخفف خانہ بمعنی گھر۔ کارواں سرائے۔
Hançer	خنجر	ف	خنجر۔	خنجر۔ کٹار۔
Hançere	حنجرہ	ع	ٹینٹوا۔ نرخرہ۔ حلقوم۔	نرخرہ۔ حلق۔ گلا۔
Handan	خنداں	ف	ہنستا ہوا۔ خوش۔ مسرور۔	ہنستا ہوا۔ امسوز۔ کھلا ہوا۔ شگفتہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hande	خندہ	ف	ہنسی۔ مذاق۔	ہنسی۔ شوخ۔ شریر۔
Hane	خانہ	ف	گھر۔ رہنے کا مکان۔ کنبہ اور اس کے افراد۔ کمپارٹمنٹ۔ پرگنہ۔ اعداد و شمار کے لیے خانہ۔ شطرنج کا چوکوشہ۔ راس چکر کی علامت۔	گھر۔ مکان۔ بیت۔ کبوتروں یا مرغیوں کا دربہ۔ آشیانہ۔ صندوقچے کے اندر کا حصہ۔ شطرنج کی بساط کا ایک حصہ۔ انگوٹھی میں وہ جگہ جہاں نگینہ رکھتے ہیں۔
Hane-berduş	خانہ بدوش	ف	بے گھر۔ آوارہ۔ جس کا گھر اس کی کمر پر ہو۔	آوارہ۔ پریشان۔ بادیہ گرد۔ گھر کو ساتھ لیے پھرنے والا۔ جس کا کوئی مستقل گھر نہ ہو۔ وہ قوم یا آدمی جس کا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو جیسے کنجر، بھیرے یا تاتاری بعض قومیں جیسے قلماق، کرچی۔ وغیرہ۔
Hanedan	خاندان	ف	بڑا کنبہ۔ خاندان۔ نسل۔ اچھی نسل کا۔ شریف۔ ملنسار۔ مہمان نواز۔	نسل۔ گھرانہ۔ قبیلہ۔ کنبہ۔
Hanefi	حنفی	ع	حنفی عقیدہ کا ماننے والا۔ راسخ الاعتقاد۔	سنی مسلمانوں کی وہ جماعت جو امام ابو حنیفہ کی پیرو ہے یا اس جماعت کا فرد۔ صادق۔ سچا۔
Haneharab	خانہ خراب	ف	برباد۔ جس کا گھر تباہ ہو گیا ہو۔ بیکار۔	اجڑا ہوا۔ تباہ و برباد۔ خستہ حال۔ آوارہ۔ بدوضع۔
Hanıkah	خانقاہ	ف	درویشوں یا راہباؤں کے رہنے کی جگہ۔	درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ۔ کسی درویش یا پیر کا مقبرہ۔
Hanım	خانم، ہانم	ت	بیگم۔ عورت۔ بی بی۔	بیگم۔ خان کی عورت۔ خاتون۔ اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب۔ امیرزادی
Hânis	حانث	ع	جھوٹی قسم کھایا۔ جھوٹا حلف اٹھایا ہوا۔	قسم توڑنے والا۔ گناہ گار۔
Hanüman	خانماں	ف	گھر۔ کنبہ اور سامان۔ گھر کا اسباب۔	گھر کا اسباب۔ گھر۔ مال و متاع۔
Hanüman-harab	خانماں خراب	ف	جس کا گھر تباہ ہو گیا ہو۔	تباہ و برباد۔ پریشان۔ ویران۔
Hap	حب	ع	گولی۔	گولی۔ دانا۔ تخم۔ بیج۔
Hapis	حبس	ع	قید۔ بند۔ جیل خانہ۔ محبوس۔ اسیری۔	قید۔ بند۔ قید خانہ۔ گھٹن۔ ہوا بند ہو جانا۔
Har	حار	ع	گرم۔	گرم۔ گرمی والا۔
Har	خار	ف	کانٹا۔	کانٹا۔
Har	خوار	ف	کھانے والا۔ پینے والا۔ ذلیل۔ رسوا۔	ذلیل۔ رسوا۔ آوارہ۔ پریشان۔ ذلیل۔ خراب۔ کھانے والا۔ پینے والا۔
Harab	خراب	ع	برباد۔ تباہ شدہ۔ ویران۔ پریشان۔ بربادی۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔	برا۔ اکارت۔ ضائع۔ کلنا مجاز آمست۔ فقیر۔ غیر آباد۔ اجڑا ہوا۔
Harabat	خرابات	ع	جمع Harabe کی۔ کھنڈرات۔ ویرانے۔ واحد کے صیغہ میں مے کدہ۔ شراب خانہ۔	شراب خانہ۔ قمار خانہ۔ فسق و فجور کا اڈہ۔ بت خانہ۔
Harabatı	خراباتی	ف	(اصلی معنی) شرابی۔ (اب) وہ شخص جو پوشاک و عادات میں غیر رسمی ہو۔	شراب خوار۔ شرابی۔ جواری۔
Harabe	خرابہ	ف	ویرانہ جگہ۔ اجڑا ہوا مکان یا شہر۔	اجڑا ہوا یا ویران مکان۔ ویرانہ۔ وہ زمین جس میں کاشت نہ ہوتی ہو۔ وہ فصل جو خراب ہو گئی ہو مجازاً ملک عجم۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Harabi	خرابی	ف	تباہی۔ مفلسی۔ غربت۔ غریبی۔ مصیبت۔	ویرانی۔ تباہی۔ بربادی۔ نقص۔ بگاڑ۔ مشکل۔
Harac/ Haraç	خراج	ع	ٹیکس۔ پبلک میں نیلامی۔ خراج۔ غیر مسلموں کے ذریعہ سرکار کو فوجی خدمات نہ دینے کے عوض میں دیا گیا ٹیکس۔	زمین کا محصول۔ لگان۔ مال گذاری۔ وہ روپیہ جو والی ریاست بادشاہ کو دے۔ اصطلاحاً کسی ملک سے محصول لینا۔
Haracgüzar	خراج گذار	ع/ف	خراج دینے والا۔	خراج دینے والا۔ باج گذار۔ ماتحت بادشاہ یا رئیس۔
Haram	حرام	ع	مذہب کی طرف سے ممنوع۔ غیر قانونی۔ جس پر پابندی ہو۔ ممنوعہ کام۔	ناروا۔ ناشائستہ۔ خلاف شرع۔ ناجائز۔ ناپاک۔ روکا گیا۔
Haram-mal	مال حرام	ف	غیر قانونی طریقہ سے حاصل کردہ جائداد۔ غلط ذرائع سے حاصل کی گئی منافعات۔	ناجائز مال۔ چوری کا مال۔ بُری کمائی۔ مفت کا مال۔
Harami	حرامی	ع	چور۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔	نطفۂ حرام۔ زنا کی اولاد۔ بدذات۔ شریر۔
Haramzade	حرام زادہ	ف	غیر منکوحہ عورت کی اولاد۔ حرامی۔ لُچا۔ شہدا۔ اوباش۔ بدمعاش۔	چور۔ فسادی۔ فتنہ پرداز۔
Hararet	حرارت	ع	گرمی۔ بخار۔ پیاس۔ گرمجوشی۔ عروج۔ سرگرمی۔	گرمی۔ آنچ۔ بخار۔ حدت۔ جوش۔ تیزی۔ غصہ۔
Harb/Harp	حرب	ع	لڑائی۔ فساد۔	لڑائی۔ جنگ۔ کارزار۔
Harc	خرچ	ع	خرچہ۔ صرف۔ کچا مال۔ جو سامان۔ کسی کی دسترس میں طاقت یا ذرائع۔ گولہ بارود۔ پلاستر۔ پتوں کا کھاد۔ لباس کو آراستہ کرنا۔ خرچ کیا ہوا پیسہ۔ مکان کی چنائی میں استعمال کیا جانے والا مصالحہ۔ تیار کی گئی زمین۔ صرف کیا جانے والا روپیہ۔	صرف۔ لاگت۔ روپیہ۔ زر۔
Hardal	خردل	ع	سرسوں۔ رائی۔	رائی۔
Harekât	حرکات	ع	جمع Harekat کی۔ نقل مقامات۔ حرکتیں۔ حرکات۔ جمع Hareke کی۔ حرف علت کے نقطے۔	حرکت کی جمع۔ جنبش۔ حرکتیں۔ بُرے کام۔ ناپسندیدہ باتیں۔ نقل۔ اعراب۔ حرکات۔ بے کام۔
Hareket	حرکت	ع	نقل مقام۔ عمل۔ روانگی۔ ڈھنگ۔ وضع۔ تحریک۔ جنبش۔ شورش۔	جنبش۔ شورش۔ چال۔ گردش۔ اضطراب۔ زیر زبر پیش اعراب۔ کام۔ کردار۔ ناپسندیدہ بات۔ گناہ۔ سفر۔ کوچ۔ آمد و رفت۔ بدفعلی۔
Harem	حرم	ع	مسلمانوں کے مکان میں عورتوں کے کمرے۔ متبرک علاقے خاص طور سے مکہ و مدینہ۔	خانہ کعبہ کی چاردیواری۔ شرفا کا زنان خانہ۔ گھر والی منکوحہ بیوی۔ وہ کنیز جس سے صحبت کی گئی ہو۔ باندی۔ لونڈی۔
Harmeyn	حرمین/حرمین شریف	ع	اسلام کے دو مقدس مقامات مکہ و مدینہ۔	مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے دو شہر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Haremi-Şerif	حرم شریف	ع	مدینہ منورہ میں حضرت محمد صاحب کا روضہ۔	مدینہ منورہ میں حضرت محمد صاحب کا روضہ۔
Harf	حرف	ع	اشارہ۔ لفظ۔ زبان۔ بول چال۔ بولی۔ حوالہ۔ حروف تہجی یا وزن مالا کو ظاہر کرنے والے اشارات میں سے ہر ایک۔ قواعد میں وہ کلمہ جو لفظوں کو ملانے کے لیے استعمال کیا جائے۔	لغوی معنی کنارہ۔ آواز کو ظاہر کرنے والا نشان۔ حروف تہجی۔ علم صرف میں وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے ساتھ ملے بغیر پوری طرح سمجھ میں نہ آئیں۔ بات۔ لفظ۔ سخن۔ نقص۔ عیب۔ طنز۔ پہاڑی چوٹی۔ تلوار کی دھار۔
Harfendaz	حرف انداز	ع/ف	وہ شخص جو سڑک پر عورتوں کے لیے تضحیک آمیز جملے استعمال کرتا ہے۔	فریبی۔ مکار۔ چالاک۔ فطرتی۔
Harfî	حرفی	ع	حرف سے متعلق۔ لفظی۔ منسوب بہ حرف۔	منسوب بہ حرف۔ حرف والا۔
Haric/Hariç	خارج	ع	باہر کا۔ باہری۔ بیرونی۔ جو شامل نہ ہو۔ باہر۔ خارج۔	باہر۔ الگ۔ نکالا ہوا۔ علیحدہ۔ کافر۔ مرتد۔
Haricen	خارجاً	ع	ظاہراً۔ بیرونی طور سے۔ بالا بالا۔	بالا۔ بالا۔ ظاہراً۔ باہر سے۔ بیرونی طور سے۔
Haricî	خارجی	ع	باہری۔ غیر ملکی۔ ملحد۔ کافر۔	بیرونی۔ باہر کا۔ باہر سے متعلق۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو جنگ صفین کے موقع پر حضرت علیؓ کا اس وجہ سے مخالف ہو گیا تھا کہ امیر معاویہ سے لڑنے کے بجائے ثالثی قبول کر لی تھی۔
Harickismet	خارج قسمت	ع	حاصل قسمت۔ ایک عدد کو دوسرے عدد پر تقسیم کرنے سے حاصل عدد۔	وہ عدد جو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصل قسمت۔
Hariciye	خارجہ	ع	بدیسی معاملات۔ امور خارجہ۔ بیرونی بیماریاں۔	باہر کا۔ خارج شدہ۔ دوسرے ملک کا۔ وہ شخص یا چیز جو نکال دی جائے۔ داخلہ کی نقیض چال چلن اور معیار تعلیم وملازمت کا سرٹیفکیٹ۔
Harif	خریف	ع	موسم خزاں۔	موسم خزاں۔ ہندوستان میں ساونی کی فصل۔ اساڑھ سے کارتک تک۔
Harik	حریق	ع	آگ۔ شعلہ زنی۔ آگ زنی۔	آگ کا شعلہ۔ آگ کی لپیٹ۔ جلن۔ سوزش۔ جلا ہوا۔ جلی ہوئی چیز۔ سوختہ۔ آنچ۔
Harim	حریم	ع	بہت اندرونی اور پرائیویٹ مقام۔ ایسی جگہ جس کا تحفظ اور حفاظت کرنا آدمی کا فرض ہو۔ پرائیویٹ۔ اندرونی۔	گھر کی چہار دیواری۔ خانہ کعبہ کی بیرونی دیوار۔ مکان۔ گھر۔
Harir	حریر	ع	ریشم۔	ریشمی کپڑا۔ ریشم۔ جو غصہ اور غضب سے گرم ہو جائے۔ کاغذ۔
Haris	حریص	ع	لالچی۔ لوبھی۔ آرزومند۔ اُمنگی۔	لالچی۔ حرص کرنے والا۔ حاسد۔ پیٹو۔ کھاؤ۔ دیکھا دیکھی کرنے والا۔ حرصی۔
Harman	خرمن	ف	کھلیان۔ وہ مقام جہاں اناج نکالا جائے۔	کھلیان۔ انبار۔ غلے کا وہ ڈھیر جس سے بھوسہ وغیرہ الگ نہ کیا

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			اناج نکالنے کا عمل۔ لاکھ کا ڈھیر جو اناج نکالنے کے لیے جمع کیا جائے۔ فصل کے کاٹنے کا نکالنے کا ٹائم۔ چائے، تمباکو وغیرہ کا مخلوط۔ چھپے ہوئے کاغذ کے اوراق جو کتاب میں لگائے جائیں یا رکھے جائیں۔ مختلف اقسام کا تھوڑا تھوڑا ملا کر نئی قسم تیار کرنا۔	گیا ہو۔ چاند کا ہالہ۔ وہ روشنی جو آفتاب کے قریب دکھائی دیتی ہے۔
Harmonyum	ہارمونیم	یونانی	ہارمونیم۔ ایک قسم کا ساز۔	ہارمونیم۔
Harre	حارّہ	ع	گرم۔	گرم۔
Hartuç	کارتوس	فرانسیسی	توپ کا گولہ۔ کارتوس۔ (توپ کا)	کارتوس۔
Has	خاص	ع	مخصوص۔ اسپیشل۔ خالص۔ پرائیویٹ۔ بغیر ملاوٹ کا۔ اونچے طبقہ کے لوگ۔ پکا رنگ۔	مخصوص۔ نجی۔ ذاتی۔ اپنا۔ منتخب۔ عام کی ضد۔ مرغوب۔ پیارا۔ منظور نظر۔ چہیتا۔
Hasa	خاصا	ف	سوتی کیمبرک۔	ایک قسم کا سوتی کپڑا۔ خوب۔ اچھا۔ خوشنما۔ سڈول۔ موزوں۔ بہت ٹھیک۔ درمیانی۔ امیروں کا کھانا۔ بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا۔
Hasad/ Hasat	حصد	ع	فصل کاٹنا۔ فصل۔	کھیتی کاٹنا۔
Hasail	خصائل	ع	جمع Haslet کی۔ اخلاقی خصوصیات۔ اخلاقی صفات۔	جمع خصلت کی۔ عادتیں۔ خصلتیں۔
Hasais	خصائص	ع	جمع Hasisa کی۔ طبعی خصوصیات یا اوصاف۔	جمع خصیصہ کی خاصیتیں۔ عادات۔ خصلتیں۔
Hasar	خسر	ع	نقصان۔ زیاں۔	زیاں۔ ٹوٹا۔ نقصان۔
Hasarat	خسارت	ع	نقصانات۔	زیاں۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ ہلاکت۔ گمراہی۔
Hasbihal	حسب حال	ع	ذاتی و دوستانہ گفتگو۔ دوستانہ بات چیت کرنا۔ اپنے دکھ درد کی بات ایک دوسرے کو سنانا۔	حال کے مطابق۔ موقع کے مطابق۔
Haseb	حسب	ع	ذاتی صفات۔ ذاتی خصوصیات۔ لیاقت۔ جوہر۔	نسل۔ سلسلہ خاندان۔ ماں کی طرف کا سلسلہ۔ مال و جاہ کا شرف۔ دینی بزرگ۔ کسی شخص کا از روئے مال یا مرتبہ یا دین یا نسب کی وجہ سے فخر اور بزرگی۔
Haseb-ve-neseb	حسب و نسب	ع	ذاتی صفات و پیدائش سے امتیاز۔	ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔
Hased/ Haset	حسد	ع	جلن۔ حسد۔ رقابت۔ بغض۔ کینہ۔ خلش۔	بغض۔ کینہ۔ جلن۔ عداوت۔ کسی کا زوال چاہنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hasen	حَسَن	ع	خوب صورت۔ اچھا۔	نیک۔ اچھا۔ خوب صورت۔ خوبصورتی۔ نیکی۔ بھلائی۔
Hasenat	حَسنات	ع	اچھے کام۔ نیک کام۔ خیراتی ادارے۔	نیکیاں۔ بھلائیاں۔
Hâsil	حاصل	ع	نتیجے کے طور پر ہونے والی۔ واقعہ ہونے والی۔ پیدا کی گئیں۔ بڑھنے والی۔ فصل۔ پیداوار۔ نتیجہ۔ منافع۔	پیداواری۔ نتیجہ۔ مطلب۔ خلاصہ۔ زراعت۔ منافع۔ فائدہ۔ آمدنی۔ بکری۔ فصل کی پیداوار۔
Hâsil-ı-kelâm	حاصلِ کلام	ع	اختصار۔ مختصراً۔ کسی چیز کا مختصر یا چھوٹا کرنا۔	القصہ۔ الغرض۔ خلاصہ کلام۔ حاصل۔ مقصد۔ بات کا نتیجہ۔
Hasila/ Hasilat	حاصلات	ع	پیداوار۔ حصول۔ لگان۔ منافع۔ ثمرے۔	پیداوار۔
Hasim	خصیم	ع	دشمن۔ حریف۔ مخالف۔	دشمن۔ مخالف۔ مالک۔ آقا۔ صاحب۔ شوہر۔ خاوند۔
Hasir	حصر	ع	روکنا۔ رکاوٹ۔ پابند۔ کسی ایک مقصد کے لیے اپنے آپ کو مصروف یا مخصوص کرنا۔ ناگر سوتھے سے بنی چٹائی۔	گھیرنا۔ کسی چیز پر احاطہ کرنا۔ حصر کرنا۔
Hâsir	حاسر	ع	کسی غیر موجود یا غیر حاضر شخص کی آرزو یا افسوس کرنے والا۔ محروم۔ مفلس۔ بھوکا۔ ننگا۔	برہنہ۔ افسوس کرنے والا۔ برہنہ سر اور وہ شخص جس کے پاس جنگ میں خود زرہ و سپر نہ ہو۔
Hasis	خسیس	ع	لالچی۔ بخیل۔ لوبھی۔ حریص۔ ذلیل۔ کمینہ۔ گھٹیا۔	بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ زبوں۔ نالائق۔ کمینہ۔
Hasiyet	خاصیت	ع	خاص خوبی یا خصوصیت۔ جسم پر اچھا اثر۔	خصلت۔ عادت۔ وصف۔ صفت۔ کیرکٹر۔ تاثیر۔ مزاج۔ طبیعت۔
Haslet	خصلت	ع	اخلاقی خصوصیت۔ کیریکٹر۔ کردار۔	خو۔ عادت۔ سیرت۔ مزاج۔
Hasmane	مُخاصمانہ	ف	مخالفانہ یا دشمنی کا رویہ وغیرہ۔	خصومت کا رویہ۔ دشمنی کا رویہ۔ دشمنی سے۔
Hasna	حُسناء	ع	خوب صورت عورت۔ نیک و دل پسند عورت۔	خوب صورت عورت۔ صاحبِ جمال۔
Hasret	حسرت	ع	کسی چیز کے کھو جانے پر افسوس۔ کسی چیز کو جواب تک نہ مل سکی ہو پانے کی خواہش۔ کسی شخص یا مقام کو پانے کی تمنا۔ نقصان کا احساس۔	آرزو۔ ارمان۔ شوق۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس۔ پشیمانی۔
Hassa	خاصّہ	ع	Has کا مونث۔ حکمراں کا باڈی گارڈ۔ کوئی خاص چیز جو بادشاہ یا حکمراں کی ہو۔ خصوصیت۔ صفت۔ خصلت۔	عادت۔ خو۔ خصلت۔ صفت۔ وصف۔ خاصیت۔ ذاتی۔ اعلیٰ۔ نفیس۔ بھلا۔ خوب۔ خصوصیت۔ خاص وصف جو کسی میں پایا جائے۔
Hassas	حسّاس	ع	بہت زیادہ محسوس کرنے والا۔ محسوس کرنے میں نازک طبیعت۔ صاف باطن۔ محتاط۔ راست۔	زیادہ محسوس کرنے والا۔ ذی الحس۔ ہوشیار۔ زیرک۔ جس قبول کرنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hâsse	حاسّہ	ع	حواس۔ حواسِ خمسہ میں سے ہر ایک۔	محسوس کرنے کی طاقت۔ ایک قوت کا نام جو چیزوں کو معلوم کرتی ہے جیسے قوتِ سامعہ، قوتِ باصرہ وغیرہ۔
Hasta	خستہ	ف	بیمار۔ ناساز۔ خراب حالت میں۔	بیمار۔ گھائل۔ زخمی۔ مفلس۔ خراب۔ عاشق۔ شکستہ حال۔ تنگ دست۔ ایک قسم کی گری جو بادام کی گری سے مشابہ ہوتی ہے۔
Hastane/ Hastahane	خستہ خانہ	ف	ہسپتال۔ شفاخانہ۔	ہسپتال۔ بیمارستان۔
Hasud	حسود	ع	حسد کرنے والا۔ جلنے والا۔	بہت زیادہ حسد کرنے والا۔ بدخواہ۔
Haşa	حاشا	ع	خدا نہ کرے۔ کسی بات، حال یا حرکت کو پسند نہ کیے جانے کو سمجھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	حرفِ تردید۔ ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ پناہ۔ انکار اور لاعلمی کے لیے بطور قسم استعمال ہوتا ہے۔
Haşarat	حشرات	ع	جمع Haşere کی۔ کیڑے مکوڑے۔ چھوٹے رینگنے والے جانور۔ مہلک جانور یا کیڑے۔ ہجوم۔ بغیر کسی اہمیت کے لیکن نقصان دہ چیزیں۔	جمع حشرہ کی۔ چھوٹے چھوٹے رینگنے والے کیڑے مکوڑے۔ ہنگامہ۔ شور وغل۔
Haşeb	حطب	ع	لکڑی۔	لکڑی۔ چوب۔ جلانے کی لکڑی۔ ایندھن۔
Haşefe	حشفہ	ع	عضوِ تناسل کا سر۔	عضوِ تناسل کا سر۔ سرِ ذکر۔ آلۂ تناسل کی سپاری۔
Hademve-haşem	حشم و خدم	ع	خدمت گار و نوکر چاکر لوگ۔	نوکر چاکر۔ خدمت گار لوگ۔
Haşere	حشرہ	ع	رینگنے والی چیز۔ کیڑا۔	رینگنے والا کیڑا۔
Haşhaş	خشخاش	ف	خشخاش۔	خشخاش۔ پوست کے دانے۔ تخمِ افیون۔ چاول کا آٹھواں حصہ۔
Haşin	خشن	ع	سخت۔ کھردرا۔ خراب خصلت۔ بدمزاج۔	سخت اور کھردری چیز۔
Haşir	حشر	ع	روزِ قیامت۔ قیامت کے دن تمام لوگوں کا جمع ہونا۔	قیامت۔ روزِ حساب۔ ایک مقام پر اجتماع۔ شور وغل۔ ہنگامہ۔ فتنہ۔ غوغا۔ آفت۔
Haşiş	حشیش	ع	بھنگ کے پتوں سے کشید کیا گیا نشیلا مادّہ۔	بھنگ۔ سوکھی گھاس۔
Haşiv	حشو	ع	فضول یا زائد الفاظ۔ اندر بھرنے کی چیز۔	بیہودہ کلام۔ بے ضرورت گفتگو۔ وہ کلام جو زائد جو ادائے مطلب میں واقع ہو۔ بھرتی کا لفظ۔ اندر بھرنے کی چیز۔ عیب۔ نوجوان اونٹ۔
Haşiye	حاشیہ	ع	ٹیکا ٹپڑی۔ شرح۔ نوٹ۔ کنارے پر لکھی گئی عبارت۔ عبارت جو بعد کو نوشتہ میں لکھی گئی ہو۔	کتاب یا ورق کے چاروں طرف کا خالی حصہ۔ کنارہ۔ گوٹ۔ شرح یا یادداشت جو کسی کتاب کے متن سے باہر لکھی جائے۔
Haşmet	حشمت	ع	عظمت۔ دبدبہ۔ مرتبہ۔ شان و شوکت۔	دبدبہ۔ بزرگی۔ عظمت۔ مرتبہ۔ شان و شوکت۔ نوکر چاکر۔ خدمت گاروں کا انبوہ۔ ساز و سامان۔ فوج و لشکر۔ جلوس۔ سواری۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Haşyet	خشیت	ع	ڈر۔ خوف۔	ڈر۔ خوف۔
Hat	خط	ع	لکھر، کھرونچ۔ لائن۔ ریلوے لائن۔ نشان۔ تحریر۔ ڈگری۔ راستہ۔	نوشتہ۔ تحریر۔ مکتوب۔ لائن۔ انداز تحریر۔ نیا سبزہ جو مرد کے چہرہ پر آتا ہے۔ حجامت۔ اصلاح۔
Hata	خطا	ع	غلطی۔ کمی۔ جرم۔ قصور۔ غلطی کرنا۔ شوٹنگ میں نشانہ کرنا۔	گناہ۔ قصور۔ جرم۔ غلطی۔ بھول۔ چوک۔
Hatab	حطب	ع	لکڑی۔ شہتیر۔	لکڑی۔ چوب۔ ایندھن۔ تہمت۔ الزام۔
Hatar	خطر	ع	خطرہ۔	خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔ دشواری۔ آفت۔ بزرگی۔ عظمت۔ قدر۔ جاہ۔
Hatarnak	خطرناک	ع	خوفناک۔ ڈراونا۔ وحشت ناک جس میں یا جس سے خطرہ ہو۔	خوفناک۔ ڈراونا۔ جس سے نقصان کا ڈر ہو۔
Hatem	خاتم	ع	مہر۔ سیل۔ چھاپ۔	انگوٹھی۔ انگشتری۔ چھاپ۔ مہر۔
Hatem-ül-enbiya	خاتم الانبیا	ع	پیغمبروں میں سب سے آخری یعنی حضرت محمد صاحب۔	آخری پیغمبر حضرت محمد صاحب
Hatir	خاطر	ع	خیال۔ یادداشت۔ دماغ۔ احساسات۔ اثر۔ وہ تعظیم جو ایک شخص دوسرے سے امید کرتا ہے۔	خیال۔ ارادہ۔ مرضی۔ لحاظ۔ پاس۔ تواضع۔ آؤ بھگت۔ مزاج۔ طرفداری۔ دل۔ من۔ جو دل میں گذرے۔
Hatiat	خطیئات / خطایا	ع	جمع Hatie۔ گناہ۔ قصور۔ جرم۔ غلطی۔ خطا۔	جمع خطیئہ کی۔ گناہ۔ خطائیں۔
hatib	خطیب	ع	مقرر۔ وعظ کہنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔	خطبہ پڑھنے والا۔ لوگوں کو خطاب کرنے والا۔ وعظ سنانے والا۔ لیکچر دینے والا۔ مقرر۔
Hatie/Hatiye	خطیہ	ع	غلطی۔ گناہ۔ قصور۔ کمی۔	گناہ۔ خطا۔ قصور۔
Hatif	ہاتف	ع	ایک مخفی آواز۔ صدائے بازگشت۔ بولنے والا جو دکھائی نہ دے۔	آواز دینے والا۔ وہ فرشتہ جو عالم غیب سے آواز دے۔ غیب کی آواز۔
Hatim	ختم	ع	قرآن شریف کو شروع سے آخر تک پڑھنا یا تلاوت کرنا۔	قرآن شریف کے ختم ہونے کی رسم۔ فاتحہ۔ نذر۔ نیاز۔ اخیر۔ انجام۔ انتہا۔ تمام۔ کُل۔ کُل۔
Hâtim Tai	حاتم طائی	ع	ایک عرب سردار کا نام جو اپنی سخاوت کے لیے مشہور تھا۔	حاتم طائی۔ سخاوت کے لیے مشہور ایک عرب سردار کا نام۔
Hâtime	خاتمہ	ع	آخر۔ اختتام۔ انجام کار۔ نتیجہ۔ تقریظ۔ تقریر جو نقل یا تماشہ کے آخر میں حاضرین سے کہی جائے۔ خاتمۂ کلام۔ خلاصۂ تقریر۔	انجام۔ عاقبت۔ اخیر۔ نتیجہ۔ موت۔ رحلت۔ انتقال۔ وہ عبارت جو اختتام پر لکھی جائے۔
Hatire/ Hazire	حظیرہ	ع	مسجد کے احاطہ میں واقع مزار یا قبر۔ Hazire کی بگڑی ہوئی شکل میں Hatire بھی استعمال کیا جاتا ہے۔	قبرستان کی چاردیواری۔ احاطہ جو لکڑی یا بانس سے حیوانات کے رہنے کے لیے بنایا گیا ہو۔ باڑہ۔ احاطہ۔ مقبرے کا گنبد۔ قبرستان۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Hatmi	خطمی	ت	ایک قسم کا زیبائشی پودا کہ جس کی جڑیں و پھول دوائیوں میں استعمال کیے جاتے ہیں۔	گل خیرو۔
Hats/Hatsī	حدس	ع	الہام۔ ذکاوت۔ باطنی دانش۔	دانائی۔ فراست۔ دریافت کرنا۔
Hattâ	حتیٰ	ع	اثنا۔ اس حد تک۔ یہاں تک۔ اس طرح۔ ویسا ہی۔	یہاں تک۔ اس قدر۔ جب تک۔ جہاں تک۔
Hattat	خطاط	ع	خوش نویسی۔ خوش خط لکھنے والا۔ خوب صورتی سے لکھنے والا آرٹسٹ۔	خوش نویس۔ کاتب۔
Hattı fâsal	حدِ فاصل	ف	تقسیم کرنے والی لائن یا حد۔	وہ حد جو دو چیزوں کے درمیان آ کر ایک دوسرے سے علاحدہ کر دے۔
Hattı rik'a	خطِ رقاع	ع	معمولی خط شکست جسے پہلے ترک استعمال کرتے تھے۔	ایک قسم کا خط جس کو ابن مقلہ خوش نویس نے وضع کیا تھا۔
Hattı talik	خطِ تعلیق	ع	لکھنے کا فارسی اسٹائل۔	ایک قسم کا خط جو ایرانی لکھتے ہیں۔
Hattı/Had	خط/خط	ع	تحریر۔ لکیر۔ لائن۔ کھرونچ۔ نشان۔ ڈگری۔	نوشتہ۔ تحریر۔ لکیر۔ نشان۔ نامہ۔ مکتوب۔ نیا سبزہ جو مرد کے منہ پر آتا ہے۔ ہاتھ کا لکھا۔ انداز تحریر۔ سواد تحریر۔ حجامت۔ اصلاح۔ لائن۔ ایسی لکیر جس میں عرض اور عمق نہ ہو۔
Hattı-istiva Hattı-Üstüva	خطِ استوا	ف	خط استوا۔	خط استوا۔ وہ فرضی لکیر جو زمین کے گرد قطبین کے درمیان تسلیم کی جاتی ہے۔ یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے۔ جب سورج اس خط پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔
Hattî	خطی	ع	خط سے متعلق۔ سیدھے خط میں۔ سیدھا۔ مستقیم۔ کمزور۔ نازک۔ خطوط سے بنا ہوا۔	خط کی طرف منسوب۔ سیدھا۔ ایک قسم کا نیزہ۔
Hatun	خاتون	ت	عورت۔ نیک بی بی۔ صاحب۔	بیوی۔ امیر زادی۔ معزز۔
Hatve	خطوہ	ع	قدم۔ روش۔ دونوں پاؤں کے درمیان کا فاصلہ۔ پیچ کے نشیب و فراز۔ رفتار۔	قدم۔ ڈگ۔ وہ فاصلہ جو راہ چلتے وقت دونوں پاؤں کے درمیان ہو۔
Hava	ہوا	ع	ہوا۔ موسم۔ بار۔ دھن۔ پسند۔ خواہش۔ ماحول۔ وہم۔ خیال۔ شوق کی چیز۔	خلا و زمین کے درمیان کی فضا۔ باد۔ پون۔ حرص۔ ہوس۔ آرزو۔ خواہش نفس۔ دوستی۔ خیر خواہی۔ سانس۔ دم۔ وبا۔ انداز۔ وضع۔ ادائی مناسبت۔ ساکھ۔ نرخ۔ میلان۔ شہرت۔ فنا۔ خفیف نسبت۔ اثر۔ ہیچ۔ چاہ۔ نیست۔ معدوم۔
Hava-ve-heves	ہوا و ہوس	ف	عیش و عشرت۔ تفریحات۔ امنگیں۔ ترنگیں۔	حرص اور لالچ۔ عیاشی۔ شہوت پرستی۔
Havadar	ہوادار	ف	جہاں ہوا خوب ہو۔ بلند اور کھلی ہوئی جگہ۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ خواہاں۔ محبت میں۔ کھلی ہوئی جگہ جہاں ہوا خوب آتی ہو۔	کشادہ جگہ۔ جس میں اچھی طرح ہوا کا گذر ہو۔ دوست۔ ہوا دار۔ چیز۔ عاشق۔ بہی خواہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Havaî	ہوائی	ف	ہوائی۔ خیالی۔ بے اصل۔ بے وجود۔ آسمان کی طرح نیلا۔ منسوب بہ ہوا۔ آسمانی رنگ کا۔ سبک مزاج۔ وہمی۔	منسوب بہ ہوا۔ آسمانی۔ بادی۔ رنگی۔ تیز رو۔ آوارہ۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ لغو بات۔ افواہ۔ پستہ اور بادام کا باریک مغز۔ مشتاق۔ بوالہواس۔ پریشان۔ آرزومند۔
Havaiyat	واہیات	ع	بیہودہ باتیں۔ لغو باتیں۔	بے سود۔ بیہودہ اور لغو باتیں۔ فضول باتیں۔ اوباشی۔ خرافات۔
Havadis	حوادث	ع	جمع Hadise کی۔ حادثات۔ خبریں۔ واقعات۔	جمع حادثہ کی۔ سانحات۔ وارداتیں۔ واقعات۔ مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ حادثے۔
Havale	حوالہ	ع	کسی چیز کی دیکھ بھال۔ لینے یا دینے کے لیے کسی کے سپرد کرنا۔ تفویض۔ سپردگی۔ کسی معاملہ کو سپرد یا ٹرانسفر کرنا۔	سپردگی۔ تحویل۔ پتہ۔ نشان۔
Havali	حوالی	ع	پڑوس۔ اطراف۔ قرب وجوار۔ گردونواح۔	گردونواح۔ آس پاس۔
Havari	حواری	ع	حضرت عیسیٰ کے بارہ مریدوں میں سے ہر ایک۔ ان میں سے کسی کے بھی پیچھے چلنے والا۔	حضرت عیسیٰ کے اصحاب۔ حضرت عیسیٰ کے بارہ شاگرد۔ وفاداری سے کام کرنے والے۔ دوست۔ مددگار۔ برگزیدہ۔
Havas	خواص	ع	جمع Has اور Hassa کی۔ اونچے طبقے کے لوگ۔ امتیازی لوگ۔ یارغار۔ خصوصیات۔ سلطان کی نجی عمل داری۔	خاص کی جمع۔ خاصہ کی جمع۔ مرد یا عورت جو ہر وقت کا خدمتی ہو۔ خاصیت۔ عادت۔ اثر۔ سوبھاؤ۔ مزاج۔ ممتاز نوکر۔ ہم صحبت مصاحب۔
Havas	حواس	ع	جمع Hasse کی۔ حس۔ ادراک۔ ہوش۔ سمجھ۔ فہم۔	وہ قوت جس سے ادراک ہوتا ہے۔ ہوش۔ اوسان۔ عقل۔ سمجھ۔ حاسہ کی جمع۔
Havassı-hamse	حواس خمسہ	ع	پانچ حواس۔ پانچ قوت حس۔	حس کرنے کی پانچ قوتیں یا پانچ حواس (۱) ذائقہ، (۲) باصرہ، (۳) شامہ، (۴) لامسہ، (۵) سامعہ۔
Havayic/ Havayiç	حوائج	ع	جمع Hacet کی۔ ضروریات۔ حاجتیں۔	جمع حاجت۔ ضروریات۔ حاجتیں۔ سیلے کپڑے۔
Havayici-zaruriye	حوائج ضروریہ/ حوائج ضروری	ع	زندگی کی خاص یا کھلی ہوئی ضروریات۔	ضروری حاجتیں۔ خاص طور پر پاخانہ پیشاب۔
Haves/ Heves	ہوس	ع	خواہش۔ جوش۔ تمنا۔ آرزو۔ خبط۔ جنون۔ رغبت۔ شوق۔	جنون۔ دیوانگی۔ مالیخولیا۔ خبط۔ شوق۔ آرزو۔ تمنا۔ جھوٹا عشق۔ ناقص محبت۔ حرص۔ لالچ۔ شہوت نفسانی۔ حوصلہ۔ اُمنگ۔
Havf	خوف	ع	ڈر۔ دہشت۔ ہول۔	ڈر۔ دہشت۔ ہراس۔ ہول۔
Havfnak	خوفناک	ع	خوف زدہ۔ دہشت انگیز۔ مہیب۔ ہیبت ناک۔	ڈراونا۔ بھیانک۔ خطرناک۔
Havhav	ہاؤ ہاؤ	ت	بھونکنا۔ کتے کا بھونکنا۔ خاص طور سے جب وہ کسی کا پیچھا کر رہا ہو۔	———
		ہندی	———	گھبراہٹ۔ جلدی۔ ہائے۔ پکار۔ واویلا۔ مانگ۔ طلب۔ تقاضہ۔ کمی۔ تھوڑا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Havi	حاوی		شامل ہونے والا۔	چھاجانے والا۔
Havil	ہَول		ڈر۔خوف۔دہشت۔	ڈر۔خوف۔وحشت۔
Havuz	حوض		باغ میں پانی دینے کے لیے، تیرنے کے مقصد سے یا زیبائش کے طور پر اینٹوں سے بنائی گئی پکی جگہ۔ مصنوعی جگہ۔ پانی بھرنے کی۔ حوض۔ گودی۔ مصنوعی تالاب۔	پانی کا چوبچہ، گودی، لنگر خانہ۔
Havva	حوّا	ف	بی بی حوا۔	بابا آدم کی بیوی کا نام۔ سب انسانوں کی ماں۔
Hay	ہائے	ف	افسوس۔ہائے۔یقیناً۔بالضرور۔	افسوس۔آہ۔فریاد۔بیماری یا دکھ کی حالت کی آواز۔ماتم۔
Haya	خایہ	ف	بیضہ۔فوطہ۔خصیہ۔	انڈا۔فوطہ۔خصیہ۔
Hayâ	حیا	ع	شرم۔غیرت۔لاج۔	حجاب۔لحاظ۔شرم۔غیرت۔خجالت۔
Hayal	خیال	ع	بھوت پریت۔آسیب۔نمود بے وجود۔ عکس۔تصور۔خیال۔وہم۔	تصور۔وہ صورت جو آدمی بیداری کی حالت میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے۔وہم۔گمان۔فکر۔اندیشہ۔غور وخوض۔سمجھ۔رائے۔ایک راگ کا نام۔مضمون۔لحاظ۔پاس۔
Hayalat	خیالات	ع	بے سود اور بیہودہ تصورات۔	جمع خیال کی۔تصورات۔خیالات۔
Hayalî	خیالی	ع	تصوراتی۔وہمی۔کٹھ پتلی کا کھیل دکھانے والا۔	خیال سے نسبت رکھنے والی چیز۔وہمی۔قیاسی۔ظنی۔
Hayat	حیات	ع	زندگی۔عمر۔زیست۔حال وضع۔	زندگی۔عمر۔جان۔زیست۔روح۔
		ت	ڈھکا ہوا صحن یا آنگن۔پیش دالان۔	
Hayatbahs	حیات بخش	ع	زندگی دینے والا۔	زندگی دینے والا۔
Hayatî	حیاتی	ع	جاں بخش۔ضروری۔لازمی۔جانی۔	حیات سے متعلق۔زندگی۔حیات۔
Hayati-yat	حیاتیات	ع	علم حیات۔بایولوجی۔	بایولوجی۔جانوروں اور پودوں کا علم۔
Haydar	حیدر	ع	شیر۔باہمت شخص۔بہادر آدمی۔	شیر۔حضرت علی کا لقب۔
Hayderî	حیدری	ع	ایک قسم کی واسکٹ جو زمانہ سابقہ میں گھر پر پہنی جاتی تھی۔	
		ف	———	حیدر سے منسوب۔شیعوں کا ایک فرقہ۔
Hayhay	ہائے ہائے	ت	بالکل۔بیشک۔	بالکل۔بیشک۔
İdgam	ادغام	ع	دو گنے حرف صحیح کا تلفظ۔	ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا۔ ادب میں ایک صنف کا نام۔ شامل کر دینا۔ ملا دینا۔ داخل کرانا۔ خارج کرانا۔ درج رجسٹر کرنا۔ شریک کرنا۔
İdhal	ادخال	ع	متصرف کرانا۔ تصارف کرنا۔ باہر سے لانا۔ داخل یا شامل کرنا۔ درآمد۔	داخل کرنا۔ درج رجسٹر کرنا۔ شامل کرنا۔ شریک کرنا۔
İdhalat	ادخالات	ع	اشیائے درآمدات۔ امپورٹس۔	اشیائے درآمدات۔
İdik	اَدِق	ع	کسی کام کی مشکلات۔	نہایت مشکل۔ دوبھر۔ کٹھن۔ نہایت باریک۔
İdman	ادمان	ع	جسمانی ورزش۔ کھیل کود۔ ٹریننگ۔	مشق۔ ہمیشگی۔ ہمیشہ۔ شراب پینا۔
İdrak	ادراک	ع	حس۔ دانائی۔ ذکا۔ تحصیل۔ فصل کا حاصل کرنا۔ پہنچنا۔ ادراک کرنا۔ تصور کرنا۔ سمجھنا۔	عقل۔ ذکا۔ فہم۔ رسائی۔ پانا۔ دریافت کرنا۔ ہوش۔ بوجھ۔ پوچھنا۔ پکنا۔
İdrar	ادرار	ع	پیشاب۔ موت۔ بول۔	کھل کر پیشاب کرنا۔ بہنا۔ رواں ہونا۔
İdrojen	ہائیڈروجن	انگریزی	ہائیڈروجن گیس۔	ہائیڈروجن گیس۔ ایک گیس جو آکسیجن کے ساتھ مل کر پانی بناتی ہے۔ ابتدائی کیمیائی مادہ جو تمام مادوں میں سب سے ہلکا ہے اور جو بہت تیزی سے آگ پکڑتا ہے۔
İfa	ایفا	ع	کام کی تکمیل۔ انجام دہی۔ بجا آوری۔ ادائے قرض۔ جگہ پر لانا۔ تعمیل کرنا۔ پورا کرنا۔	پورا کرنا۔ وفا کر دینا۔ ادا کر دینا۔
İfade	افادہ	ع	اظہار۔ شہادت میں بیان۔ تفسیر۔ تشریح۔ صراحت۔ نچوڑ۔ بیان۔ اظہار کرنا۔	فائدہ پہنچانا۔ نفع۔ یافت۔ تعلیم۔ تربیت۔ تلقین۔
İfakat	افاقت/افاقہ	ع	صحت کی بحالی۔ کسی بیماری سے رفتہ رفتہ ٹھیک ہو جانا۔ آرام۔	آرام پانا۔ تخفیف مرض۔ صحت پانا۔ کسی کام سے فراغت پانا۔ فراغت۔ ہوشیار ہونا۔
İffet	عفت	ع	پاکیزگی۔ پاکدامنی۔ ایمانداری۔ سیدھا پن۔	عصمت۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ حرام چیزوں سے بچنا خصوصاً شہوت حرام سے۔ پاک دامنی۔
İfham	افہام	ع	سمجھانا۔ سمجھوانا۔ تشریح کرنا۔	سمجھانا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İflâh	إفلاح	ع	نجات۔ مکتی۔ مخلصی۔	نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔ فیروزمندی۔ رستگاری۔
İflâs	إفلاس	ع	دیوالیہ پن۔ قرض نہ ادا کرنے کی حالت۔ دیوالیہ ہو جانا۔	مفلسی۔ تنگدستی۔ غریبی۔ ناداری۔ فلاکت۔
İfna	إفنا	ع	بربادی۔ تباہی۔ تباہ کر دینا۔ دم گھوٹ دینا۔	نیست کرنا۔ فنا کرنا۔
İfrağ	إفراغ	ع	ڈھالنا۔ ایک شکل سے دوسری شکل دینا۔ فضلہ۔ گوبر۔ فضلہ نکالنا۔	پانی یا خون بہانا۔
İfrat	إفراط	ع	زیادتی۔ بہت زیادہ کرنا۔ افزونی۔ Tefrit بمعنی بہت کم کرنے کی ضد۔	زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ فراوانی۔ حدِ اعتدال سے بڑھ جانا۔ افزونی۔
İfraz	إفراز	ف	جدا کرنا۔ اخراج۔ جدا کرنا (رقیق وغیرہ کا)	جدا کرنا۔
İfrit	عفریت	ع	جن۔ بھوت۔ پریت۔ ڈراؤنا۔ بداندیش۔ شیطان۔ کینہ پرور۔ شیطانی۔ فاسد۔	دیو۔ خبیث۔ بھوت۔ پریت۔ نہایت بد۔
İfsad/ İfsat	إفساد	ع	بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ ورغلانا۔ تباہیاں۔	فساد کرنا۔ تباہ کرنا۔ تباہیاں۔ جمع فسادی۔
İfşa	إفشا	ع	اظہار۔ اُگلنا۔ انکشاف۔ انکشاف کرنا۔ فاش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔	فاش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ آشکار کرنا۔
İftar	إفطار	ع	روزہ کھولنا۔ رمضان کے مہینہ میں سورج غروب ہونے کے بعد کھانا کھانا۔	روزہ کھولنا۔
İftariye	إفطاری	ع	روزہ کھولنے کا ہلکا پھلکا کھانا۔ افطار کے ٹائم مہمانوں کو دیا گیا تحفہ۔	ہلکی پھلکی چیز جس سے روزہ کھولیں۔ روزہ کھولنا۔
İftihar	إفتخار	ع	قابلِ ستائش۔ جاہ و جلال۔ شان و شوکت۔	فخر۔ بزرگی۔ عزت۔ ناز۔ گھمنڈ۔
İftikar	إفتقار	ع	غربت۔ محتاجی۔ بیکسی۔ محرومی۔ ضرورت۔ احتیاج۔ ضرورت ہونا۔	افلاس۔ احتیاج۔ فقیری کرنا۔
İftira	إفترا	ع	جھوٹی تہمت لگانا۔ عیب گوئی۔ بدنام کرنا۔ تہمت۔ بدنامی۔ ہتکِ عزت۔	تہمت۔ بہتان۔ جھوٹا الزام۔
İftirak	إفتراق	ع	علاحدگی۔ انتشار۔ پراگندگی۔ فرقت۔ غیر حاضری۔ عدم موجودگی۔	جدائی۔ اختلاف۔ جدائی پیدا کرنا۔
İftitah	إفتتاح	ع	کھولنے کا عمل۔ شروعات۔ شروع۔ کھولنا۔	شروع کرنا۔ بےنقاب کرنا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔
İftitahî	إفتتاحی	ع	افتتاح سے متعلق۔ کھولنے یا شروع کرنے کی تقریر وغیرہ۔	افتتاح سے متعلق۔ شروع کی۔ بےنقاب کرنے سے متعلق۔
İğfal	إغفال	ع	دھوکا۔ فریب۔ کسی کو بہکا کر فائدہ اٹھانا۔ بہکاوا۔ پھسلاوا۔ کسی کی لاپرواہی سے مستفید ہونا۔	بےخبری۔ غفلت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İğlâk	اغلاق	ع	کام کو مشکل کرنا۔ دھندلا کرنا۔	کام کو مشکل کرنا۔ پیچیدہ کرنا۔ پیچیدہ حالت میں لانا۔
İğmaz	اغماض	ع	آنکھ کو جھپکانا۔ آنکھ کو بند کرنا۔	چشم پوشی کرنا۔ درگذر کرنا۔ روگردانی کرنا۔
İğtinam	اغتنام	ع	مال غنیمت۔ لوٹ۔ ضبطی۔ مال غنیمت کی طرح قبضہ کرنا۔	غنیمت سمجھنا۔
İğtişaş	اغتشاش	ع	ہلچل۔ گڑبڑ۔ خلل۔ ہنگامہ۔	ہلچل۔
İğva	اغوا	ع	بہکانا۔ ورغلانا۔ غلط راستہ پر ڈالنا۔	بہکانا۔ ورغلانا۔ ابھارنا۔ بھگا کر لے جانا۔ برانگیختہ کرنا۔
İğzab	اغضاب	ع	اشتعال دینا۔ غصہ دلانا۔	غصہ میں لانا۔
İham	ایہام	ع	اشتباق۔ تذبذب۔ دوارتھ۔ ذومعنی ہونے والے لفظ کو دور کے معنی میں قصداً استعمال کرنا۔	شک و وہم میں ڈالنا۔ غلطی اور شک میں ڈالنا۔ اصطلاح شعر میں وہ صفت جس میں شاعر اپنے کلام میں ایک ایسا لفظ لائے جس کے دو معنی ہوں ایک قریب کا اور دوسرا بعید لیکن شاعر بعید سے مراد لے۔
İhanet	اہانت	ع	دغا۔ بےوفائی۔ برائی۔ بےایمانی۔	برا جاننا۔ نفرت کرنا۔ ذلیل سمجھنا۔ توہین کرنا۔ حقارت۔ ہتک۔ بےعزتی۔
İhata	احاطہ	ع	گھیرنے والا۔ شامل کرنے والا۔ چھپانے والا۔ قرب وجوار۔ گنجائش۔ سمجھ۔ لیاقت۔ علمیت۔ گھیرنا۔ حدود میں لینا۔	گھیرا۔ چہار دیواری۔ گھری ہوئی جگہ۔ دائرۂ عمل۔ وسعت۔ پھیلاؤ۔ حلقہ۔ گردہ۔ منزل۔ جامعیت۔ حدود میں آنے والے جانے کی صورت۔ صوبہ۔ سرکل۔
İhbar	اخبار	ع	خبریں دینا۔ نوٹیفکیشن۔ خبریں بھیجنا۔ آگاہ کرنا۔ مطلع کرنا۔ اعلان کرنا۔	خبریں دینا۔ خبر کی جمع۔ خبر کا کاغذ۔ پرچہ۔ ملک کا روزنامچہ۔
İhda	اہدا	ع	تحفہ کے طور پر دینا۔ ہدیہ کے طور پر پیش کرنا۔	ہدیہ اور تحفہ بھیجنا۔
İhdas	احداث	ع	پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔ مشکل پیدا کرنا۔ نئی بات متعارف کرنا۔ نئی پوسٹ بنانا۔	نیا پیدا کرنا۔ نئی بات نکالنا۔
İhfa	اخفا	ع	پوشیدہ کرنا۔ مخفی۔ گپت۔ درپردہ۔	پوشیدہ کرنا۔ پوشیدہ۔ چھپانا۔
İhkak	احقاق	ع	İhkak-ı-haketmek میں بمعنی دیکھنا کہ حق غالب ہوتا ہے۔ انصاف کو یقینی کرنا۔	کسی کا حق قائم یا ثابت کرنا۔ قائم کرنا۔ ثبوت دینا۔
İhlâl	اخلال	ع	خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ قانون یا معاہدہ کی خلاف ورزی۔ بگاڑ۔ عمل آوری کا نہ ہونا۔ معاہدہ کی خلاف ورزی کرنا۔ قانون کو توڑنا۔	محتاج کرنا۔ محتاج ہونا۔
İhlâs	اخلاص	ع	راست بازی۔ صدق دلی۔ بے ریائی۔ سچائی۔	خلوص۔ خالص۔ پاک و صاف۔ عبادت بےریا۔ میل ملاپ۔ رغبت۔ محبت۔ قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔
İhlil	احلیل	ع	سوراخ ذکر۔	سوراخ ذکر۔ نلی جس کی راہ سے پیشاب مثانہ سے نکلتا ہے۔
İhmal	اہمال	ع	لاپرواہی۔ بےتوجہی۔ لاپرواہ ہونا۔ غفلت کرنا۔	بےپرواہی۔ سستی۔ مہمل ہونا۔ تاخیر۔
İhrac/Ihraç	اخراج	ع	نکالنا۔ جوش دے کر کاڑھنا۔ نکاس۔ دفع	نکالنا۔ نکاس۔ نکلنا۔ باہر کرنا۔ الگ کرنا۔ شہر بدر یا ملک بدر کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کرنا۔ نچوڑنا۔ باہر نکالنا۔ ملک سے باہر بھیجنا۔ ایکسپورٹ کرنا۔ برآمد کرنا۔ نیچے اترنا جہاز یا ہوائی جہاز سے۔	خرچ۔ صرف۔
İhracat	اخراجات	ع	جمع İhrac کی۔ برآمدات۔	اخراج کی جمع۔ خرچ کی جمع الجمع۔ بہت سے خرچ۔
İhrak	احراق	ع	جلانا۔ جلنا۔	جلانا۔ جلنا۔
İhram	احرام	ع	اُونی جبہ جو عرب لوگ اور حاجی مکے میں پہنتے ہیں۔ صوف ڈھکنے کا کپڑا۔ اُون سے بنا غلاف۔	حج یا عمرہ والوں کے لیے مقررہ جگہوں سے چند جائز باتوں کا اپنے اوپر حرام کرنا۔ حج کا لباس۔ حج کرنے کی نیت سے مکہ کے قریب جا کر بدن ڈھانپنے کے لیے دو بے سلی چادریں استعمال کرنا۔ حرم میں آ جانا۔ مکہ کے قریب جا کر حج کرنے کی نیت کرنا۔
İhraz	احراز	ع	حاصل کرنا۔ قبضہ لینا۔ بہم پہنچانا۔	بچانا۔ گھیرنا۔ استوار کرنا۔
İhsan	احسان	ع	مہربانی۔ سخاوت۔ کرم۔ عنایت۔ مدد کرنا۔ مہربانی کرنا۔ رعایت کرنا۔ تحفہ دینا۔	نیکی۔ اچھا سلوک۔ مہربانی۔ بھلائی۔ عمل خیر۔ ممنونیت۔
İhsas	احساس	ع	حس۔ جوش۔ محسوس کرنا۔ اشارہ کرنا۔ تلقین کرنا۔ دل میں ڈالنا۔ دل نشین کرنا۔	حس۔ حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعہ معلوم کرنا۔
İhtar	اخطار	ع	یاد دہانی کرانا۔ توجہ دلانا۔ متنبہ کرنا۔ وارننگ دینا۔ یاد دہانی۔ وارننگ۔	اپنے کو خطرہ میں ڈالنا۔
İhtisas	اختصاص	ع	خصوصیت حاصل کرنا۔ مہارت۔ خصوصیت۔	کسی کام میں امتیاز و برتری۔ خصوصیت رکھنا۔ خصوصی مہارت رکھنا۔ ماہر خصوصی۔
İhtibas	احتباس	ع	قید۔ پیشاب کا رکنا۔ نفسیاتی دباؤ۔	حبس۔ روک۔ بند ہونا۔ رکنا۔ روکنا۔ خون بند ہونے کی بیماری جو عورتوں کو ہوتی ہے۔ رکاوٹ۔
İhticab	احتجاب	ع	چھپانا۔ کسی پردہ یا گھونگھٹ سے چھپانا۔ سورج کا بادلوں سے ڈھک جانا۔	چھپ جانا۔ پردہ میں ہو جانا۔ چھپنا۔
İhticac/ İhticaç	احتجاج	ع	ثابت کرنا۔ سبب بتانا۔ ثبوت کی پیش کرنا۔	اعتراض۔ حجت۔ انکار۔ مخالفانہ آواز اٹھانا۔ اظہار ناپسندیدگی کرنا۔
İhtida	اہتدا	ع	اسلام قبول کرنا۔	راہ راست پانا۔ راہ لانا۔ ہدایت کرنا۔
İhtifa	اختفا	ع	اپنے آپ کو چھپانا۔	چھپانا۔ پوشیدہ رکھنا۔
İhtikan	احتقان	ع	انیما لگانا۔ حقنہ کرنا۔ (طبی) انجماد خون۔	حقنہ کرنا۔ دوا کرنا۔
İhtikâr	احتکار	ع	منافع اندوزی۔ منافع جمع کرنے کے لیے دھوکہ دھڑی کرنا۔	ناجائز ذخیرہ اندوزی۔ اجناس بازاری کو ذخیرہ کرنا۔
İhtilâc	اختلاج	ع	کھلبلی۔ بے قراری۔ ہل چل۔ ہنگامہ۔ تشنج۔ اینٹھن۔	عضو کا پھڑکنا۔ دھڑکنا۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ عام طور سے دل کا دھڑکنا مراد ہے۔
İhtilâf	اختلاف	ع	فرق۔ غیر رضامندی۔ ناموافقت۔	فرق۔ تفاوت۔ باہم فرق ہونا۔ بگاڑ۔ ضد۔ تعصب۔ ہٹ۔ خلاف۔ ناموافقت۔ عداوت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İhtilâl	اِختلال	ع	بغاوت۔ انقلاب۔ بلوہ۔	خلل ڈالنا۔ خلل پڑنا۔ رخنہ۔
İhtilâm	اِحتلام	ع	مَردوں کا رات کا اخراج۔	خواب میں ناپاک ہونا۔ بدخوابی خواب میں جماع ہونا۔
İhtilâs	اِختلاس	ع	غبن۔ خیانت۔ رشوت ستانی۔	اُچک لے جانا۔
İhtilât	اِختلاط	ع	ہڑبڑی۔ پیچیدگی (بیماری وغیرہ کی) سماجی ربط وضبط یا میل ملاپ۔ دوسروں سے ملنا جلنا۔	ربط۔ ضبط۔ میل جول۔ پیار۔ اخلاص۔ میل ملاپ۔ محبت کی گرم جوشی۔ پھیٹر پھاڑ۔ محبت۔ دوستی۔
İhtimâl	احتمال	ع	امرِ ممکن۔ ممکن ہونا۔ قیاس۔ امکان۔ ممکن۔ اغلب۔ شاید۔ غالباً۔	وہم۔ گمان۔ شک وشبہ۔
İhtimâlat	احتمالات	ع	قیاسات۔ امکانات۔ متوقع ناپسندیدہ باتیں۔	امکانات۔ خدشات۔ جمع احتمال۔
İhtimam	اہتمام	ع	فکر۔ خبرداری۔ پرواہ۔ زحمت کرنا۔ تردد۔ اندیشہ۔	انتظام۔ بندوبست۔ سرانجام کرنا۔ کوشش کرنا۔
İhtimar	اِختمار	ع	تخمیر۔	خمیر اُٹھانا۔
İhtinak	اختناق	ع	گلا گھونٹا جانا یا دم گھوٹنا جانا۔	گلا بند ہو جانا۔ دم گھٹنا۔ حلق میں ورم ہو جانا۔ خناق۔ اختناق الرحم۔
İhtira	اِختراع	ع	ایجاد۔	نئی بات نکالنا۔ ایجاد کرنا۔ ایجاد۔ طبیعت سے نئی بات پیدا کرنا۔
İhtirak	اِحتراق	ع	جلنے کی حالت۔ سوختگی۔ افروختگی۔ کسی سیارہ کا سورج کے پاس جانا۔	جلن۔ سوزش۔ جل جانے کی کیفیت۔ (نجوم) کسی سیارے کا آفتاب کے ساتھ ایک برج میں ہونے کے سبب اس کی شعاعوں میں چھپ جانا۔ گرمی کی شدت۔ جلا ہوا ہونا۔
İhtiram	اِحترام	ع	عزت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ عزت۔ تعظیم۔	حرمت۔ عزت۔ توقیر۔ آؤ بھگت۔ عزت کرنا۔ حرمت کرنا۔
İhtiras	اِحتراس	غ	آگے بڑھنے کی زبردست خواہش۔ شدید آرزو۔ لالچ۔ طمع۔	نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔ نگرانی کرنا۔
İhtiraz	اِحتراز	غ	احتیاط۔ پرہیز۔	کنارہ کشی۔ پرہیز۔ بچاؤ۔ علاحدگی۔
İhtisab/ İhtisap	اِحتساب	ع	سابقہ میں اندرون ملک ایک کسٹم دفتر۔ ایک قسم کا چنگی ٹیکس۔	حساب۔ جانچ۔ پڑتال۔ آزمائش۔ نگرانی۔ ممنوع باتوں سے روکنا۔
İhtisar	اِختصار	ع	مختصر۔ خلاصہ۔ سنکشیپ۔ چھوٹا کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کسی کسر کی تخفیف۔	خلاصہ۔ کوتاہی۔ چھوٹا پن۔ کم کرنا۔ زیادہ کوتاہ کرنا۔ طوالت کی ضد۔
İhtişam	احتشام	ع	شان وشوکت۔ طمطراق۔ جاہ وجلال۔ عظمت۔	شان وشوکت۔ دبدبہ۔ لاؤ لشکر۔ مالک کا صاحب حشمت ہونا۔
İhtiva	احتوا	ع	پکڑنا۔ شامل کرنا۔ اندر سمانا۔	گھیرنا اور جمع کرنا۔
İhtiyac/ İhtiyaç	احتیاج	غ	خواہش۔ انتخاب۔ غربت۔ حاجت۔	حاجت۔ خواہش۔ ضرورت۔ چاہنا۔ حاجت ہونا۔
İhtiyar	اختیار	غ	پسند۔ انتخاب۔ ترجیح۔ چننا۔ ترجیح دینا۔ مستوجب ہونا خرچہ یا پریشانی کے۔ بوڑھا آدمی۔ بوڑھا۔	پسند کرنا۔ چھانٹنا۔ قبول۔ منظور۔ اجازت۔ روا۔ جائز۔ قدرت۔ قبضہ۔ حکومت۔ مداخلت۔ کسی معاملہ پر پورا اختیار۔ اپنے ارادہ سے کام کرنے کی قدرت۔ حق۔ منصب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İhtiyarî	اختیاری	ع	جو لازم نہ ہو۔ مرضی پر۔ رضا کارانہ۔	جو لازم نہ ہو۔ مرضی پر۔
İhtiyat	احتیاط	ع	تدارک۔ پیش بندی۔ بچا کر رکھنا۔ ریزرو (فوج کا بھی)۔	بچنا۔ گناہ سے پرہیز کرنا۔ بری بات سے بچنا۔ بچاؤ۔ ہوشیاری۔ دوراندیشی۔ توجہ۔ روک تھام۔ ضبط۔ حفاظت۔
İhtiyaten	احتیاطاً	ع	احتیاط کے طور پر۔ دوراندیشی سے۔	احتیاط کے طور پر۔ دوراندیشی سے۔ ہوشیاری سے۔ خبرداری سے۔
İhtizar	احتضار	ع	مرنے کے قریب ہونا۔ قریب المرگ۔	حاضر ہونا۔ موت کا آنا۔ شہری ہونا۔
İhtizaz	اہتزاز	ع	تھرتھرانا۔ لہراؤ۔ اِدھر اُدھر تیزی سے ہلنے کا عمل۔	ہلنا۔ جھومنا۔ خوشی سے وجد کرنا۔ ہوا کا چلنا۔ ستارہ کا ڈوبتے وقت چمکنا۔ خوشی۔ خوشحالی۔
İhvan	اخوان	ع	بھائی۔ دوست۔ جمع کا صیغہ برادران۔	جمع اخ کی۔ برادران۔ سگے بھائی۔
İhya	احیاء	ع	زندہ کرنا۔ پھر چلانا۔ تازہ دم کرنا۔ فائدوں سے لاد دینا۔	زندہ کرنا۔ جان ڈال دینا۔ کسی چیز کو دوبارہ رائج کرنے کی کوشش کرنا۔
İhzar	احضار	ع	تیاری۔ حاضر کرانا۔ موجود کرانا۔ سمن۔ طلبی کا حکم نامہ۔	حاضر کرنا۔ کسی چیز کا موجود کر دینا۔ بلانا۔ لانا۔ طلبی کا حکم نامہ۔ گھوڑا دوڑانا۔
İkad	ایقاد	ع	آگ لگانا۔ آگ روشن کرنا۔	آگ روشن کرنا۔ چراغ جلانا۔
İkamet	اقامت	ع	رہائش۔ گھر۔ ایک جگہ قیام کرنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔	قیام۔ قرار۔ سکون۔ وطن۔ مسکن۔ تکبیر۔ نماز با جماعت۔
İkametgâh	اقامت گاہ	ع	مسکن۔ قیام کرنے کی جگہ۔	مسکن۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
İkan	ایقان	ع	یقینیت۔ یقین۔ تحقیق۔ فہمید۔ سمجھ۔	یقین ہونا۔ یقین سے جاننا۔
İkbal	اقبال	ع	خوش نصیبی۔ کامیابی۔ خوش حالی۔ نیک بختی۔ (سابقہ میں) غلام لڑکی جو بادشاہ کی داشتہ بننے والی ہو۔ خواہش۔ آرزو۔	خوش قسمتی۔ عروج۔ خوش حالی۔ ادبار کی ضد۔ زمانے کا موافق ہونا۔ اقرار۔ اعتراف۔ تسلیم۔
İkdam	اقدام	ع	ثابت قدمی۔ استقلال۔ قائم مزاجی۔ سعی۔ کوشش۔ جد و جہد۔	ارتکاب۔ عمل۔ ارادہ۔ قصد۔ پیش قدمی کرنا۔ آگے جانا۔ قدم بڑھانا۔ قدم رکھنا۔ آگے چلنا۔ دلیری کرنا۔
İkdar	اقدار	ع	صاحب قدر کر دینا۔	قدر کی جمع۔ قدریں۔
İklil	اکلیل	ع	تاج۔ کلاہ شاہی۔ مکٹ۔	تاج۔ جواہر کار۔ تاج مرصع۔ جواہرات کا سرپیچ۔ عصا پر مرصع۔
İklim	اقلیم	ع	علاقہ۔ خطہ۔ ملک۔ آب و ہوا۔	ولایت۔ ملک۔
İkmal	اکمال	ع	تکمیل۔ پورا ہونا۔ پورا کرنا۔ ختم کرنا۔	کامل کرنا۔ تمام کرنا۔
İkrah	اکراہ	ع	نفرت۔ کراہیت۔ نفرت کرنا۔ کراہیت کرنا۔	گھن۔ نفرت۔ کراہیت۔ ناخوشی۔
İkram	اکرام	ع	کرم۔ تحفہ۔ بخشش۔ تعظیم و حرمت کا اظہار کرنا (خاص طور سے مہمان کو)۔ قیمتوں میں تخفیف۔ ڈسکاؤنٹ۔ بونس۔ گریجویٹی۔ لاٹری میں انعام۔	بخشش۔ کرم۔ عطا۔ عزت۔ بزرگی۔ تعظیم و تکریم۔
İkrar	اقرار	ع	اقرار۔ قبولیت۔ اقبال۔ بیان۔ اعلانیہ بیان۔ اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔	ہاں۔ ہامی۔ قبول۔ منظور کرنا۔ قول و قرار۔ عہد و پیمان۔ وعدہ کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İkraz	إقراض	ع	قرضہ۔ قرض دینا۔	قرض دینا۔
İksir	إکسیر	ع	آب حیات۔ امرت۔ کوئی بھی جادوئی مادّہ۔ فرحت بخش۔ پارس پتھر۔	رسائن۔ کیمیا۔ وہ شے جو تانبے کو سونا اور رانگے کو چاندی بنا دے۔ نہایت موثر دوا۔ لازمی اثر کرنے والی دوا۔ مفید دوا۔
İkta	اِقطاع	ع	جاگیر جو فوج کا کام کرنے کی بنا پر عطا ہو۔ تعلقہ۔	تیغ قطع کی بمعنی ٹکڑے۔ جاگیریں اور پرگنے۔
İktibas	اِقتباس	ع	کوٹیشن۔ ناول یا ڈرامہ کو حالات کے مطابق ڈھالنا یا بنانا۔ مستعار لینا۔ کوٹیشن کی طرح استعمال کرنا۔	چھانٹنا۔ چننا۔ اخذ کرنا۔ چنا ہوا کلام۔ روشنی لینا۔ نور حاصل کرنا۔ فائدہ حاصل کرنا۔
İktida	اِقتدا	ع	پیچھے چلنا۔ پیروی کرنا۔ ہدایت لینا۔ نقل کرنا۔	پیروی کرنا۔ امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔
İktidar	اِقتدار	ع	قابلیت۔ صلاحیت۔ طاقت۔ کام کو کرنے کے قابل ہونا۔	صاحب قدر۔ طاقتور ہونا۔ زور۔ طاقت۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔ اختیار۔ حکومت۔ مرتبہ۔ مقدرت۔
İktifa	اِکتفا	ع	مطمئن ہونا۔ قانع ہونا۔ خوش رہنا۔ اطمینان کرنا۔	کفایت کرنا۔ کافی سمجھنا۔ قناعت کرنا۔ بس کرنا۔
İktiran	اِقتران	ع	سیاروں کا اجتماع۔ پہنچ۔ نزدیک آنا۔ قریب پہنچنا۔	نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔ نزدیکی۔
İktisa	اِکتساء	ع	کپڑے پہننا۔ کپڑے پہنانا۔	کپڑے پہنانا۔
İktisab/ İktisap	اِکتساب	ع	کسی چیز کو حاصل کرنا۔ حصول۔ حاصل کرنے کا عمل۔	کمانا۔ ذاتی محنت سے حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔ کام اختیار کرانا۔ ایکوائر کرنا۔
İktisad/ İktisat	اِقتصاد	ع	کفایت شعاری۔ عمدہ انتظام۔ سیاسی قاعدہ انتظام۔ پولیٹکل ایکانومی۔ کم خرچی یا کفایت شعاری کرنا۔ دولت کی پیداوار، تقسیم و خرچ سے متعلق سائنس۔	میانہ روی۔ کفایت شعاری۔ اعتدال سے کام لینا۔ میانہ روی اختیار کرنا۔
İktisadî	اِقتصادی	ع	اقتصاد سے متعلق۔ اقتصادی۔	مالی۔ معاشی۔ اقتصاد سے متعلق۔ اقتصادی۔
İktisadiyat	اِقتصادیات	ع	معاشیات کا علم۔ علم معاشیات۔	علم معاشیات۔ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔
İktiza	اِقتضا	ع	ضرورت۔ احتیاج۔ طلب۔ مانگ۔	لازمہ۔ ضرورت۔ تقاضہ۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔
İlâ	اِلا	ع	تک۔ کی طرف۔ جب تک۔	نہیں تو۔ صرف۔ رفع شرط۔ حرف استثنا۔ کو۔ تک۔
İlâc/İlâç	علاج	ع	دوا۔ چارہ۔ تدبیر۔	چارہ۔ اپائے۔ تدبیر۔ درتی۔ بیماریوں کی دوا۔ دارو۔ معالجہ۔ سزا۔ پاداش۔
İlâh	اِلٰہ۔ اللہ	ع	خدا۔ خداوند تعالیٰ۔	خدا۔ معبود۔ اے خدا۔ الٰہی۔ واہ واہ۔ آہ۔ آہا۔ اوہا۔
İlâhî	اِلٰہی	ع	خدائی۔ رحمانی۔ اُولیٰ تر۔ آسمانی۔	رحمانی۔ خدائی۔ اے خدا۔ اے میرے اللہ۔ اے میرے خدا۔
İlahiyât	الٰہیات	ع	دینیات۔	فلسفہ حکمت۔ علم الٰہی۔ وہ علم جس میں خدا کے وجود اور صفات سے بحث کی جاتی ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İlâm	اعلام	ع	حکم سزا۔ عدالتی۔ سرکاری فیصلہ۔ سرکاری طور سے نوٹی فائی کرنا (مشتہری یا اعلان کرنا)۔	پروانہ۔ نوٹس۔ خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ جتلانا۔
İlân	اعلان	ع	نوٹس۔ گھوشنا۔ اشتہار۔ اعلان۔ منادی۔	ڈھنڈورا پیٹنا۔ ظاہر کرنا۔ شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ نوٹس۔
İlân-ı-harb	اعلانِ حرب	ع	جنگ کا اعلان۔	جنگ کا اعلان۔
İlânat	اعلانات	ع	جمع İlân کی۔ اعلانات۔ اشتہارات۔	گھوشنائیں۔ منادیاں۔ اشتہارات۔ جمع اعلان۔
İlâve	علاوہ	ع	جوڑ۔ تتمہ۔ ضمیمہ۔ عبارت جو خط یا نوشتہ میں بعد کو لکھی گئی۔ شامل کرنا۔ مبالغہ۔ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔	سوا۔ ماسوا۔ اوپر۔ فالتو۔ زیادہ۔ اور بھی۔
İlbas	الباس	ع	پوشاک پہننا۔ ملبس کرنا۔ کپڑے پہنانا۔	کپڑے پہنانا۔ کپڑے پہننا۔
İlel	عِلَل	ع	جمع İllet کی۔ بیماریاں وغیرہ۔	علت کی جمع۔ اسباب۔ امراض۔
İlhad/İlhat	اِلحاد	ع	خدا کو نہ ماننا۔ دہریہ پن۔ گمراہی۔	سیدھے راستے سے کترانا۔ دینِ حق سے پھر جانا۔ ملحد ہو جانا۔
İlhak	اِلحاق	ع	اتصال۔ جوڑ۔ جوڑنا۔ ملانا۔	شامل ہونا۔ ملنا۔ داخل ہونا۔ ایک کو دوسرے سے لگا دینا۔
İlham	اِلہام	ع	وحی۔ دل میں ڈالنا۔ وحی بھیجنا۔	دل پر خدا کی طرف سے کچھ بات ظاہر کرنا۔
İlhan	اِلخان	ت	شہزادہ۔ راج کمار۔ شہنشاہ۔	______
	الحان	ع	______	اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا۔ لے۔ سُر۔ لحن کی جمع۔ گیت۔
İlim	عِلمْ	ع	سائنس۔ جانکاری۔	فن۔ جوہر۔ جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ عملِ تسخیر۔ ہنر۔ دانش۔ عقل۔ آگاہ ہو جانا۔ جاننا۔ واقفیت۔
İlimül-emraz İlmül-emraz	علمُ الامراض	ع	علم تشخیصِ امراض۔ طب نظری۔ بیماریوں کی سائنس۔ پیتھولوجی۔	بیماریوں کا علم۔
İlmi-hukuk	علمُ الحقوق	ع	علم اصول قوانین۔ جیورس پروڈینس۔	علم اصول قانون۔ قانون۔ جیورس پروڈینس۔
İlka	اِلقا	ع	پھینکنا یا ڈالنا۔ سجھاؤ۔ سمجھانا۔ کسی کے دماغ میں خیال یا سجھاؤ رکھنا۔ نفرت کے بیج بونا۔ خطرہ میں ڈالنا۔ کشتی کو سمندر میں اتارنا۔	ڈالنا۔ غیب سے دل میں ڈالنا۔ وہ بات جو خدا دل میں ڈال دے۔
İllâ/İlle	اِلّا	ع	بالضرور۔ مطلقاً۔ سوائے۔ ماسوا۔ بجز۔ خاص طور سے۔ ٹھیک طور سے۔ مگر۔ اگر۔ ایسا نہ ہو۔ ورنہ۔	مگر۔ لیکن۔ بجز۔ سوا۔
İllet	عِلّت	ع	بیماری۔ مرض۔ خامی۔ سبب۔ وجہ۔	بیماری۔ دکھ۔ روگ۔ وجہ۔ باعث۔ خراب اور ناکارہ چیز۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ عادتِ بد۔ لت۔ عیب۔ نقص۔ الزام۔ بہتان۔ کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔
İlliyin	علّیّین	ع	بہشت۔ اعلیٰ ترین جنت۔	بہشت کا نام۔ آٹھواں آسمان۔ جنت کے اونچے مکان یا اس کی کھڑکیاں۔ علیہ کی جمع۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İlmî	علمی	ع	سائنٹفک۔ علم سے متعلق۔	علم سے منسوب۔ علم سے متعلق۔
İltibas	التباس	ع	کسی لفظ یا جملہ کا ایک دوسرے سے اشتباہ یا دھوکا۔	یکسانیت کے سبب شبہ پڑنا۔ ہم شکل ہونا۔ مشکوک ہونا۔ ابہام وتجنیس۔
İltica	التجا	ع	پناہ لینا۔ پناہ مانگنا۔ حوالگی۔ سپردگی۔	منت سماجت۔ عاجزی۔ عرض۔ آرزو۔ تمنا۔ گذارش۔ درخواست۔ آرزو کرنا۔
İltifat	التفات	ع	خوش اطوار یا رحمدلانہ برتاؤ۔ شفقت۔ کرم۔ عنایت۔ عنایت کرنا۔ مہربانی کرنا۔	خیال۔ دھیان۔ توجہ۔ مہربانی۔ رغبت۔ دھیان۔ عرض۔ التجا۔
İltihab	التہاب	ع	سوزش۔ جلن۔	شعلہ بھڑکنا۔ آگ مشتعل ہونا۔
İltima	التماع	ع	چمکنا۔ کوندنا۔ بھڑکنا۔	چمکنا۔ روشن کرنا۔
İltimas	التماس	ع	درخواست۔ عرض۔ التجا۔ سفارش۔ استدعا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ سفارش کرنا۔ طرفداری۔ پاسداری۔ اپنے کسی آدمی کی مدد کرنا۔	گذارش۔ عرض۔ درخواست۔ التجا۔
İltisak	التساق / التصاق	ع	الحاق۔ اتصال۔ ملاپ۔ جوڑ۔ لگاؤ۔ چسپیدگی۔	ایک چیز کا دوسری چیز سے چپکنا۔ چمٹنا۔ چپکنا۔
İltiva	التوا	ع	موڑ دار کیا گیا۔ لچھا کیا گیا۔ لپیٹا گیا۔ دریا کا گھماؤ دے کر بہنا۔ اینٹھنا یا بٹنا۔ (ارضیات) زمین کی پرتیں بننے کا عمل۔	آئندہ پر اٹھائے رکھنا۔ ٹال دینا۔ ملتوی کرنا۔ لپٹنا۔
İltiyam	التیام	ع	زخم کا بھرنا یا ٹھیک ہونا۔ اندمال۔ بھراؤ۔ زخم کا صحت یاب ہونا۔	زخم بھرنا۔ گھاؤ کا بھرنا۔ میل ملاپ۔ تندرست ہونا۔ ملانا۔
İltizam	التزام	ع	کسی کے مفاد کی دیکھ ریکھ کرنا۔ سرکاری آمدنی کے کسی حصہ کا ٹھیکہ دے دینا۔ حصہ لینا۔ ترجیح۔ طرفداری۔ قائم رکھنا۔	لازم پکڑنا۔ کسی بات کو لازم کر لینا۔ ضروری قرار دینا۔ گردن پر مارنا۔
İlzam	الزام	ع	جواب نہ بن سکنے کی حالت میں لے آنا۔ بحث مباحثہ سے خاموش کرنا۔	لازم کرنا۔ سرمنڈھی بات۔ کسی چیز کا اپنے اوپر لازم کر لینا یا دوسرے پر لازم کر دینا۔
İma	ایماء	ع	اشارہ۔ اشارہ۔ کنایہ کرنا۔ ذریعہ سے سمجھانا۔ سمجھانا۔ حوالہ۔ ایک قسم کی جنگلی بکری۔	اشارہ کرنا۔ اشارہ۔
İmale	امالہ	ع	جھکنا یا راغب ہونا۔ عروض کے مقصد سے حرف علت کو لمبا کرنا۔	مائل کرنا۔ علم صرف کی اصطلاح میں الف یا ہائے ہوز کو "ے" سے بدلنا جیسے لڑکا سے لڑکے۔ بندہ سے بندے۔ میل دینا۔ زیر کو زبر بنانا۔
İmam	امام	ع	عبادت میں پیشوائی کرنے والا۔ مذہبی پیشوا۔ جماعت سے نماز پڑھانے والا۔ بعض اسلامی ممالک میں ملک کا صدر۔ امام۔	جماعت سے نماز پڑھانے والا۔ پیشوا۔ بادشاہ۔ تسبیح کے دانوں کے اوپر کا لمبا دانہ۔ ہادی۔ معماروں کی ڈوری جس سے دیوار کی کجی نکالتے ہیں۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İmamet	إمامت	ع	امام کی عہدہ اور اس کا پیشہ۔	پیشوائی۔ جماعت سے نماز پڑھانے کا کام۔ امام کا کام۔ رہبری۔ رہنمائی۔
İmamzade	امام زادہ	ع	امام کا بیٹا۔	امام کا بیٹا۔ امام کا فرزند۔
İman	ایمان	ع	اعتقاد۔ عقیدہ۔ مذہب۔ یقین۔	دل سے خدا پر یقین لانا۔ عقیدہ، مذہب۔ ماننا۔ بے خوفی۔ امان۔ دیانت۔
İm'an	إمعان	ع	جانچ۔ تفتیش۔ امتحان۔ تحقیقات۔	گہری نظر۔ غور و فکر۔ خوب سوچنا۔ تیز فہمی۔
İmaret	إمارت	ع	خوشحالی۔ غریب لوگوں کا کھانا تقسیم کرنے کا باورچی خانہ۔	دولت مندی۔ سرداری۔ حکومت۔ امیری۔
İmbisat/ İnbisat	إنبساط	ع	بڑھانا۔ وسیع کرنا۔ وسیع ہونے یا پھیلنے کا عمل۔ خوشی کھولنا۔ آرام سے ہونا۔	خوشی۔ کھلنا۔ پھیلنا۔ شادمانی۔
İmdad/ İmdat	إمداد	ع	مدد۔ تعاون۔ فوجی ملک۔	مدد کرنا۔ حمایت۔ اعانت۔ سہارا۔ سلوک۔
İmhal	إمہال	ع	التوا کرنا۔ دیر کرنا۔ ملتوی کرنا۔ التوا۔	فرصت دینا۔ تاخیر کرنا۔ دیر کرنا۔ نرمی۔ آہستگی۔
İmkân	إمکان	ع	احتمال۔ امر ممکن۔ ممکن ہونا۔ ہو سکنا۔	طاقت۔ مجال۔ مقدور۔ قابو۔ اختیار۔ ہو سکنا۔ ممکن ہونا۔
İmlâ	إملا	ع	بھرنا۔ ہجے کرنا۔ ہجے۔ پُر کرنا۔ قواعد کا وہ حصہ جس میں حروف اور ہجے یا املا کے صحیح قائدے بیان کیے جائیں۔ الفاظ کو لکھنے میں قبول شدہ حرف کا قالب۔	پُر کرنا۔ یاد پر کوئی چیز لکھوانا۔ رسم الخط لکھوانا۔
İmrar	إمرار	ع	وقت وغیرہ کا گذارنا۔	گذارنا۔ کسی چیز کو کسی مقام سے پھندانا۔ عہد مضبوط کرنا۔
İmsak	إمساک	ع	روزہ رکھنا۔ پرہیز کرنا۔ اپنے کو باز رکھنا۔ پرہیز۔ ہر روز روزہ شروع ہونے کا وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھنا۔	بند کرنا۔ روکنا۔ بخل کرنا۔ کنجوسی۔ رکاوٹ۔ قبض۔ روک۔ دیر کی۔ دیر سے انزال ہونا۔ خشک سالی۔ کھینچ۔
İmtidad/ İmtidat	امتداد	ع	کشادگی۔ درازی۔ بڑھاؤ۔ کھینچنا۔ طوالت۔ طول دینا۔	درازی۔ طوالت۔ لمبائی۔ مدت۔
İmtihan	امتحان	ع	جانچ۔ آزمائش۔ آزمانا۔ آزمائش کرنا۔ شاگرد وغیرہ کی آزمائش کرنا یا امتحان لینا۔	جانچ۔ پڑتال۔ آزمائش میں پورا اترنا۔ کامیاب ہونا۔
İmtilâ	امتلا	ع	پورا بھرا ہوا۔ بھرپور۔ بھرپوری۔ انجماد خون۔ بھرپوری کرنا۔	پیٹ بھرنا۔ پیٹ کی ایک بیماری جو ہاضمہ کی خرابی سے ہوتی ہے۔ پُر ہونا۔ معدے کا غذا سے پُر ہونا۔ جی متلانا۔ ابکائی۔ بھرا ہوا۔ چھلک جانا۔
İmtina	امتناع	ع	انکار۔ باز رکھنا۔ گریز۔ انکار کرنا۔	روکنا۔ منع کرنا۔ منادی۔ ممانعت۔ باز ہونا۔
İmtinan	امتنان	ع	احسان کے نیچے ہونا۔	احسان رکھنا۔ احسان کرنا۔ نعمت دینا۔
İmtisal	امتثال	ع	قاعدہ ضابطہ کو ماننا۔ کسی مثال کی تقلید کرنا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ موافق کرنا۔ قبول کرنا۔	حکم ماننا۔ تعمیل حکم۔ داستان کہنا۔ تصور کرنا۔ کسی کی پیروی کرنا۔ خون کا بدلہ لینا۔ کسی سے مثل بیان کرنا۔
İmtisas	امتصاص	ع	چوسنے والا۔ جذب کیا جانا۔ جذبیت۔	چوسنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İmtiyaz	امتیاز	ع	فوقیت۔ فرق۔ سرفرازی۔ استحقاق۔ اختیار۔ رعایت۔ اختیار خودانتظامی۔ خودمختاری۔ ڈپلوما۔ سندِ امتیاز۔	فرق۔ تمیز۔ ترجیح۔ تفریق۔ سمجھ شعور۔ فرق کرنا۔ تمیز کرنا۔
İmtizac/ İmtizaç	امتزاج	ع	ملانا۔ ایک دوسرے میں فٹ ہونا۔ ایک دوسرے سے اچھی طرح نبھانا۔ ملاوٹ۔	ملاوٹ۔ آمیزش۔ ہم آہنگی۔
İmza	امضا	ع	دستخط۔	سرکاری مہر۔ دستخط۔ نشان۔ حکم جاری کرنا۔
İnabe	انابت	ع	نائب یا ڈپٹی کی تقرری۔ کسی مذہبی برادری میں داخلہ۔	خدا کی طرف رجوع کرنا۔ توبہ۔ عاجزی۔
İnad/İnat	عناد	ع	ضد۔ ضد کرنا۔ اصرار۔	اصرار۔ ہٹ۔ ضد۔ دشمنی۔ لڑائی۔ سرکشی۔ کینہ۔ نفاق۔
İna'm	انعام	ع	کرم کرنا۔ عنایت کرنا۔ مہربانی کرنا۔	کارگزاری کا صلہ۔
İnas	اناث	ع	عورتیں۔ مادائیں۔	جمع انثیٰ کی بمعنی مادہ۔ عورتیں۔
İnayet	عنایت	ع	مہربانی۔ عنایت۔ طرفداری۔ دیکھ بھال۔ کوشش۔ کرم۔	لطف۔ مہربانی۔ توجہ۔ التفات۔ تحفہ۔ عطیہ۔
İnbisat	انبساط	ع	پھیلنے یا وسیع ہونے کا عمل۔ خوشی۔	خوشی۔ کھلنا۔ پھیلنا۔ شادمانی۔
İncaz	انجاز	ع	وعدہ کا وفا کرنا۔ درخواست کی انجام دہی۔	وعدہ کا وفا کرنا۔ کسی کے مطلب کو روا کرنا۔
İncil	انجیل	ع	خوش خبری۔ مژدہ۔ عیسائیوں کی مذہبی کتاب انجیل۔	مژدہ۔ خوش خبری۔ عیسائیوں کی مقدس کتاب۔
İncilâ	انجلا	ع	چمک دمک۔ آبداری۔ ظہور۔ افشا۔ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔	روشن ہونا۔ صاف ہونا۔ ابر کا کھل جانا۔ غم دور ہونا۔ بے وطن ہونا۔
İncimad	انجماد	ع	جمایا ہوا۔ منجمد کیا ہوا۔ ٹھوس کیا ہوا۔ جمانا۔ منجمد کیا جانا۔	جمنا۔ ٹھوس ہونا۔
İncir	انجیر	ع	انجیر۔	انجیر۔
İncizab/ İncizap	انجذاب	ع	قوتِ کشش۔ کھینچا جانا۔ گرویدہ کیا جانا۔ مائل کیا جانا۔ فریفتہ کیا جانا۔ جذب کیا جانا۔	جذب کرنا یا ہونا۔ کسی چیز یا کسی شخص کی طرف کھنچ جانا۔ تیز چلنا۔
İnd	عند	ع	سائڈ۔ طرف۔ رائے۔	نزدیک۔ پاس۔ قریب۔ سامنے۔ آگے۔ تقریباً۔
İndifa	اندفاع	ع	جوالا مکھی کا پھٹنا۔ پھٹنا۔	دور ہونا۔ دفع ہونا۔
İndiras	اندراس	ع	ویرانہ۔ کھنڈر۔ پامالی۔	پرانا ہونا۔ کہنگی۔
İnfak	انفاق	ع	دوسروں کو اپنے خرچ پر رکھنا۔ خرچ اٹھانا۔	روزی دینا۔ خرچ کرنا۔
İnfaz	انفاذ	ع	حکم کی تعمیل۔ حکم کو بجالانا۔ حکم پر عمل آوری۔ بات کو پورا کرنا۔	جاری کرنا۔ رواں کرنا۔ بھیجنا۔ رواں ہونا۔
İnfial	انفعال	ع	غصہ۔ غضب۔ تکلیف۔ ایذا۔ پریشان کیا جانا یا غصہ میں ہونا۔	شرمندہ ہونا۔ شرمندگی۔ الگ ہونا۔ جدا ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İnficar	انفجار	ع	پھٹنا۔ پو پھٹنا۔ ریشم کے کیڑوں کا انڈے نیچے سہنا اور بچے نکالنا۔	چشمہ پھوٹ کر بہنا۔ پھوڑے پیپ کا جاری ہونا۔ رسنا۔
İnfıkâk	انفکاک	ع	علاحدگی۔ جدائی۔ سرکاری ملازم کا اپنی پوسٹ کو چھوڑنا۔	آپس میں جدا ہونا۔ الگ الگ ہونا۔ جدا ہونا۔
İnfirad/ İnfirat	انفراد	ع	تنہائی۔ اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا۔ الگ کیا جانا۔ تنہا کیا جانا۔ علاحدگی۔	تنہا ہونا۔ اکیلا ہونا۔
İnfisah	انفساخ	ع	فسخ ہونا۔ ٹوٹنا۔ رد ہونا۔ اسمبلی کا برخواست ہونا۔ معدومیت۔ برخاستگی۔	فسخ ہونا۔ ٹوٹ جانا۔ طے پانا۔
İnfisal	انفصال	ع	علاحدگی۔ کسی عہدہ سے استعفیٰ دینا۔ الگ یا علاحدہ کیا جانا۔ جدا کیا جانا۔ نوکری سے نکال دیا جانا یا ریٹائر کیا جانا۔ دور چلا جانا۔ الگ ہو جانا۔	جدا ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ طے پانا۔
İngiliz	انگلش	ت	انگلینڈ سے متعلق۔ انگریز۔ انگلینڈ کا سکہ۔ پونڈ اسٹرلنگ۔	انگلستان کا۔ انگلستان سے منسوب۔ انگریزی زبان۔
İnha	انہا	ع	کسی اہلکار کی تقرری یا ترقی کے بارے میں اعلیٰ افسر کو سرکاری مراسلہ۔	خبر دینا۔ خبر پہنچانا۔
İnhidam	انہدام	ع	نیچے گرانا۔ گرایا جانا۔ تہس نہس کیا جانا۔ ڈھایا جانا۔ عمارت کا گر جانا۔	ڈھانا۔ گرانا۔ مسمار کرنا۔ بربادی۔ ڈھ جانا۔ ڈھا دینا۔
İnhilâl	انحلال	ع	نابود کیا جانا۔ حل کیا ہوا۔ تحلیل کیا ہوا۔ تحلیل کیا جانا۔ بکھرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ سڑا ہوا۔ باطل ہو جانا۔ کپڑے کا گھس جانا۔ سرکاری عہدہ کا کھلنا۔	کسی مرکب شے کے عناصر ترکیبی کا الگ الگ ہونا۔
İnhimak	انہماک	ع	دھت۔ کسی چیز کی بری عادت۔ اپنے آپ کو سپرد کر دینا۔ کسی چیز کے لیے کمزوری ہونا۔	مصروفیت۔ محویت۔ انتہائی مشغولیت
İnhina	انحنا	ع	ٹیڑھا یا جھکایا ہوا ہونا۔ بے عزتی۔ خواری۔ بے قدری۔ ذلت۔	خم ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔ کبڑا ہونا۔
İnhiraf	انحراف	ع	گمراہی۔ بھٹکاؤ۔ تجاوز۔ بھٹکنا۔ تبدیل کیا جانا۔	پھر جانا۔ برخلاف ہونا۔ انکار۔ مخالفت۔ نافرمانی۔ حکم عدولی کرنا۔
İnhisar	انحصار	ع	اجارہ۔ پابندی۔ تعین۔ حد۔ اجارہ لینا۔ پابند کیا جانا۔	منحصر ہونا۔ گھیرنا۔ محصور ہونا۔ سمانا۔ موقوف ہونا۔ گھیر لینا۔ کسی چیز میں سمانا۔
İnhitat	انحطاط	ع	کم قدری۔ ابتری۔ تنزلی۔	کم ہونا۔ گھٹنا۔ کمی۔ گھٹاؤ۔ تنزل۔ نیچے اترنا۔
İnhizam	انہزام	ع	شکست۔ فوج کی شکست۔ منتشر ہونا۔	لشکر کا شکست کھانا۔ تتر بتر ہونا۔ بھگدڑ پڑنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İn'ikad/ İn'ikat	انعقاد	ع	معاہدہ کا آخری فیصلہ۔ اسمبلی وغیرہ کا قیام۔ تمام کیا جانا۔ قائم کیا جانا۔ جمع کیا جانا۔	مجتمع ہونا۔ منعقد ہونا۔ بندھنا۔ قیام بست ہونا۔ عقد۔
İnkâs	انعکاس	ع	عکس۔ پرتو۔	عکس جھلکنا۔ اُلٹنا۔ سایہ۔ عکس۔
İn'itaf	انعطاف	ع	موڑ۔ جھکاؤ۔ موڑ دینا۔ سیدھے راستے سے موڑ دینا۔ گمراہ کرنا۔ گمراہی۔	لوٹنا۔ جھکنا۔ پھرنا۔ میلان۔ واپس ہونا۔
İnkâr	انکار	ع	نہ ماننا۔ نامنظوری۔ ناپسندی۔	نا ماننا۔ اقرار نہ کرنا۔ انحراف۔ مخالفت۔
İnkıbaz	انقباض	ع	قبض۔	قبض۔ سکڑنا۔ کھینچنا۔ رُکنا۔ بستگی۔
İnkılâb/ İnkılâp	انقلاب	ع	بنیادی تبدیلی۔ شدید تغیر۔ کایا پلٹ۔	زمانہ کی اُلٹ پلٹ۔ الٹا ہونا۔ گردش۔ تغیر و تبدل۔ پرانے سیاسی یا معاشی نظام کی جگہ نئے نظام کا نفاذ۔
İnkıraz	انقراض	ع	کسی خاندان یا نسل کا زوال یا معدومیت۔	مدت پوری ہونا۔ کٹا ہوا ہونا۔ قطع ہونا۔
İnkısam	انقسام	ع	تقسیم کیا ہوا۔ تقسیم کرنا۔ منقسم۔	حصہ حصہ ہونا۔ منقسم ہونا۔ بٹوارہ۔ بٹا ہونا۔
İnkıta	انقطاع	ع	موقوفی۔ التوا۔ روک۔ ٹھہراؤ۔	کٹ جانا۔ منقطع ہو جانا۔
İnkıyad	انقیاد	ع	تابعداری۔ اطاعت۔ فرمانبرداری۔	تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ فرمانبرداری۔
İnkıza	انقضا	ع	مدت کا ختم ہونا۔ انت۔ اختتام۔	مدت پوری ہونا۔ گذرنا۔ تکمیل۔ اختتام۔
İnkisar	انکسار	ع	ٹوٹنا۔ لعنت۔ شعاع کا جھکاؤ۔ توڑنا۔ اذیت۔ پریشانی۔ تکلیف۔ کوسنا۔ پریشان کیا جانا۔ منتشر کیا جانا۔	عاجزی۔ فروتنی۔ خاکساری۔ ٹوٹ جانا۔ شکست۔
İnkişaf	انکشاف	ع	دریافت کیا جانا۔ ظاہر ہونا۔ ترقی۔ ترقی کرنا۔	کھولنا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔
İnsaf	انصاف	ع	عدل۔ راستی۔ درستی۔ ایمانداری۔	عدل۔ داد۔ دو ٹکڑے کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
İnsan	انسان	ع	انسان۔ آدمی۔ نیک آدمی۔ سیدھا سچا۔ دردمند۔ مہربان۔	بشر۔ آدمی۔ محبت رکھنے والا۔ اخلاق سے آراستہ۔ آنکھ کی پتلی۔ مردم۔
İnsaniyet	انسانیت	ع	نسل انسانی۔ رحم دلی۔ آدمیت۔	آدمیت۔ بھل مانس پن۔ بشریت۔ تمیز۔ شعور۔
İnsıraf	انصراف	ع	قابل تصریف۔ تصریف پذیر۔ (قواعد) گردان۔ بدلنے کے لائق۔ پھیرنے یا بدلنے کے لائق۔	پھرآنا۔ واپس آنا۔ لوٹ آنا۔
İnsidad	انسداد	ع	بند کرنا۔ روک دینا۔ ہلاک کر دینا۔	بند کر دینا۔ روک تھام۔ بندش۔ روکنے کا بندوبست۔
İnşa	انشا	ع	بناوٹ۔ ساخت۔ تعمیر۔ تخلیق۔ تصنیف۔ اچھے خطوط لکھنے کے لیے ماڈل خطوط کی کتاب۔ بنانا۔ تعمیر کرنا۔	عبارت لکھنا۔ کوئی بات دل سے پیدا کرنا۔ تحریر۔ عبارت۔ طرز۔ وہ کتاب جس میں خط وکتابت کے قواعد اور خطوط لکھے ہوں۔
İnşad/ İnşat	انشاد	ع	اونچی آواز سے توجہ مرکوز کرنے والے طریقہ سے کسی ادبی پارچہ کو پڑھنا۔ ذکر۔ بیان۔ درس۔ اسکول میں بار بار دہرانا۔ سنانا۔	شعر پڑھنا۔ شعر خوانی۔
İnşallah	انشاءاللہ	ع	اگر خدا نے چاہا۔ میں امید کرتا ہوں۔ یہ	اگر خدا نے چاہا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			امید کی جاتی ہے۔	
İnşikak	انشقاق	ع	ٹوٹنا یا کریک ہونا۔	شق ہونا۔ تڑخنا۔ ٹوٹ کر الگ ہونا۔
İnşirah	انشراح	ع	خوشی۔ زندہ دلی۔ شادمانی۔ فرصت۔ راحت۔	دل کا کھلنا۔ کھلنا۔ کشادہ دلی۔ واضح ہونا۔
İntak	انطاق	ع	تقریر کرنا۔ بولنا۔ آدمی کو خدا کی طرف سے قوتِ گویائی عطا کیا جانا۔	بات۔ بات کرنا۔
İntıba	انطباع	ع	نقش۔ اثر طبع۔ احساس۔	نقش ہونا۔ طبع ہونا۔ چھپنا۔ چھپ جانا۔
İntıbak	انطباق	ع	مطابقت۔ موافقت۔ میل۔ موافق۔ مناسب حال کیا جانا۔ لے لینا۔ ٹھیک کرنا۔ اختیار کر لینا۔ ترتیب۔	جڑنا۔ باہم ملانا۔ منطبق ہونا۔ اصل ہونا۔ آپس میں ملنا۔
İntıfa	انطفاء	ع	آگ کا بجھنا۔ آگ کا بجھایا جانا۔	آگ یا چراغ کا بجھ جانا۔ بجھ جانا۔ نفی ہونا۔ کھو جانا۔ نہ ہونا۔ افسردہ ہونا۔
İntibah	انتباہ	ع	خبرداری۔ چوکسی۔ بیداری۔	آگاہی۔ خبردار ہونا۔ خبردار کرنا۔
İntifa	انتفاع	ع	فائدہ۔ نفع۔ تصرفِ جائداد بلا مجازِ انتقال۔ فائدہ اٹھانا۔	منافع۔ فائدہ۔ فائدہ اٹھانا۔ نفع پانا۔ آمدنی۔ حاصل۔
İntiha	انتہا	ع	آخر۔ حد۔ لمٹ۔	حد۔ آخیر۔ سرا۔ خاتمہ۔ انجام۔
İntihai	انتہائی	ع	آخری۔ غایت درجہ۔	آخری۔ غایت درجہ۔
İntihab/ İntihap	انتخاب	ع	پسند۔ پسندیدگی۔ چناؤ۔ ترجیح۔	چھانٹنا۔ چننا۔ پسند کرنا۔ چناؤ۔
İntihabat	انتخابات	ع	جمع Intihab کی۔ چناؤ۔ الیکشن	جمع انتخاب کی۔ چناؤ۔ الیکشن۔
İntihal	انتحال	ع	ادب کی چوری۔ عبارت کا سرقہ۔	کسی کے شعر یا سخن کو اپنے نام سے ظاہر کرنا۔
İntikad/ İntikat	انتقاد	ع	ادبی تنقید۔	تبصرہ۔ ریویو۔ تبصرہ کرنا۔ تنقید کرنا۔ پرکھنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقد لینا۔
İntikal	انتقال	ع	ایک مقام سے دوسرے مقام کو نقل کرنا۔ وراثت یا خریداری سے جائداد کی منتقلی۔ دوسری دنیا کو چلا جانا۔ مرجانا۔ بات چیت میں موضوع بدل دینا۔ حس۔ ادراک۔ خیال۔ سمجھ۔	مقام تبدیل کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا۔ بدلی۔ موت۔ وفات۔
İntikam	انتقام	ع	بدلہ۔	بدلہ۔ عوض۔ پاداش۔ غصہ نکالنا۔
İntisab	انتساب	ع	نسبت۔ رشتہ۔ تعلق۔ کسی سیاسی پارٹی وغیرہ میں شامل ہونا۔ کسی کیریر میں داخل ہونا۔ داخل ہونا۔ باندھنا۔ بندھا ہونا۔ کسی کام میں لگ کر آوارہ گردی چھوڑ دینا۔ منسوب کرنا۔	لگاؤ۔ نسبت دینا۔ واسطہ۔ تعلق۔ لگاؤ کرنا۔ رشتہ۔ منسوب کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İntişar	انتشار	ع	پھیلاؤ۔ پھیلانا۔ اشاعت۔ نکلنا۔	پراگندگی۔ تتر بتر ہونا۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ تردد۔ فکر۔ شہوت۔
İntizam	انتظام	ع	باقاعدگی۔ باضابطگی۔ ضابطہ۔ دستور۔ بندوبست۔ ترتیب۔ اہتمام۔ نظم ونسق۔	بندوبست۔ ضابطہ۔ اہتمام۔ ترتیب۔ آراستگی۔ قاعدہ۔
İntizar	انتظار	ع	توقع۔ امید۔ (عام زبان میں) گالی۔ بددعا۔	امید۔ آسرا۔ راہ دیکھنا۔ آسرا تکنا۔
İnzal	اِنزال	ع	نیچے اتارنا۔ منی کا اخراج۔	منی نکلنا۔ جھڑنا۔ اُترنا۔ اُتارنا۔
İnzibat	انضباط	ع	ڈسپلن۔ ضابطہ۔	ضابطہ۔ آہنگ۔ تعین۔ پختگی۔ مضبوطی۔
İnzabatî	انضباطی	ع	ڈسپلنری۔ نظم ونسق سے متعلق۔ تادیبی۔	نظم ونسق سے متعلق۔ تادیبی۔ ڈسپلنری۔
İnzimam	انضمام	ع	جوڑے جانے کا عمل یا جوڑنا آپس میں ملانا۔	ملنا۔ پیوست ہونا۔ وصل ہونا۔ شمولیت۔ اتصال۔
İnziva	انزوا	ع	گوشہ نشینی۔ گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرنا۔ تنہائی میں ریٹائر ہونا۔	گوشہ نشینی۔ گوشہ میں بیٹھنا۔
İpnotizma/ Hipnotizma	ہپناٹزم	یونانی	تلقین کے ذریعہ دوسرے کو سُلا دینا اور نیند کے دوران کے خاص حالات۔	وہ خواب کی حالت جو مصنوعی طور سے پیدا کی گئی ہو۔ عمل تنویم۔ عمل توجہ۔ مسمریزم۔
İpotez	ہائپو تھیسز	یونانی	فرض۔ قیاس۔ مانا گیا۔ فرض کیا گیا۔	فرض۔ قیاس۔ دعویٰ۔
İrab	اِعراب	ع	عربی لفظ کی تصریف۔ عربی لفظ کے حروف کی حرکات ظاہر کرنے والی علامتیں۔	زیر، زبر اور پیش کی علامتیں۔ حروف کی حرکات ظاہر کرنے والی علامتیں۔ واضح اور روشن کرنا۔
İrade	اِرادہ	ع	قوت ارادی۔ حکم۔ فرمان۔ کسی کام کو کرنے یا نہ کرنے کا اظہار۔ کرنے والی اندرونی قوت۔ خواہش۔	قصد۔ عزم۔ منصوبہ۔ منشا۔ مرضی۔ خواہش۔ ایچھا۔
İradî	اِرادی	ع	رضاکارانہ۔ اختیاری۔	اختیاری۔ ارادہ سے متعلق۔
İrak	عِراق	ع	ملک عراق۔	عراق۔
İran	اِیران	ع	ملک ایران۔ فارس۔	ایران۔
İranî	اِیرانی	ع	فارسی زبان۔	فارسی زبان۔ ایران کی۔
İrca	اِرجاع	ع	واپس بھیجنا۔ واپس بھجوانا۔ واپس کرنا۔ منسوب کرنا۔ حوالہ کرنا۔	رجوع کرنا۔ رجوع کرانا۔ متوجہ کرانا۔ واگزار کرنا۔ رجعت۔
İrem	اِرم	ع	جنت کا باغ۔ سعودی عرب میں ایک حکایتی باغ۔	عاد کی بنائی ہوئی جنت کا نام۔ بہشت۔ جنت۔
İrfan	عِرفان	ع	علم۔ تہذیب۔ روحانی علم۔ جانکاری۔ شائستگی۔	خداشناسی۔ حق تعالیٰ کی معرفت۔ شائستگی۔ پہچان۔ شرم وحیا۔ پہچاننا۔ تمیز۔ علم۔
İrs	اِرث	ع	ترکہ۔ میراث۔ وراثت میں ملی۔ ترکہ سے۔ وراثت سے۔	میراث۔ ترکہ۔ وہ مال جو کسی کے مرنے کے بعد اس کے وارثان کو ملے۔
İrsal	اِرسال	ع	بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ بھیجنے کا عمل۔	بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ روانگی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İrşad	إرشاد	ع	صحیح راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔ گائیڈ کرنا۔ تربیت۔ تعلیم۔ ہدایت کرنا۔ مبتدی کو شروع کرانا۔ صلاح مشورہ کے ساتھ رہنمائی کرنا۔	ہدایت۔ علم۔ آ گیا۔ صحیح راہ بتلانا۔
İrtibat	إرتباط	ع	تعلق۔ رشتہ۔ رابطہ۔ (فوجی) اطلاع رسانی۔	ربط و ضبط۔ میل ملاپ۔ دوستی۔ راہ و رسم۔ تعلق۔ آشنائی۔ محبت۔
İrtica	إرتجا	ع	پیچھے لوٹنا۔ واپس ہونا۔ سیاسی ردِ عمل۔ سابقہ کی طرف واپس لوٹنا۔	امید رکھنا۔
İrtical	إرتجال	ع	بے ساختہ یا بغیر تیاری کے بولنا۔ برجستہ بولنا۔ برمحل یا برجستہ کلام یا تصنیف۔	جلدی کرنا۔ بغیر سوچے سمجھے جلدی کرنا۔
İrticalen	إرتجالاً	ع	بے ساختہ۔ برمحل۔ برجستہ۔	بے ساختہ۔ فی البدیہہ۔ بے سوچے سمجھے بولنا۔
İrtidad/ İrtidat	إرتداد	ع	ترکِ مذہب۔ الحاد۔ مذہب، پارٹی یا اصولوں سے انحراف۔	مرتد ہو جانا۔ پھر جانا۔ مذہب اسلام چھوڑ دینا۔
İrtifa	إرتفاع	ع	اونچائی۔ بلندی۔ عروج۔	بلندی۔ اونچائی۔ ابھار۔ عروج۔
İrtihal	إرتحال	ع	کوچ کرنا۔ گذر جانا۔ انتقال کرنا۔ دوسری دنیا کو چلا جانا۔ موت۔	کوچ کرنا۔ انتقال کرنا۔ مر جانا۔ رحلت کرنا۔
İrtika	إرتقا	ع	اوپر چڑھنا۔ ترقی کرنا۔ اوپر چڑھنا۔	ترقی کرنا۔ اوپر چڑھنا۔ بتدریج ترقی کرنا۔ بتدریج نشو و نما ہونا۔ بالیدگی۔ عروج۔
İrtikâb/ İrtikâp	إرتکاب	ع	غبن۔ رشوت ستانی۔ ارتکابِ جرم۔ غبن کرنا۔ رشوت لینا۔ جرم کرنا۔ مرتکب ہونا۔	گناہ کرنا۔ جرم کرنا۔ اختیار کرنا۔ عمل کرنا۔
İrtisam	إرتسام	ع	خاکہ۔ نقشہ۔ نقشہ بنایا جانا۔ خاکہ اتارا جانا۔ شبیہ بنایا جانا۔	منقش ہونا۔ تصویر کھینچنا۔ نقش و نگار کرنا۔ نقاشی کرنا۔
İrtişa	إرتشا	ع	رشوت ستانی۔ رشوت لینا۔	رشوت کھانا۔ گھونس کھانا۔
İrva	إروا	ع	پینے کو دینا۔ سینچائی کرنا۔ پانی دینا۔	سیراب کرنا۔ پانی دینا۔ پینے کو دینا۔
İrza	إرضا	ع	منانا۔ راضی کرنا۔ خوش کرنا۔	منانا۔
	إرضاع		بچے کو دودھ پلانا۔	دودھ پلانا۔
İsa	عیسیٰ / عیسا	ع	حضرت عیسیٰ۔ عیسائیوں کا پیغمبر۔	حضرت عیسیٰ۔ عیسائیوں کے پیغمبر جن پر انجیل نازل ہوئی۔ گناہ سے بچانے والا۔
İsabet	إصابت	ع	نشانہ پر مارنا۔ ٹھیک بات کہی گئی یا کی گئی۔ آفرین۔ شاباش۔ بہت خوب۔	ٹھیک بات کہنا۔ صحیح نتیجہ پر پہنچنا۔ رسائی۔ پہنچنا۔
İs'af	إسعاف	ع	کسی درخواست کو منظور کرنا یا مان لینا۔	حاجت روا کر دینا۔ حسب خواہش کسی کام کو کر دینا۔
İsal	إیصال	ع	حاصل کرنا۔ پہنچانا۔	پہنچانا۔ ملانا۔ وصول کرنا۔
İsbat	إثبات	ع	ثبوت۔ تصدیق۔ صداقت۔ ثابت کرنا۔ واضح کرنا۔ پکا کرنا۔	ثبوت۔ اقرار۔ تصدیق۔ قیام۔ بحال۔ دلیل۔ ثابت کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İsberk	آئس برگ	انگریزی	برف کے ٹیلے جو سمندر میں تیرتے ہیں۔ آئس برگ۔	برف کے ٹیلے جو سمندر میں تیرتے ہیں۔
İsevî	عیسوی	ع	عیسائی۔ مسیحی۔	حضرت عیسیٰ سے متعلق۔ وہ سن جو حضرت عیسیٰ کی ولادت سے شروع ہوا۔
İsfenc	اِسفنج / اِسفنجہ	ع	اسفنج۔ اسپنج	اسپنج۔ اسفنج۔ ابر مردہ۔ ایک سمندری مخلوق جس کی بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ اس میں پانی جذب ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً خشک ہو جاتا ہے۔
İsfenks	اِسفنکس	یونانی	ابس فی نکس۔ ایک خیالی جانور جس کا بدن مثل شیر کے اور چہرہ مثل عورت کے ہے اور جس کی ایک پتھر کی شبیہ مصر میں مخروطہ میناروں (پرے پڈس) کے پاس ہے قدیم یونانی قصے کہانیوں کے مطابق گزرنے والوں اور مسافروں سے پہیلیاں پوچھ کر جواب نہ بتا سکنے والے مسافروں کو نگل جانے والا کہاوتی جانور۔	ایک خیالی جانور جس کا بدن مثل شیر کے اور چہرہ مثل عورت کے ہے اور جس کی شبیہ پتھر کی قدیم مورتی کی شکل میں مصر میں مخروطہ میناروں کے پاس نصب ہے۔
İshal	اِسہال	ع	دست۔ مسہل۔ جلاب۔	دست آنا۔ پیٹ چلنا۔ پتلا پاخانہ۔ دست۔
İsim	اِسم	ع	نام۔ ضمیر۔	نام۔ ضمیر۔ وہ کلمہ جس سے جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے۔
İsmi-has	اِسم خاص	ع	اصلی نام۔	اصلی نام۔
İsir	اثر	ع	نشان۔ نقش پا۔ راستہ۔	تاثیر۔ نشان۔ زخم کا داغ۔ کھنڈر۔ کھوج۔ نتیجہ۔ فائدہ۔ سنت نبوی۔ حدیث کی قسموں میں سے ایک قسم۔
İska	اِسقاء	ع	پانی دینا یا سینچائی کرنا۔	پانی یا شراب وغیرہ پلانا۔ پلانا۔
İskân	اِسکان	ع	آباد کرنا۔ آباد ہونا۔ تارک الوطن لوگوں کو بسانا۔	آرام دینا۔ آرام کرنا۔
İskât	اِسقاط	ع	خاموشی۔ خاموش کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ شانت کرنا۔ کہی جانے والی بات یا دیے جانے والے جواب کو نہ چھوڑنا۔	گرانا۔ ڈالنا۔ حمل گرانا۔
İskeç	اِسکیچ	انگریزی	خاکہ۔ نقشہ۔	نقشہ۔ خاکہ۔ تصویر کا خاکہ۔ ڈھانچہ۔ خلاصہ۔ مسودہ۔ مختصر مضمون۔
İskender	اِسکندر	ع	سکندر اعظم۔	سکندر بادشاہ، سکندر اعظم۔
İskoç	اِسکاچ	انگریزی	ایک قسم کی شراب۔ اسکاچ۔	ایک قسم کی شراب۔ اسکاٹ لینڈ کی بولی۔ اسکاٹ لینڈ سے متعلق۔ اسکاٹ لینڈ کا باشندہ۔
İskolâstik	اسکولاسٹک	لاطینی	افلاطون واس سے زیادہ ارسطو کے اثرات کو لے کر کلیسا کی سمجھ کو پیدا کرنے والا۔	درسی، علمی، مکتبی مشاغل سے منسوب۔ خودنما۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			قرونِ وسطٰی میں فلسفہ یا دینی کاموں میں مشغول کوئی بھی۔ عالمانہ۔ آگے بڑھتے ہوئے فیشن کو کرنے والا۔ فلسفہ یا دینی مسائل کے عالمانہ کاموں میں مشغول کوئی بھی شخص۔	
İslâm	اِسلام	ع	مسلمانیت۔ اسلام۔ مسلمان۔	مسلمانوں کا دین۔ گردن جھکانا۔ اطاعت کرنا۔ خدا کے حکم پر آمادہ بہ تعمیل ہونا۔
İslâmiyet	اِسلامیت	ع	مذہب اسلام۔ اسلامی دنیا۔	اسلام مذہب کا علم۔
İsmen	اِسماً	ع	نام سے۔	نام سے۔
İsmet	عِصمت	ع	پاکیزگی۔ پاک دامنی۔ بے گناہی۔ حرمت۔ وقار۔	پاک دامنی۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ بے گناہی۔
İsnad/ İsnat	اِسناد	ع	منسوب کرنا۔ لگاؤ۔ اپنے اوپر لینا۔ تہمت۔ الزام۔ الزام لگانا۔	کسی چیز کو کسی چیز سے نسبت دینا۔ سند دینا۔ سند کی جمع۔
İspirto	اِسپرٹ	اطالوی	اسپرٹ۔ الکوہل۔	اسپرٹ۔
İspitaliya	اَسپتال	اطالوی	اسپتال۔ ہوسپٹل۔ ہسپتال۔	اسپتال۔ ہسپتال۔
İsraf	اِسراف	ع	فضول خرچی۔ بیکار کا خرچہ۔ برباد کرنا۔	صرف۔ خرچ۔ خرچ کرنا۔
İsrafil	اِسرافیل	ع	اُس فرشتے کا نام جو قیامت کے دن صور پھونکیں گا۔	نام اس فرشتے کا جو قیامت کے دن صور پھونکےگا۔
İsrail	اِسرائیل	ع	قوم اسرائیل۔ یہودی لوگ۔ بنی اسرائیل۔ اسرائیلی لوگ۔	رات کو آنے والا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا دوسرا نام کیونکہ آپ رات کو پیدا ہوئے تھے۔ اصل معنی اس کے مقبول خدا۔ بندہ خدا۔ حکومت اسرائیل۔ یہودیوں کے ملک کا نام۔
İstampa	اِسٹامپ	فرانسیسی	اسٹامپ۔ روشنائی کا پیڈ۔	اسٹامپ۔ اِنک پیڈ۔ روشنائی کا پیڈ۔
İstasyon	اِسٹیشن	فرانسیسی	اسٹیشن۔	اسٹیشن۔ اڈہ۔ ٹھکانہ۔ چوکی۔ مستقر۔ قیام گاہ۔ مقام۔
İstatik/ statik	اِسٹےٹِک	یونانی	علم سکونِ اَجسام۔ اسٹےٹِک۔	علم سکونِ اجسام۔ علم میزان الثقل۔
İstatistik	اِسٹےٹِس ٹِک	یونانی	سائنس جو کسی قوم کے سماجی، اخلاقی اور مادّی حالات کے اعداد و شمار سے متعلق ہے۔ کسی قوم یا طبقہ کے حالات سے متعلق حقائق واعداد و شمار سے بحث کرنے والا علم۔	اعداد و شمار جمع کرنے والا علم۔
İstatüko	اِسٹےٹس کو	لاطینی	اسٹےٹس کو۔ جس حالت میں۔	اسٹےٹسکو۔ حالت جس میں۔ جس حالت میں۔
İstenografi	اِسٹینوگرافی	لاطینی	بولے ہوئے الفاظ کو بولنے کی رفتار سے چھوٹے اور سادہ اشاروں میں لکھنا۔ شارٹ ہینڈ۔	شارٹ ہینڈ۔ اسٹینوگرافی۔ مختصر نویسی۔ مختصر حرف یا لفظ لکھنے کا فن۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İstereoskop	اِسٹیریوسکوپ	لاطینی	اندر رکھا ہوا ایک آلہ بصارت جو تصویروں کو اصلی شکل میں دکھاتا ہے۔ چھوٹی تصویریں دیکھنے کا وہ آلہ جس میں دوربین لگی ہوتی ہے۔	ایک آلہ جس میں دونوں تصویروں کو الگ لینسوں (شیشوں) سے اتارا جاتا ہے اور دونوں لینسوں کو اس طرح گھمایا جاتا ہے کہ دونوں تصویریں ایک دوسرے کی طرف ہو جائیں اور اسی طرح دونوں تصویروں کو ایک کر دیا جاتا ہے۔
İsterilize	اِسٹیریلائز	فرانسیسی	مائکروب کو مارنا۔ بیماری کے کیڑوں کو مارنا۔	بیماری کے کیڑوں کو مارنا۔ جراثیم کو مارنا۔ بنجر کرنا۔ اوسر کرنا۔
İsterlin	اِسٹرلنگ	انگریزی	اسٹرلنگ پونڈ۔ انگریزی سکہ پونڈ۔	انگریزی سکہ۔ پونڈ۔
İstıktab	اِستِکتاب	ع	کسی تحریر پر شبہ میں ہونے والے شخص کو تحریر کے مخالف لکھ کر سمجھانا۔	کتابت کرنا۔ لکھنا۔ پڑھنا چاہنا۔
İstıtla	اِستِطلاع	ع	جانکاری مانگنا۔ جانکاری چاہنا۔ اطلاع۔ حاصل کرنے کے لیے درخواست کرنا۔	آگاہی ڈھونڈنا۔ اطلاع چاہنا۔
İstiab/İstiap	اِستیعاب	ع	گنجائش۔ وسعت۔ احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ سمانا۔	ساری چیز لینا۔ کسی مضمون یا کتاب وغیرہ کو شروع سے آخر تک پڑھنا۔ کُل۔ تمام۔ ایک ایک کر کے ہر حصہ کو پکڑنا یا بیان کرنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ پکڑنا۔ سمانا۔ گرفت میں لینا۔
İstiane	اِستعانت	ع	مدد مانگنا۔ مدد سے فائدہ اٹھانا۔	مدد۔ معاونت۔ مدد مانگنا۔
İstiare	اِستعارہ	ع	کسی چیز کو سمجھانے کے لیے اس سے ملتی جلتی چیز کے نام کا استعمال۔	مانگ لینا۔ کسی بیان کو اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم جس میں کسی لفظ کے مجازی اور حقیقی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے اور بغیر حروف تشبیہ کے حقیقی معنی کو مجازی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ عاریت لینا۔
İstib'ad	اِستبعاد	ع	خلاف قیاس تصور کرنا۔	بعید از عقل ہونا۔ علاحدہ ہونے کی درخواست کرنا۔ دوری چاہنا۔
İstibdad/ İstibdat	اِستبداد	ع	مطلق العنانی۔ خودمختار بادشاہ کی حکومت۔	مطلق العنانی۔ جور و ظلم سے حکومت کرنا۔ خود رائی۔
İstical	اِستعجال	ع	جلدی۔ عُجلت۔ عُجلت کرنا۔	جلدی چاہنا۔ جلدی کرنا۔ عُجلت۔
İstida	اِستدعا	ع	مانگ۔ پٹیشن خاص کر کے سرکاری درخواست۔ درخواست کرنا۔ رسمی طور سے مانگنا۔	درخواست۔ طلب۔ خواہش۔ دعویٰ۔ چاہنا۔
İstidad/ İstidat	اِستعداد	ع	قابلیت۔ رجحان۔ سیکھنے کو تیار ہونا۔ لیاقت۔	طاقت علمی۔ قابلیت۔ لیاقت۔ فطری صلاحیت۔ آمادگی۔ آمادہ ہونا۔
İstidlâl	اِستدلال	ع	نتیجہ۔ نتیجہ نکالنا۔ مطلب نکالنا۔ حاصل۔ خلاصہ۔ واسطے یا سبب سے سمجھنا۔	دلیل طلب کرنا۔ دلیل چاہنا۔ دلیل۔ ثبوت۔ ثبوت چاہنا۔ دلیل لانا۔
İstifa	اِستعفیٰ	ع	ملازمت چھوڑ دینا۔ قرض کی پوری رقم کی ادائیگی۔ پوری رقم طلب کرنا۔ نوکری سے مستعفی ہونا۔	نوکری چھوڑنا۔ ملازمت سے معافی چاہنا۔ نوکری چھوڑنے کی درخواست کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İstifade	اِستفادہ	ع	فائدہ۔ منافع۔ نفع۔ حاصل۔ فائدہ اٹھانا۔ فائدہ لینا۔ نفع حاصل کرنا۔	فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اٹھانا۔
İstifham	اِستفہام	ع	جواب طلب کرنا۔ استفسار۔ پوچھ گچھ کرنا۔	پوچھنا۔ سمجھنا۔ چاہنا۔ دریافت کرنا۔ سمجھنے کی خواہش کرنا۔
İstifrağ	اِستفراغ	ع	قے کرنا۔ فضلات سے بدن کا خالی ہونا۔ فراغت چاہنا۔	قے کرنا۔ قے۔ اُلٹی۔ فراغت چاہنا۔
İstifsar	اِستفسار	ع	جواب طلب کرنا۔ معلومات کرنا۔	پوچھنا۔ اظہار لینا۔ پوچھ گچھ۔
İstifta	اِستفتا	ع	کسی مذہبی مسئلہ پر مفتی کا فیصلہ چاہنا۔	فتویٰ چاہنا۔ مسئلہ پوچھنا۔ شرعی حکم دریافت کرنا۔
İstiğfar	اِستغفار	ع	خدا سے معافی مانگنا۔	طلب بخشش۔ گناہ بخشوانے کی کوشش کرنا۔ توبہ۔ بخشش چاہنا۔
İstiğna	اِستغنا	ع	خودمختاری۔ کسی کی مدد کے بغیر کام کرنے کے قابل ہونا۔ آسودگی۔ حقارت۔ نخرہ بازی۔	بے پروائی۔ بے نیازی۔ بےفکری۔
İstiğrab	اِستغراب	ع	تعجب میں ہونا۔ اچرج یا تعجب محسوس کرنا۔	تعجب دلانا۔ عجیب بات کرنا۔
İstiğrak	اِستغراق	ع	غرق یا نہایت مصروف ہونے کی حالت میں ہونا۔ کسی مجذوب کا وجد میں ہونا۔ وجد۔ بےخودی۔	محو ہونا۔ غرق ہونا۔ ڈوب جانا۔ محویت۔ خدا کی یاد میں کھو جانا۔
İstihale	اِستحالہ	ع	کایہ پلٹ۔ تبدیل صورت۔	شکل و صورت۔ خاصیت کا بدل جانا۔ ایک حال سے دوسرے حال میں تبدیل ہو جانا۔
İstihare	اِستخارہ	ع	خواب کے ذریعہ پیشین گوئی۔ کسی چیز کے ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں خواب میں دیکھنا۔	خدا سے خیر اور نیکی مانگنا۔ کسی بات میں غیب سے آگاہی چاہنا۔ طلب خیر۔ نیکی کی توفیق مانگنا۔ اصطلاح شرع میں کسی بات کے کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں ایک خاص طریق پر خدا سے اشارہ چاہنا۔
İstihfaf	اِستخفاف	ع	حقارت۔ نفرت کرنا۔ غیر ضروری سمجھنا۔ خفیف جاننا۔	حقارت۔ سبکی۔ شرمندگی۔ خفت۔ ہلکا پن۔ خفیف اور بےعزت جاننا۔
İstihkak	اِستحقاق	ع	جو واجب ہو۔ لیاقت۔ قدر۔ جوہر۔ عمدگی فیس۔ معاوضہ۔ تنخواہ۔ راشن۔ حق۔ حق رکھنا۔ مستحق ہونا۔	حق۔ دعویٰ۔ قابلیت۔ حق طلب کرنا۔ سزاوار ہونا۔ حق دار ہونا۔
İstihkâm	اِستحکام	ع	مورچہ بندی۔ قلعہ بندی۔ فوجی انجینئرنگ۔	مضبوطی۔ استواری۔ پختگی۔ استقلال۔ قیام۔
İstihkâmat	اِستحکامات	ع	جمع Istihkam کی۔ مضبوطیاں۔ قلعہ بندیاں۔	جمع استحکام کی۔ مضبوطیاں۔ استواریاں۔ پختگیاں۔
İstihkar	اِستحقار	ع	حقارت۔ تحقیر۔ نفرت کرنا۔ حقارت کا دیوہار کرنا۔	ذلیل جاننا۔ حقارت سے دیکھنا۔ نفرت کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İstihlâs	استخلاص	ع	چھٹکارا۔ خلاصی۔ چھڑانا۔ اپنے تصرف میں لانا۔ اپنے قبضہ میں لانا۔	خلاصی۔ چھٹکارا۔ خلاصی کرنا۔ چھڑانا۔ رہائی۔ آزادی۔
İstihrac/ İstihraç	استخراج	ع	کھدائی۔ کی۔ پیشین گوئی۔ الہام۔ مطلب نکالنے کی کوشش کرنا۔	نکالنا۔ برآمد کرنا۔ چھانٹنا۔ علاحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ اصطلاح حساب میں بڑی رقموں میں چھوٹی رقموں کی تفریق کرنا۔
İstihsal	استحصال	ع	پیدا کرنے یا قبضہ میں لینے کا عمل۔ پیدا کرنا۔ حاصل کرنا۔	طلب حصول۔ حاصل کرنا۔ چھین لینا۔
İstihsan	استحسان	ع	تعریف کرنا۔ پسند کرنا۔ ذکر خیر کرنا۔	نیک گفتار۔ پسندیدگی۔ نیکی طلب کرنا۔ اچھا جاننا۔ پسند کرنا۔
İstihza	استہزا	ع	ہنسی کرنا۔ تضحیک کرنا۔ طنز کرنا۔	ہنسی مذاق۔ تمسخر۔ ہنسی اڑانا۔ مذاق۔ ٹھٹھی۔
İstihzar	استحضار	ع	تیار کرنا۔ سامنے لانا۔ تیار کرکے لانا۔ تیار۔	حاضری چاہنا۔ یادداشت یاد رکھنا۔ روبرو کرنا۔
İstikamet	استقامت	ع	ہدایت۔ رہنمائی۔ سیدھا سچاپن۔ راست بازی۔	سیدھاپن۔ استقلال۔ پائداری۔ مضبوطی۔ راست کرداری۔ قیام۔
İstikbal	استقبال	ع	مستقبل۔ کسی سے ملنے جانا خاص طور سے کسی ارکی تقریب میں۔	خیر مقدم۔ سواگت۔ آگے آنا۔ کسی کی پیشوائی کرنا۔ لینے کو جانا۔ زمانۂ آئندہ۔
İstiklâl	استقلال	ع	آزادی۔ حریت۔	قیام۔ مضبوطی۔ قرار۔ استحکام۔ مستقل مزاجی۔ سلطنت یا قوم کا خود مختار ہونا۔
İstikmal	استکمال	ع	تکمیل۔ مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔ تکمیل۔	تکمیل چاہنا۔ کمال پر پہنچنا۔
İstikra	استقرا	ع	باعث ہونے والی دلیل یا مباحثہ۔	تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ پیروی کرنا۔
İstikrah	استکراہ	ع	نفرت۔ حقارت۔ نفرت کرنا۔ کراہیت کرنا۔	کراہیت۔ گھن کرنا۔ ناپسند کرنا۔ مکروہ جاننا۔
İstikrar	استقرار	ع	مستقل ہونا۔ مضبوطی۔ پائداری۔ مستحکم۔ مستقل کرنا۔ مضبوطی قائم کرنا۔	ٹھہرنا۔ قرار پکڑنا۔ طے پانا۔ قائم ہونا۔
İstikraz	استقراض	ع	قرض۔ قرضہ لینا۔	قرض۔ روپیہ قرض لینا۔
İstiksar	استکثار	ع	زیادہ۔ سمجھنا۔ زیادہ دیکھنا۔	بہت چاہنا۔ کثرت چاہنا۔
İstikşaf	استکشاف	ع	کھولنا۔ دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔ ابتدائی جانچ یا تحقیقات (ملک کے کسی حصے کی خصوصاً بغرض فوج کشی یا دریافت حال تعلیم)۔ ابتدائی حملہ۔	ظہور۔ وضاحت۔ کھولنا۔ کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا۔
İstilâ	استیلا	ع	حملہ کرنا۔ حملہ۔ یورش۔ یورش کرنا۔	غلبہ۔ غالب ہونا۔ قابو میں رکھنا۔
İstilâm	استعلام	ع	جاننے کی خواہش کرنا۔ جاننے کے بارے میں دریافت کرنا۔ کسی چیز کے بارے میں جانکاری حاصل کرنا۔ جانکاری چاہنا۔	جتلانا۔ خبر دینا۔ جاننے کی طلب کرنا۔ آگاہی چاہنا۔ دریافت حال۔ جاننے کی خواہش کرنا۔
İstilzam	استلزام	ع	لازم کرنا۔ ضروری بنانا۔ شامل کرنا۔ بالضرور آئد کرنا۔ پھنسانا۔ لازمی نتیجہ کے طور پر پیدا کرنا۔	لازم کرنا۔ ضروری کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İstim	اِسٹیم	انگریزی	بھاپ۔ اسٹیم۔ غصہ سے اُبلنا۔ نشہ میں ہونا۔	بھاپ۔ اسٹیم۔
İstima	اِستماع	ع	سننا۔ سماعت۔	غور سے سننا۔ سننا۔
İstimal	اِستعمال	ع	کام میں لانا۔ فائدہ اٹھانا۔ عمل میں لانا۔ استعمال کرنا۔	کام میں لانا۔ عمل میں لانا۔ برتنا۔
İstimar	اِستعمار	ع	کسی جگہ کو خوشگوار یا پھلا پھولا بنانا۔ نوآبادیاتی۔	نوآبادی قائم کرنا۔ کسی آزاد ملک کو غلام بنانا۔ کسی مقام پر قابض ہو کر اس کی آبادی بڑھانا۔
İstimbat/ İstinbat	اِستنباط	ع	پوشیدہ بات کو روشنی میں لانا۔ اخذ کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔	بات کھودنا۔ ایک بات سے دوسری بات نکالنا۔ چننا۔ نتیجہ اخذ کرنا۔ چھانٹنا۔
İstimbot	اِسٹیم بوٹ	انگریزی	بھاپ سے چلنے والی چھوٹی کشتی۔	دُخانی کشتی۔ بھاپ سے چلنے والی کشتی۔
İstimdad/ İstimdat	اِستمداد	ع	مدد مانگنا۔	امداد طلب کرنا۔ مدد مانگنا۔ مدد چاہنا۔
İstimna	اِستمنا بالید	ع	مشت زنی۔ جلق۔	مشت زنی۔ جلق۔ ہاتھ سے منی خارج کرنا۔
İstimrar	اِستمرار	ع	جاری رہنا۔ بغیر رکاوٹ کے آگے بڑھتے رہنا۔ سلسلہ۔ تواتر۔	ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بغیر رُکے کار بند رہنا۔
İstimzac/ İstimzaç	اِستمزاج	ع	شائستہ طور سے جانکاری حاصل کرنا۔ کسی کے احساسات و پسند کے بارے میں پتہ لگانا۔ کسی حکومت سے معلوم کرنا کہ فلاں شخص دوسری حکومت کے لیے غیر پسندیدہ ہے کہ نہیں۔	مزاج پوچھنا۔ مرضی چاہنا۔ رائے دریافت چاہنا۔ عندیہ لینا۔
İstinad/ İstinat	اِستناد	ع	بھروسہ کرنا۔ مدد کیا گیا۔ مدد کیا جانا۔ سہارا دیا ہوا۔ جھکنا۔ آدھارت ہونا۔ منحصر ہونا۔	سند میں پیش کرنا۔ سند لانا۔ سہارا لگانا۔ سند چاہنا۔
İstinaf	اِستیناف	ع	قانونی اپیل۔ کسی قانونی تجویز کے خلاف اپیل کرنا۔	اپیل کرنا۔
İstinare	اِستنارت	ع	روشن ہونا۔	روشن ہونا۔
İstinas	اِستیناس	ع	مانوس یا بے تکلف ہونا۔ دوستی ہونا۔ گرمجوشی سے محبت ہونا۔ پریکٹس۔	طلب کرنا۔ محبت بڑھ جانا۔ اُنس ہو جانا۔
İstinbat	اِستنباط	ع	پوشیدہ بات کو روشنی میں لانا۔ نتیجہ نکالنا۔ مطلب نکالنا۔	کریدنا۔ بات میں سے بات نکالنا۔ چننا۔ نتیجہ اخذ کرنا۔
İstinkâf	اِستنکاف	ع	انکار۔ ناپسندیدگی۔ نہ ماننا۔ واپس لینا۔ انکار کرنا۔ اپنے کو باز رکھنا۔ پرہیز کرنا۔ ہاتھ کھینچنا۔ دخل نہ دینا۔	ننگ و عار رکھنا۔
İstinsah	اِستنساخ	ع	کاپی یا نقل بنانا۔	نسخہ چاہنا۔ نسخہ لینا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İstintak	استنطاق	ع	پوچھ گچھ۔ جرح۔ استفسار کرنا۔ پوچھنا۔ سوال دریافت کرنا۔	بات پوچھنا۔ گویائی چاہنا۔
İstirahat	استراحت	ع	آرام کرنا۔ آرام۔	آرام چاہنا۔ راحت کی طلب کرنا۔ سکھ۔ چین۔
İstirdad/ İstirdat	استرداد	ع	دوبارہ واپس لینا۔ واپسی۔ بحالی۔ بحال کرنا۔ پھر حاصل کرنا۔	واپس چاہنا۔ واپس لینا۔ لوٹا لینا۔ چاہنا۔ رد کرنا۔
İstisal	استیصال	ع	نیستی۔ بیخ کنی۔ جڑ سے اکھاڑ پھینکنا۔ نیست و نابود کرنا۔ تباہ کرنا۔	جڑ سے اکھاڑنا۔ بیخ کنی۔
İstiska	استسقاء	ع	استسقی۔ جلندر۔ پانی کا جسم میں جمع ہونا۔	سیرابی کی طلب۔ ایک بیماری جس میں پیاس بہت بڑھ جاتی ہے۔ پانی مانگنا۔ تشنگی۔ جلندر۔
İstisna	استثنا	ع	مستثنیٰ کی گئی شے۔ اخراج۔ منہائی۔ ہمت۔ اعتراض۔	علاحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ کسی شخص یا چیز کو کسی عام حکم سے علاحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔
İstişare	استشارہ	ع	مشورہ۔ صلاح مشورہ کرنا۔	مشورہ کرنا۔ صلاح پوچھنا۔
İstişhad	استشہاد	ع	گواہی دینا۔ شہادت چاہنا۔ حوالے کے طور پر دینا۔ ثبوت کی طرح بتانا۔ شہادت پانا (خاص طور سے اسلام میں)	گواہی دینا۔ طلب شہادت۔ شہادت طلب کرنا۔ ڈھونڈنا۔
İstişmam	استشمام	ع	خوشبو سونگھنا۔ کسی چیز کا اشارہ پانا۔ سراغوں کا نتیجہ نکالنا۔	سونگھنے کی طلب۔ سونگھنا چاہنا۔
İstitaat	استطاعت	ع	طاقت۔ قوت۔ قابلیت۔ استعداد۔	طاقت۔ مقدور۔ بساط۔ دسترس۔ اطاعت۔ تابعداری کی طلب۔
İsti'taf	استعطاف	ع	مہربانی چاہنا۔ مدد کی طرح چاہنا۔	مہربانی چاہنا۔ کسی کا دل ہاتھ میں لینا۔
İstiva	استواء	ع	برابر یا لیول ہونا۔	برابری۔ ہمواری۔ یکساں ہونا۔ ظاہر ہونا۔ قرار پکڑنا۔ (جغرافیہ) وہ فرضی خط جو قطبین کے درمیان برابر فاصلے پر شرقاً غرباً کھینچا ہوا مانا گیا ہے۔ اور کرۂ ارض کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔
İstivaî	استوائی	ع	خط استوا سے منسوب۔	خط استوا سے منسوب۔ خط استوا کے علاقے کا۔
İstok	اسٹاک	انگریزی	اسٹاک۔ مال کا ذخیرہ۔ رسد۔ سامان۔	ذخیرہ۔ رسد۔ سامان۔
İstop	اسٹاپ	انگریزی	ٹھہراؤ۔ روک۔ وقفہ۔ علامت وقف۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ رکنا۔	رکنا۔ ٹھہرانا۔ روک۔ ٹھہراؤ۔ علامت وقف۔
İsyan	عصیان	ع	بغاوت۔ بغاوت کرنا۔	پاپ۔ گناہ۔ سخت ہونا۔ جرم۔ خطا۔ قصور۔
İş	عیش	ع	خوشگوار زندگی۔ کام۔ عمل۔ پیشہ۔	ناز و نعمت میں زندگی گزارنا۔ خوشی سے زندگی بسر کرنا۔ آرام۔ سکھ۔ خوشی۔ شہوت پرستی۔
İşaa	اشاعت	ع	پھیلانا۔ شائع کرنا۔ افشا کرنا۔ ظاہر کرنا۔ تو شیفائی کرنا۔	اشاعت۔ شائع کرنا۔ پھیلانا۔ شہرت دینا۔
İş'ar	اشعار	ع	مشہور کرنا۔ پہنچوانا۔	آگاہ کرنا۔ مشہور کرنا۔ کسی کے دل میں خوف ڈالنا۔
İşaret	اشارت / اشارہ	ع	نشان۔ سگنل۔ اشارہ کرنا۔ نشان کرنا۔	سگنل۔ ایما۔ رمز۔ اشارہ کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
İşaretî	اشارتی	ع	ظاہر کی ہوئی۔ اشارہ سے منتقل کی گئی۔	اشارہ سے ظاہر کی گئی۔
İşba	اشباع	ع	سیری۔ پُری۔ پُر کرنا۔ لبالب کرنا۔ پیٹ کا بھرنا۔ خواہش کا پورا ہونا۔ آسودہ کرنا۔ سیر کرنا۔	پیٹ بھر کے کھانا۔ حرکت کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف، زیر سے ی اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہو جائے۔ علم عروض میں حرف دخیل کی حرکت کا نام۔ حرف علت کی حرکت دراز کرنا۔
İşgal	اشغال	ع	حرفہ۔ پیشہ۔ کام۔ مشغول رکھنا۔ توجہ کو لگائے رکھنا۔ دھندا۔	جمع شغل کی۔ مشغلے۔ کام۔ کاروبار۔
İşhad	اشہاد	ع	گواہی کے لیے بلانا۔ شہادت کروانا۔	گواہ کرنا۔ ثبوت پیش کرنا۔ شہادت دینا۔
Kemterin	کمترین	ف	کم سے کم۔ سب سے خراب۔ سب سے زیادہ عاجز یا مطیع۔	بہت ہی کم۔ بہت زیادہ کم۔ خاکسار۔ ناچیز۔
Kemyab	کمیاب	ف	جو کم دیکھنے یا وقوع میں آتا ہے۔ نادر۔	نادر۔ نایاب۔ جو کم دستیاب ہو۔
Kenar	کنار	ف	کنارہ۔ سرا۔ ساحل۔ حاشیہ پر لکھا گیا نوٹ۔ تحریر خط۔ جو عبارت خط یا نوشتہ میں بعد کو لکھی جائے۔ راستہ سے بچا ہوا۔ دور دراز۔ سرحد۔ خلوت کا مقام۔	کسی چیز کا کنارہ۔ گوشہ۔ طرف۔ حاشیہ۔ پہلو۔ جدائی۔
Kende	کندہ	ف	کھدا ہوا۔ خندق۔ کھائی۔ نقاشی کیا ہوا۔	کھدا ہوا۔ نقش کیا ہوا۔ خندق۔
Kenise	کنیسہ	ف	کلیسا۔ چرچ۔	گرجا۔ یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
Kent	کینٹ	انگریزی	قلعہ۔ قصبہ۔ شہر۔	چھاؤنی۔
Kental	کوئنٹل	لاطینی	کوئنٹل۔ ایک سو کلوگرام وزن۔	کوئنٹل۔
Kerahat/ Kerh	کراہت	ع	نفرت۔ کراہیت۔ گھنونا۔ کریہہ۔ نجس۔ قابل نفرت۔ کراہیت کرنا۔ نفرت کرنا۔	نفرت۔ بیزاری۔ گھن۔ ناپسندی۔ ناپسند رکھنا۔
Keramet	کرامت	ع	وقت پر ہونے والا کوئی ایسا کام و عمل جو خدا کی طرف سے کیا گیا ظاہر ہوتا ہو۔ معجزہ۔	بزرگی۔ انوکھا پن۔ خوبی۔ بزرگی۔ نوازش۔
Kerbelâ	کربلا	ع	عراق کا ایک شہر۔	عراق کے اس شہر کا نام جہاں امام حسین کو شہید کیا گیا تھا۔
Kere	کرّت	ع	ایک مرتبہ۔ بریکیٹ۔ سفر۔ راستہ۔ دفعہ۔	نوبت۔ باری۔ دفعہ۔ نمبر۔
Kerem	کرم	ع	مہربانی۔ عنایت۔ شرافت۔ دریا دلی۔ فیاضی۔	سخاوت۔ مروت۔ بزرگواری۔ ہمت۔ مہربانی۔ بخشش۔ عنایت۔
Kerhen	کرہاً	ع	کراہیت کے ساتھ۔ کسی کی مرضی کے خلاف۔	مرضی کے خلاف۔ مجبوری سے۔ نفرت سے۔ کراہیت کے ساتھ۔ ناگواری سے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kerih	کریہہ	ع	نفرت آمیز۔ بدمرضی سے بھرپور۔	مکروہ۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ قابلِ نفرت۔
Kerim	کریم	ع	سخی۔ فیاض۔ صاحب مرتبہ۔ بزرگ۔ نامور۔ پروقار۔ سربلند۔	سخی۔ گناہ بخشنے والا۔ بزرگ۔ فیاض۔ مہربان۔ کرم کنندہ۔ خیر۔ داتا۔ رحیم۔ مہربان۔
Kerimane	کریمانہ	ف	شریفانہ (کاموں والفاظ سے) شریفانہ فیاضانہ۔ کشادہ دلی سے۔	سخی کی طرح۔ سخی کی مانند۔
Kerime	کریمے	ع	پرانے زمانہ میں حرمت کے ساتھ بیٹی کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔	کریم کی تانیث۔ سخی عورت۔ بیٹی۔
Kerrat	کرّات	ع	جمع Kere کی۔ بہت مرتبہ۔ بہت دفعہ۔	جمع کرت۔ بار بار۔ بہت دفعہ۔ بہت مرتبہ۔
Kervan	کاروان	ف	کاروان۔ قافلہ۔	قافلہ۔ گروہ۔ مسافروں کی جماعت۔
Kervan- -Saray	کارواں سرائے	ف	سرائے جس کا صحن وسیع ہو۔ مسافروں کے لیے ٹھہرنے کی سرائے۔	سرائے جس میں قافلے اور مسافر اتریں۔ کاروان سرائے۔ بنجارے کا پڑاؤ۔
Kes	کس۔ کسے	ف	شخص۔ فرد۔ کوئی شخص۔ کوئی آدمی۔	آدمی۔ شخص۔ لوگ۔ کوئی۔ یار۔ ساتھی۔ رفیق۔ شریف مرد۔ لائق آدمی۔
Kesad/ Kesat	کساد	ع	جو بکنے لائق نہ ہو۔ بازار کی سستی۔	جنس کا نہ بکنا۔ اشیا کی عدم خریداری۔
Kesafet	کثافت	ع	موٹائی۔ ضخامت۔ سختی۔ گاڑھا پن۔	گاڑھا پن۔ گھنا پن۔ موٹائی۔ غلاظت۔ نجاست۔
Kesb	کسب	ع	آمدنی۔ حصول۔ فائدہ۔	کام۔ فن۔ ہنر۔ پیشہ۔ دھندا۔ حاصل کرنا۔ وہ کمال جو عورت بدکاری سے حاصل کرے۔
Kese	کیسہ	ف	جیب۔ پاکیٹ۔ تھیلا۔ تھیلی۔ جسم کی مالش کرنے کے بالوں کے دستانے۔ دولت۔ جیب کی تھیلی۔ پیسہ کا حساب۔ بٹوہ کی طاقت۔	جیب۔ بٹوہ۔ تھیلا۔ تھیلی۔ پاکیٹ۔
Kesel	کسل	ع	سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔	کاہلی۔ سستی۔ تھکان۔ تھکاوٹ۔ کمزوری۔ علالت طبع۔
Keser	کیسر	ت	کلہاڑی۔ تیشہ۔ بسولی۔	
	کیسر	ہندی	______	زعفران۔ زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پھول۔
Kesif	کثیف	ع	گھنا موٹا۔ گھنا آباد۔ غیر شفاف۔ گاڑھا۔	دلدار۔ گاڑھا۔ دبیز۔ گندہ۔ میلا۔ ناپاک۔ گدلا۔ غلیظ۔ جو لطیف نہ ہو۔
Kesîr	کثیر	ع	بہت زیادہ۔ اکثر۔	بہت زیادہ۔ افراط سے۔ بے شمار۔
Kesîr-ülelvan	کثیر الالوان	ع	بہت سے رنگوں کا۔	بہت سے رنگوں کا۔
Kesîr-üleşkal	کثیر الاشکال	ع	بہت سی شکلوں کا۔	بہت سی شکلوں کا۔
Kesir	کسر	ع	توڑنا۔ ٹوٹنا یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ٹکڑا۔ کسر۔	شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ جزو۔ علم حساب میں اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے۔
Kesre	کسرہ	ع	عربی زبان میں "ا" کے لیے حرف علت کا نشان۔	زیر۔ زیر کی حرکت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kesret	کثرت	ع	زیادتی۔ مجمع۔ اژدھام۔ زیادہ۔ بہت زیادہ۔افراط۔	زیادتی۔بہتات۔انبوہ۔بھیڑ۔ہجوم۔بہت ہونا۔افراط۔
Kesri	کسری	ع	کسر کا۔	کسر کا۔
Kesri-lasavî	کسرِ اعشاریہ	ع	کسر اعشاریہ۔	وہ کسر جو دس کا کوئی حصہ ہو۔اس کی نشانی "." ہے کسور اعشاریہ۔
Keş	کش	ف	کھینچنے والا۔ برداشت کرتا ہوا۔ تکلیف اٹھانے والا۔ واپس ہونے والا۔ پینے والا جیسے Esrarkeş،(جفاکش) Cefakeş (اسرارکش)۔ مکھن نکلنے دودھ کا پنیر۔احمق۔	کھینچنے والا۔ برداشت کرنے والا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے) جیسے محنت کش۔
Keşakeş	کشاکش	ف	جھگڑا۔قضیہ۔غیر یقینیت۔	کھینچا تانی۔چھینا جھپٹی۔دھکم دھکا۔تکرار۔جھڑپ۔کنایۃً رنج والم
Keşf	کشف	ع	پردہ اٹھانا۔ دریافت کرنا۔ ابتدائی ملاحظہ کرنا۔ خصوصاً جنگی اغراض سے۔ بخوبی جانچ کرنا۔ لاگت و قیمت کا اندازہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔	کسی چیز سے پردہ اٹھا دینا۔ کھولنا۔ ننگا کرنا۔ انکشاف۔ الہام۔ غیب کی باتوں کا اظہار۔ فریاد یا داشت۔
Keşide	کشیدہ	ف	کھنچا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔ خوب پیا ہوا۔ تجربہ کار۔ کھینچنا (لائن، بل، چیک)، دعوت دینا۔ تار بھیجنا۔ ڈیش۔ بانی فن۔ لاٹری نکالنا۔	کھینچا ہوا۔ کاڑھا ہوا۔ رنجیدہ۔ ملول۔ دراز۔ بلند۔ سوئی کا کام۔ زردوزی۔ گلکاری۔
Keşfi	کشفی	ف	کشف سے منسوب۔	کشف سے منسوب۔
Keşiş	کشیش	ف	راہب۔ پادری۔	پیشوا۔ معلم۔ پادری۔ زاہد اور عابد نصرانیوں اور بت پرستوں کا۔ پوجاری۔ مشنری۔
Keşke/ Keşki	کاش کہ	ف	کاش۔ کیا اچھا ہوتا۔	کاش۔ کیا اچھا ہوتا۔ (یہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہے)
Keşkül	کشکول	ف	فقیروں کا کاسہ۔ زمانہ قدیم میں شہر شہر گھومنے والے بعض درویشوں کے ہاتھ کا پیالہ۔ کشکول الفقرا کا مخفف۔	فقیروں کا بڑا پیالہ۔ کچکول۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ زنبیل۔ فقیر کی تونبی۔
Keşkül-ü-fukara	کشکول الفقرا	ف	فقیروں کا کاسہ۔ زمانہ قدیم میں شہر شہر گھومنے والے بعض درویشوں کے ہاتھ کا پیالہ۔ ناریل کے خول یا آبنوس کی لکڑی سے بنایا ہوا فقیر کا پیالہ۔ ناریل، پستہ اور دودھ سے بنی ایک قسم کی مٹھائی۔	فقیروں کا کاسہ۔ کشکول۔
Keşmekeş	کشمکش	ف	بہت زیادہ انتشار یا بڑبڑی۔ انتشار خیال یا حواس۔	بالکل پردہ اٹھانے والا۔ بہت ظاہر کرنے والا۔ نہایت کھولنے والا۔
Keşşaf	کشاف	ف	پتہ لگانے والا۔ دریافت کرنے والا۔ محقق۔ کھوج کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔	بالکل پردہ اٹھانے والا۔ بہت ظاہر کرنے والا۔ نہایت کھولنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			والا۔ اسکاؤٹ۔	
Keşti	کشتی	ف	جہاز۔	ناؤ۔ سفینہ۔ ڈونگا۔ ایک قسم کا شراب کا پیالہ۔ ایک قسم کی پیالی۔ سینی۔ لمبا دستر خوان۔
Ketebe	کتبہ	ع	جمع Kâtib کی۔ لکھنے والے۔ مصنف۔ خوشنویسی میں ڈپلوما۔ کتاب کے آخر میں لکھا گیا خطبہ۔ موجودہ کتاب کا ٹائٹل پیج یا سرورق۔	جمع کاتب یا لکھنے والے۔ منشی۔ کلرک۔
Ketim	کتم، کتمان	ع	چھپانا۔ چھپاؤ۔ پوشیدگی۔ راز کو راز رکھنا۔	چھپاؤ۔ پوشیدگی۔ حجاب۔ پردہ۔
Kevakib	کواکب	ع	جمع Kevkeb کی۔ ستارے۔	جمع کوکب کی۔ روشن ستارے۔
Kevkeb	کوکب	ع	ستارہ۔	ستارہ۔ بڑا ستارہ۔
Kevser	کوثر	ع	جنت کا ایک دریا۔ امرت۔ آبِ کوثر۔	بہشت کی ایک نہر۔ جنت کا حوض۔
Keyif	کیف	ع	صحت، جسمانی اور ذہنی حالت۔ گڑبڑی۔ بشاشی۔ وہم۔ ہلکا نشہ۔ چھٹے وقت کی حالت۔ سرور۔ موج۔ ترنگ۔ خود کو زندگی اچھے لگنے کی حالت۔ مستی۔	چکھنا۔ نشہ۔ مستی۔ وہ چیز جو نشہ و مستی لائے۔ خمار۔ سرور۔ حالت۔ کیفیت۔
Keyfî	کیفی	ع	تلون مزاج۔ وہمی۔ خودسر۔ خودمختار۔	متوالا۔ مدہوش۔ سرشار۔ نشہ باز۔ مخمور۔
Keyfiyet	کیفیت	ع	حالت۔ وصف۔ حالات۔ معاملات۔	حالت و وصف جو کسی چیز میں حاصل ہوگیا ہو۔ معاملہ۔ حالت۔ احوال۔ تغیر۔
Keylûs/ Kilûs	کیلوس	ف	آدھا پچا کھانا۔	وہ غذا جو معدہ میں پہلی مرتبہ پکتی ہے اور شکل آش جو کے ہوتی ہے۔ غذا کا معدہ میں پہلا ہضم۔
Keymus	کیموس	ع	کیموس۔ رس۔	وہ رقیق شے جو معدہ میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہو۔ غذا کا معدے میں دوسرا ہضم۔ رس۔ نام اس صورت غذا کی جو دوسرے طبخ میں درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے۔
Kıble	قبلہ	ع	وہ سمت جدھر مسلمان نماز پڑھتے وقت رخ کرتے ہیں یعنی مکہ کی طرف۔ جنوب۔ جنوب کی طرف سے چلنے والی ہوا۔ وہ جگہ یا مقام جدھر کو ہر ایک رُخ کرتا ہے۔	وہ سمت جدھر کو منہ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں۔ کعبہ۔
Kıblegâh	قبلہ گاہ	ع	قبلہ کی طرف۔ قبلہ کی سمت۔	کعبہ۔
Kıblenüma	قبلہ نما	ع	قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ قبلہ نما۔ جس سے قبلہ کی سمت معلوم کی جائے۔	قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ قطب نما۔
Kıbrıs	قبرص	ع	قبرص۔ ایک جزیرہ کا نام جو ترکی کے جنوب میں واقع ہے۔	قبرص۔
Kıdem	قدم، قدیم	ع	بہت پرانے زمانے سے موجود ہونے	دیرینہ۔ پرانا۔ قدیم۔ کہنگی۔ خدا کی ایک صفت۔ ہیشگی۔ پرانا ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			والا۔ اوائل۔ پرانے وقت کا۔ زمانہ سابقہ میں پہلی۔ سبقت۔ ترجیح۔ بزرگی۔ بڑائی۔ نشان ہنر سلف۔ ملازمت میں کہنگی۔	
Kıhf	قحف	ع	کھوپڑی۔	کاسہ سر۔ دماغ کے اوپر کی ہڈی۔ کھوپڑی۔
Kılârinet/ Klârinet	کلاریٹ	فرانسیسی	کارنیٹ۔ ایک قسم کا باجہ۔	ایک باجہ جسے منہ سے بجاتے ہیں۔ الغوزہ۔
Kılâsik/ Klasik	کلاسک	فرانسیسی	بہت زمانہ گزرنے کے بعد بھی اہمیت یا قیمت کم نہ ہونے والے باہنر لوگ، ادبی تصنیفات یا فن پارے۔ قدیم زمانہ سے چلے آنے والے۔	قدیم۔ اعلیٰ درجہ کا۔ مستند۔ ادبیات عالیہ۔
Kılavaz	قلاوز	ت	گائیڈ۔ راہبر۔ شادی کرانے والا بچولیا۔ کسی تنگ اور لمبی جگہ سے ملائم چیز پیوست کرنے کے لیے وہ سخت اور مناسب چیز یا مادّہ جو اس جگہ پر پہلے داخل کر دیا جائے۔ اسکریوٹیپ مکان میں جانے کا راستہ یا کھلی جگہ۔ جانوروں (عام طور سے گدھوں) کی قطار کا لیڈر۔	راہبر۔ راستہ بتانے والا۔ جو ساتھ چلے۔ سوار محافظ لشکر جو فوج کے آگے چلے۔
Kılıc/Kılıç	قلیچ	ت	تلوار۔ مُڑا ہوا۔	شمشیر۔ تلوار۔
Kilinik/ Klinik	کلینک	یونانی	وہ مقام جہاں ڈاکٹری کے طلبا مریضوں کو دیکھ کر درس حاصل کرتے ہیں۔ مریضوں کو دیکھنے کی جگہ۔ جسم کا معائنہ کرنے سے حاصل بیماری کی جانکاری۔	صحت گاہ۔ شفاخانہ۔
Kıllet	قلّت	ع	چھوٹی یا کم مقدار۔ کمی۔ قلت۔	کمی۔ کم یابی۔ تھوڑا ہونا۔
Kılorofil/ Klorofil	کلوروفیل	یونانی	سبزہ کو ہرا رنگ دینے والا مادّہ۔	سبزہ کو ہرا رنگ دینے والا۔ معمولی۔ مادّہ جو خلیوں کے باریک باریک ملائم دانوں پر مشتمل ہے۔
Kıloroform/ Kloroforam	کلوروفارم	فرانسیسی	کلوروفارم۔ بلا کسی رنگ کا دخوشبو والا۔ بے ہوش کرنے والا ایک رقیق مادّہ۔	ایک رقیق دوا جو عارضی طور پر بے ہوش کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
Kır	قریہ	ع رت	بہت زیادہ وسیع اور کھلی جگہ۔ شہر سے باہر۔ غیر مزروعہ زمین۔ بیابان۔ دیہات۔ صحرا۔ بھورا۔ بھوراپن۔ بھورا گھوڑا۔	گاؤں۔ قریہ۔
Kıraat	قرآت/قرأت	ع	پڑھنا۔ سبق پڑھنا۔ پڑھنے کی کتاب۔	پڑھنا۔ حرفوں کا مخارج سے نکالنا۔ تلفظ۔ علم تجوید۔ ایک علم جس میں عربی حروف کے مخارج اور تلفظ سے بحث کی جاتی ہے۔
Kırân	کراں	ف	سرا۔ کنارہ۔ ساحل سمندر۔ اُفق۔	کنارہ۔ انتہا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kırân	کِراں	ت	توڑنے والا۔توڑنے کا کام کرنے والا۔ مہلک۔معتبر۔عام وبا۔مہاماری خاص طور سے مویشیوں کو ہلاک کرنے والی بیماری یا سبب۔	
Kırân	قِران	ع	دوستاروں کا یکجا ہونا۔سیاروں کا اجتماع۔	دوستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا۔قِلن۔گرہ۔نزدیکی۔قُربت۔
Kıranolojі/ Kıronıoji	کرانولوجی	فرانسیسی	وقت کی سائنس۔دماغ کے احساسات و قابلیت و جانکاری کی تشریح کرنے والے علم کی قسم۔	علم تواریخ واقعہ نگاری۔واقعات کا محاسبہ کرنے و ترتیب دینے کی سائنس۔
Kırat	کیرَٹ	ع	الماس و زمرد وغیرہ قیمتی پتھروں کے وزن کو ناپنے کا پیمانہ جو مثقال کا ۲۴/۱ ہوتا ہے۔کوالٹی۔خوبی۔قیمت۔	کیریٹ۔چار گرین کا وزن برابر ایک رتی کے۔
Kırater	کریٹر	یونانی	آتش فشاں کا منہ۔	آتش فشاں کا دہانہ یا منہ۔
Kırep/ Krep	کریپ	فرانسیسی	ایک قسم کا مہین ریشمی کپڑا۔	ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا۔
Kıriket	کرکٹ	انگریزی	کرکٹ کا کھیل۔	کرکٹ۔گیند بلے کا کھیل۔
Kırıstal/ Kristal	کرسٹل	یونانی	بلور۔	بلور۔بلور نما۔
Kıritisizm/ Kritisizm	کریٹی سزم	فرانسیسی	تنقید۔نکتہ چینی۔	نکتہ چینی۔دقیقہ سنجی۔حرف گیری۔
Kırmız	قِرمِز	ع	میکسیکو و مغربی جزائر کے ناگ پھنی جیسے خاردار قسم کے کچھ پیڑوں کے کیڑوں مکوڑوں سے حاصل شدہ سرخ رنگ۔ ایک کیڑا جس سے رنگ بنایا جاتا ہے۔	بیر بہوٹی کی مانند ایک کیڑا جس سے سرخ ریشم رنگتے ہیں۔لال سرخ رنگ۔
Kırmızı	قِرمِزی	ع	خون کے رنگ جیسا۔سرخ۔	سرخ۔لال۔سرخ رنگ۔قرمز سے نسبت رکھنے والا۔
Kırom	کروم، کرومیم	یونانی	کروم۔کرومیم۔ایک قسم کی دھات۔	ایک دھات کا نام۔کروم۔کرومیم۔
Kırtasî	قِرطاسی	ع	اسٹیشنری سے متعلق۔کاغذ وغیرہ سے متعلق۔	کاغذ وغیرہ سے متعلق۔
Kırtasiye	قِرطاس	ع	کاپی۔کاغذ۔قلم۔روشنائی وغیرہ لکھنے کی اشیا کا مجموعہ۔دفتر کے اخراجات۔ اسٹیشنری۔لالہ فیتہ شاہی۔	کاغذ۔
Kısas	قِصاص	ع	بدلہ۔کسی بھی جُرم کا بدلہ اسی طرح کا جُرم کرکے لینا۔سزا دینا۔	بدلہ۔انتقام۔جزا۔مکافات۔خون کا بدلہ خون۔قاتل کو قتل کرنا بالعوض مقتول کے۔دی ہوئی چیز کو پھر لینا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kısım	قِسم	ع	جُز۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ نوع۔ جنس۔	حصہ۔ نوع۔ طرح۔ ٹکڑا۔ جنس۔ طور وطریق۔ طرز تقسیم۔ بانٹ۔ ڈھنگ۔
		ت	مُٹھی بھر۔	
Kısmet	قِسمت	ع	تقدیر۔ قسمت۔ شاید۔ یہ ہوسکتا ہے۔	نصیب۔ تقدیر۔ مقدر۔ بھاگ۔ حصہ۔ مقسوم۔ علاقہ۔ تقسیم کیا ہوا۔ ضلع۔ پرگنہ۔ کمشنری۔ صوبہ۔ علاقہ۔ احاطہ۔
Kıssa	قِصّہ	ع	کہانی۔ داستان۔ حکایت۔	کہانی۔ داستان۔ حکایت۔ افسانہ۔ کسی شخص کا بیان۔ لڑائی جھگڑا۔
Kıssa-han	قِصّہ خواں	ع	داستان گو۔ کہانی سنانے والا۔ قصہ سنانے والا۔	کہانی سنانے والا۔
Kıstas	قِسطاس	ع	کسوٹی۔ مقیاس۔ بڑی ترازو۔ تک۔ جانچ۔	بڑی ترازو۔ تک۔
Kısır	قِشر	ع	چھلکا یا کھال۔ بکلا۔ پپڑی۔	میوہ کا چھلکا۔ درخت کی چھال۔ حیوان وغیرہ کی کھال۔ ہر قسم کا پوست۔ چھلکا۔
Kışlak	قِشلاق	ع	جانوروں، خانہ بدوشوں وفوج کے سردیوں میں رہنے کے مقامات۔	گرم مکان۔ جاڑے میں رہنے کے ہسپتال۔ وہ گرم مقام جہاں بادشاہ وامیر سردیوں کا موسم گزاریں۔
Kısr-ı arz	قِشر ارض	ع	زمین کی پرت۔	زمین کی پرت۔
Kıt'a	قِطعہ	ع	ٹکڑا۔ حصہ۔ برِ اعظم۔ ضلع۔ لشکر۔ جسامت۔ مقدار۔	حصہ۔ جُز۔ پارچہ۔ پرزہ۔ زمین کا ٹکڑا۔ خط۔ نظم کی وہ قسم جس میں ایک چیز بیان کی جائے اور جس میں مطلع نہیں ہوتا اور کم سے کم دو شعر ہوتے ہیں۔
Kıt'at	قِطعات	ع	جمع Kıt'a کی۔ قطعے۔	جمع قطعہ کی۔ قطعے۔
Kıtal	قِتال	ع	جان سے مارنا۔ لڑائی۔ قتلِ عام۔ مچھلیاں پکڑنے کا جال۔	جنگ۔ لڑائی۔ کشت وخون۔
Kıvam	قِوام	ع	تاؤ۔ گاڑھے پن یا پکنے کے لیے مناسب ڈگری۔ کسی چیز کو کرنے کا مناسب وقت۔ کسی رقیق مادے کا گاڑھا ہونا یا رنگ گہرا ہونا۔	قیام۔ ٹھہراؤ۔ نظام۔ کسی چیز کی اصل۔ آراستگی۔ اصلیت۔ مادہ۔ خمیر۔ بنیاد۔ چاشنی۔ شیرہ۔
Kıyafet	قیافہ	ع	آدمی کا پہناوا۔ شکل وظاہری صورت۔ ہیئت۔ علمِ قیافہ۔ قیافہ شناسی۔	شگون۔ فال۔ ایک علم کا ہونا جس میں ہاتھ، پیر اور چہرے وغیرہ کے خدوخال وعلامات سے بھلا بُرا شگون لیتے ہیں۔ قیاس۔ اندازہ۔ شناخت۔ عقل۔ شکل دیکھ کر حالات پہچاننے کا علم۔
Kıyam	قیام	ع	پاؤں پر کھڑا ہونا۔ (نماز میں) کھڑا ہونا پاؤں پر۔ کھڑا ہونا۔	کھڑا ہونا۔ استادہ ہونا۔ ٹھہراؤ۔ پائیداری۔ نماز میں کھڑے ہونا۔ اُٹھنا۔
Kıyamet	قیامت	ع	دنیا کا آخر۔ مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق حشر کا وہ دن جب تمام مُردے زندہ ہوکر کھڑے ہوجائیں گے۔ زبردست تباہی۔ ہنگامہ۔ ہلچل۔ ہڑبڑی۔ شور شرابہ۔	روزِ حساب۔ روزِ جزا۔ واویلا۔ شوروغل۔ مسلمانوں کے مطابق وہ دن جب تمام مُردے زندہ ہوکر کھڑے ہوجائیں گے۔ نہایت۔ بہت۔ عجیب۔ روزِ محشر۔ بلا۔ عذاب۔ قہر۔ قائم ہونا۔ کھڑا ہونا۔ بے تُکے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kıyas	قیاس	ع	شکل منطق۔ تمثیل۔ مقابلہ۔ مشابہت۔ بحث۔ رائے۔ قاعدہ۔	اٹکل۔ گمان۔ ناپ۔ جانچ۔ تخمینہ۔ ذہن۔ رائے۔ سوچ۔ وچار۔ قیافہ۔ اندازہ۔ اندازہ کرنا۔ (منطق) دو جملوں سے مرکب قول جس سے نتیجہ لازم آئے۔
Kıyasen	قیاساً	ع	مقابلتاً۔ اصولاً۔ مطابقت سے۔ مشابہت۔ موافقت۔ تمثیلاً۔	قیاس سے۔ اندازہ سے۔
Kıyasî	قیاسی	ع	قاعدے کے مطابق۔ مشابہ۔ یکساں۔ باقاعدہ۔ ہم شکل۔	وہ چیزیں جو قیاس اور قاعدے کے مطابق ہوں۔ قیاس سے منسوب۔ خیالی۔ ذہنی۔
Kıyma	قیمہ	ع	چھوٹا چھوٹا کیا ہوا۔ باریک کیا ہوا گوشت۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔	ریزے ریزے کیا ہوا گوشت۔ باریک کیا ہوا گوشت۔ کٹا ہوا گوشت۔
Kıymet	قیمت	ع	قدر۔ قیمت۔ عزت۔ وصف۔	مول۔ قدر۔ مرتبہ۔ دام۔ بھاؤ۔ نرخ۔ زر۔
Kızıl	قزل	ت	سُرخ۔ لال انگارہ۔ سنہری۔ لال بخار۔	سُرخ۔ لال۔
Ki	کہ/کے	ف	کہ۔ جیسے۔ اتنا، اس قدر، ایسا اتنا کہ۔ اسواسطے۔ اسے دیکھ کر۔ چونکہ۔ اسے اگر اسم کے بعد جوڑ دیا جائے تو ضمیر یا صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔	جو۔ وہ۔ یعنی۔ چھوٹا۔ بے حیثیت۔ ایسا۔ کسی سے۔ کے واسطے۔ کہا۔ یکا یک۔ بلکہ۔ کون۔ تا۔ اور۔ تاوقتیکہ۔ دو لفظوں یا کلمات کے ملانے کے اظہار کے لیے بھی آتا ہے۔
	کی	سنسکرت	———	کیا۔
	کی	ہندی	———	کیسے۔ کس طرح۔ کیا۔ یا۔ فوراً۔ اسی وقت۔
Kibar	کبار	ع	جمع Kabir کی۔ بڑے لوگ۔ مشہور لوگ۔ ممتاز اشخاص۔ شریف۔ مالدار۔ اونچے طبقہ کے لوگ۔	جمع کبیر کی۔ بزرگ لوگ۔ بڑے آدمی۔
Kibir	کبر	ع	گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ اہانت۔ تحقیر۔	بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔
Kibrit	کبریت	ع	گندھک۔ دیا سلائی۔	گندھک۔ دیا سلائی۔ خالص سونا یا چاندی۔ زر خالص۔
Kibriya	کبریا	ع	خدا۔ خدائے تعالیٰ۔	خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ بزرگی۔ عظمت۔ فخر۔ غرور۔ تکبر۔
Kifayet	کفایت	ع	قابلیت۔ اہلیت۔ لیاقت۔ استعداد۔ مقدور۔	کافی ہونا۔ بس ہونا۔ متکفی ہونا۔ پوری مقدار۔ حاصل ہونا۔ بچت۔ کمی۔ کم خرچی۔ صرفہ۔
Kil	گل	ف۔ت	بنیادی طور سے ایلومونیم سلی کیٹ ملی سرایت نہ کرنے والی ملائم مٹی۔ چنڈول۔ ریہہ۔ چکنی مٹی۔	گیلی مٹی۔ دلدل۔ کیچڑ۔ گارا۔
Kilâb	کلاب	ع	جمع Kelb کی۔ کتے۔	جمع کلب کی۔ کتے۔
Kilid/Kilit	کلید	ف	تالا۔	کنجی۔ چابی۔
Kilise	کلیسا	یونانی	چرچ۔ گرجا۔ عیسائیوں کے فرقوں میں سے ہر ایک۔	چرچ۔ گرجا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kilo/ Kilogram	کلو / کلوگرام	یونانی	ایک ہزار گرام کا وزن۔	ایک ہزار گرام۔ ایک ہزار گرام کا وزن۔
Kilometre	کلومیٹر	یونانی	ایک ہزار میٹر۔ ایک ہزار میٹر کا فاصلہ۔	ایک ہزار میٹر۔ کلومیٹر۔ ۵ فرلانگ ۱۱ سو گز کے فاصلے کے برابر۔
kilovat	کلوواٹ	یونانی	ایک ہزار واٹ کی طاقت کا یونٹ۔	برقی طاقت کا درجہ۔ ایک ہزار واٹ کی طاقت۔
Kils	کلس	ع	چونا۔	آہک سفید۔ چونا۔ قلعی۔
Kilsî	کلسی	ع	چونے کا۔ چونے سے متعلق۔	چونے کا۔ کھریا کا۔
Kilükal	کل کل	ت	گپ شپ۔ بک بک۔ بیہودہ بات چیت۔	
		ہندی		بیہودہ گوئی۔ بکواس۔ بک بک۔ جھگڑا۔ فساد۔ شوروغل۔
Kilye	گلیہ	ع	گردہ۔	گردہ۔
Kimya	کیمیا	ع	کیمیا۔ کیمسٹری۔ قیمتی اور کم یاب شے۔	رانگ کو چاندی یا سونا بنانا۔ رسائن۔ اکسیر۔ خاصیت۔ ماہیت اشیا کا علم۔ کیمیا۔ کیمسٹری۔ نہایت مفید۔ تیر بہدف۔ مفید مطلب۔
Kimyager	کیمیاگر	ف	کیمسٹ۔	کیمیا بنانے والا۔ زرساز۔ چالاک۔ مکار۔
Kimyevî	کیمیاوی / کیمیائی	ف	کیمیکل۔ کیمیاوی۔ کیمیا سے متعلق۔	کیمیا سے متعلق۔ کیمیاوی۔ کیمیاوی اشیا۔ وہ اشیا جو کیمیاوی عوامل سے حاصل ہوں یا ان میں استعمال ہوں۔
Kimyon	کمون	ع	زیرہ۔	زیرہ۔ ایک دوا کا نام۔
Kimyoni	کمونی	ف	زیتون کے کھلے ہرے رنگ کا۔ ہلکے بھورے رنگ سے ملا خالص ہرا رنگ۔	ایک قسم کا معجون جس کا جزو اعظم زیرہ ہے۔ زیرہ سے منسوب۔
Kin/Kine	کین / کینہ	ف	بغض۔ عداوت۔ نفرت۔	بغض۔ پوشیدہ دشمنی۔ عداوت۔ حسد۔ بیر۔ نفاق۔ کپٹ۔
Kinaye	کنایہ / کنائت	ع	اشارہ کرنا۔ کنایتیں بیان کرنا۔ رمز۔ مقصد کے ذریعہ سمجھانے والی بات۔	سخن پوشیدہ۔ پوشیدہ بات کہنا۔ رمز۔ اشارہ۔ مبہم بات۔ منشا۔ مطلب۔ معنی۔ مراد۔
Kinin	کونین	انگریزی	کونین۔	کونین۔ ایک مشہور انگریزی دوائی جو بخار بالخصوص جاڑا بخار کے مرض میں استعمال کی جاتی ہے۔
Kira	کراہ	ع	کرایہ۔ کرایہ پر دینا۔	کرایہ۔ کرایہ دینا۔ بھاڑا۔ محصول۔ چنگی۔
Kiram	کرام	ع	جمع Karim کی۔ عالی منش۔ بزرگ لوگ۔ معزز۔ صاحب جاہ و جلال جیسے علما کرام۔	جمع کریم کی۔ شریف اور عزت دار۔ سخی لوگ۔ بڑے لوگ۔ بخشنے والا۔ گراں مایہ۔ بزرگ۔
Kiram-Kâtibin	کراماً کاتبین	ف	انسان کے اعمال لکھنے والے فرشتے۔	بزرگ لکھنے والے۔ وہ دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔
Kirdigâr	کردگار	ف	دنیا کا بنانے والا۔ خدا۔	حق تعالیٰ۔ خالق۔ خداوند۔
Kirman	کرمان	ت	حصار۔ قلعہ۔	
		ع		نام ایک شہر کا جہاں سیاہ زیرا خوب پیدا ہوتا ہے اور زیرہ کرمانی کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں کا فرش بھی بہت نفیس ہوتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kirş	کِرش	ع	پیٹ۔ جگالی کرنے والے جانوروں کا پہلا معدہ۔	جگالی کرنے والے چوپایوں کا معدہ۔
Kisbî	کِسبی	ع	کمانے والا۔ حاصل شدہ (با قاعدہ طریقوں کے خلاف)	پیشہ ور۔ ہنر والا۔ دستکار۔ کاریگر۔ اپنی کوشش سے حاصل کیا ہوا مال۔ فاحشہ۔ رنڈی۔ بدکار یا بازاری عورت۔
Kispet	کِسپت	ترکی	پوشاک۔ پہلوان کا نیکر۔	————
		اردو	————	چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجام اور جراح اپنے اوزار رکھتے ہیں۔ چمڑے کا وہ تھیلا جو سقے اپنے بائیں چھڑے پر باندھتے ہیں۔
Kisra	کِسریٰ	ف	پرانے زمانہ میں ایران کے بادشاہوں کو دیا گیا نام۔	بادشاہ۔ شاہان عجم کے ہر بادشاہ کا لقب۔ نوشیرواں عادل۔
Kisvet	کِسوت	ع	پوشاک۔ خاص طبقہ کی پوشاک۔ پہلوان کا نیکر۔	لباس۔ پوشش۔ پوشاک۔
Kişmiş	کِشمِش	ف	چھوٹے دانوں کے ایک قسم کے سیاہ انگور۔ کشکش۔	کشمش۔ ایک قسم کے سوکھے انگور۔
Kişniş	کِشنیز	ف	دھنیا۔	دھنیا۔
Kişver	کِشور	ف	ملک۔	ملک۔ ولایت۔ اقلیم۔ دیس۔
Kişver-Küşa	کِشور کُشا	ف	فاتح۔	فاتح۔ ملک۔ بادشاہ۔ ملک کا بادشاہ۔
Kitab/Kitap	کِتاب	ع	کتاب۔	کتاب۔ نوشتہ۔ جلد۔ نسخہ۔ رجسٹر۔ بیاض۔ گرنتھ۔
Kitabe	کِتابہ/کتبہ	ع	مقبرہ پر لکھی ہوئی عبارت۔	وہ عبارت جو اکثر مقابر، مساجد، سراؤں و دروازوں پر لکھوا کر یا کھدوا کر لگوا دیتے ہیں۔ وہ عبارت جو کتبوں پر لکھی جاتی ہے۔
Kitabet	کِتابت	ع	لکھنے کا فن۔ سبق سیکھنا۔ مضمون لکھنا۔ ادبی اسلوب۔ کلرک یا سکریٹری کے دفتری فرائض۔ اوپر لکھے سے متعلق۔	لکھنا۔ تحریر۔ نوشت۔ کاپی نویسی۔ محرری۔ نقل نویسی۔ لکھائی۔
Kitabhane	کُتب خانہ	ع	لائبریری۔ کتابوں کی دوکان۔	کتابوں کی دوکان۔ کتاب گھر۔ بک ڈپو۔ لائبریری۔
Kitabî	کِتابی	ع	کتابوں سے متعلق۔ کتابی۔ لائبریرین۔ مقدس کتاب کو ماننے والا۔	کتاب سے منسوب۔ بیضوی۔ لمبوترا۔ لکھی ہوئی۔ تحریری۔ یقینی۔ قابل وثوق۔ اہل کتاب۔ یہود و نصاریٰ۔
Kitabiyat	کِتابیات	ع	کتابوں کا علم یا بیان۔ ببلوگرافی۔	کسی خاص بحث کے متعلق کتابوں کی فہرست۔
Kiyaset	کِیاست	ع	ہوشیاری۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ ذہانت۔ دانش مندی۔	دانائی۔ زیرکی۔ عقلمندی۔ فہم و فراست۔ چترائی۔
Kizib	کِذب	ع	جھوٹ۔ دروغ۔	جھوٹ۔ دروغ۔
Klüb/Klüp	کُلب	فرانسیسی	کلب۔	کلب۔
Kobalt	کوبالٹ	جرمن	لوہے سے زیادہ سخت سفید سرخ رنگ کی دھات۔	ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۲ء۱ ۸ گنا زیادہ بھاری ہے۔ ایک قسم کی دھات۔
Koç	قوچ	ت	مینڈھا یا بھیڑا۔ مضبوط اور باہمت نوجوان۔	لڑائی کا مینڈھا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kod	کوڈ	انگریزی	کوڈ۔ضابطہ۔	مجموعہ قوانین۔خفیہ لغت۔اشاروں کا کلام۔بحری اور بری فوج کے اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ۔
Kofur	کفور	ع	گھمنڈ۔ضد۔ہٹ۔اہانت۔تحقیر۔	گھمنڈ۔ضد۔تحقیر۔ناشکری۔ناسپاسی۔
Kokain	کوکین	انگریزی ر فرانسیسی	کوکین۔	ایک نشہ آور اور بے حس کر دینے والی دوا۔
Kokteyl	کاک ٹیل	انگریزی	کئی شرابوں سے مرکب شراب۔	کئی شرابوں سے مرکب شراب۔
Kolej	کالج	فرانسیسی	کالج۔سیکنڈری کلاس میں پیشہ وارانہ تعلیم دینے کا اسکول۔	کالج۔
Kolera	کالرا	یونانی	ہیضہ۔کالرا۔	ہیضہ۔کالرا۔
Koleksiyon/ Kolleksiyon	کلیکشن	فرانسیسی	ڈھیر۔چیزوں کا مجموعہ۔اجتماع۔	مجموعہ۔ڈھیر۔اجتماع۔چندہ۔تحصیل۔
Koletivizm	کلیکٹیو ازم	فرانسیسی	کھیتوں، فیکٹریوں و دوکانوں وغیرہ کی مشترکہ و اجتماعی ملکیت کا اصول۔	سماج واد کا اقتصادی اصول (تعمیری) کہ صنعتوں و کارخانوں وغیرہ کو اجتماعی سرمایہ سے چلایا جانا چاہیے۔
Koloni	کالونی	انگریزی ر فرانسیسی	غیر ملکی مہاجروں کی جمعیت۔اپنے ملک سے باہر سیاسی اور معاشی فوائد حاصل کرنے کے غرض سے قبضہ کیا گیا ملک یا علاقہ۔	کالونی۔نو آباد ملک۔نئی بستی۔نو آبادکاران۔
Koma	کوما	یونانی	بعض بیماریوں میں بے ہوشی اور غفلت کی حالت۔سکتہ۔	خواب غفلت۔بے ہوشی کی نیند۔
	کاما	انگریزی	کاما۔علامت حذف۔وہ صفت تحریر جس میں مضمون کو چھوڑ کر مصنف دفعتاً کسی کی طرف مخاطب ہو جاتا ہے۔	کاما۔جملہ کا چھوٹا حصہ۔جملہ میں وقف کی علامت جو "،" سے ظاہر کی جاتی ہے جس سے جملہ کا سب سے چھوٹا حصہ مارک کیا جاتا ہے۔
Kombina	کمبائن	اطالوی	کمبائن۔	کھیت میں کئی کام ایک ساتھ کرنے والی مشین۔
Komedi	کامیڈی	یونانی	ایسا ڈرامہ یا سوانگ جس کا آخر خوفناک یا غمناک نہ ہو بلکہ جس میں ہنسنے ہنسانے کے مناظر ہوں۔چھوٹی یا نہ ہوسکنے والی حرکت۔	طربیہ۔نقل کا سوانگ۔کامیڈی۔ایسا ڈراما یا قصہ جس کا انجام خوشی پر ہو۔
Komik	کامک	یونانی	خندہ رو۔ہنسنے ہنسانے والا۔	خندہ رو۔سوانگ یا نقل سے متعلق۔
Komiser	کمیسار	انگریزی	سپرنٹنڈینٹ آف پولیس۔	ناظر۔افسر محکمہ (روس میں)
Komisyon	کمیشن	فرانسیسی ر انگریزی	کسی کا حساب کتاب رکھنے یا خرید و فروخت میں بچولیا کا فیصد منافع یا فیس۔کسی کاروبار کو کرنے کا الاؤنس۔ بلہ۔دستوری۔کونسل۔کمیٹی۔کمیشن۔	خرید و فروخت میں بچولیا کی فیصد فیس۔بیچ میں کاروبار کرنے کا الاؤنس۔اختیار کا پروانہ۔سپردگی۔اختیار دینا۔جانچ کرنے کے لیے مقرر کی گئی کمیٹی یا شخص۔مجلس۔پنچایت۔کسی خاص کام کو انجام دینے کے لیے منتخب لوگوں کا گروپ۔
Komite	کمیٹی	فرانسیسی	انجمن۔	مجلس۔پنچایت۔کمیٹی۔
Komodor	کموڈور	انگریزی	ایڈمرل سے چھوٹا بحریے کا افسر۔	بحریہ میں ایڈمرل اور کپتان کے بیچ کا عہدہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Komparti-man	کمپارٹمنٹ	فرانسیسی	ویگن کا حصہ۔ ریل گاڑی کا حصہ۔	جہاز یا ریل گاڑی کا حصہ۔ حصہ۔ کمرہ۔ خانہ۔ درجہ۔
Kompas/ Kumpas	کمپاس	انگریزی	کمپاس۔ پرکار۔ چال۔ پلاٹ۔ عوض۔ تخمینہ۔ حرف جوڑنے کی تختی۔	پرکار۔ قطب نما۔ قبلہ نما۔ حدود دائرہ۔ رقبہ۔ پیمائش کا آلہ جس سے زمین ناپتے ہیں۔
Komutan	کمیدان	ت	کمانڈر۔ کمانڈینٹ۔	کمیدان۔ فوجی سردار۔ جنگی حاکم۔ کپتان کا نائب۔
Komünist	کمیونسٹ	فرانسیسی	اشتراکیت میں یقین رکھنے والا۔ اشتراکی نظریہ کا۔	کمیونسٹ۔ اشتراکی۔ اشتراکیت میں یقین رکھنے والا۔ اس اصول کا ماننے والا کہ تمام سرمایہ و جائداد سماج کی ملکیت ہیں اور سب اس میں برابر کے حصہ دار ہیں۔
Komünism/ Komünizm	کمیونزم	فرانسیسی	کیمون ازم۔ اشتراکیت۔	وہ معاشرتی نظریہ جس کے مطابق دولت آفرینی کے تمام ذرائع، زمین، بینک، فیکٹریاں وغیرہ محنت کرنے والوں کی مشترکہ ملکیت ہوں اور ہر شخص کو بقدر محنت یا بقدر اجرت ملے۔
Kondoktor	کنڈکٹر	فرانسیسی	ریل گاڑی کے ڈبوں میں ٹکٹوں کی دیکھ بھال کرنے والا۔	بس یا ریل گاڑی کے ڈبوں میں ٹکٹوں کی دیکھ ریکھ رکھنے والا ملازم۔ بس کا انچارج۔ گانے بجانے والی ٹیم کا ڈائرکٹر۔ موصل۔ بجلی کی حرارت کو ارسال کرنے کی خاصیت رکھنے والا۔
Konfeder-asyon	کنفیڈریشن	فرانسیسی	ریاستوں کا اتحاد۔	حلیف اور متحدہ حکومتیں جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں۔
Konferans	کانفرنس	فرانسیسی / انگریزی	لیکچر۔ کسی مسئلہ کو حل کرنے کے لیے بلائی گئی یا منعقد کی گئی میٹنگ۔ مباحثہ۔ جلسہ۔	مجلس شوریٰ۔ مشورہ کی مجلس۔ مشاورت۔
Konser	کنسرٹ	فرانسیسی / انگریزی	کسی مقام پر سننے والوں کے مجموعہ کے نئے آرٹسٹوں یا کلاکاروں کو اپنے راگوں یا موسیقی کو بجانا۔	گانے بجانے کی مجلس۔ نغمہ و سرود کا جلسہ۔
Konsolos	قونصل	لاطینی	قونصل۔	سفیر۔ مختار جو ایک ملک کا دوسرے ملک میں رہے۔
Konsolos-hane	قونصل خانہ	لاطینی	قونصل خانہ۔	قونصل کی قیام گاہ، دفتر۔ سفارت خانہ۔
Konsorsiyum	کنسورشیم	لاطینی	ادارہ۔ انجمن۔ مجلس۔ بڑے اداروں کی مجلس۔ بڑے اداروں کے مابین کسی معین مقصد یا کام کے لیے قائم کیا گیا اتحاد یا پارٹنرشپ۔	انجمن۔ ادارہ۔ مجلس۔ بینکوں و مالی اداروں کا بین الاقوامی اتصال۔
Konsül-tasyon	کنسلٹیشن	فرانسیسی / انگریزی	طبی رائے مشورہ۔	ڈاکٹر سے رائے مشورہ یا صلاح۔ صلاح مشورہ۔
Kont	کاؤنٹ	انگریزی / فرانسیسی	فرنگیوں میں چوتھے درجہ کا نسلی خطاب۔	یورپ میں ایک خطاب۔
Kontak	کونٹیکٹ	فرانسیسی	مختلف دو برقی مادّوں کا ایک دوسرے سے چھونا۔ شارٹ سرکٹ۔	برقی رو کا مکمل ہونا۔ چھونا۔ ملنا۔ اتصال۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kontrol	کنٹرول	انگریزی	کسی کام کو سیدھے سادے اور اصولی طور سے کیے جانے کی جانچ۔	کنٹرول۔ضبط۔قابو۔تابع کرنا۔
Kontes	کاؤنٹیس	فرانسیسی/ انگریزی	یورپ میں کسی کاؤنٹ کی بیوی یا عورت کاؤنٹ۔	کسی کاؤنٹ کی بیوی یا بیگم۔
Kontrat Kuntrat/ Kunturat	کانٹریکٹ	اطالوی/ انگریزی	معاہدہ۔اقرارنامہ۔	معاہدہ۔اقرارنامہ۔ٹھیکہ۔
Kopya/ Kopye	کاپی	انگریزی	اصل سے کی گئی نقل۔کاپی۔	نقل تحریر وغیرہ کی۔نسخہ (کتاب وغیرہ کا)۔مشقی یا تعلیمی تختیاں۔ لکھنے کی کتاب۔سرمشقی۔بیاض۔چھپائی کے لیے کتابت کیے ہوئے اوراق۔
Koram	کورَم	انگریزی	سلسلہ مراتب۔کسی مجلس یا تنظیم کی کارروائی شروع کرنے کے لیے موجود ممبران کی ضروری ہونے والی معین تعداد۔ممتاز لوگوں کی کمیٹی یا مجلس۔	ارکان کی وہ تعداد جن کی موجودگی سے جلسہ کی کارروائی جائز اور موثر ہوسکتی ہے۔اتنے اشخاص جو اجرائے کار کے لیے کافی ہوں۔
Kordon	کورڈن	فرانسیسی	رسّی۔ریشم کی رسّی یا فیتہ۔گھڑی یا میڈل وغیرہ چیزوں کو لٹکانے کی زنجیر۔رسّی کا تل جب الگ کردیا گیا ہو۔سنتریوں کی صف جو ایک دوسرے کے قریب ہو۔رسّی یا زنجیر کی شکل میں ٹیلی گراف کا کیبل۔	ریشمی فیتہ۔جنگی ناکوں کا سلسلہ۔ملٹری آپریشنوں میں سنتریوں کا ایسا سلسلہ جہاں وہ ایک دوسرے کو دکھائی دیں اور خلاف استحقاق آنے والوں کا راستہ بند کرنے کے لیے کیا جائے۔گھیرا۔محاصرہ۔
Koridor	کوریڈور	انگریزی	راستہ۔دہلیز۔ایک کمرہ سے دوسرے کمرہ تک جانے کا راستہ۔مکان میں ہوا آنے کے لیے چھوڑی گئی جگہ۔بالکونی۔مکان کے دو حصوں یا کمروں کے درمیان آنے جانے کا راستہ۔	برآمدہ۔لمبا راستہ۔غلام گردش۔متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ۔ کسی ملک کی مقبوضہ زمین کا وہ تنگ قطعہ جو کسی دوسرے ملک کے علاقہ سے گزرتا ہے۔
Korniş	کورنش	ف	————	آداب بجالانا۔خمیدگی۔جھکاؤ۔تسلیم۔بندگی۔آداب۔جھک کر سلام کرنا۔
		فرانسیسی	پردوں کے ٹانگنے کے لیے تختہ یا دھات سے بنی خوب صورت دعارضی مولڈنگ۔ فریم شکل میں نقشیں ابھری ہوئی بالکونی۔	
Kort	کورٹ	انگریزی	ٹینس کھیلنے کا میدان۔میدان۔صحن۔قصر شاہی۔عدالت۔کچہری۔خرمت۔	ٹینس کھیلنے کا میدان۔قصر شاہی۔محل سرا۔کچہری۔عدالت۔
Kostüm	کاسٹیوم	انگریزی	انگریزی ڈریس۔پوشاک۔لباس۔	پوشاک۔ڈریس۔لباس کا طریق۔پہناوا۔
Kota	کوٹا	انگریزی	انگریزی حصہ رسدی۔حصہ۔کوٹا۔	حصہ رسدی۔حصہ۔بخرا۔کوٹا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kotlet	کٹلیٹ رکٹلس	انگریزی ر فرانسیسی	گوشت کی چاپ یا ٹکڑا۔	گوشت کا بھونا ہوا یا اُبالا ہوا ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا خاص طور سے بھیڑ یا بچھڑے کا جو پکانے کے لیے کاٹا جاتے۔ عام طور پر یہ پسلی یا س سے متعلقہ گوشت کا ہوتا ہے۔
Köfte	کوفتہ	ف	آلو کی شکل کا باریک کٹے ہوئے گوشت کو اُبال کر بنایا ہوا گوشت کا ٹکڑا جس کے اندر پیاز سبزی اور مصالحے بھر کر بھون کر پکایا گیا ہو۔	کوفتہ۔ کوٹے ہوئے قیمہ کے گول کباب جو شوربے میں ڈالتے ہیں۔ کوٹا ہوا۔ چوٹ کھایا ہوا۔ تھکا ہوا۔ کباب کی ایک قسم۔ آسیب زدہ۔ آزار رسیدہ۔ رنج دیدہ۔
Köhne	کہنہ	ف	پرانا۔ متروک۔	پُرانا۔ قدیم۔ دیرینہ۔ سال خوردہ۔
köknar	کوکنار	ت	صنوبر کا درخت۔	
		ف	———	پوست۔ خشخاش کا ڈوڈا۔
Kör	کور	ف	اندھا۔ لاپرواہ۔ جو دور اندیش نہ ہو۔ کُھٹل چاقو۔ چھوٹا جالی دار جال۔	اندھا۔ نابینا۔
Kös	کوس	ف	بڑا نقارہ۔ ڈھول۔	بڑا نقارہ۔ دمامہ۔ ڈھول۔
Köse	کوسہ	ف	جس کی ڈاڑھی نہ نکلی ہو۔ جہاں درخت دور دور یا تتر بتر ہوں۔	جس کی ڈاڑھی کے بال نہ نکلیں۔
Köşe	گوشہ	ف	کونہ۔ زاویہ۔ گوشہ۔ واپسی۔ حصہ۔ تنہا مقام۔	کونہ۔ خلوت۔ تنہائی۔ طرف۔ جانب۔ کمان کا سرا۔ کنارہ۔
krank	کرینک	انگریزی	کرینک۔ کرینک شافٹ۔	کرینک۔ الجھو۔ جیتو۔ دُھرے کا کنجی دار سرا۔
Kredi	کریڈٹ	انگریزی ر فرانسیسی	اعتبار۔ قرض۔ اُدھار۔	قرض۔ اُدھار۔ اعتبار۔ آبرو۔ عزت۔ قدر۔ نیک نامی۔ یافتنی۔
Krator/ Kırater	کریٹر	یونانی	آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔	جوالا مکھی کا منہ۔
Kremato-ryum Kıremato-ryum	کریمیٹوریم	لاطینی	مُردوں کو جلانے کی جگہ۔ مرگھٹ۔	مُردوں کی جلانے کی جگہ۔
Kruvazör	کروزر	فرانسیسی	جنگی جہاز جو دشمن کی تلاش میں گشت کرتا ہے۔	جنگی جہاز جو سمندر میں گشت کرتا پھرے۔ کروزر جنگی جہاز۔
Kubbe	قُبہ	ع	گنبد۔	گنبد۔ برج۔ کلس۔ کلار۔
Kubuh/ Kubhu	قُبوح	ع	بھدا پن۔ خامی۔ کمی۔ غیر شائستگی۔ نامعقولیت۔	زشت۔ بُرا۔ زبوں۔
Kubur	قُبور	ع	جمع Kabir کی۔ قبریں۔	جمع قبر کی۔ قبریں۔ پستول کا چرمی خانہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں بنا ہوتا ہے (اس معنی میں واحد ہے)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
		ت	پائپ کی شکل میں لمبا تھیلا۔ پرانے قسم کے پاخانہ میں ایک سوراخ۔ پرانے زمانہ میں استعمال کیا جانے والا ایک قسم کا طمنچہ۔ ترکش۔	
Kudema	قدما	ع	جمع Kadim کی۔ پرانے۔ قدیم۔ مشہور لوگ۔ بزرگ لوگ۔	پرانے۔ قدیم۔ دیرینہ۔ اگلے زمانہ کی۔ ازلی۔ جنگلی ابتدائی۔ ہمیشہ کے لیے۔ آبائی۔ موروثی۔
Kudret	قدرت	ع	طاقت۔ استعداد۔ دولت۔ خدا کی ہمہ قادری۔ قدرت۔ فطرت۔	طاقت۔ زور۔ مجال۔ قوت۔ حوصلہ۔ خدائے تعالیٰ کی طاقت۔ فطرت۔ شان الٰہی۔
Kudsî	قدسی	ع	پاک۔ خدائی۔ افضل۔	پاک۔ پاکیزہ۔ متبرک۔ فرشتہ۔ نیک آدمی۔
Kudum	قدوم	ع	پہنچنا۔	قدم کی جگہ۔ کسی جگہ سے آنا۔ تشریف لانا۔ سفر سے واپس آنا۔ آمد۔
Kudüs	قدس	ع	یروشلم۔	یروشلم۔ بیت المقدس۔
Kûfî	کوفی	ع	عربی زبان لکھنے کا ایک سابقہ طرز یا شکل۔ عربی لکھنے کا کوفی طرز۔	عربی زبان لکھنے کا کوفی اسٹائل۔
Kuka	کوقہ	یونانی	گولا (اُون وغیرہ کا) ناریل کی لکڑی۔ تسبیح۔ کناری سے بنا ایک ریشم کی شکل میں خصوصی گلا۔ دودھیا اور قہوہ کے رنگ کا ایک سخت قسم کا درخت۔ پائپ کے منہ کی طرح چیزیں بنانے والا۔	گریبان وغیرہ کا تکمہ یا گھنڈی۔
Kul	قول	ت	غلام۔ مخلوق۔ انسان (خدا کے تعلق سے)۔ سابقہ ترک پیادہ فوج جسے ترکی میں Yeni Çeri (ینی چیری) کہتے تھے اور جو زیادہ تر غیر مسلم غلام نوجوانوں اور عیسائی رعایا پر مشتمل تھی، اس لشکر کا سپاہی۔ غلام عورت۔ لڑاکو۔	غلام۔ ردمیوں کی فوج۔ سپاہ کا انبوہ۔ لشکر۔ فوج کی بھیڑ۔
Kulak	قلاق	ت	کان۔ توجہ۔ کان کی شکل کا اُبھار۔ ہینڈل۔ خط میں تہہ کیا گیا کاغذ کا ٹکڑا۔ وائلن کی کھونٹی۔ شوربے میں گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔ ڈھیلی لٹکی ہوئی چیز۔ کنجی جانے کے سوراخ وغیرہ کا حلقہ	گوش۔ کان۔
Kule	قلہ	ع	مینار۔ ٹاور۔ کلس۔ بُرجی۔ کنگورہ۔ اونچی اور بہت لمبی سلینڈر کی شکل کی عمارت۔	پہاڑ کی چوٹی۔ گھوڑے کا ایک رنگ جو زردی مائل ہوتا ہے۔
Kulûb	قلوب	ع	جمع Kalb کی۔ بہت سے قلب۔ بہت سے دل۔	جمع قلب کی۔ دل۔ بہت سے دل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kulunc/ Kulunç	قُولنج	ع	قولنج۔ درد شکم۔ مروڑ۔ تشنج۔ اینٹھن۔ بائی کا درد۔ چک۔	وہ درد جو قولون (بڑی انتڑی) میں پیدا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا درد شکم۔ پسلی کے نیچے کا درد۔ درد پہلو۔
Kulüb/Klüb	کلب	فرانسیسی	کلب۔	کلب۔
Kumanda	کمانڈ	فرانسیسی	ملٹری کمانڈ۔ آرڈر۔ حکم۔ ہدایت۔ اختیار۔ کمان۔ اتھارٹی۔ حکم دینا۔	حکم۔ ہدایت۔ سرداری۔ قیادت۔
Kumandan	کمانڈینٹ	فرانسیسی	فوج کا کمانڈر۔ میجر (کچھ فوجوں میں)	فوجی سردار۔ کپتان۔ جنگی حاکم۔
Kumar	قمار	ع	جُوا۔	جُوا۔ ہر بازی کہ جس میں شرط لگائی جائے۔ وہ بازی کہ جس میں روپیہ کے لین دین کی شرط ہو۔
Kumarbaz	قمار باز	ع	جُواری۔	جُواری۔ جُوا کھیلنے والا۔
Kumarhane	قمار خانہ	ع	جُوے کا اڈہ۔ وہ جگہ جہاں جوا کھیلا جائے۔	جُوے کا اڈہ۔
Kumaş	قماش	ع	کپڑا۔ ریشہ۔ پارچہ۔ کوالٹی۔	جامعہ ابریشمی۔ ریشم کا کپڑا۔ گھر کا سامان۔ اسباب۔ متاع۔ جوہر۔ بُغر۔ وضع قطع۔ طور طریق۔ قسم۔ جنس۔ اندازہ۔ گنجفہ کی بازی۔ کمینہ۔ سفلہ۔ چھوٹی قوم کا۔ رنگ جیسے خوش قماش جامعہ۔
Kumkuma	قُمقُمہ	ع	تنگ گردن کا برتن یا بوتل۔ روشنائی کی بوتل۔ کسی بُری چیز کا جماؤ یا جمع ہونے کا مقام۔	نام ایک چھوٹے ظرف کا جسے فارسی میں کوزہ کہتے ہیں۔ گلاب پاش۔ ایک قسم کی چھوٹی قندیل۔ بجلی کا بلب۔ وہ گول جس میں عبیر یا گلال بھر کر ہولی میں ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔ شیشہ کا رنگین گولہ جسے آرائش کے لیے چھت میں لٹکاتے ہیں۔
Kumpanya	کمپنی	فرانسیسی	شرکت۔ کمپنی۔	کمپنی۔ ٹولی۔ گانے بجانے والوں کی منڈلی۔ فوجی دستہ۔
Kuntrat/ Kunturat	کنٹریکٹ	انگریزی	ٹھیکہ۔ معاہدہ۔	ٹھیکہ۔ معاہدہ۔ اقرار نامہ۔
Kupa	کپ	فرانسیسی	کپ۔ دھات کا بڑا گلاس یا ظرف جو زیادہ تر کھیل کا مقابلہ جیتنے والے کو دیا جاتا ہے۔ شراب کا گلاس۔ گلاس بھر۔ چار پہیوں کی گاڑی جو بند ہو اور جس میں بیٹھنے کی جگہ پیچھے کی طرف ہو۔	پیالہ۔ کپ۔
Kupon	کوپن	فرانسیسی	کسی روزگار یا وعدہ کے مطابق ملنے والا فائدہ۔ حکومت کے ذریعہ کسی چیز کی تقسیم کے لیے دیا گیا کاغذ کا ٹکڑا۔ کپڑا جو سوٹ کے لیے کافی ہو۔	کوپن۔ پرچہ۔ رسید۔ ٹکٹ کا مثنی۔ اقرار نامہ۔
Kura	قُریٰ/قُریات	ع	جمع Kariye کی۔ دیہات۔ گاؤں۔	جمع قریہ کی۔ گاؤں۔ دیہات۔
Kur'a	قُرعہ	ع	لاٹری نکالنا۔ فوج میں جبریہ بھرتی۔ جبری بھرتی کیے گئے فوجیوں کے کلاس کا سال۔	تانبے، جست یا پیتل، پانسا نام کی پرچی نکالنا۔
Kurada	خوردہ	ت۔ف	پرانی اور گھسی پٹی چیز جو کام میں نہ لائی جا سکے۔	کھائی ہوئی۔ کھایا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kur'an	قرآن	ع	قرآن شریف۔ مسلمانوں کی مذہبی کتاب۔	قرآن شریف۔ کلام اللہ۔ خدا کی کتاب۔
Kurb	قُرب	ع	نزدیکی۔ پڑوس۔	نزدیکی۔ پاس۔ مرتبہ۔ منزلت۔ رشتہ۔
Kurban	قُربان	ع	قربانی۔ بھینٹ۔ تہوار کے دن یا دینی فرض کی ادائیگی کے طور پر قربان کی گیا جانور۔ عیدالاضحیٰ۔ کسی حادثہ یا ناگہانی آفت میں مرنے والا۔ کسی خیال کے تحت قربان کی گئی چیز یا خود کو قربان کرنے والا۔ ترکی کے کچھ علاقوں میں خطاب کے کلمہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔	بھینٹ۔ صدقہ۔ نثار۔ فدا۔ وہ چیز جو خدا کی راہ میں بہ نظر تقرب تصدق کی جائے۔ بلیدان۔ صدقہ۔ ذبیح۔ ذبح کردہ شدہ۔ کمان دان۔ کمان کا گھر۔ کمان رکھنے کا خانہ۔ وہ تسمہ جس میں ترکش بندھا ہوا پیٹھ پر لٹکتا ہے۔
Kurbiyet	قُربیت	ع	نزدیکی۔	نزدیکی۔ پاس۔ قرابت۔ رشتہ۔
Kurena	قُرنا	ع	جمع Karin کی۔ ساتھی۔ شرکاء۔	جمع قرین کی۔ مصاحب۔ پاس رہنے والا۔ ہم نشین۔ ہم صحبت۔ مشابہ۔
Kureyş	قُریش	ع	حضرت محمد صاحب کا قبیلہ۔	سعودی عرب کے ایک قبیلہ کا نام جس سے حضرت محمد صاحب تعلق رکھتے تھے۔ قریش۔
Kurra	قُرّاء	ع	جمع Kari کی۔ پڑھنے والے خاص طور سے قرآن شریف کے۔	جمع قاری کی۔ پڑھنے والے۔ علم قرات کے مطابق قرآن پڑھنے والے۔
Kurs	کورس	انگریزی / فرانسیسی	تھوڑے یا کم ٹائم میں ختم ہونے والے اسباق۔ اسباق کا مقررہ سلسلہ یا لیکچر۔	اسباق کا کورس۔
	قُرص	ع	میٹھی ٹکیا۔ گول چپٹی اور چوڑی چیز۔ ٹکیا۔ ستارے کی دکھائی دینے والی شکل یا چہرہ۔ خوشبو کا مرکب۔	ٹکیا۔ گھیرا۔ ٹکیا کی طرح گول چیز۔ دوائی کی ٹکیا۔
Kurun	قُرون	ع	جمع Karin کی۔ سابقہ زمانے۔ پرانے زمانہ۔	جمع قرن۔ زمانے دراز۔ عرصہ ہائے دراز۔
Kurun-u-Ûlâ	قُرونِ اُولیٰ	ع	سابقہ زمانے۔	پرانے زمانے۔ اسلام کا ابتدائی دور۔
Kurun-u-Vusta	قُرونِ وُسطیٰ	ع	درمیانے زمانے۔ زمانۂ وسطیٰ۔	زمانۂ وسطیٰ۔
Kuruş	قُرش	اطالوی	ترکی کے روپے لیرا کے ۱۰۰/۱ حصے کا سکہ۔	ایک ترکی سکہ۔
Kurut	قُروت	ت	خشک دودھ سے بنی ہوئی چیز۔	خشک دہی۔ پنیر۔
Kusur	قُصُور	ع	فرض کی انجام دہی میں کوتاہی۔ کمی۔ بے موقع حرکت۔ کسی چیز کی خرابی۔ نقص۔ کسی رقم کی بقایہ۔	کوتاہی۔ خطا۔ بھول۔ چوک۔ جمع قصر کی بمعنی محلات۔
Kusva	قُصویٰ	ع	بہت دور۔ آخری حد۔ انتہائی۔ نہایت۔	انتہا۔ نہایت۔ آخر۔ بہت دور۔ یہ صیغہ مونث اقصیٰ کا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kuş	قُوش	ت	چڑیا۔	شکاری پرندہ مثل شکرہ۔ باز اور شاہین۔
Kut	قُوت	ع	کھانا۔ قسمت۔ خوشحالی۔ سعادت۔	خوراک۔ کھانا۔ طعام۔ بھوجن۔ کھانے کی چیز۔
Kûtah	کوتاہ	ف	چھوٹا۔	چھوٹا۔ اوچھا۔ جھکنا۔ پست۔ کم۔ تھوڑا۔ مختصر۔ تنگ۔ سکڑا ہوا۔
Kutbî	قُطبی	ع	قطب سے متعلق۔ قطبی۔	قُطبی۔
Kûtehbin	کوتاہ بین	ف	ناعاقبت اندیش۔	کوتاہ بیں۔ کم نظر۔ ناعاقبت اندیش۔ پست ہمت۔ کم دیکھنے والا۔
Kutub	قُطب	ع	زمین کی دُھری کا ایک سرا۔ بجلی کا پول۔ دُھری جس کے چاروں طرف کاروبار گھومتا ہے۔ بہت مشہور لوگ۔	زمین کے محور کا سرا۔ لوہے کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ قوم کا سردار۔ افضل۔ اعلیٰ۔ برگزیدہ۔ مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق وہ ولی جس کے قبضہ قدرت میں کسی بستی یا علاقہ کا انتظام عالم معنوی میں خدا کی جانب سے سپرد ہو۔ افضل۔ اعلیٰ۔
KutbuŞimali	قُطب شمالی	ع	شمالی قطب۔ اُتری دُھرو۔	قطب شمالی۔ زمین کے محور کا شمالی سرا۔
KutbuCenubi	قُطب جُنوبی	ع	دکھنی قطب۔ جنوبی قطب۔ دکھنی دُھرو۔	قطب جنوبی۔ زمین کے محور کا جنوبی سرا۔
Kutubeyn	قُطبَین	ع	دونوں قطب۔	دونوں قطب۔ قطب شمالی و قطب جنوبی۔
Kutur	قُطر	ع	سیدھی لائن جو دائرہ کے مرکز کے پاس ہو اور دائرہ کو برابر برابر دو حصوں میں تقسیم کردے۔	علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ خط مستقیم جو مرکز پر دائرے سے گزر کر اس کے دو ٹکڑے کردے۔ سمت۔ کنارہ۔ طرف۔
Kuud	قُعود	ع	بیٹھنے کا عمل۔ نماز میں بیٹھنے کی حالت یا وضع۔	بیٹھنا۔ کھڑے سے بیٹھنا۔ سوتے سے اُٹھ کر بیٹھنا۔ بیٹھک۔ نشست۔
Kuva	قُویٰ/قُوا	ع	جمع Kuvvet کی۔ طاقتیں۔ قوتیں۔	قوت کی جمع۔ طاقتیں۔ قوتیں۔ زور۔
Kuvars	کوآرٹس	جرمن	ایک قسم کا پتھر۔	ایک قسم کا پتھر۔ بلور پتھر۔ کوارٹس۔
Kuvve	قُوّہ	ع	طاقت۔ ذہنی قوت۔ لیاقت۔ کوالٹی۔ صفت۔ استعداد۔ اثر۔ امکان۔	طاقت۔ استعداد۔ امکان۔
Kuvvei-mü-drik	قُوتِ مُدرِکہ	ع	سمجھنے کی ذہنی قوت۔ لیاقت۔	دریافت کرنے اور معلوم کرنے کی قوت۔ سمجھ۔ فہم۔
Kuvvimüfik-kire	قُوتِ مُفکِّرہ	ع	سوچنے کی طاقت۔	سوچنے کی قوت۔ قوت تخیل۔
Kuvvimüme-yyize	قُوتِ مُمیِّزہ	ع	تمیز۔ شناخت۔ ادراک۔	تمیز کرنے اور پہچاننے کی قوت۔ چیزوں کا فرق دریافت کرنے کی طاقت۔
Kuvve-i-Samia	قُوتِ سامعہ	ع	سننے کی طاقت و لیاقت۔	سننے کی طاقت۔ سننے کی لیاقت۔
Kuvvet	قُوّت	ع	طاقت۔ زور۔	طاقت۔ زور۔ قدرت۔ توانائی۔
Kuyud	قُیود	ع	جمع Kayıd۔ پابندیاں۔	جمع قید کی۔ پابندیاں۔ شرطیں۔
Küb	کیُوب	فرانسیسی/انگریزی	مکعب۔ ہر طرف سے چوکھونٹا اور ہشت پہلو۔	مکعب۔ ہر طرف سے چوکھونٹا اور ہشت پہلو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Kübik	کیوبِک	انگریزی	مکعب۔	چار شکلہ ٹھوس چیز جس کے چھ پہلو ہوں۔
Kübra	کُبریٰ	ع	Ekber کی تانیث۔ زیادہ بڑی۔ سب سے بڑی۔	اکبر کی تانیث۔ بہت بڑی۔ بہت بزرگ۔ عظیم۔ ہر مؤنث چیز جو بڑی یا بزرگ ہو۔
Küduret	کدُورت	ف	رنج۔ غم۔ اُداسی۔	آلودگی۔ گدلا پن۔ آزردگی۔ رنجش۔ دل کا غبار۔
Küffar	کُفّار	ع	Kâfir جمع کی۔ خدا میں یقین نہ رکھنے۔	جمع کافر کی۔ ناشکرے لوگ۔ کافر لوگ۔
Küfran	کُفران	ع	ناشکراپن۔	ناشکراپن۔ ناسپاسی۔
Küfrani-nimet	کُفرانِ نعمت	ع	نعمت کا ناشکراپن۔	نعمت کا ناشکراپن۔ احسان فراموشی۔ نمک حرامی۔
Küfür	کُفر	ع	خدا میں یقین نہ رکھنا۔ کلمہ کفر۔ بددعا دینا اور قسم کھانا۔ بددعا دینے کے لیے کہے گئے کلمات۔	خدا کو نہ ماننا۔ خدا میں یقین نہ رکھنا۔ بے دینی۔ ہٹ۔ ضد۔ ناشکری۔
Küffü/Küfüv	کُفو	ع	عہدہ یا سماجی رتبہ میں برابر (خاص طور سے) سے شادی کے بارے میں۔	ہم جنس۔ ہم قوم۔ ہم خاندان۔ ہم ذات۔ ہم منصب۔ مانند۔ مثل۔ برابر۔ برادری۔
Kül	کُل	ت	راکھ۔ راکھ کے رنگ کا۔ تباہ شدہ۔ برباد۔	
Kül	کُل	ع	سب۔ تمام۔ کُل۔	تمام۔ پورا۔ تمام۔ سب۔
Külâh	کُلاہ	ف	پرانے زمانے میں پہنی جانے والی مخروطی ٹوپی، اس کی شکل کی کوئی بھی چیز۔ چال۔ دھوکہ۔	ٹوپی۔ تاج شاہی۔ لمبی ٹوپی۔
Külfet	کُلفت	ع	دکھ۔ تکلیف۔ رکی وضع۔ رنج۔ بڑا خرچہ یا صرف۔	تکلیف۔ رنج۔ سختی۔ رنجش۔ مصیبت۔ کدورت۔
Küllî	کُلّی	ع	کُلّی۔ تمام۔ جملہ۔ عالمگیر۔ کثیر۔ فراواں۔ کُل۔	سارا۔ پورا۔ تمام کامل۔ منطق کی اصطلاح میں جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شریک ہوں جیسے انسان، حیوان۔
Külliyat	کُلّیات	ع	کسی ادیب کی تمام تصنیفات۔	جمع کُلّی کی۔ ایک ہی شخص کی منظومات یا تصنیفات کا مجموعہ۔
Külliyen	کُلّیۃً	ع	مکمل۔ پورے طور پر (منفی کے ساتھ) بالکل نہیں۔	پورے طور پر۔
Kültür	کُلّیت	ع	کُلّی۔ تمامیت۔ سالمیت۔ بہتات۔ کثرت۔	عالم گیریت۔ جملہ۔
Kültür	کلچر	فرانسیسی	ثقافت۔ تہذیب۔	ثقافت۔ تہذیب۔
Kültürel	کلچرل	فرانسیسی	ثقافتی۔ کلچر سے متعلق۔	تہذیبی۔ ثقافتی۔ کلچر سے متعلق۔
Kümbet/ Kümbed	گُنبد	ف	گنبد۔ اونچائی۔ ابھار۔	گول چھت۔ بُرج۔ عمارت کا بالائی حصہ جو گول ہو۔
Künde	کُندہ / کُندہ	ف	بیڑی۔ روک۔ دام۔ پھندا۔	موٹی لکڑی کا ٹکڑا۔ بندوق کی لکڑی۔ وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں۔ وہ لکڑی جس میں سوراخ کرکے مجرموں کے پاؤں ٹھونک دیتے ہیں۔ بندوق کا پچھلا حصہ۔ پتنگ کا ہر گوشہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Künfeyekün	کُن فَیَکُون	ع	ہو۔ پس ایسا ہے۔ مادّہ جیولہ سے فطرت کے ذریعہ تخلیق۔	ہو جا۔ پس وہ ہو گیا۔ مجازاً مخلوق۔ کائنات۔
Künh	کُنہ	ع	حقیقت۔ جوہر۔ اصلیت۔	حقیقت۔ تہہ۔ ماہیت۔ کسی چیز کی انتہا۔ جوہر۔ عطر۔ نکتہ۔ باریکی۔ طرز۔
Kürd	کُرد	ع	کُرد۔ ایک قوم جو ترکی ایران و عراق میں پائی جاتی ہے۔ اس قوم کا فرد۔	کُرد قوم اور اس کا فرد۔
Küre	کُرہ	ع	گول چیز۔ گولا۔ کرہ زمین۔ دائرہ۔ گلوب۔ زمین۔	گیند۔ گولا۔ ہر گول چیز۔
Küre-i-arz	کُرۂ ارض		کرۂ زمین۔ زمین۔	تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے۔ زمین۔
Kürevî	کُرَوی	ع	گول۔	گول۔ دائرہ نما۔ مدور۔
Kürsü	کُرسی	ع	تخت۔ صوف۔ کرسی۔ ممبر۔ وعظ کے لیے اونچی جگہ۔ ڈائس۔ مجمع عام میں تقریر کرنے کی چوکی یا چبوترہ۔ بہشت کا اوپر حصہ جس پر خدا کا تخت لگا ہوا ہے۔	کرسی۔ چھوٹا تخت۔ چوکی۔ مکان کی زمین سے بلندی۔ مسند۔ گدی۔ زینہ۔ درجہ (شرع کی اصطلاح میں)۔ آٹھویں آسمان پر تخت الٰہی کا مقام۔ پیڑھی۔ پشت۔ خاندان۔
Küstah	گُستاخ	ف	سرکش۔ گستاخ۔ بے ادب۔	بے ادب۔ بے شرم۔ بیباک۔ شوخ۔ شریر۔
Küsuf	کُسُوف	ع	سورج گرہن۔	سورج گرہن۔
Küsur	کُسُور	ع	جمع Kesir کی۔ کسرات۔ کسریں۔	جمع کسر کی۔ کسرات۔ کسریں۔ اجزا۔ ٹکڑے۔
Küsurat	کُسُرات	ع	جمع الجمع۔ Kesir کی۔ کسرات کا گروپ۔	جمع کسر کی۔ شکستگیاں۔ توڑ پھوڑ۔ ٹکڑے۔ حصے۔
Küşa	کُشا	اردو	———————	وہ رقم جو رخصت وغیرہ سے کٹ کر بچت میں ڈالی جاتی ہیں۔
		ف	کھولنے والا۔ بڑھانے والا۔ فتح کرنے والا۔ فارسی میں لفظ یا حرف کے بعد لگایا جانے والا جیسے Kişver Küşa بمعنی فاتح۔ ملک فتح کرنے والا۔	کھولنے والا یا حل کرنے والا۔ کھلنے والا۔ آسان کنندہ۔ کشیدن مصدر کا صیغہ امر۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے مشکل کشا۔
Küşad	کُشاد	ف	شروع۔ ابتدا۔ افتتاح۔ شطرنج کے کھیل کی شروعات۔ نمائش یا اسپتال کا افتتاح۔	فراخ۔ خوشی۔ حل۔ کامیابی۔ فتح۔ کشادہ کا مخفف۔
Küşayiş	کُشائش	ف	شادمانی۔ زندہ دلی۔	کشادگی۔ فراخی۔ وسعت۔
Küttab	کُتّاب	ف	جمع Kâtib کی۔ لکھنے والے۔	لکھنے والے۔ جمع کاتب کی مجازاً مکتب کہ جہاں بچے پڑھیں۔
Kütüb	کُتُب	ع	جمع Kitab کی۔ کتابیں۔	کتابیں۔ جمع کتاب کی۔
Kütübhane Kütübane	کُتب خانہ	ع	لائبریری۔ کتاب گھر۔ کتابوں کی الماری۔ کتابوں کی دوکان۔	کتاب گھر۔ کتابوں کی دوکان۔ بک ڈپو۔ لائبریری۔

■◆■

L/(l)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Lâ	لا	ع	عربی زبان نفی کا حرف جو صرف عربی مرکب الفاظ وجملوں میں استعمال کیا جاتا ہے بمعنی "نہیں" جیسے Laübali (لااُبالی) بمعنی بے پرواہ اور Lâyemut (لایمُوت بمعنی غیرفانی، امر یادہ مرتا نہیں)	نہیں۔ یہ کلمۂ نفی کا ہے۔
Lâbüd	لابُد	ع	ضروری۔ لازمی۔ جس کے بغیر کام نہ چل سکے۔	ضروری۔ ناچار۔ بالضرور۔ بیشک۔ قطعی۔ یقیناً۔ مجبوری۔
Lâçin	لاچین	ف	شکرے یا شاہین کی قسم۔ شدید۔ تیز۔ سخت گیر۔ مستقل مزاج۔ پکے ارادہ کا۔	شاہین۔ شکرے کی ایک قسم۔
Lâçiverd	لاجُورد	ت/ف	گہرا نیلا رنگ۔	نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر جس کے نگینے بنائے جاتے ہیں اور جیسے پیس کر اس کا رنگ کتاب وغیرہ پر کرتے ہیں۔ کبھی مراد اس سے ماتمی کپڑوں سے ہوتی ہے۔ نیلا۔ نیلا رنگ۔
Laçiverdî	لاجُوردی	ت/ف	گہرے نیلے رنگ کا۔	لاجورد کے رنگ۔ گہرا نیلا۔
Lâden	لاذن	ف	ایک قسم کے جھاڑی دار پودے کا گوند جسے پرانے زمانہ میں حکیم لوگ دوائی میں استعمال کرتے تھے۔	ایک خوشبو کا نام جسے عنبر عسلی بھی کہتے ہیں۔
Lâdin	لادنہ	ف	جھاڑ۔ صنوبر۔ سرو۔	سن جس کی رسی بنتے ہیں۔
Lâdinî	لادینی	ع	جس کا مذہب سے کوئی تعلق نہ ہو۔	جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔
Lâf	لاف	ف	خالی الفاظ۔ شیخی۔ گفتگو۔ گپ۔	شیخی۔ گپ۔ بڑائی۔ ڈینگ۔ خودستائی۔
Lâfazan	لافازن	ع	شیخی خورہ۔ شیخی باز۔ باتونی۔	بڑبولا۔ ڈینگ مارنے والا۔ شیخی خوردہ۔
Lâfız	لفظ	ع	لفظ۔	کلمہ۔ شبد۔ لفظ یا کلمہ جو منہ سے نکلے۔ بات۔ لغت۔ بات کہنا۔
Lafzan	لفظاً	ف	لفظی۔ لغوی۔ لاف زن کے معنوں میں بھی۔	بڑبولا۔ ڈینگ مارنے والا۔ شیخی خوردہ۔
Lafzî	لفظی	ع	لغوی۔ الفاظ کی۔	لفظی۔ لغوی۔ اصلی۔ حقیقی۔
Lâğar	لاغر	ف	دبلا پتلا۔ کمزور اور دُبلا۔ گوشت بغیر بیکار (جانوروں کے لیے استعمال ہوتا ہے)	کمزور۔ دُبلا پتلا۔
Lâğv	لغو	ف/ع	منسوخی۔ موقوفی۔ روک۔ دبانا۔	بیہودہ۔ سخن۔ باطل۔ واہیات۔ نامعقول۔ بے معنی۔ بکواس۔ بیکار۔
Lâhid	لحد	ع	قبر۔ مقبرہ۔	قبر۔ مزار۔ گور۔ تُربت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Lâhik	لاحق	ت	کمہار کی مٹی۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ وابستہ۔ جُڑا ہوا۔ بعد میں شریک ہونے والا۔ ضمیمہ۔ تتمہ۔ جو کسی چیز کے پیچھے لگا ہو۔ بعد کو پیوست ہونے والی چیز۔	—
		ع	ملا ہوا۔ اضافہ کیا ہوا۔ جانشین ہونا یا کسی جگہ پر نیا تقرر کیا ہوا۔ کسی عہدہ پر موجودہ کام کرنے والا۔	
Lâhika	لاحقہ	ع	تتمہ۔ حرف یا کلمہ جو لفظ کے آخر میں لگایا جائے۔ وصیت نامہ کا تتمہ۔ اضافی نوٹ۔ اضافہ۔	لاحق کی تانیث۔ ملحقہ۔ پیچھے لگا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ وابستہ۔ موجودہ جیسے مرض لاحقہ۔
Lâhim	لحم	ع	گوشت۔ ماس۔ پھل کا گودا۔	گوشت۔ ماس۔
Lâhin	لحن	ع	سُر۔ آواز۔ نغمہ۔ راگ۔	آواز۔ سریلی آواز۔ خوش آوازی۔ خوش خوانی۔ قرآن شریف وغیرہ کو ایک قسم کی خوش آوازی سے پڑھنا۔ وہ خطا جو بات کرنے میں واقع ہو۔ ایک قسم قافیہ معیوب کی شعر میں۔
Lâhmi	لحمی	ع	گوشت کا۔ ماس کا۔ گوشت کی گانٹھ یا جوڑی کی بگڑی ہوئی یا ابتر حالت۔	گوشت کا۔ ماس کا۔
Lâhurî	لاہوری	ف	لاہور کا بنا ایک قسم کا شال جیسے "لاہوری شال" بھی ترکی زبان میں کہتے ہیں۔ مال جس سے لاہوری شال بنائے جاتے ہیں۔	—
		ہندی	—	صوبہ پنجاب (پاکستان) کے دارالحکومت لاہور سے منسوب۔ لاہور کا باشندہ۔ ایک پھوڑے کا نام۔ کارنکل۔
Lâhut	لاہوت	ع	علم الہی۔ علم تصوف۔ خدائی۔ الوہیت۔ خداوندی۔	سلوک کا وہ مقام جہاں فنائی اللہ کا درجہ ہے۔
Lâhutî	لاہوتی	ع	خدائی۔ رحمانی۔ اعلیٰ۔ افضل۔ روحانی۔	لاہوت سے منسوب۔
Lâhza/ Lâhze	لحظہ	ع	وقت کا وہ حصہ جو تقسیم نہ ہو۔ آن۔ لمحہ۔ آنکھ کا جھپکنا۔	لمحہ۔ پل۔ آنکھ کی جھپک۔ نگاہ۔
Lâin	لعین	ع	کوسنے والا۔ جو کوستا ہے۔ کوسا گیا۔ جسے خدا کی طرف سے قطعی طور سے ترک کر دیا گیا ہو۔ مردود۔ ملعون۔	لعنتی۔ ملعون۔ مردود۔ بدبخت۔ دوزخی۔
Lâk/ Lâka	لاکھ	ف	مشرق بعید میں کچھ پیڑوں سے نکالا جانے والا سیاہ و سرخ رنگ کا دودھ جو فرنیچر، کھلونوں و چھوٹی موٹی اشیا پر پالش کر کے چمکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	ایک قسم کا گوند جو لاکھ کے کیڑے سے پیدا ہوتا ہے اور جسے پگھلا کر مہر بنائی جاتی ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Lâkab/ Lâkap	لقب	ع	خاندانی نام۔ پھبتی نام۔ بگاڑا ہوا نام۔ پدری۔	وہ نام جو کسی خاص مدح یا مذمت کے سبب پڑ گیا ہو۔ وصفی نام۔
Lâkin	لیکن	ف	باوجود اس کے۔ مگر۔ ماسوائے۔ بجز۔ تاہم۔ تو بھی۔	مگر۔ تاہم۔ بلا۔ (فارسی حرف شرط)
Lâklâk	لق لق	ت	سارس کی چونچ سے نکالی آواز۔ احمقانہ بک بک۔	سارس۔ فارسی لک لک۔
	لقلقہ	ع	————	سارس کے زور سے بولنے کی آواز۔ (کنایتاً) رعب داب۔ حوصلہ۔ ہمت۔ ظرف۔ لہجہ۔ خوش الحانی۔ قوتِ بیان۔ زوردار آواز۔
Lâl	لال	ف	یاقوت کی طرح قیمتی پتھروں میں شمار کیا جانے والا پتھر۔ چمکدار سرخ رنگ میں۔ ایک طرح کا ایلومونیم آکسائڈ۔ چمکدار سرخ رنگ۔ لال۔ احمر۔ سرخ رنگ کے ایک قسم کے مرکب۔	سُرخ۔ احمر۔ شوہا۔
		ت	گونگا۔ بہرا۔	گونگا۔ بہرا۔ خشم ناک۔ غصے سے بھرا ہوا۔
		ہندی	————	پیارا۔ لاڈلا۔ ناز پروردہ۔ قیمتی۔ بالک۔ لڑکا۔ بیٹا۔ فرزند۔ ننھا منھا۔ معصوم بچہ۔ دہکتا ہوا۔ انگارا۔ خشمگین۔ ایک خوش آواز خوش رنگ چڑیا جس کی چونچ اور پر سرخ ہوتے ہیں
	لعل	ع	————	لال۔ احمر۔ سرخ۔ یاقوتی۔ معشوق کا ہونٹ۔ لبِ یار۔ لال جو ایک قیمتی جوہر ہے۔
Lâla	لالہ	ف	شقائق۔ گل لالہ۔ ایک سرخ رنگ کا خوب صورت پھول۔ پرانے زمانہ میں ترک بادشاہوں کا وزراء اعظم کو مخاطب کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا کلمہ۔ ترک بادشاہوں کے حرموں کا انتظام کرنے والے حبشی ہجڑوں کا لقب۔ بچے کی دیکھ ریکھ کرنے والا۔ ملازم۔ معلّم۔ مدرس۔ ٹیوٹر۔	ایک رنگین خوشنما پھول۔ بچے پر ملازم۔ اتالیق۔ ہر قسم کے سرخ خورد پھول۔ کنایتاً لبِ معشوق۔
Lâle	لالہ	ف	گل لالہ۔ لوہے کا چھلّہ۔ جو پرانے زمانہ میں لمبی سزا پانے والے لوگوں یا پاگلوں کے گلے میں ڈالا جاتا تھا۔ میوے توڑنے کے لیے تین چار نوکوں والا لمبا ڈنڈا یا پول۔	گل لالہ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ کا پھول جس کے اندر سیاہ داغ ہوتے ہیں۔
	لالے	ہندی	————	آرزو۔ اشتیاق۔ تمنا۔ ارمان۔ کسی چیز سے ناامید ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Lâlezar	لالہ زار	ف	گل لالہ کا باغ۔ گل لالہ کا چمن۔	گلزار۔ چمن۔ باغ۔ وہ کھیت جس میں لالہ کے بوٹے ہوں
Lâm	لام	ع	عربی حرف تہجی "ل"	حرف "ل" کا تلفظ۔
		ف	———	خمیدہ۔ ٹیڑھا۔ حرف مشہور کا نام جس سے زلف محبوب کو تشبیہ دیتے ہیں۔ (تشبیہا) زلف۔ قالب۔ سانچہ۔ بدن اور تمدے کی ایک قسم کی ٹوپی جسے فقیر لوگ پہنتے تھے۔
		فرانسیسی	خوردبین سے معائنہ کیے جانے والے مادوں کے اوپر رکھا جانے والا تنگ اور لمبا شیشے کا ٹکڑا۔ پتلی پلیٹ۔ خوردبین کا سلائڈ۔	———
		ہندی	———	فوج یا پلٹن کا مجموعہ وغیرہ۔ فوج کا دستہ۔ بریگیڈ۔
Lâma	لامَا	تبتی	بدھ مت کے راہب یا پجاری۔	تبت کے بدھ پیشواؤں کا لقب۔ بدھ مت کے راہب۔
Lâmba/ Lâmpa	لیمپ/لامپ	فرانسیسی/ انگریزی	لیمپ۔ کنگرہ۔ بُول۔ سوراخ۔ کی۔ ریڈیو کا والو۔	لیمپ۔ چراغ۔ فانوس۔ دیا۔ لالٹین۔
Lâmekân	لامکان	ع	جس کا کوئی گھر نہ ہو۔ جس کی کوئی جگہ نہ ہو۔ انتہائی بے پایانی۔ خدا۔	وہ مکان جس کی مکانیت کی تخصیص نہ ہو۔ عالم قدس۔ خدائے تعالیٰ کی طرف کا کلمہ۔ بغیر جگہ والا۔
Lâmi	لامع	ع	چمکنے والا۔	چمکنے والا۔ روشن۔ چمکیلا۔
Lâmis	لامس	ع	چھونے والا۔ محسوس کرنے والا۔	چھونے والا۔
Lamise	لامسہ	ع	چھونے یا حس کرنے والی طاقت۔	چھونے یا مس کرنے والی طاقت۔ قوت لامسہ۔
Lâne	لانہ	ف	گھونسلہ۔	گھونسلہ۔ بھڑوں وغیرہ کا چھتہ۔ جھونجھ۔
Lânet	لعنت	ع	لعنت۔ خدا کی مار۔ بددعا۔ سراپ۔ بدمزاج۔ چڑچڑا۔ سخت۔ برباد۔ بہت بُرا۔ لعنتی۔ ملعون۔ سرکش۔ ہٹی۔	پھٹکار۔ دھتکار۔ سرزنش۔
Lâstik	لاسٹک	فرانسیسی/ انگریزی	ربڑ۔ ٹائر۔ برساتی موسم میں سلیپر یا جوتا جو ایک دوسرے کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ربڑ کا بنا ہوا۔ لچیلا۔	لچیلا۔ دمدار۔ اپنی اصلی حالت پر پھر واپس آجانے والی ڈوری یا فیتہ جو ربڑ اور سوت یا نائیلون سے بنا ہوا ہو۔ انگریزی لفظ ایلاسٹک کی بگڑی شکل۔
Lâşe/Leş	لاشہ/لیش	ف	لاش۔ سڑی ہوئی چیز۔ چیز جو مرمت یا استعمال کے قابل نہ رہے۔ مُردہ جسم۔	تن مردہ۔ نعش۔ لاش۔ لاغر۔ دُبلا۔
Lâşek	لاشک	ع	بغیر شبہ کے۔ بلا شبہ۔	بے شبہ۔ بے شک۔ بلا شک۔
Lâtif	لطیف	ع	عمدہ۔ نازک۔ خوشگوار۔ سُبک۔ خوشنما۔ نفیس۔	نازک۔ ملائم۔ صاف۔ پاکیزہ۔ پاک۔ نیکوکار۔ نرم۔ عمدہ۔ باریک۔ شفاف۔ مزیدار۔ لذیذ۔
Lâtife	لطیفہ	ع	ہنسی مذاق۔ ظرافت۔ چٹکلا۔	چٹکلا۔ دلچسپ بات۔ شگوفہ۔ اچھی چیز۔ انوکھا۔
Lâtife-gû	لطیفہ گو	ف	ہنسی مذاق کرنے یا کہانیاں کہنے کا شوقین۔	بذلہ گو۔ بذلہ سنج۔ لطیفہ گو۔ ظریف۔ خوش مزاج۔
Lâtin	لاطینی	انگریزی	لاطینی زبان۔ تکونہ بادبان جو بحیرہ روم و جنیوا کی جھیل میں استعمال کیا جاتا ہے۔	لاطینی۔ قدیم رومانی کی زبان۔ قدیم روما سے متعلق۔ رومی زبان۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			مشرقی کیتھولک عیسائی۔	
Lâübali	لاأبالی	ع	(لفظی معنی) میں پرواہ نہیں کرتا۔ آزاد اور آسان زندگی گزارنے والا۔ بہت زیادہ مانوس۔ لاپرواہ۔	میں پرواہ نہیں کرتا۔ بے پرواہ۔ بے شرم۔ بے فکر۔ رند مشرب۔ نڈر۔ دلیر۔ شوخ۔ لامذہب۔
Lâv	لاوا	فرانسیسی	آتش فشاں پہاڑ۔ پہاڑ سے نکلا لاوا۔	آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والا سیال مادہ۔
Lâyemut	لایموت	ع	جس کو موت نہ ہو۔ نہ مرنے والا۔ غیر فانی۔ غذا جو جسم روح کو زندہ رکھنے کے لیے کافی ہو۔	غیر فانی۔ نہ مرنے والا۔ وہ خوراک جو صرف زندگی قائم رکھنے کے لیے کافی ہو جیسے قوت لایموت۔
Lâyezal	لایزال	ع	مستقل۔ دائم۔ ہمیشہ قائم رہنے والا۔	بے زوال۔ جس کو زوال نہ ہو۔ دائم۔ ہمیشہ۔ خدا کی ایک صفت۔
Lâyık	لائق	ع	موزوں۔ قابل۔ صاحب لیاقت۔	قابل۔ صاحب لیاقت۔ واجب۔ موزوں۔ مناسب۔ درست۔ کافی۔ ہنرمند۔ ہوشیار۔
Lâyiha	لائحہ	ع	تشریحی دستاویز۔ بل جو قانون بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ منصوبہ۔	اسکیم۔ پروگرام۔ کوئی واضح چیز۔ ثبوت۔ فہرست۔ منصوبہ۔
Lâzım	لازم	ع	ضروری۔ امر ناگزیر۔ شے مطلوب۔	چمٹا ہوا۔ لگا ہوا۔ ضروری۔ فعل جو مفعول کا محتاج نہ ہو۔
Lâzime	لازمہ	ع	ضروری چیز۔ فطری نتیجہ۔ سفر کا ضروری سامان۔ بحری جہاز کے اسٹور۔ مجبوری۔ نتیجہ صریح۔	ضرورت۔ کنایہ اسباب ضروری سے۔
Leb	لب	ف	ہونٹ۔ سرا۔ کنارہ۔	ہونٹ۔ کنارہ۔ طرف۔ جانب۔ ساحل۔ حاشیہ۔ دور۔ منڈیر۔ تھوک۔ لعاب دہن۔ ہونٹوں کے اوپر کے بال۔ مونچھیں۔
Leb-i-derya	لب دریا	ف	ساحل۔ سمندر کا کنارہ۔	دریا کا کنارہ۔ ساحل۔
Leba-leb	لبالب	ف	لبریز۔ بھرا ہوا۔	لبریز۔ بھرا ہوا۔ کناروں تک بھرا ہوا۔
Lebbeyk	لبیک	ع	جناب۔ آپ کی خدمت میں ہوں۔	پکارنے کا تعظیمی طریقہ۔ میں آپ کی خدمت میں بار بار حاضر ہوں۔ موجود ہوں۔ حاجی لوگ میدان عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں۔
Leblebi	لب لبی	ت ہندی	بھنے ہوئے مٹر کے دانے۔ بندوق کی گولی۔	بندوق اور پستول وغیرہ کا وہ پرزہ جس کو دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔
Ledün	لدن	ع	خدا کی آگاہی۔	نزدیک۔ ہر نرم لچکدار چیز۔
Ledünî	لدنی	ع	خدا سے حاصل شدہ یا خدا میں موجود۔	خداداد۔ وہ علم جو سیکھے بغیر وحی یا الہام کے ذریعہ حاصل ہو یا بغیر دوسرے کے سکھانے کے اپنے ذہن و طبیعت سے پیدا ہو۔
Lef	لف	ع	اندر جذب کرنا۔ تہہ کرنا۔ اندر شامل کرنا۔ انیچ کرنا۔	لپیٹنا۔ لپٹا ہوا۔ تہہ کیا ہوا۔ شامل۔ منسلک۔ ملفوف۔ پیچیدہ کرنا۔
Leffü-neşir	لف و نشر	ع	کسی جملہ کے شروع میں چند اسموں کے بیان کرکے بعد میں ان کی صفات اور کاموں کو نیچے سلسلہ وار بیان کرنا۔	لغوی معنی لپیٹنا اور پھیلانا۔ علم بیان کی اصطلاح میں وہ صفت جس میں اول چند چیزوں کا ذکر کریں پھر اور چند چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں مگر اس طرح کہ ہر ایک نسبت اپنے

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				منسوب الیہ سے مل جانے۔ پراگندہ اور منتشر چیزوں کو لپیٹنا۔
Lehçe	لہجہ	ع	زبان۔ محاورہ۔ مقامی بولی۔	زبان۔ محاوروں۔ آواز۔ الفاظ کی آواز۔ تکیۂ کلام۔ بول چال۔ طرز کلام۔ لے۔ تر۔ انداز گفتگو۔
Leim	لئیم	ع	کمینہ۔ حقیر۔ پیچ۔ ذلیل۔	کمینہ۔ سفلہ۔ فرومایہ۔ خسیس۔ نہایت بخیل جو نہ آپ کھائے اور نہ دوسروں کو کھانے دے۔
Leke	لیکّے	ف	گندگی دھبہ۔ دھبہ۔ نشان۔	داغ۔ دھبہ۔ ٹکڑا۔ پارچہ (عام طور سے ابریا استر میں کا پارچہ یا ٹکڑا)
Lem-'a	لمعہ	ع	چمک۔ روشنی۔	روشنی۔ چمک۔ تھوڑی روشنی۔
Lem'ean	لمعان	ع	کوندنے یا چمکنے والی۔ (فزکس) بغیر گرمی کے روشنی دینے کی صفت۔	چمکیلا۔ روشنی دینے والا۔
Pıroblem/ Problem	پرابلم	یونانی	پرابلم۔ سوال حل طلب۔ امر عمل طلب۔ مسئلہ۔	قضیہ۔ مسئلہ۔ امر دشوار۔
Piç	پیچ	ف	بَل۔ لپیٹ۔ الجھاؤ۔ پیچ و تاب۔ شکن۔	بَل۔ لپیٹ۔ داؤ۔ الجھاؤ۔ وہ کیل جس میں چوڑیاں ہوتی ہیں۔ خم۔ کنکوے کی ڈور کا دوسرے کنکوے کی ڈور سے الجھنا۔ کشتی کا داؤ۔ فریب۔ دھوکا۔ پھندہ۔ عقدہ۔ پگڑی کی لپیٹ۔ چوڑی۔ درد شکم۔ مروڑ۔ رشک و حسد۔ مشکل۔ دقت۔ گرہ۔ دبانے کی کل۔ چکر۔ پھیرا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Pilâv	پلاؤ	ت	گوشت کے ساتھ پکا ہوا چاول۔	گوشت اور مصالحہ و گھی میں پکا ہوا چاول۔
Pir	پیر	ف	بوڑھا آدمی۔ بزرگ۔ درویشوں کی کسی طریقت کو قائم کرنے والا۔ پیر۔ سرپرست۔	بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بزرگ۔ مرشد۔ رہنما۔
Pirahen	پیراہن	ف	قمیض۔ عورتوں کی کرتی۔	کرتا۔ جامہ۔ پوشاک۔ لباس۔ کپڑا۔
Pirane	پیرانہ	ف	بوڑھاپے کا۔ پیری کا۔ بوڑھے آدمی کے لیے مناسب۔	پیر سے منسوب۔ بوڑھوں کی طرح۔
Piraste	پیراستہ	ف	سجایا ہوا۔ آراستہ کیا ہوا۔	سجایا ہوا۔ زیبائش کیا ہوا۔
Pirayiş	پیرائش	ف	سجانا۔ سنوارنا۔ سجاوٹ۔	سنوار۔ سجاوٹ۔
Piramit	پرامیڈ	یونانی	ایسی مثلث نما شکل جس کی زمین مستطیل ہو اور چاروں طرف سائڈیں مثلث نما ہوں اور وہ اوپر آکر ایک نقطہ میں ملیں۔	مخروطہ مینار۔ اہرام مصر۔ مینار۔
Pirens/ Prens	پرنس	انگریزی	شاہی خاندان کی اولادِ ذکور کو دیا گیا نام یا خطاب۔	شہزادہ۔
Pirenses/ Prenses	پرنسیس	انگریزی	شہزادی۔	شہزادی۔
Piri	پیری	ف	بوڑھاپا۔	بوڑھاپا۔
Pirinc/ Pirinç	برنج	ف	چاول۔ چنبل۔	چاول۔ چنبل۔
Piston	پسٹن	انگریزی	پسٹن۔ پشت پناہی۔ اثر۔	پسٹن۔
Pişman	پشیمان	ف	شرمندہ۔ متاسف۔	پچھتانے والا۔ شرمندہ۔ متاسف۔
Pişüva/ Pişva	پیشوا	ف	لیڈر۔ رہنما۔ راستہ دکھانے والا۔ نمونہ۔	رہنما۔ ہادی۔ لیڈر۔ امام۔
Piyade	پیادہ	ف	پیدل چلنے والا سپاہی۔ پیدل فوج۔ مسافر۔ معمولی حیثیت یا جانکاری والا شخص۔ شطرنج کے کھیل میں سب سے کم اہمیت اور کم فاصلہ کی چال والا مہرہ۔ دو پتواروں والی اور ہلکی ناؤ۔	شطرنج کا مہرہ۔ پیدل۔ ہرکارہ۔ چپراسی۔
Piyale	پیالہ/ پیالے	ف	کپ۔ شراب کا جام۔ پیالہ۔ کٹورا۔	پیالہ۔ کٹورا۔ جام۔ ساغر۔ توپ یا بندوق میں بارود رکھنے کی جگہ۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ عرس۔ فاتحہ سوم۔ فقیروں کے یہاں فقیروں کی دعوت۔
Piyanist	پیانسٹ	فرانسیسی	پیانو بجانے والا۔	پیانو بجانے والا۔
Piyano	پیانو	اطالوی	پیانو۔ ایک قسم کا باجہ۔	ہارمونیم کی طرز کا ایک مغربی ساز۔
Plân	پلان	انگریزی	پروجیکٹ۔ پلان۔ ڈرافٹ۔	پلان۔ منصوبہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Plebisit	پلے بی سٹ	فرانسیسی	کسی ایک مسئلہ پر پوری پبلک کی رائے شماری کرنا۔	کسی خاص پوائنٹ پر کسی علاقہ کے لوگوں کی رائے جاننے کا طریقہ۔
Poker	پوکر	انگریزی	تاش کے پتوں سے جوئے کا ایک کھیل۔	تاش کا ایک کھیل۔
Polis	پولیس	انگریزی	پولیس۔	پولیس۔
Politeknik	پولی ٹیکنیک	یونانی	ایسا ادارہ جہاں بہت سے کام سکھائے جاتے ہیں۔پولی ٹیکنیک۔	پولی ٹیکنیک۔ایسا اسکول جہاں بہت سے ہنر یا کام سکھائے جائیں۔
Politkita	پولی ٹکس	یونانی	سیاست۔پالیسی۔بات چیت میں عیاری یا خوشامد۔	سیاست۔
Polo	پولو	انگریزی	پولو کا کھیل۔پھو۔	پولو۔چوگو۔گھوڑے پر بیٹھ کر کھیلنے والا کھیل۔
Porselen	پورسیلین	اطالوی	پورسیلین۔ایک قسم کی عمدہ مٹی جس سے سفید، صاف اور شفاف برتن بنائے جاتے ہیں۔	چینی برتن۔ایک عمدہ مٹی جس سے صاف، شفاف سخت اور خوبصورت برتن بنائے جاتے ہیں۔
Post	پوسٹ	ف	ہڈی۔کھال۔کمائی ہوئی کھال جس پر فریا ملائم بال ہوں اور جو اکثر قالین کی طرح بچھانے یا کمبل کی طرح اوڑھنے میں استعمال کی جاتی ہے۔چھلکا۔چھال۔چمڑا۔پرانی طریقت سے شیخ کا مقام۔مقام۔پوست۔جان۔	چرم۔چھلکا۔کھال۔خشخاش کا ڈوڈا۔کوکنار۔جلد۔
Potaş	پوٹاش	فرانسیسی	پوٹاش۔پوٹیشیم ہائیڈریٹ۔	پوٹاش۔کھار۔سجی مٹی۔پودوں کی راکھ سے حاصل شدہ طاقتور کھاد۔پوٹیشیم۔کاربن اور آکسیجن کا مرکب۔
Poz	پوز	فرانسیسی	فوٹو یا تصویر کا ڈھنگ یا وضع۔فوٹو گرافی میں پردہ فاشی۔فوٹو گرافی۔	تصویر یا فوٹو کھچوانے کا ڈھنگ یا وضع۔مصنوعی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے خصوصاً فوٹو کھنچوانے کے لیے۔
Pozitif	پوزیٹیو	فرانسیسی	صفر سے بڑا۔نگیٹیو کی ضد۔منفی کا مخالف۔	(حساب میں) صفر سے بڑا۔نگیٹیو کی ضد۔یقینی۔صریح۔صاف صاف۔قطعی۔بالکل۔
Prens	پرنس	انگریزی	شہزادہ۔راج کمار۔	شہزادہ۔بادشاہزادہ۔
Profesör/ Purofesör	پروفیسر	فرانسیسی/ انگریزی	پروفیسر۔	پروفیسر۔اعلیٰ مدرس۔
Profesyonel/ Purofesyonel	پروفیشنل	فرانسیسی/ انگریزی	پیشہ ورانہ۔پیشہ سے متعلق۔کسی پیشہ میں لگا ہوا کوئی بھی۔	پیشہ سے متعلق۔
Program/ Purogram	پروگرام	یونانی	تحریری پروجیکٹ۔تحریری ڈرافٹ۔سوچا ہوا پلان یا اسکیم۔	کسی کام کا تفصیل وار بیان۔ترتیب۔سلسلہ۔ڈھنگ۔طریقہ۔لائحہ عمل۔
Projeksion	پروجیکشن	فرانسیسی	روشنی کے کسی سرچشمہ سے پردہ پر پڑنے والی چمک سے ظاہر ہونے والی تصویر کا	پروجیکشن۔نقشہ۔نکاس۔ابھار۔فاقہ۔اونچائی۔بندش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			فعل یا اس طرح ظاہر ہونے والی تصویر۔ نقش چھینکنے اور اوچھالنے کا عمل۔	
Projecktör	پُروجیکٹر	فرانسی	پروجیکٹر۔ روشنی کے مینار یا سینما میں استعمال کیا جانے والا قریب البیضوی شکل کا شیشہ۔ پروجیکٹ ترتیب دینے والا۔ پلان بنانے والا۔	کیمرہ جو تصویروں کو پردہ پر پھینکتا ہے۔
Propaganda/ Puropaganda	پُروپیگنڈہ	فرانسیسی	کسی مخصوص خیال یا اصول کی مشتہری کرنا۔	تبلیغ۔ تشہیر۔ کسی پلان، خیال، یا اصول کی مشتہری۔ اشاعت۔ ڈھنڈورا۔
Protestan/ Purotestan	پُروٹیسٹینٹ	فرانسیسی ر انگریزی	عیسائیوں کے ایک فرقہ پروٹیسٹینٹ کا ماننے والا۔ پروٹیسٹنٹ فرقہ کا کوئی بھی شخص۔	پروٹیسٹینٹ فرقہ کا عیسائی۔ عیسائیوں کا وہ فرقہ جو پوپ کی قیادت کو نہیں مانتا۔
Protesto/ Purotesto	پُروٹیسٹ	اطالوی	اعتراض۔ پروٹیسٹ۔ کسی کے مفادات کے خلاف دی ہوئی تجاویز یا فیصلوں پر توجہ نہ دیے جانے کے بارے میں رسمی طور سے اعتراض و غم و غصہ کا اظہار کرنا۔ حادثہ کے بعد جہاز کے بندرگاہ پر پہنچنے پر کپتان کا کسی سے محصول نہ لیے جانے کے بارے میں میمورنڈم۔ کسی قرضہ کی چاہی گئی ادائیگی کے بارے میں قرضدار کا اعتراض۔ کسی لین دین کی دستاویز کو قرضدار کی طرف سے نہ قبول کیے جانے یا قرض کی ادائیگی نہ کیے جانے کے بارے میں نوٹیری پبلک سے اس کی تصدیق کرانا۔	اعتراض۔ اعتراض کرنا۔ ہنڈی کی پشت پر انکاری عبارت لکھنا۔ نوٹیری پبلک کی جانب سے کسی غیر ادا وہ یا غیر قبول شدہ بل کے بارے میں نوٹنگ کرنا۔
Protokol/ Purotokol	پُروٹوکول	یونانی	سفارتی ضابطہ۔ تعظیم و تکریم۔ سفارتی سلیقہ و شائستگی۔	تعظیم و تکریم کا سفارتی ضابطہ۔ سفارتی سلیقہ و شائستگی۔
Puç	پُوچ	ف	بیکار۔ نکما۔ چوکھٹوں کے درمیان کے دراز۔	نالائق۔ بیہودہ۔ خالی۔ بے مغز۔ ذلیل۔ پاجی۔
Puding	پڈنگ	انگریزی	ایک قسم کی مٹھائی۔ دودھ، انڈے اور آٹے سے بنائی گئی ایک طرح کی مٹھائی۔ (جیولوجی) مختلف پتھروں و سنگریزوں سے خود بخود جمنے کے بعد ظہور میں آئے پتھر کے ٹکڑے۔	ایک قسم کا پکوان۔
Pulad/ Pulat	فولاد	ف	فولاد۔	فولاد۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Puse	بوسہ	ف	بوسہ۔ چوما۔	بوسہ۔ چوما۔ پیار۔
Puside	پوشیدہ	ف	ڈھکا ہوا۔ چھپا ہوا۔ غلاف۔ ڈھکنے والی چیز۔ لحاف۔ رضائی۔ سر سے لپیٹنے والا اِسکارف۔	چھپا ہوا۔ چھپا ہوا۔ خفیہ۔ گپت۔ مخفی۔ در پردہ۔ غیبت میں۔ پیٹھ پیچھے۔
Put	بُت	ف	مورتی۔ ہیئت۔ خوبصورت لڑکا یا لڑکی۔	بُت۔ مورتی۔ مجسمہ۔ معشوق۔ محبوب۔ مورکھ۔ بیوقوف۔ چپ۔ خاموش۔
Putperest	بُت پرست	ف	بتوں کو پوجنے والا۔	بتوں کو پوجنے والا۔ کافر۔ مشرک۔
Pür	پُر	ف	بھرا ہوا۔	بھرا ہوا۔ لبریز۔ بھرپور۔ مکمل۔ با افراط۔
Pür-Ümid	پُر اُمید	ف	اُمید سے بھرپور۔ امید سے بھرا ہوا۔	امید سے بھرا ہوا۔
Pür-melâl	پُر مَلال	ف	ملال سے پُر۔ رنجیدہ۔ اُداس۔ مایوسی کی حالت۔ Hali pürmelâl میں	اُداس۔ رنجیدہ۔ رنج سے بھرا ہوا۔

■✣■

R/(r)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rab/Rabbi	رَب	ع	خداوند۔ پروردگار۔	خدا۔ مالک۔ پالنے والا۔ پروردگار۔ صاحب
Rabbani	رَبّانی	ع	خدائی۔ رحمانی۔ آسمانی۔	رب کا۔ منسوب رب۔ رب کی طرف۔ علم الٰہی کا جاننے والا۔
Rabıt	رَبطْ	ع	باندھ۔ تعلق۔ کنیکشن۔ لازم۔ واجب۔ جرف ونحو کے معاون یا مطابق۔ ساخت	لگاؤ۔ علاقہ۔ واسطہ۔ تعلق۔ بندش۔ میل ملاپ۔ راہ ورسم۔ نسبت۔ تناسب۔ محبت۔ دوستی۔
Rabıt	رَابِط	ع	جوڑنے والا۔ باندھنے والا۔ کنیکٹ کرنے والا۔ ملانے والا۔	ربط دینے والا۔ ملانے والا۔
Rabıta	رَابِطہ	ع	تعلق۔ کنیکشن۔ قاعدہ کا انتظام۔ جوڑ۔ بند۔ منطقی یا قواعد کی مطابقت۔	لگاؤ۔ علاقہ۔ واسطہ۔ تعلق۔ میل جول۔ رشتہ۔ قرابت۔
Râbı	رَابِع	ع	چوتھی۔ چوتھا۔	چوتھی۔ چوتھا۔
Râbıan	رَابِعاً	ع	چوتھی بار۔	چوتھی بار۔ چوتھے۔
Raca	رَاجہ/رَاجا	ہندی	ہندوستان میں مہاراجہ سے چھوٹا حکمراں۔	راجہ۔ بادشاہ۔ فرماں روا۔ حکمراں۔
Raci	رَاجِع	ع	واپس ہونے والا۔ متعلق۔ رشتہ رکھنے والا۔ تعلق رکھنے والا۔	رجوع کرنے والا۔ پھرنے والا۔ وہ عورت جو شوہر کے مرجانے کے بعد اپنے والدین کے گھر واپس آجائے۔ وہ اونٹنی جو حاملہ نہ ہو مگر حاملہ معلوم ہو۔ واپس ہونے والا۔
Racih.	رَاجِح	ع	زیادہ وزن والا۔ طاقت اور حکومت میں برتر۔ قابل ترجیح۔	بہتر۔ غالب۔ فائق۔ پسندیدہ۔ ترازو کا وہ پلڑا جو بوجھ کے سبب نیچا ہے۔
Ra'd	رَعدْ	ع	گڑگڑاہٹ۔ گرج۔	ابر کی آواز۔ گرج۔ بجلی کی کڑک۔ گڑگڑاہٹ۔
Radde	رَدّہ/رَدّہ	ف	ڈگری۔ درجہ۔ پوائنٹ۔	ایک چنائی کے بعد دوسری چنائی کے لیے اینٹ رکھنا۔ پرا۔ قطار۔ صف۔ دیوار کا ردّہ۔
Radyatör	رَیڈی ایٹر	فرانسیسی	اندر کی حرارت کو باآسانی خلاص کرنے کے لیے پائپوں سے بنایا گیا آلہ۔ ریڈی ایٹر۔	پانی ٹھنڈا کرنے والے انجن میں پانی کو ٹھنڈا کرنے والا آلہ جس میں ہوا کی طرف کو کھلے پائپ ہوتے ہیں۔ گرمی کش آلہ کہ حرارت جس سے کمرہ میں حرارت پھیلتی ہے۔ ایک آلہ جو روشنی و گرمی کی شعاعوں کو باہر نکالتا ہے۔
Radyo	رَیڈیو	لاطینی	ریڈیو۔ وائرلیس۔	ریڈیو۔ نشری آلہ۔ لاسلکی یا تار کے برقی پیغام وصول کرنے والا آلہ۔
Radyografi	رَیڈیو گرافی	لاطینی	رونتگین آلات سے لی گئی تصویر یا تصویر کھینچنے کا عمل۔	ایکسرے سے لیا گیا فوٹو یا فوٹو لینے کا عمل۔
Radyogram	رَیڈیو گرام	لاطینی	بغیر تار کے ٹیلی گراف کے ذریعہ بھیجی گئی خبر اور اس کا تحریر کیا گیا کاغذ۔	بغیر تار کے ٹیلی گراف کے ذریعہ بھیجی گئی خبر اور اس کا تحریر کیا ہوا کاغذ۔
Radyotelefon	رَیڈیو فون	لاطینی	بغیر تار کے ٹیلی فون۔	بغیر تار کے ٹیلی فون۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Radyotelegraf	ریڈیوگراف	لاطینی	بغیر تار کے ٹیلی گراف کے ذریعہ خبریں بھیجنے کا آلہ۔ بغیر تار کے ٹیلی گراف۔	بغیر تار کے ٹیلی گراف۔
Redyoterapi	ریڈیو تھیراپی	لاطینی	رونتگین کرنوں سے علاج۔	ایکسرے کی کرنوں یا الٹراوائلٹ کرنوں سے بیماریوں کا علاج۔ کسی بھی طرح کی کرنوں سے علاج۔
Radyum	ریڈیم	لاطینی	ایک نادر عنصر جس کی شعاع ریزی حساس پلیٹوں پر کام کرتی ہے اور ایکسریز کی خاصیت رکھتی ہے جسے ۱۸۹۸ء میں پیرے کیوری اور ان کی بیوی نے دریافت کیا تھا۔	ایک بیش قیمت دھات جسے ۱۸۹۸ء میں پیرے اور مادام کیوری نے دریافت کیا تھا۔ ریڈیم۔
Raf	رَف	ف	دیوار یا طاق میں مختلف اشیاء رکھنے کے لیے پھنسایا گیا چوڑا اور لمبا تختہ۔ طاق۔ الماری۔ شیلف۔	بروارہ خانہ یعنی مکان کے دروازے کے دونوں طرف بیٹھنے کے لیے مثل طاق کے جگہ۔ بہت کھانا۔ عورت کے ہونٹوں کا بوسہ لینا۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔ کسی چیز کے رنگ کو چمکانا۔ چوسنا۔ گائے بکری کا گلہ۔ بڑے بادبٹ۔
Rafizî	رافضی	ع	رافضی فرقہ سے ہونے والا کوئی شخص۔ شیعہ۔ بدعتی۔ ملحد۔	وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے۔ مراد وہ پیروان زید بن علی بن حسین جنھوں نے آپ کا ساتھ چھوڑ دیا۔
Rafi	رافع	ع	اٹھانے والا۔ کھڑا کرنے والا۔ پیچھے اٹھانے والا۔	بلند کرنے والا۔ جوش کی حرکت دینے والا۔
Rağbet	رغبت	ع	خواہش۔ میلانِ طبع۔ جھکاؤ۔ میلان۔	خواہش۔ دلی توجہ۔ آرزو۔ رجحان۔ میلان۔ شوق۔
Rağm	رغم	ع	بغض۔ کینہ۔ عداوت۔ کسی کے خلاف کام کرنا۔	نفرت۔ حقارت۔ تحقیر۔ مجازاً کسی کے برخلاف کام کرنا۔
Rah/Reh	راہ/رہ	ف	سڑک۔ راستہ۔ قاعدہ۔ دستور۔ سسٹم۔ رول۔	راستہ۔ راہ۔ سڑک۔ طریق۔ وضع۔ موقعہ۔ میل جول۔ حیلہ۔ بہانہ۔ انتظار۔ پردہ سرود۔ غرض۔ مطلب۔ خبر۔ آگاہی۔ موقع۔ محل۔ تدبیر۔
Rahat	راحت	ع	آرام۔ آسانی۔ تکلیف کا نہ ہونا۔ قرار۔ آسائش۔	آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ سکھ۔ امن چین۔ سکون۔ خوشی۔
Rahib/ Rahip	راہب	ع	عابد۔ زاہد۔ درویش۔ عیسائیوں میں وہ شخص جو دینی کاموں کے لیے اپنی زندگی وقف کر دیتا ہے اور شادی نہیں کرتا۔	گوشہ نشین۔ تارک الدنیا۔ عیسائی عابد یا زاہد۔
Rahibe	راہبہ	ع	راہب عورت۔ نن۔	راہب عورت۔ عیسائی تارک الدنیا عورت۔
Rahim	رحم	ع	بچہ دانی۔ کوکھ	بچہ دانی۔ گربھ۔
Râhim	رحیم	ع	رحم کرنے والا۔ مہربانی کرنے والا۔	مہربانی کرنے والا۔
Rahle	رحل/رجل	ع	ٹانگیں کراس کر کے مشرقی اسٹائل سے بیٹھ کر کتاب رکھ کر پڑھنے کے لیے بنایا گیا کم اونچائی کا ڈسک۔	لکڑی کی وہ چیز جس پر قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہیں۔ مسکن۔ منزل۔ اسباب۔ سامان۔ کوچ کرنا۔ اونٹ کا پالان۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rahman	رَحمان	ع	رحم کرنے والا (خدا)۔ رحم دل۔ دردمند۔	مہربانی کرنے والا۔ شفیق۔ رحیم۔ غفور۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
Rahmanî	رَحمانی	ع	خدا سے متعلق۔ خدا کی عطا کردہ۔ خدائی۔	خدا سے متعلق۔
Rahmet	رَحمت	ع	رحم۔ خدا کی مہربانی۔ بارش۔	بخشش۔ مہربانی۔ کرم۔
Rahmî	رَحمی	ع	رحم سے متعلق۔	رحم سے متعلق۔
Rahne	رَخنہ	ف	دَرز۔ شگاف۔ سوراخ۔ نقصان۔ ضرر۔	سوراخ۔ چھید۔ روزن۔ شگاف۔ نقص۔ عیب۔ فتنہ۔ فساد۔ خلل۔ جراحت۔ دریچہ۔ کھڑکی۔ ہڈی کا ٹوٹنا۔ تلوار کا نشان۔
Raht	رَختْ	ف	گھر کا سامان۔ اسباب۔ فرنیچر۔ کھڑکی کی چٹخنی، قبضہ یا دروازہ۔ گھوڑوں کی ساز۔	اسباب۔ سامان۔ جامہ۔ لباس۔ اثاثہ۔ جوتی کا چمڑا۔ ٹھاٹ۔
Raiyye	رَعیّت	ع	چراگاہ میں ڈھوروں کا گلّہ۔ کسی حاکم کے محکوم لوگ۔ رَعیت۔ ماتحت۔ خلقت۔	وہ شے جس کی چرواہا اور گلہ بان نگرانی کرے مجازاً پرجا۔ رعایا۔ دنیا کے لوگ جو کسی کے ماتحت ہوں۔
Rakam	رَقم	ع	ہندسہ۔ عدد۔ علم حساب۔ علم ہندسہ۔ کثرت دولت یا مقدار۔	عدد۔ ہندسہ۔ کل تعداد۔ میزان۔ عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار سے بنائے گئے ہیں۔ تحریر۔ خط۔ نوشتہ۔ مال و دولت۔ قیمتی چیز۔ جواہر مرصّع۔ قسم۔ نوع۔ جنس۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق۔ اندراج۔ مد۔ مشترک جائداد کا ایک حصہ۔ مال گذاری کی شرح۔ کشیدہ کار یا دھاری دار کپڑا۔ نشان۔ قیمت کا نشان۔ ٹانک کا ایکٹ۔ ہوشیار۔ عجیب آدمی۔ کم سن۔ کسبی۔
Raket	رَیکیٹ	انگریزی / فرانسیسی	گیند کے بعض کھیلوں میں گیند کے پھینکنے کے لیے استعمال کیا جانے والا مخروطی شکل کا جال پھنسا ہوا اور روپہلی و ہینڈل لگا ایک اوزار۔	ٹینس و بیڈمنٹن کھیلنے کا بلا۔
Râkım	راقِم	ع	لکھنے یا نشان لگانے والا۔ سطح سمندر۔ کاتب۔ لکھنے والا۔	کاتب۔ لکھنے والا۔ نویسندہ۔
Rakım-ül-huruf	راقمُ الحُروف	ع	اِس کا لکھنے والا۔ حروف کا لکھنے والا۔	حرفوں کا لکھنے والا۔ نویسندہ۔
Rakîb/ Rakîp	رَقیب	ع	کسی کو چاہنے والے دو شخصوں سے ہر ایک حریف۔ مقابل۔	حریف۔ معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک۔ ہم پیشہ۔ پاسبان۔ محافظ۔
Râkib	راکِب	ع	چڑھا ہوا جہاز میں سفر کرنا۔ گھوڑ سواری کرنا۔ سواری کرنا۔	جہاز یا جانور پر سوار ہونے والا۔ سوار۔
Rakik	رَقیق	ع	نازک۔ عمدہ۔ کمزور۔ نرم دل۔ پتلا۔	پتلا۔ لطیف۔ نرم۔ ملائم۔
Rakkas	رَقّاص	ع	ناچنے والا۔ لنگر۔ لٹکن۔ پینڈیولم۔ کوئی وزن جو کسی متعین مقام سے آزادانہ طور سے اِدھر اُدھر لٹکنے کے لیے لٹکایا گیا ہو۔	ناچنے والا۔ گھنٹے کی لٹکن۔ گھڑی کا سپرنگ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rakıs/Raks	رَقص	ع	ناچ۔ ڈانس۔	اچھلنا۔ کودنا۔ مجرا۔ ناچ۔ رت۔ ڈانس۔
Raksan	رَقصاں	ع	رقص کرتا ہوا۔ ناچتا ہوا۔	حالت رقص میں۔ ناچنے والا۔ ناچتا ہوا۔ رقص کرتا ہوا۔
Râm	رَام	ف	تابعدار۔ فرمانبردار۔ حلیم۔ پالتو۔ شریف۔ مطیع کرنا۔ مغلوب کرنا۔ اطاعت کرنا۔	تابعدار۔ فرمانبردار۔ مطیع۔
		سنسکرت	———	پرمیشور۔ پروردگار۔ پرم رام۔ وشنو اور رام چندر جی کا خطاب۔ خوشگوار۔ خوب صورت۔ سیاہ۔
Ramak	رَمق	ع	قریب المرگ شخص میں زندگی کی آخری چنگاری۔ زندہ رہنے کے لیے کم سے کم غذا۔ کسی بھی چیز کی چھوٹی سی چھوٹی ممکنہ مقدار۔	تھوڑی سی جان۔ بقیۂ جان۔ آخری سانس۔ چاشنی کا تھوڑا اثر۔
Ramazan	رَمَضان	ع	اسلامی سال کا نواں مہینہ۔ ماہ رمضان جس کے دوران مسلمان روزہ رکھتے ہیں۔	قمری سال کا نواں مہینہ جس میں مسلمان روزے رکھتے ہیں۔
Rami	رَامی	ع	پھینکنے والا۔ شوٹ کرنے والا۔ تیر انداز۔ دھنش دھاری۔ برج قوس۔	تیر انداز۔ سنگ انداز۔ پتھر مارنے والا۔ تہمت لگانے والا۔
Râna	رَعنا	ف	خوب صورت۔ اعلیٰ قسم کا۔ شاندار۔ عمدہ۔ نازک خیال۔ افضل۔	خوب صورت۔ حسین۔ نازک۔ نرم۔ خوش خرم۔ خوشنما۔ ایک پھول کا نام جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے۔ زیبا انداز سے چلنے والا۔ چالاک۔ طرار۔
Rapor	رَپُورٹ	فرانسیسی/ انگریزی	رپورٹ۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ۔	باضابطہ بیان۔ رُوداد۔ اطلاع۔ خبر۔ رپٹ۔ اخباری بیان۔
Raportör	رپوٹر	فرانسیسی/ انگریزی	کیفیت نویس۔ مخبر۔ اطلاع رساں۔ رپورٹر۔	اطلاع دینے والا۔ خبر نگار۔ اخبار کا نامہ نگار۔
Rapt/Rabt	رَبط	ع	باندھنا۔ جوڑنا۔	بندش۔ لگاؤ۔ میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ محبت۔ دوستی۔ نسبت پیار۔ اخلاص۔
Ras/Rast	رَاس/راست	ف	سیدھا۔ سچا۔ صحیح۔ دُرست۔ باقاعدہ۔ کامیاب۔ سیدھا۔ سچا۔ مناسب۔	راست کا مخفف۔ دُرست۔ ٹھیک۔ موافق۔ سازگار۔ خشکی کا وہ حصہ جو دور تک پانی میں چلا گیا ہو۔
Ras	رَاس	ع	———	سر۔ سرگروہ۔ فرد۔ نفر۔ راہو۔ نجم ستارے کا عربی نام۔ آسمانی برج۔ قصائیوں کی اصطلاح میں بکریوں و بھیڑوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ کسی چیز کی سربلندی۔ اثر بجاؤ۔
		ہندی	———	ڈھیر۔ سمُوہ۔ جوڑ۔ جھنڈ۔ سود۔ بیاج۔ نصیب۔ قسمت۔ بچے کو گود لینا۔ تماشہ۔ باگ۔ ڈور۔ لگام۔ انبار۔ کھلیان۔
		سنسکرت	———	کولاہل۔ آواز۔ گونج۔ گوپیوں کی وہ کھیل کود جس میں وہ کرشن جی کے ساتھ گھیرا باندھ کر ناچتی تھیں۔
Rasad/ Rasat	رَصد	ع	ستاروں کا دیکھنا۔ ستارہ بینی۔ مشاہدہ۔ نظر رکھنا۔ ستاروں یا موسم پر نظر رکھنا۔	ملاحظہ کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔ دیکھ بھال۔ مشاہدہ۔ دیکھ بھال کی جگہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rasadhane	رَصَد خانہ	ف	آبزرویٹری۔ موسمیات کا اسٹیشن۔ ستارہ کا معائنہ ومشاہدہ کرنے کی جگہ۔	ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ۔ جنتر منتر۔ آبزرویٹری۔
Râsid/ Râsıt	رَاصِد	ع	معائنہ کرنے والا۔ مشاہدہ کرنے والا۔	نجومی۔ منجم۔ چوکیدار۔ خبر گیر۔
Râsime	رَسْم	ع	رواج۔ ریت۔ رسم۔ نمائش۔ ظاہرداری۔	دستور۔ قانون۔ رواج۔ عادت۔ چال چلن۔ طور وطریق۔ تنخواہ۔ وظیفہ۔ نقش۔ نشان۔ تحریر۔ نوشت۔ اُجرت۔ محنتانہ۔ (منطق) عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف۔ بچوں کا کھیل۔
Rast	رَاسْت	ف	درست۔ ٹھیک۔ باقاعدہ۔ کامیاب۔ مشرقی موسیقی میں ایک مقام کا نام۔	سیدھا۔ دایاں ہاتھ۔ ٹھیک۔ درست۔ سازگار۔ موافق۔ موسیقی کے بارہ مقامات میں سے ایک مقام کا نام۔
Râșe	رَعْشہ	ع	کپکپی۔ رعشہ۔ تھرتھراہٹ۔ لرزہ۔	کپکپی۔ لرزہ۔ تھرتھراہٹ۔ وہ بیماری جس سے ہاتھ اور دوسرے اعضا بغیر قصد اور ارادہ کے لرزتے ہیں۔
Râși	رَاشی	ع	رشوت دینے والا۔	رشوت دینے والا۔ عام بول چال میں رشوت لینے والا۔
Rașid	رَاشِد	ع	اچھی طرح راستہ دکھایا گیا یا گائیڈ کیا گیا۔ اچھی طرح ہدایت دیا گیا۔ عمر رسیدہ۔	ہدایت یافتہ۔ راہ راست پانے والا۔ ہدایت پانے والا۔ ہدایت کیا ہوا۔ سیدھی راہ دکھانے یا پانے والا۔ خدا ئے تعالیٰ کا صفاتی نام۔
Râtıb/Râtıp	رَطْب	ع	نم۔ تر۔ مرطوب۔	وہ چیز جو اپنی رطوبت اصلی سے تر ہو یا اپنی خاصیت اور تاثیر سے تر ہو۔ تر۔ تازہ۔ نرم۔ گیلا۔
Râvend/ Râvent	رَیوَنْد	ع	ریوند چینی۔	ریوند چینی۔ ایک چیز جس کا ڈنٹھل کھانا پکانے میں اور جڑیں دست لانے میں استعمال کی جاتی ہیں۔ ایک دوائے مسہل۔
Ravi	رَاوِی	ع	بیان کرنے والا۔ تذکرہ کرنے والا۔ تذکرہ گر۔	تذکرہ گر۔ روایت کرنے والا۔ کہانی کہنے والا۔ سیراب ہونے والا۔
Ravnt	رَوْنْد/رَاؤنْڈ	انگریزی	راؤنڈ (باکسنگ وغیرہ میں)	دور۔ پھیرا۔ چکر۔ دائرہ۔ گھیرا۔ حلقہ۔ احاطہ۔ گول۔ مدور۔ بیضوی۔ رات کا گشت۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کا گشت۔
Ravza	رَوْضہ	ع	باغ۔ کسی درویش یا فقیر کا مزار خاص طور سے حضرت محمد صاحب کا مزار۔	باغ۔ سبزہ زار۔ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہو۔ لکڑی کا بنا ہوا بکس جس کو عورتیں لیے پھرتی ہیں اور اس میں تصویریں دکھاتی ہیں اور اس کو حضرت بی بی کا روضہ کہتی ہیں۔ مرغزار۔
Râya/ Reaya	رِعَایَا	ع	جمع Raiyye کی۔ ماتحت لوگ خاص طور سے عثمانی ترکوں کی حکومت میں غیر مسلم۔ عیسائی۔	جمع رعیت کی۔ ماتحت لوگ۔ محکوم لوگ۔ آسامی۔ کاشتکار۔
Rayegân	رَایگاں	ف	مفت۔ بلاعوض۔ فراواں۔ کثیر۔ جاری۔ رواں۔	مفت۔ بے عوض۔ ضائع۔ بیکار۔ فضول۔ اکارت۔ لاحاصل۔
Rayet	رَایَت	ع	جھنڈا۔ علم۔	نیزہ۔ لشکر کا علم۔ جھنڈا۔
Rayic/Rayç	رَائج	ع	رواں۔ جاری۔ جس کی مانگ ہو۔ قابل فروخت۔ عام استعمال میں آنے والی۔ بازاری قیمت۔ بازاری مالیت۔	جاری۔ رواں۔ عام۔ رسمی۔ دستور کے مطابق۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rayiha	رائحہ	ع	بو۔خوشبو۔باس۔	خوشبو۔
Raz	راز	ع	بھید۔ سرِّ مخفی۔ رازِ پنہاں۔ بھید۔ پوشیدہ بات۔	بھید۔پوشیدہ یا خفیہ بات۔
Razı	راضی	ع	مطمئن۔آسودہ۔قانع۔رضامند۔خوش۔	خوش۔شاد۔رضامند۔صابر۔شاکر۔تندرست۔
Rebab/ Rebap/ Rubab	رَباب	ف	ایک قسم کا ستار۔ ہندوستان میں ناریل سے بنا ہوا بارہ تاروں کا ایک قسم کا وائلن۔	ایک مشہور باجہ۔ایک قسم کی سارنگی۔آتیغ۔
Rebabî	رَبابی	ف	سرود کے ساتھ گائے جانے کے لائق۔ رباب سے متعلق۔	رباب بجانے والا۔
Rebi	رَبیع	ع	بہار کا موسم۔بسنت کی رُت۔	موسم بہار۔وہ فصل جو ماہ اکتوبر، نومبر میں بوئی اور اپریل میں کاٹی جاتی ہے۔
Rebi-yül-âhır	رَبیعُ الآخر	ع	مسلمانوں کے سال کا چوتھا مہینہ۔	سال ہجری کا چوتھا مہینہ۔
Rebi-yül-evval	رَبیعُ الاوّل	ع	مسلمانوں کے سال کا تیسرا مہینہ۔	ہجری سال کا تیسرا مہینہ۔
Receb/ Recep	رَجَب	ع	اسلامی سال کا ساتواں مہینہ۔	اسلامی سال کا ساتواں مہینہ۔
Recim	رَجم	ع	پتھر مارنا۔سنگسار کرنا۔پتھر مار مار کر جان سے مارنا۔	پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔سنگ ساری۔شہاب ثاقب۔
Recül	رَجُل	ع	آدمی۔مرد۔	مرد۔آدمی۔مرد جو حد بلوغ کو پہنچ گیا ہو۔
Recüliyet	رُجولیت/رُجولت	ع	مردمی۔ولادت کرنے کی قوت۔	مردمی۔مرد ہونا۔باہ۔قوت تولید۔
Red/Ret	رَدّ	ع	نکال دینا۔اخراج۔ردّ کرنا۔ پیچھے واپس کر دینا یا خارج کرنا۔تردید۔کاٹ۔	انکار۔تردید۔بدل توڑنا۔اُلٹ دینا۔پھیر دینا۔پھیرنا۔واپس کرنا۔نامانا۔قے۔الٹی۔
Redaet	رَذاءت/رَذایت	ع	پستی۔ زبوں حالی۔ برائی۔ بیکار ہونا۔ بدی۔بے قدر ہونا۔بدکاری۔	زبوں ہونا۔فاسد ہونا۔تباہ ہونا۔ردّی ہونا۔خراب ہونا۔تباہی۔بگاڑ۔
Redif	رَدیف	ع	وہ لفظ جو نظم کی ہر لائن کے آخر میں دہرایا جائے۔ضرورت کے لیے پس انداختہ فوج۔بحری یا بری فوج کا سپاہی جو ریزرو میں ہو۔ریزروسٹ۔	جو اونٹ یا گھوڑے پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے۔اصطلاح شعر میں وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے آخر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے۔پیچھے کی فوج۔
Refah	رَفاہ	ع	آرام۔ آسائش۔ آرام یا آسانی سے رہنے کے حالات۔عیش و عشرت۔	آرام۔چین۔عیش و آسانی کی زیادتی۔نیکی۔بھلائی۔بہتری۔
Refaket	رَفاقت	ع	ہمراہی۔صحبت۔ ہم آہنگی۔ساتھ ہونا۔لوازمہ۔	ہمراہی۔ ساتھ۔ صحبت۔ دوستی۔ اتحاد۔ وفاداری۔ ہمدردی۔ معاونت۔خیر خواہی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Referandum	ریفرینڈم	لاطینی	کسی بڑے مسئلہ پر ہم وطنوں کو سیدھے رائے دینے کا حق۔ ریفرینڈم۔	نمائندہ اسمبلیوں میں زیرِ غور کسی قانونی مسودے پر تمام رائے دہندگان کو رائے دینے کا حق کا اصول یا پریکٹس۔
Refi	رفع	ع	اٹھانا۔ بلند کرنا۔ ہٹانا۔ منسوخی۔ موقوفی۔	اٹھانا۔ بلندی۔ اونچائی۔ اٹھان۔ باز رہنا۔ چھوڑنا۔ ختم۔ پیش۔
Ref-i/Ref'i	رفیع	ع	اونچا۔ مشہور۔ معروف۔	اونچا۔ بلند۔
Refik	رفیق	ع	دوست۔ ساتھی۔ شوہر۔	امراہی۔ ساتھی۔ ہم سفر۔ دوست۔ مددگار۔ خیر خواہ۔ ہم نشیں۔
Refika	رفیقہ	ع	زوجہ۔ بیوی۔ عورت۔ ساتھی۔	مرد کی شریکِ حیات۔ بیوی۔ زوجہ۔
Reflektör	ریفلیکٹر	فرانسیسی / انگریزی	روشنی کا عکس ڈالنے والا آئینہ۔	آئینہ یا پالش کی ہوئی چمکدار سطح جو عکس پھینکے۔
Reform	ریفارم	فرانسیسی / انگریزی	اصطلاحات۔ درستی۔	ترمیم۔ اصلاح۔ درستی۔ ترقی۔ اصلاحات (سیاسی)
Reftar	رفتار	ف	چال۔ چال چلن۔ کنڈکٹ۔	چال۔ چلن۔ روش۔
Refte-refte	رفتہ رفتہ	ف	تھوڑا تھوڑا۔	آہستہ آہستہ۔ ہولے ہولے۔ بتدریج۔
Regaib/ Regaip	رغائب	ع	تحفے۔	جمع رغیبہ کی۔ مرغوب چیزیں۔
Regülâtör	ریگولیٹر	فرانسیسی / انگریزی	مشین کا وہ پرزہ جو ہمواری پیدا کرتا ہے۔	گھڑی کی کلن۔ کل یا مشین کا وہ پرزہ جو ہمواری پیدا کرتا ہے۔ کسی چلنے والی مشین کی رفتار گھٹانے یا بڑھانے کا آلہ۔
Reha	رہا	ف	چھٹکارا۔ بریت۔ خلاصی۔ گریز۔ محافظت۔ بچاؤ۔	آزاد کیا گیا۔ چھوٹا ہوا۔ نجات یافتہ۔ خلاص۔
Rehavet	رخاوت	ع	ملائمت۔ ڈھیلا پن۔ سستی۔ کاہلی۔ لنگراہٹ۔	سستی۔ ڈھیلا پن۔
Rehber	رہبر / رہبر	ف	راہ دکھانے والا۔ رہنما۔ ہادی۔ سیاحوں کو اطلاعات فراہم کرنے والی کتاب۔ گائڈ۔	رہنما۔ ہادی۔ پیشوا۔ سردار۔
Rehgüzar	رہگذر / راہ گذر / راہگذر	ف	جگہ جہاں سے سڑک پاس ہوتی ہے۔ وہ جگہ جہاں لوگ اکثر آتے جاتے ہیں۔	عام راستہ۔ سڑک۔ شاہراہ۔ شارع۔
Rehin	رہن	ع	رہن رکھنا۔ رہن۔ ضمانت۔ کفالت۔ یرغمال۔ گرو۔ گروی۔	گروی۔ گرو۔ رہن۔ مال یا زمین کا کسی کے پاس رہن رکھنا۔ کفالت۔
Rehîn	رہین	ع	رہن رکھا ہوا۔ ضمانت کے طور پر جمع کی ہوئی۔ کفالت میں رکھی گئی۔ یرغمال کے طور پر دیا گیا۔	گرو رکھی ہوئی شے۔ مرہون۔ تابع۔ ماتحت۔
Rehnüma	رہنما	ع	رہبر۔ ہادی۔ راہ دکھانے والا۔ سیاحوں کو اطلاعات فراہم کرنے والی کتاب۔ گائیڈ۔	رہنما۔ ہادی۔ پیشوا۔ سردار۔ راہ دکھانے والا۔ پیر مرشد۔ رہبر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Reis	رئیس	ع	سردار۔ سربراہ۔ صدر۔ جہاز کا کپتان۔ خاص۔ چیف۔	سردار۔ فرماں رواں۔ دولت مند۔ صدر انجمن۔ حاکم۔
Rekabet	رقابت	ع	ہمسری۔ مخالفت۔ مقابلہ۔ رقیب ہونا۔ برابری۔ فریقتی۔	رقیب ہونا۔ برابری۔ ہمسری۔ مخالفت۔ چشمک۔ ہم چشمی۔ ایک معشوق کے کئی عاشق ہونا۔ محبت میں شرکت۔
Rekâket	رکاکت	ع	بولنے میں نقص۔ ہکلانا۔ بے ربطگی۔ وضع میں نقص۔	سستی۔ ضعف۔ بے عزتی۔ کمینگی۔
Rekât	رکعت	ع	مقررہ حالتوں کے ساتھ عبادت کا پورا عمل۔ نماز میں ایک قیام۔ ایک رکوع اور سجدوں سے عبارت حرکت۔	نماز کا ایک حصہ کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک جس میں ایک رکوع آجائے۔
Rekor	ریکارڈ	انگریزی	ریکارڈ۔	ریکارڈ۔
Rektör	ریکٹر	فرانسیسی	یونیورسٹی کا چانسلر۔ شیخ الجامعہ۔	جامعہ یا مدرسے کا صدر۔ ناظم۔ شیخ۔ حلقے کا پادری۔
Remad	رماد	ف	خاک۔ راکھ۔	راکھ۔ خاکستر۔
Remed	رمد	ع	آنکھ کی سوزش یا جلن۔	ایک بیماری جس میں آنکھیں سرخ ہوتی ہیں، آنکھوں میں شدت کا درد ہوتا ہے اور پانی بہتا ہے۔
Remel	رمل	ع	عروض کے پیمانوں میں سے ایک پیمانہ۔	عروض کی انیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔
Remide	رمیدہ	ف	ڈرا ہوا۔ بھاگا ہوا۔	بھاگا ہوا۔ رم کیے ہوئے۔ وحشی۔ وحشت کر کے بھاگا ہوا۔
Remil	رمل	ع	ریت۔ بالو۔ زائچہ دانی۔ لائنوں اور خطوط کے ذریعہ غیب کی بات جاننے کا علم۔	نجوم۔ جیوتش۔ ایک علم کا نام جس میں خطوط اور ہندسوں وغیرہ کے ذریعے غیب کی بات معلوم کرتے ہیں۔
Remiz	رمز	ع	اشارہ۔ کنایہ۔ علامت۔ نشان۔ بھید۔	اشارہ۔ کنایہ۔ آنکھوں، بھوؤں یا ہونٹوں کا اشارہ۔ غمزہ۔ عشوہ۔ معما۔ پہیلی۔ پیچ دار بات۔ بھید۔ نکتہ۔ راز۔ باریکی۔ نوک جھونک۔ علامت۔ نشان۔ بات۔ معاملہ۔ پوشیدہ بات۔ مخفی بات۔ ذومعنی بات۔ بات کی جڑ۔ مفہوم۔ مراد۔
Remmal	رمّال	ع	زائچہ بنانے والا۔ خطوط اور تصویروں سے قسمت کا حال پہلے سے بتانے والا۔	علم رمل کا ماہر۔ جیوتشی۔
Rencide	رنجیدہ	ف	پریشان۔ آزردہ۔ دکھی۔ دل برگشتہ۔	اُداس۔ افسردہ۔ بیزار۔ آزردہ۔ خفا۔ ناراض۔
Rende	رندہ	ف	رندہ۔ ایک اوزار جسے بڑھئی لکڑی کا تختہ صاف کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔	رندہ۔ لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے یا رندنے کا اوزار۔
Rengârenk	رنگا رنگ	ف	بہت سے رنگوں کا۔ گوناگوں۔ بوقلم کیا گیا۔ رنگ برنگ کیا گیا۔	رنگ برنگ۔ بہت سے رنگوں کا۔
Rengin	رنگین	ف	رنگ کیا ہوا۔ چمکدار رنگا ہوا۔ خوب صورت۔ مزین۔ آراستہ کیا ہوا۔	رنگ کیا ہوا۔ رنگ دار۔ رنگیلا۔ چھبیلا۔ زندہ دل۔ خوش طبع۔ رنگ برنگ۔ مزین۔ سجا ہوا۔ مرصع۔ دل پسند۔ خوش آئند جیسے رنگین غزل، رنگین عبارت۔
Renk	رنگ	ف	رنگ۔ کسی چیز کا رنگ یا صورت۔	رنگت۔ روپ۔ حال۔ کیفیت۔ رنگ۔ چیزوں کی وہ خاصیت

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				جس کی وجہ سے وہ سورج کی بعض کرنوں کو جذب کر لیتی ہیں اور بعض کو منعکس کر کے آنکھوں پر ڈالتی ہیں جس کا خاص اثر آنکھوں پر ہوتا ہے۔ انداز۔ طرز۔ روش۔ روغن۔ وارنش۔ قسم۔ نوع۔ دستور۔ طریقہ۔ مزہ۔ خمار۔ نشہ۔ طاقت۔ سلوک۔ مکر۔ فریب۔ ہنسی مذاق۔ کھیل کود۔ ناچ۔ راگ۔ حال۔ خوش۔ تماشا۔ سماں۔ تڑپ۔ ترسپ۔ خون۔ لہو۔
Re's	رَاسْ	ع	چوٹی۔ بلندی۔ اونچا ابھرا۔ سمندر میں زمین کا اونچا اُٹھا ہوا حصہ جو دور تک پانی میں چلا گیا ہو۔ جانوروں کے سر یا تعداد۔ سردار۔ حاکم۔	خشکی کا وہ حصہ جو دور تک پانی میں چلا گیا ہو۔ سر۔ ڈھوروں کی تعداد۔ حاکم۔ سردار۔
Resanet	رَصانت	ع	مضبوطی۔ پختگی۔ ٹھوس پن۔	استواری۔ مضبوطی۔
Resas	رَصَاصْ	ع	جست۔ سیسہ۔	قلعی۔ سیسہ۔ ٹین۔ رانگ۔
Resen	رَسَن	ف	رسّی۔ ڈوری۔ پھانسی لگانے کا رسّہ۔	رسّی۔
Resif	رَصیف	فرانسیسی	سلسلہ چٹان جو پانی کی سطح کے قریب سمندر میں واقع ہو۔ اٹھایا ہوا یا اونچا۔ ساحل۔	گھاٹ۔ ساحل۔ پلیٹ فارم۔ چبوترہ۔
Resim	رَسْم	ع	ڈیزائن۔ نقشہ۔ ڈرائنگ تصویر۔ رسم۔ تقریب۔ واجب۔ ٹیکس۔ ٹول۔ محصول۔ راہداری۔	فوٹو۔ نقشہ۔ قاعدہ قانون۔ نقش۔ نوشتہ۔ دنیا کی ریت۔ وظیفہ و مشاہرہ۔ دستور۔ رواج۔ عادت۔ چال چلن۔ طور و طریق۔ اُجرت۔ محنتانہ۔ منطق۔ عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف و ستائش (منطق میں)۔ بچوں کا کھیل۔
Resmen	رَسماً	ع	رسم کے طور پر۔ باضابطہ۔	رسم کے طور پر۔
Resmi	رَسْمی	ع	سرکاری۔ تقریبی۔ تکلفاً۔ ظاہر دارانہ۔ رسمی۔ رسم کے طور پر۔ بر واجب۔ رواجی۔	عام۔ معمولی۔ درمیانی۔ رواجی۔ ریت والی چیز۔ کے مطابق۔ چاکر۔ خراج گذار۔
Ressam	رَسّام	ع	ڈیزائن کرنے والا۔ ڈیزائنر۔ آرٹسٹ۔ خاکہ یا نقشہ بنانے والا۔ مصوّر۔	فوٹو گرافر۔ نقاش۔ مصور۔
Resul	رَسُول	ع	کتاب والا پیغمبر۔ سفیر۔ پیغمبر۔ رسول۔	قاصد۔ پیغام لے جانے والا۔ وہ پیغمبر جو صاحب کتاب ہو۔ پیغمبر۔ ایلچی۔ ہادی۔ پیشوا۔ بھیجا ہوا۔ خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر جو کتاب الٰہی بھی لائے۔
Reşadet	رشادت	ع	صحیح کام کرنا۔ اچھا چال چلن۔	ہدایت۔ راہ راست پر آنا۔ راہ نیک پر چلنا۔ راہ راستی۔
Reşid/ Reşit	رَشید	ع	صحیح راستہ پر چلنے والا۔ خوبی سے اہتمام یا رہنمائی کیا ہوا۔ راسخ الاعتقاد۔ دقیانوسی۔ باصلاحیت و باپرواہ۔ بالغ۔ بلوغت حاصل کرنے والا (اٹھارہ سال کا)	ہدایت یافتہ۔ ہدایت کیا ہوا۔ تعلیم و تربیت یافتہ۔ سیدھی راہ دکھانے والا یا سیدھی راہ پانے والا۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Reva	رَوَا	ف	قانونی۔ جس کی اجازت ہو۔ مناسب۔ موزوں۔	جائز۔ مباح۔ دُرست۔ ٹھیک۔ (مرکبات میں) پورا کرنے والا جیسے حاجت روا۔ جاری کرنے والا۔ نافذ کرنے والا جیسے فرمانروا۔
Revabıt	رَوَابِط	ع	جمع Rabita۔ رشتے۔ ناتے۔	رابطہ کی جمع۔ تعلقات۔ میل جول۔ باندھنے والی چیزیں۔
Revac	رَوَاج	ع	جس کی مانگ ہو۔ رواں۔ جو رواں ہو۔	عام دستور۔ ریت۔ رسم۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔ معمول۔ مقبول بازار۔
Revak	رِوَاق۔رُوَاق	ع	ڈیوڑھی۔ پیش گاہ۔ دہلیز۔ گنبددار عمارت۔ منڈپ۔ کنج۔	مکان کا چھجا۔ سائبان۔ بالاخانہ۔ بڑا کمرہ۔ گیلری۔ جامع ازہر مصر کے کمرے جہاں طلبا رہتے ہیں۔
Revakî	رِوَاقی	ع	جو خوشی یا تکلیف سے بے غرض ہو۔ جسے خوشی و غم یکساں ہوں۔	بیراگی۔ اُداسی۔ فلسفہ افلاطون کا پیرو۔
Revan	رَوَان	ع	بہتا ہوا۔ جاتا ہوا۔ رائج۔ مروج۔ جاری۔ چلتا ہوا۔ روح۔ جان۔	جاری۔ بہتا ہوا۔ تیز۔ سمجھا ہوا۔ معنی یا ہجے کے بغیر کتاب کو پڑھنا۔ موجود۔ فی الحال۔ جان۔ نفس ناطقہ۔
Reviş	رَوِش	ف	رفتار۔ چال۔ رجحان۔ وضع طرز۔ جھکاؤ۔	چال۔ چلن۔ طریقہ۔
Reviyet	رَوِیَّت۔رُوِیَّت	ع	توجہ کے ساتھ غور۔ قابلیت۔ خیال۔ تصور۔ چوکسی۔ خبرداری۔	فکر و تامل۔ صورت کا نظر آنا۔ دیدار۔ نظارہ۔ دیکھنا۔ جانا۔
Revnak	رَونَق	ف	چمک۔ کشش۔ خوب صورتی۔ جاہ۔ شان و شوکت۔	چمک۔ زیبائش۔ خوبی۔ تازگی۔ چہل پہل۔ آبادی۔ بہار۔ لطیف۔ کیفیت۔ طراوت۔
Rey	رَائے	ع	خیال۔ رائے۔ تجویز۔ اظہار رائے یا پسند۔ ووٹ۔	تجویز۔ مشورہ۔ قیاس۔ خیال۔ عقل۔ دانائی۔
Reyiâm	رَائے عامّہ	ع	عام رائے۔ پوری قوم کی رائے۔ کل یا جملہ رائے۔ عام رائے شماری۔	عوام کی رائے۔ عام رائے شماری۔
Reyb	رَیب	ع	شک۔ شبہ۔	شک۔ شبہ۔ حاجت۔ حادثہ۔
Reyyan	رَیّان	ع	رس بھرا۔ رس دار۔ قوی۔ پیاس بجھانے والا۔ تازگی بخشتا ہوا۔ تر و تازہ۔	سیراب۔ تر و تازہ۔
Rezail	رَذَائِل	ع	جمع Rezlet کی۔ کمینے پن۔	جمع رذیلت کی۔ کمینگیاں۔ نالائقیاں۔ کمینہ پن کی باتیں۔
Rezalet	رَذَالَت	ع	کمینہ پن۔ کمینگی۔ بدگوئی۔ قابل مذمت کردار۔	کمینہ پن۔ اوچھا پن۔
Reze	رَزّہ۔رَزّہ	ع	قبضہ۔ چول۔ قلاب۔	اکڑی۔
Rezil	رَذِیل	ع	کمینہ۔ پاجی۔ نامعقول۔ بے غیرت۔ رسوا۔ لچا۔ بدمعاش۔	سفلہ۔ کمینہ۔ پاجی۔ فرومایہ۔
Rezzak	رَزّاق	ع	رزق پہنچانے والا۔ وہ جو سب کو چیزیں مہیا کرتا ہے۔ خدا۔	رزق پہنچانے والا۔ روزی رساں۔ خدا کی صفاتی نام۔
Rıdvan	رِضوَان	ع	اطمینان۔ قناعت۔ جنت۔ بہشت۔	بہشت۔ برکت۔ رضامندی۔ خوشنودی۔ بہشت کا دربان۔
Rıfk	رِفق	ع	ملائمیت۔ شفقت۔ حلم۔ خوش اخلاقی۔ نرمی۔	نرمی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ritil	رِطل	ع	رقیق ناپنے کا سابقہ پیمانہ۔ساغر۔پیالہ۔ قدح۔	جامِ شراب۔آدھے سیر کا وزن۔شراب کا پیمانہ۔
Rıza	رَضا	ع	مرضی۔ رضامندی۔ تابعداری۔ متابعت۔راضی ہونا۔	مرضی۔خوشنودی۔خوشی۔اجازت۔مہلت۔رخصت۔وہ چھٹی جس کی تنخواہ نہیں کاٹی جاتی۔
Rızk	رِزق	ع	غذا۔ روزانہ کا کھانا۔ زندگی کی ضروریات۔خوراک۔پرورش۔	روزی۔خوراک۔کھانا۔اناج۔وظیفہ۔
Riayet	رعایت	ع	عزت کرنا۔لحاظ کرنا۔عزت۔حرمت۔ عزت کا برتاؤ۔خیال۔لحاظ۔مہربانی۔	پاس۔لحاظ۔خیال۔مہربانی۔توجہ۔رحم۔نرمی۔نگہبانی۔مناسب۔ ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ تشبیہات اور استعارے پہلے لفظ کی مناسبت سے آتے ہیں۔
Rical	رِجال	ع	جمع Recül کی۔لوگ۔اہم لوگ۔اعلیٰ افسران۔	رَجل کی جمع۔لوگ۔بہت سے مرد۔
Ricat	رجعت	ع	واپسی۔بازگشت۔پسپا ہونا۔	بازگشت۔واپسی۔عورت کو طلاق دینے کے بعد پھر اپنی زوجیت میں لانا۔اعادہ۔آڑ۔ضد۔ہٹ۔
Rie	رِیہ	ع	پھیپھڑا۔	پھیپھڑا۔
Rifat	رِفعت	ع	بلندی۔اونچا رتبہ۔	بلندی۔رتبے کی بلندی۔
Rihlet	رحلت	ع	سکونت کی تبدیلی۔ انتقال۔ کوچ۔ روانگی۔موت۔	کوچ۔روانگی۔موت۔انتقال۔
Rik'a	رِقاع	ع	لاپرواہی اور روا روی میں لکھا گیا عربی رسم الخط جسے ترک خاص طور سے استعمال کرتے تھے۔عربی حروف کی سب سے زیادہ استعمال کی جانے والی ہاتھ کی تحریر کی شکل۔	عربی زبان کے چھ خطوں میں سے ایک خط یا طرز جسے ابن مقلہ خوشنویس نے وضع کیا تھا۔جمع رُقعہ کی۔پیوند۔چیتھڑے کاغذ و کپڑے کے۔
Rikâb	رِکاب	ع	شہزادہ کے ساتھ چلنے والے ملازمین کا گروہ۔گھوڑے پر چڑھنے کے لیے لوہے کا حلقہ جو کمر میں لٹکا رہتا ہے۔شاہی حاضری۔	وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کی زین میں دونوں طرف لٹکا رہتا ہے اور سوار اس پر پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتا ہے۔بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا۔بڑی رکابی تھالی۔طباق۔وہ لفظ جو ورق کے دوسرے صفحے کے نیچے اور صفحۂ اول کی ابتدا میں لکھا جاتا ہے۔
Rikkat	رِقّت	ع	ملائمیت۔دُبلا پن۔لاغری۔نزاکت۔رحم دلی۔دردمندی۔	نرمی۔ملائمت۔باریکی۔دُبلا پن۔پتلا پن۔(مجازاً) رونا۔گریہ۔حال۔وجد۔دل بھر آنا۔رحم۔ترس۔ہمدردی۔دردمندی۔رحم دلی۔دھات (منی) کا پتلا پن۔
Rikkatamiz/ Rikkat-engiz	رقت آمیز/ رقت انگیز	ع	قابلِ رحم۔افسوس ناک۔	جس پر رونا یا رحم آئے۔رقت طاری کرنے والی بات۔
Ring	رِنگ	انگریزی	گھیرا یا حلقہ جس کے اندر باکسنگ یا کشتیوں کے کھیل ہوتے ہیں۔	دائرہ۔کنڈلی۔چکر۔انگوٹھی۔چھلا۔انگشتری۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rind/Rint	رِند	ف	بنیادی طور سے درویش یا صوفی جس کا فلسفہ غیر رسمی طور سے خوش وخرم رہنا ہے۔ غیر رسمی طور سے خوش وخرم و پُر مزاج شخص۔	آزاد۔ بے قید شخص۔ صوفی۔ شرابی۔ عیاش۔ آوارہ۔ ہر جائی۔ چالاک۔ جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو۔ وہ شخص جس کا انکار شرعی باتوں سے از روئے عقل مندی کے ہو نا کہ بہ سبب جہالت کے۔
Rinde-meşreb	رِندِ مَشرَب	ف	رند کا مزاج رکھنے والا۔	آزاد۔ اوباش وضع۔
Risale	رِسالہ	ع	چھوٹی کتاب۔ رسالہ۔	چھوٹی سی کتاب۔ نامہ۔ مکتوب۔ مختلف مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے۔ آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ۔ رسالہ۔
Risalet	رِسالت	ع	پیغمبر کا مقصود و مشن۔ پیامبری۔	پیامبری۔ ایلچی گیری۔ سفارت۔ پیام پہنچانا۔
Riş	رِیش	ف	ڈاڑھی۔ زخم۔ پھوڑا۔ بال و پر۔	ڈاڑھی۔ مرد کے چہرہ کے بال۔ خط۔ پرندوں کے بال و پر۔ عمدہ لباس۔ معاش کی فراخی۔
Rişe	رِیشہ	ف	تنکا۔ تنا۔ ریشہ۔ ریشہ دار جڑ۔ بھر۔	پھولوں کے تار۔ نس۔ رگ۔ پھولترا۔ زُلف۔ طرۂ دستار۔ بر کا سُوت۔ بہر۔ دھاگا۔ رشتی۔ درخت کی رگیں۔
Rişte	رِشتہ	ف	سُوت۔ دھاگا۔ تار مُنحنی۔ رسّی۔ تعلق۔ دھاگا کے مانند باریک کیڑا۔ کیڑا۔ کوئی بھی چیز جو ناچتی ہے۔	تاگا۔ ڈورا۔ قرابت۔ ناتا۔ رشتہ داری۔ تعلق۔ واسطہ۔ لڑی۔ خاندان۔ ایک بیماری جس میں پاؤں میں سے تاگے کے مانند ایک باریک سا جاندار کیڑا نکلتا ہے۔ نسل۔ خاندان۔ کاتا ہوا سُوت۔
Rivayet	رِوایت	ع	بیان۔ تذکرہ۔ کہانی۔ قصہ۔ افواہ۔ ریا کاری۔	حکایت۔ سرگذشت۔ اظہار۔ کسی بات کی نقل کرنا۔ کسی بات کو دُہرانا۔
Riya	رِیا	ع	مکر۔ فریب۔ ظاہرداری۔ بناوٹ۔ ریا کاری۔	ظاہرداری۔ جو دل میں ہو اس کے برخلاف لوگوں کو دکھانے کے لیے کرنا۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔
Riyakâr	رِیا کار	ع	مکّار۔ فریبی۔ مکر آمیز۔ ظاہر پرست۔	فریبی۔ مکّار۔ منافق۔ زمانہ ساز۔ فریبی۔ دھوکے باز۔
Riyal	رِیال	ع	چاندی کا ڈالر۔ اسپین کا ایک چاندی کا سکہ۔ سعودی عرب کا ایک سکہ (وہاں کا روپیہ)	سعودی عرب کا روپیہ۔
Riyaset	رِیاست	ع	صدارت۔ چیرمینی۔	سرداری۔ حکمرانی۔ امارت۔ راج۔ عملداری۔ حکومت۔
Riyazet	رِیاضت	ع	پرہیز۔ گوشہ نشینی۔ زہد۔ نفس کشی۔ ماتمس کا مزنا۔ سزا جس میں صرف کھانے کے لیے روٹی دی جائے اور سگریٹ، بیڑی تمباکو نوشی اور پڑھنے کے لیے کچھ نہ دیا جائے۔	نفس کشی۔ زہد۔ ورزش۔ محنت۔ مشقت۔ کسرت۔ مزدوری۔ پیشہ وری۔ سختی۔ طبیبوں کی اصطلاح میں وہ حرکت جس میں سانس پھول جائے اور دم چڑھنے لگے مثلاً ڈنڈ لگانے سے۔ گھوڑوں کو سواری کے واسطے سکھانا اور آراستہ کرنا۔
Riyazî	رِیاضی	ع	حساب سے متعلق۔ میتھ میٹکس سے متعلق۔	نام علم میتھ میٹکس۔ حکمت کی تین قسموں طبعی، ریاضی، الٰہی میں سے ایک قسم جس میں ان امور سے بحث کی جاتی ہے جو فقط وجود خارجی میں مادّہ کے محتاج ہیں جس طرح کہ مقدار اور عدد خاص کر مادیات میں پائے جاتے ہیں۔
Roket	رَاکیٹ	فرانسیسی / انگریزی	راکیٹ۔	راکیٹ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rol	رول	فرانسیسی/انگریزی	حصہ۔ کوئی خاص کام۔ اسٹیج پر ادا کیا گیا کردار۔ رول۔	کارمنصبی۔ ایکٹر کا پارٹ۔ کوئی خاص کام۔ خود اختیار کیا ہوا کام یا منصب۔
Rom	رم	انگریزی	رم نام کی انگریزی شراب۔	ایک قسم کی انگریزی شراب۔
Rum	روم	ع	بازنطینی یونانی۔ پرانے زمانہ میں یونانی قومیت کے تمام عیسائی اور اب بھی ترکی ودیگر مسلم حکومتوں میں رہنے والے عیسائیوں کو دیا گیا نام۔ بہت پرانے زمانے میں اسلامی دنیا اناطولو اور رومیلی ترکوں کو مغربی "روم" یا "رومی" کہتے تھے۔ ترکی قومیت کے یونانی۔ (سابقہ) ترکی۔	بازنطینی (عیسائی) مملکت جس کا صدر دفتر قسطنطنیہ (حال استنبول) تھا۔ ترکوں کی مملکت۔ ایشیائے کوچک۔ شہر روما۔
Roman	رومان	فارسی/فرانسیسی	لمبا قصہ۔ بڑی کہانی۔ ناول۔	عشق ومحبت کی داستان۔ حیرت انگیز واقعہ۔ ناول۔ افسانہ۔ فرضی داستان۔ قصہ۔
Romantik	رومانٹک	فرانسیسی	وہ چیز جس میں ادراک خیال وبرانگیختگی کو زیادہ جگہ دی گئی ہو۔ رومانٹی سزم سے متعلق۔	عشقیہ۔ خیالی۔ متعلق بہ افسانہ۔
Romen	رومن	فرانسیسی	رومی۔ شہر روم سے متعلق۔	اٹلی کے شہر روم سے منسوب۔ اٹلی کا باشندہ۔ اردو یا ہندی کی عبارت کو انگریزی حروف میں لکھنا۔
Röportaj	رپورتاژ	فرانسیسی	اخبار میں چھپی مفصل رپورٹ۔	کسی واقعہ کو دلچسپ اور افسانوی انداز میں لکھنا۔ رپورٹ۔
Ru/Ruy	رو/روئے	ف	چہرہ۔ سطح۔	چہرہ۔ مکھڑا۔ رخ۔ صورت۔ شکل۔ سبب۔ وجہ۔ باعث۔ بسلسلہ۔ سطح۔ تختہ۔ سامنا۔ آگا۔ اُمید۔ ٹھکانا۔ رعایت۔
Ruberu	روبرو	ف	آمنے سامنے۔ مخالف۔	سامنے۔ آمنے سامنے۔ منہ در منہ۔ مقابل۔
Rubu/ Rub'u	ربع	ع	ایک چوتھائی۔ چار میں سے ایک۔	چوتھا۔ چوتھائی۔
Rubya/ Rupye	روپیہ	ہندی	روپیہ۔	روپیہ۔ ایک ہندوستانی سکہ جس کے پہلے سولہ آنے ہوتے تھے مگر اب یہ ایک سو پیسے کے برابر ہے۔ دولت۔ نقدی۔ چاندی۔
Rugan	روغن/رَوغن	ف	وارنش۔ گریس۔ پینٹ۔ چمڑا۔ جوتا بنانے کے لیے آئینہ کی مانند سیاہ چمڑا اور اس سے بنی چیز۔ عمدہ قسم کا وارنش کیا ہوا چمڑا۔	تیل۔ گھی۔ چکنائی۔ چمک دمک۔ روشنی۔ وارنش۔ لک۔
Ruh	روح	ع	روح۔ جان۔ احساس۔ وجود۔ طاقت۔ سب سے خاص نکتہ۔ ہستی۔ حرکت۔	جان۔ آتما۔ اصل۔ ست۔ جوہر۔ اندرونی خواہش۔ نیت۔ دل۔
	رخ	ف	رخسار۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔ گال۔	گال۔ چہرہ۔ جانب۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔ نام خیالی جانور۔ التفات۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ruhani	رُوحانی	ع	رُوح سے متعلق۔ مذہب اور دین کے معاملات سے متعلق جانکاری رکھنے والا۔ غیر مادی۔ فرشتہ۔ جن۔ بھوت۔ پادری یا مذہبی رہنما سے متعلق۔	رُوح سے متعلق۔ اندرونی خواہش۔ پاک۔ صاف۔ مقدس۔
Ruhaniyet	رُوحانیت	ع	رُوحانیت۔ دین داری۔ اولیاپن۔ ایک اعتقاد کے مطابق کسی نیک آدمی کے مرنے کے بعد جاری رہنے والا معنوی اقتدار۔	روحی قوت یا خاصیت۔
Ruhî	رُوحی	ع	رُوح کے اصول اور مطالعہ سے متعلق۔ رُوح سے متعلق۔	رُوح سے متعلق۔ رُوح والی چیز۔
Ruhsar	رُخسار	ع	گال۔ چہرہ۔	گال۔ چہرہ۔
Ruhsat	رُخصت	ع	اجازت۔ چھٹی۔ برخاستگی۔ پرمٹ۔	اجازت۔ چھٹی۔ منظوری۔ روانگی۔ کوچ۔ مہلت۔ وقفہ۔ فرصت۔ رضا۔ وداع۔ جنازہ اٹھنے کا وقت۔
Ruhulkudüs	رُوح القُدُس	ع	پاک روح۔ اقنوم۔ ہر چیز کی اصل بنیاد۔ مسلمانوں میں حضرت جبرئیل۔ عیسائیوں میں پاک روح۔	حضرت جبرئیل۔ پاک رُوح نیز وہ پاک روح خدا کی جو بی بی مریم میں پھونکی گئی تھی جس سے حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے۔
Rumi	رُومی	ع	رُوم کے قدیم باشندوں یا بائی زین ٹائن سے متعلق۔ گریگو رئین کلینڈر۔ موجودہ کلینڈر سے تیرہ دن پیچھے چلنے والا شمسی کلینڈر۔	رُوم کا باشندہ۔ رُوم سے متعلق۔ قدیم یونانی۔ اطالوی۔
Rumuz	رُمُوز	ع	جمع Remiz کی۔ اشارے۔ علامت۔ (واحد) اختصار۔ کسی لفظ کی مختصر صورت۔ ابتدائی۔ شروعاتی۔ علامت۔	جمع رمز کی۔ اشارے۔ کنایے۔ پوشیدگیاں۔ راز۔ بھید۔
Rus	رُوس	روسی	رُوس۔ رُوس کے لوگوں میں سے کوئی بھی۔ رُوسی۔	رُوس۔ ایک ملک کا نام۔
Rusta	رُوستا	ف	گاؤں۔ کاشتکار۔ دہقانی۔	گاؤں۔ گنوار۔ دہقان۔ قریہ۔
Rustayî	رُوستائی	ف	دہقانی۔ اُجڈ۔ ناتراشیدہ۔ سادہ۔ دیہاتی۔	دہقان۔ دیہات کے رہنے والے۔ گنوار۔ خوشامد کرنا۔
Rusen	رُوشن	ف	چمکدار۔ چمکیلا۔ ظاہر۔ چمکتا ہوا۔	چمکتا ہوا۔ تاباں۔ ظاہر۔ آشکارا۔ کشادہ۔
Rutubet	رُطُوبت	ع	نمی۔ سیل۔ گیلاپن۔	تری۔ سیل۔ تری۔ تھوک۔ نمی۔ تازگی۔
Ruya	رُویا	ع	خواب۔	خواب۔ سپنا۔
Ruz	رُوز۔ رُوز	ف	دن۔	دن۔ یوم۔ تاریخ۔ تیتھی۔ ہر روز۔ روزینہ۔ دن بھر کی مزدوری۔ وقت۔ زمانہ۔ تاریخ وفات۔ سدا۔ ہمیشہ۔ یوم فاتحہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ruz-u-Ceza Ruz-u-hesab	رُوزِ جزاء رُوزِ حساب	ف	قیامت کا دن۔	اعمال کے حساب کے پیش ہونے و بدلہ ملنے اور انصاف کا آخری دن۔ یوم قیامت۔ قیامت کا دن۔
Ruze	رُوزَہ	ف	برت۔ صبح صادق سے لے کر شام تک کھانے پینے سے پرہیز۔	برت۔ فاقہ۔ صبح سے شام تک کھانے پینے اور جماع سے رکنا۔ روزوں کا مہینہ۔ رمضان۔ روزے کا دن۔
Ruzmerre	رُوزمَرّہ	ف	ہر روز۔ روزآنہ۔ عام طور سے۔ عام۔	ہر روز۔ ہمیشہ۔ متواتر آنے والا دن۔ ہر روز کی گفتگو۔ بول چال۔ محاورہ۔
Ruznamçe	رُوزنامچہ	ف	زمانہ سابقہ میں سرکاری دفتر میں روزانہ کا حساب کتاب لکھنے کی کچی کاپی۔	ہر روز کا حساب لکھنے کی کتاب۔ ڈائری۔ روزانہ شائع ہونے والا اخبار۔
Ruzname	رُوزنامہ	ف	روزانہ شائع ہونے والا اخبار۔ روزانہ کی کیش بک۔ کیلنڈر۔ جریدہ۔ رسالہ۔ ایجنڈا۔	روزانہ شائع ہونے والا اخبار۔ کیلنڈر۔
Rübai	رُباعی	ع	دو شعروں کا عوامی گیت۔ آلہا۔ چار مصرعوں کی نظم۔	رباعی۔ دو چار مصرعے جن کا پہلا مصرعہ اور دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہوں۔
Rüchan/ Rüçhan	رُجحان	ع	ترجیح۔ غلبہ۔ برتری۔ فوقیت۔ فائدہ۔	میلان۔ جھکاؤ۔ توجہ۔ زیادتی۔ فوقیت۔
Rücu	رُجُوع	ع	پیچھے لوٹنا۔ وعدہ یا کسی بات کو واپس کرنا یا اُس سے پھر جانا۔ واپسی۔	واپس ہونا۔ مڑنا۔ لوٹنا۔ مائل ہونا۔ راغب ہونا۔ رغبت۔ میلان۔ التجا۔ نظرثانی۔ توجہ۔ گذارش۔ عدالت میں اپیل۔
Rüesa	رُؤسا	ع	سربراہان۔ سردار لوگ۔	جمع رئیس کی۔ سردار لوگ۔ سربراہان۔ امیر لوگ۔
Rüfeka	رُفقاء	ع	جمع Refik کی۔ ساتھی۔ شریک۔ مصاحب۔ رفیق۔ دوست۔	جمع رفیق کی۔ ساتھی۔ ہم سفر۔ دوست۔
Rükû	رُکوع	ع	نماز میں جھکنا۔	نماز پڑھنے میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنا۔ دوست۔
Rükub	رُکوب	ع	سوار ہونا۔ چڑھنا۔	سوار ہونا۔
Rüküd/ Rüküdet	رُکود/رُکودت	ع	سکون۔ رکاوٹ۔ ٹھہراؤ کی حالت۔ خاموشی۔ استادگی۔	خواب کرنا۔ سوجانا اور جمع راقد بمعنی سونے والا۔
Rükün	رُکن	ع	ستون۔ کھمبا۔ سہارا۔ ابتدائی اصول۔ پایہ۔ ٹیک۔ بااثر لوگ۔ بنیاد۔	ستون۔ کھمبا۔ تھم۔ پایہ۔ ضروری شے۔ ہر شے کا جزاعظم۔ کسی جماعت کا ممبر۔ امیر۔ سردار۔ کونہ۔ زینہ۔ کارندہ۔ سربراہ۔ (عروض) وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے ارکان سے بنے۔ یا ہر کا حصہ۔ زاویہ۔
Rüsub/ Rüsup	رُسوب/رُسوپ	ع	تلچھٹ۔ گار۔ بیکار چیزیں۔	وہ چیز جو پانی شراب اور پیشاب وغیرہ کی تہہ میں بیٹھ جائے۔ تلچھٹ۔ گار۔
Rüsuh	رُسوخ	ع	کسی مضمون میں یا موضوع پر بہت پڑھا لکھا۔	مضبوطی۔ استواری۔ رسائی۔ ربط ضبط۔ اعتبار۔ اختیار۔ جماؤ۔ پائیداری۔ قیام۔ ثبات۔ استقلال۔ پختگی۔
Rüsum	رُسوم	ع	جمع Resim کی۔ رواج۔ دستور۔ ریتیں۔ رسمیں۔ چلن۔ واجبات۔ ٹیکس۔	جمع رسم کی۔ ریتیں۔ قاعدے۔ عادتیں۔ نشانیاں۔ اسٹامپ کی فیس۔ کورٹ فیس۔ بکے ہوئے مال پر کمیشن یا دستوری۔ آئین۔ قوانین۔ کسی حصہ زمین داری سے واجب الوصول محصول۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Rüsvay	رُسوا	ف	پبلک کے سامنے ذلیل کیا گیا۔ ہدفِ تضحیک۔ عیب معلوم ہونے پر ذلیل و رُسوا ہونے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ موردِ حقارت۔	ذلیل۔ خوار۔ بے عزت۔ بے غیرت۔
Rüsvay-ı-âlem	رُسوا ِعالَم	ف	دنیا کی حقارت کا نشانہ۔	عالمگیر حقارت کا ہدف۔
Rüşd/Rüşt	رُشد	ع	صحیح فیصلہ۔ راسخ الاعتقادی۔ بلوغت۔ عمر کو پہنچنا۔ سچائی۔ راست بازی۔	نیک راہ پر چلنا۔ راہِ راست پانا۔ بالغ ہونا۔ ہدایت۔ سچائی۔ ہوش سنبھالنا۔
Rüşvet	رِشوت	ع	رشوت۔ گھونس۔	کسی شخص کو غلط یا ناحق کام کروانے کے لیے دی جانے والی چیز۔ ناجائز نذرانہ یا زیادتی کر کے لینا۔ رشوت۔ گھونس۔
Rütbe	رُتبہ	ع	درجہ۔ گریڈ۔ عہدہ۔	عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ۔ قدر۔ منزلت۔ عزت۔ حرمت۔ پایہ۔
Rüus	رُؤس	ع	Re's جمع کی۔ سربراہ لوگ۔ علما کا ایک مرتبہ۔ دینیات میں ڈپلوما۔	جمع راس کی بمعنی سر۔
Rüyet	رُویت	ع	دیکھنا۔ نمود داری۔ دید۔ معائنہ۔ جانچ۔ انتظام۔	صورت کا نظر آنا۔ دیدار۔ نظارہ۔ آنکھ سے دیکھنا۔

■❖■

S/(s)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Saadet	سَعَادَت	ع	خوشی۔ خوشحالی۔ خوش نصیبی۔	اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔ نیکی۔ بھلائی۔ استنبول کا پرانا سرکاری نام۔
Saat	سَاعَت	ع	گھنٹہ۔ وقت۔ دن کا وقت۔ ایک گھنٹہ کا پیدل سفر۔ گھڑی۔ گھنٹہ۔	گھنٹہ۔ گھڑی۔ لمحہ۔ لحظہ۔ پل۔ منٹ۔ ڈھائی گھڑی۔ وقت۔ معین وقت۔
Sabah	صَبَاح	ع	صبح۔ صبح میں۔ صبح کے وقت میں ہونے والے۔ کل کی رات۔ رات کا آخر اور صبح کا اوّل وقت۔	صبح کا تڑکا۔ سحر۔ فجر کا تڑکا۔ سویرا۔ خوب۔ خوبصورت۔
Sabahat	صَبَاحت	ع	خوبصورتی۔	جمال۔ خوبصورتی۔ گورا پن۔ گوری رنگت۔
Sabık	سَابِق	ع	گذرا ہوا۔ پہلا۔ پچھلا۔	اگلا۔ پچھلا۔ بڑھا ہوا۔ سبقت لے جانے والا۔ لڑکوں کو سبق دینے والا۔
Sabıka	سابقہ	ع	پرانی غلط حرکت۔ پہلی کی یا گذشتہ سزا۔	وہ امر جو پہلے سے کام کے سرانجام کا وسیلہ ہو۔ قدیم جان پہچان۔ پہلی عورت۔ اگلا۔ اگلے زمانہ کا۔ دوستانہ واسطہ۔ معاملہ۔
Sabıkan	سابقاً	ع	پہلے کا۔ پہلے کی۔ گذشتہ۔	پہلے۔ گذشتہ زمانہ میں۔ قبل ازیں۔
Sabır	صَبر	ع	صبر۔ استقلال۔ تحمل۔ برداشت۔ ایلوا۔ ثابت قدمی۔	برداشت۔ تحمل۔ صبر۔ ثابت قدمی۔ بردباری۔ توقف۔ توکل۔ قناعت۔ ایلوا۔ ایک قسم کی تلخ گوند۔ شکیبائی۔ خاموشی۔ کسی کا دل دکھانے کی آفت۔ خدا کی مار۔
Sabi	صَبی / صَبِی	ع	مذکر بچہ۔ لڑکا۔	چھوکرا۔ دودھ پیتا بچہ۔
Sâbi	سَابِع	ع	ساتواں حصہ۔	کسی چیز کا ساتواں حصہ۔ سُبع۔ ہفتم۔
Sâbih	سَابِح	ع	پانی میں تیرنے والا۔ پانی کے اوپر رہنے والا۔	تیراک۔ پانی میں تیرنے والا۔ تیز رفتار گھوڑا۔
Sabit	ثَابِت	ع	قائم۔ ٹھہری ہوئی۔ مضبوط۔ پائدار۔ یقینی۔ قابلِ اعتبار۔ صحیح۔ درست۔	قائم۔ مضبوط۔ پورا۔ سارا۔ جو ٹوٹا نہ ہوا۔ برقرار۔ مستقل۔ پائیدار۔ یقینی۔ صحیح۔ ٹھیک۔ تصدیق شدہ۔ وہ ستارہ جو گردش نہ کر سکے۔ عالموں نے سال کے مہینوں کی جن تین قسموں ثابت، منقلب و ذوجہتین میں تقسیم کیا ان میں سے پہلی قسم کے مہینے۔
Sabitkadem	ثَابِت قَدَم	ع	مستحکم۔ مضبوط۔ قائم۔	مضبوط۔ قائم۔ مستحکم۔ مستقل مزاج۔ عہد کا پکا۔ باحوصلہ۔ بات نہ پھیرنے والا۔ ارادے کا مضبوط۔
Sabotaj	سَابوتاژ	فرانسیسی	جڑیں اکھاڑنا۔ بیخ کنی کرنا۔ منہدم کرنا۔ توڑنا۔ ڈھانا۔ کسی مخالف کی مدد کرنے کے لیے یا اس کے اشارہ پر جان بوجھ کر تباہ کرنا یا جائداد کو بیکار کرنا۔	تخریب۔ توڑ پھوڑ۔ شرارت انگیزی۔ کسی مخالف کی مدد کرنے کے لیے یا اس کے اشارہ پر جان بوجھ کر تباہی مچانا یا جائداد کو بیکار کرنا۔
Sabun	صَابُن	ع	صابن۔	صابن جس سے کپڑا اور گندی چیزیں دھوتے ہیں۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sabur	صَبُور	ع	صابر۔ صبر کرنے والا۔	صبر کرنے والا۔ صبر۔ گناہگاروں پر نرمی کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
Sabura	صَبُورا	ت	جہاز کو قائم رکھنے کا بوجھ۔ ریل کی لائنوں کے درمیان کنکر، روڑا، لکڑ جو لائنوں کو قائم رکھے۔	————
	صَبُورا	ع/اردو	————	مصنوعی عضوِ تناسل۔
	صَبُورہ	عجمی	————	ہجڑا۔ مخنث
Sac	سَاج	ف	سال کی لکڑی۔ لوہے کی شیٹ۔ لوہے کی پلیٹ۔ کھانا پکانے کی پتلی لوہے کی پلیٹ۔ لوہے کی شیٹ کا بنا ہوا۔	سیاہ لکڑی۔ سال کی لکڑی۔ ایک قسم کا پتھر جس سے تلوار وغیرہ کو چمکاتے ہیں۔ ایک پرندہ کا نام۔ روٹی پکانے والا توا۔ سجاوٹ۔
Saçı	سَاچق	ت	پرانے زمانہ میں دلہن کے لیے دیے گئے تحائف۔ دلہن پر پھینکے گئے سکے، مٹھائی و چاول وغیرہ۔	شادی سے ایک دو روز پہلے کی رسم جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے گھر میوے۔ شیرینی، ست پڑا۔ مہندی و دلہن کا جوڑا لے کر جاتے ہیں۔ رسمِ حنا۔ مہندی۔
Sada/Seda	صَدا	ع	آواز۔ گونج۔	آواز۔ گونج۔ وہ آواز جو گنبد، کنویں اور پہاڑ سے واپس آتی ہیں۔ آہٹ۔ درویش یا فقیر کے مانگنے کی صدا۔
Sadak	سَدَق	ع	ترکش۔	ترکش۔
Sadaka	صَدقہ	ع	خیرات۔ زکوٰۃ۔	وہ چیز جو خدا کے نام پر فقیروں یا غریبوں کو دی جائے یا خیرات کی جائے۔ خیرات۔ زکوٰۃ۔ اُتارا۔ قربان۔ فدا۔ طفیل۔ بدولت۔
Sadakat	صَداقت	ع	سچی دوستی۔ وفاداری۔ ایمانداری۔ محبت۔ مکر آمیز یا ظاہرداری دوستی جو ان لوگوں سے کی جائے جو بااثر و بااقتدار ہوں۔	دوستی۔ سچائی۔ خلوص۔ وفاداری۔ تصدیق۔ ثبوت۔ گواہی
Sadaret	صَدارت	ع	عثمانی ترکوں کے دور میں وزیراعظم کے عہدہ کو دیا گیا نام۔ وزیراعظم کا عہدہ۔ وزارتِ عظمیٰ۔	صدر نشینی۔ پریسیڈنسی۔ چیئرمینی۔
Sadberk	صَد برگ	ف	سیکڑوں پنکھڑیوں والا (گلاب کا پھول)۔	گیندا۔ پھول جس میں بہت پتیاں ہوں۔
Sade	سَادہ	ف	سادہ۔ بغیر ملاوٹ کا۔ شریف۔ خالص۔ سادہ ذہن کا۔ بغیر سجاوٹ کا۔ کافی جس میں شکر نہ ہو۔ پیسٹری جس میں کچھ نہ بھرا ہو۔ تنہا پھول۔ سادہ طریقے سے۔	خالص۔ بغیر لکھا۔ کورا۔ جس میں زیبائش و آرائش نہ ہو۔ بے نقش کوئی شے۔ خالی۔ احمق۔ نادان۔ صاف دل۔ بے زیاں۔ بے داڑھی مونچھ کا لڑکا۔
Sade-dil	سادہ دل	ف	صاف۔ سادہ لوح۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔ بغیر مکر و فریب کے۔	صاف دل۔ بھولا۔
Sadef/ Sedef	صَدَف	ع	سیپی۔ سیپی سے بنا ہوا۔ سیپی جس سے موتی نکلتا ہے۔	سیپی۔ چھوٹا پیالہ۔ شراب پینے کا پیالہ۔ تین ستاروں کا نام جو قطب کے گرد ہیں۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sadegi	سادگی	ف	صفائی۔ سادگی۔	صفائی۔ بے آرائش۔ بھولا پن۔ سیدھا پن۔ راست بازی۔ وہ حالت جو بغیر بناوٹ کے ہو۔
Sadık	صادق	ع	سچا۔ وفادار۔ ایمان دار۔ صاف۔ باطن۔ صدق دل۔ راست باز۔ جاں نثار۔	سچا۔ راست گو۔ منصف مزاج۔ وفادار۔ کسی شے پر ٹھیک۔ موزوں۔
Sadır	صَدر	ع	سینہ۔ چھاتی۔ دل۔ سامنے کا حصہ۔ بلندی۔ اونچائی۔ امتیاز۔ عزت کا عہدہ۔ بہت خاص شخص۔	سینہ۔ چھاتی۔ ہر چیز کا اوّل۔ اوپر۔ ابتدا۔ بالانشین۔ سردار۔ امیر۔ خاص۔ بزرگ۔ ملک کا سربراہ۔ صحن۔ انگنائی۔
Sâdır	صادِر	ع	نکلنا۔ جاری ہونا۔ نکلتا ہوا۔ نکلا ہوا۔ ڈگری وغیرہ کا جاری ہونا۔ واقع ہونا۔	ایک جگہ سے نکلنے والا۔ نافذ ہونے والا۔ نافذ۔ نکلنے والا۔
Sâdis	سدس/سُدُس	ع	چھٹا حصہ۔	چھٹا حصہ۔ ۶/۱
Sadme	صَدمَہ	ع	چوٹ۔ صدمہ۔ مصیبت۔ آفت۔ ٹکر۔ جھڑاکا۔ دھماکہ۔ اچانک آئی ہوئی آفت۔	مصیبت۔ بلا۔ حادثہ۔ واقعہ۔ نقصان۔ ضرر۔ چوٹ۔ ضرب۔ دھکا۔ ٹکر۔ تکلیف۔
Sadrazam	صَدرِ اعظم	ع	بڑا وزیر۔ وزیر اعظم۔ دورِ عثمانی میں وزیر اعلیٰ۔	دیوانِ اعلیٰ۔ وزیر اعظم۔
Sadrî	صَدری	ع	سینہ یا چھاتی سے متعلق۔ چار آئینہ۔ ایک قسم کا زرہ بکتر۔	ایک قسم کی مرزئی یا واسکٹ۔ سینہ با سینہ پہنچا ہوا کلام یا نسخہ وغیرہ۔
Saf	صَف/صَف	ع	لائن۔ قطار۔ رتبہ۔ عہدہ۔	کلاس۔ جماعت۔ قطار۔ پرا۔ آدمیوں کا زمرہ۔ فرش۔ بستر۔ بچھونا۔ بوریا۔ چٹائی۔ نمازیوں کی قطار۔
Sâf	صاف	ع	خالص۔ صاف۔ بغیر کسی ملاوٹ کا۔ پاک۔ شفاف۔ راست باز۔ سچا۔ صاف باطن۔ سادہ۔ بے ریا۔ شریف۔	بغیر ملاوٹ کا۔ خالص۔ نرمل۔ کھرا۔ بے داغ۔ بے گناہ۔ ہموار۔ چکنا۔ ظاہر۔ آشکارا۔ سیدھا۔ سچا۔ واضح۔ بے کدورت۔ بے لوث۔
Safa/Sefa	صَفا	ع	فکر یا پریشانی سے نجات۔ امن۔ شانتی۔ آسانی۔ آسائش۔ آرام۔ عیش و عشرت۔ آسودگی۔	پاک۔ بے کھوٹ۔ بے کدورت۔ نرمل۔ کھرا۔ صفائی۔ خالص دوستی۔ پاکیزہ۔ ہموار۔ سپاٹ۔ اُجلا۔ صیقل کیا ہوا۔
Safahat	صَفحات	ف	جمع Safha کی۔ سطحیں۔ چہرے۔ پلیٹیں۔ صفحے۔ اوراق۔ ہیئتیں۔ صورتیں۔	صفحہ کی جمع۔ چہرے۔ رُخ۔ سطحیں۔ اوراق کے رُخ۔
Safdil	صَاف دِل	ف	سادہ لوح۔ شریف۔ بھولا۔ سادہ۔ بے ریا۔ کشادہ دل۔ سیدھا۔	بے کینہ۔ بے ریا۔ جس کے دل میں کوئی کدورت نہ ہو۔
Safer	صَفَر	ع	اسلامی سال کا دوسرا مہینہ۔	مسلمانوں کے سال کا دوسرا مہینہ۔ دوسرے قمری مہینہ کا نام۔
Saffet	صَفوت/صُفوت	ع	خالص پن۔ راست بازی۔ فراست۔ ستھرائی۔	خالص۔ بہترین۔ برگزیدگی۔
Safha	صَفحہ	ع	سطح۔ رُخ۔ پلیٹ۔ صفحہ۔ ورق کی ایک سائڈ۔ ورق۔ ہیئت۔ صورت۔	ورق کی ایک طرف کا رُخ۔ ہیئت۔ چہرہ۔ سطح۔ فراخی۔ وسعت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sâfi	صافی	ع	صاف۔ خالص۔ صاف باطن۔	صاف۔ بے کھوٹ۔ رومال یا کپڑا جس سے صفائی کی جائے۔ چولہے پر سے برتن اتارنے کا کپڑا۔ وہ کپڑا جس میں دوا یا شراب وغیرہ چھانیں۔
Safiha	صفیحہ	ع	باریک شیٹ یا ورق۔ باریک چوڑی وچپٹی چیز۔ پلیٹ۔ سطح۔ دھات یا کسی دوسرے مادہ کا چپٹا ٹکڑا جو زیورات بنانے جیسے ڈھکنی بنانے یا پینٹ کرنے یا دیوار کی تصویر بنانے کے کام آتا ہے۔	چوڑی تلوار۔ ہر چوڑی چیز۔ زنک پلیٹ۔
Safir	صفیر	ع	سیٹی کی آواز۔ پھنکارنے کی آواز۔	وہ سیٹی جو پرندے کے لیے منہ سے بجائیں۔ پرندوں کی آواز جو وہ پرندوں کو بلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ پرندوں کی آواز۔
Safra	صفرا	ع	پت۔ صفرہ۔	اخلاط اربعہ میں ایک زرد رنگ کا کڑوا مادہ۔ پت۔ تلخ۔
		ت	جہاز کو قائم رکھنے کا وزن جو جہاز کی پیندی میں رکھا جاتا ہے۔	
Safravi	صفراوی	ع	صفرا سے متعلق۔ صفراوی۔ پرانی حکمت میں کمزور، سانولے، بدمزاج اور چست وچالاک لوگوں کی خصوصیت۔	صفرا سے منسوب۔ صفراوی۔
Safran	زعفران	ع	زعفران۔ کیسر۔ زعفرانی۔ کیسری۔	ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول۔ کیسر۔ زعفران۔
Safşiken/ Safzen	صف شکن صف زن	ف	دشمنوں کی صفوں کو توڑنے والا۔ بہادر۔ جری۔	صف توڑنے والا۔ بہادر۔ دلیر۔
Sagu/ Sagudane	ساگو دانہ	ت	بعض قسم کے کھجور کے پیڑوں کے تنے سے نکالا ہوا و چاول کی طرح استعمال کیا جانے والا مانڈ والا ایک مادہ۔ ساگو دانہ۔	ساگو دانہ۔ ایک قسم کا دانہ جو ساگو کے تنے سے نکالا جاتا ہے۔
Saha	ساحت	ع	کشادہ اور کھلی ہوئی جگہ۔ صحن۔ میدان۔ فٹ بال وغیرہ کھیلنے کا فیلڈ۔ رقبہ۔	آنگن۔ احاطہ۔ میدان۔
Sahâ/ Sahavet	سخا سخاوت	ع	فیاضی۔ بخشش۔ سخاوت۔	فیاضی۔ بخشش۔ خیرات۔
Sahabe	صحابہ	ع	حضرت محمد صاحب کے مرید یا پیرو۔ حضرت محمد صاحب کی صحبت میں رہنے والے۔	حضرت محمد صاحب کے ہم مجلس۔ ہم صحبت۔ یار لوگ۔
Sahabet	صحابت	ع	مدد۔ سہارا۔ حفاظت۔ سرپرستی۔	رفاقت۔ دوستی۔
Sahaf/ Sahhaf	صحاف	ع	پرانی کتابیں بیچنے والا۔	جلد ساز۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔ کتابیں بیچنے والا۔
Sahan	صحن	ع	تانبے کی بڑی پلیٹ۔ قاب یا رکابی۔ کھانے کی پلیٹ۔ تانبے کی دھات کی	بڑا طباق۔ بڑا طشت۔ گھر کا آنگن۔ ہموار زمین۔ کنایۃ کاغذ۔ ایک قسم کا عمدہ کپڑا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			پلیٹ جس میں کھانا گرم کریں یا جس میں تیزی سے انڈے کو پکائیں۔	
Sahi/Sahî	سَخی	ع	فیاض۔ کھلے ہاتھ کا۔ کشادہ ہاتھ۔	فیاض کریم۔ دریادل۔ کریم النفس۔ خدا کے نام پر دینے والا۔ مخیر۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کرنے والا۔
Sahi/Sahih	صَحیح	ع	درست۔ راست۔ ٹھیک۔ سچا۔	درست۔ ٹھیک۔ پورا۔ کامل۔ سارا۔ تصدیق۔ دستخط۔ تندرست۔ عیب سے پاک۔
Sahib/ Sahip	صَاحِب	ع	مالک۔ ملکیت والا۔ قابض۔ حفاظت کرنے والا۔ بخشا ہوا۔	مالک۔ خاوند۔ شوہر۔ یار۔ وزیر۔ خدا۔ آقا۔ حاکم۔ کلمہ خطاب۔ معشوق۔ دلبر۔ آپ۔ جنٹلمین۔ دوست۔ ساتھی۔ کلمہ احترام جو نام کے بعد میں لکھا جاتا ہے۔
Sahipe	صَاحِبہ	ع	عورت جو مالک ہو۔ مالکہ۔	صاحب کی تانیث۔ محترمہ۔
Sahif	سَخِیف	ع	دبلا پتلا۔ باریک۔ کمزور۔ احمق۔ بیوقوف۔	کم فہم۔ بیہودہ۔ کم ظرف۔ جھرجھرا کپڑا۔
Sahife	صَحِیفہ	ع	صفحہ۔ ورق۔	ورق۔ صفحہ۔ کتاب۔ رسالہ۔ لکھا ہوا۔ صفحہ۔ چھوٹی کتابیں جو بعض پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔
Sahihan	صَحِیحَین	ع	صحیح طریقہ سے۔ سچائی سے۔	صحیح کا تثنیہ۔ احادیث کے دو مشہور مجموعے صحیح بُخاری یا صحیح مُسلم۔
Sahil	سَاحِل	ع	سمندر کا کنارہ۔ ساحل۔ سمندر کا تٹ۔ تٹ۔	دریا یا سمندر کا کنارہ۔
Sahra	صَحرا	ع	کھلا میدان۔ ریگستان۔ بیابان۔ ویران۔	وہ میدان جس میں گھاس و درخت نہ ہوں۔ ویرانہ۔ ریگستان۔ بیابان۔
Sehraî	صَحرائی	ع	میدان یا ریگستان سے متعلق۔ دیہاتی۔ دہقانی۔	صحرا سے متعلق۔ جنگلی۔ بیابانی۔
Sahre	صَخرہ	ع	پتھر کا بڑا گول ٹکڑا۔ چٹان۔ ٹیلہ۔	بڑا پتھر۔ نام ایک پتھر کا جو بیت المقدس میں ہوا پر معلق ہے اور اس کو صخرۂ صمّا بھی کہتے ہیں۔ نام ایک بدصورت دیو کا جو حضرت سلیمان کی انگوٹھی لے گیا تھا۔
Sahte	سَاختہ	ف	جھوٹا۔ جعلی۔ مصنوعی۔ بناوٹی۔ نقلی۔	مصنوعی۔ گھڑا ہوا۔ جھوٹا۔ بنایا ہوا۔ نقلی۔ تیار کیا ہوا۔
Sahur	سَحور/سُحور	ع	رمضان کے مہینے میں روزہ رکھنے سے پہلے تڑکے میں کھانا کھانا۔	سحری۔ سحرگہی۔ جمع سحری۔
Sai	سَاعی	ع	ڈاک لے جانے والا۔ گوریر۔ ہرکارہ۔ پیام رساں۔	ڈاک لے جانے والا۔ دوڑ دھوپ کرنے والا۔ کوشش کرنے والا۔ چغل خور۔
Saib	صَائب	ع	جو نشانہ پر لگے۔ صحیح۔ ٹھیک۔ درست۔ مبارک۔ نیک۔	درست۔ ٹھیک۔ رَسا۔ پہنچانے والا۔
Saîd	سَعِید	ع	مبارک۔ نیک۔	نیک۔ مبارک۔ نیک بخت۔ خوش نصیب۔ خوش۔
Sâid	سَاعِد	ع	کلائی۔ پہنچے سے کونی تک۔	بازو۔ ہاتھ کی کہنی سے لے کر نیچے اور ہتھیلی سے اوپر کا حصہ۔
Sovyet	سوویٹ	روسی	۱۹۱۷ء کے انقلاب کے بعد روس کے اندر قائم کی گئی مقامی کونسل جنھیں محنت کش وکسان وغیرہ چن کر قائم کرتے تھے۔ اونچی مجالس جن میں نیچے سے چنے ہوئے ممبر ہوتے تھے۔ بالیشویکوں کے ذریعہ قائم کردہ حکومت۔	۱۹۱۷ء کے انقلاب روس کے بعد ملک میں قائم کی گئیں مقامی کونسلیں واونچی مجلس جن میں نمائندے نیچے سے چن کر آتے تھے۔
Soya	سویا	ت	ایک پھلی جس سے تیل نکلتا ہے۔ سوئے کی پھلی۔	سویابین۔ سوئے کی پھلی۔
Soysal	سوشل	انگریزی	مہذب۔ ملنسار۔	ملنسار۔ آشنا مزاج۔
Sömestir	سیمسٹر	فرانسیسی	تعلیم دو حصوں میں تقسیم شدہ ہر حصہ۔ سیمسٹر۔	سیمسٹر۔
Söz	سوز	ت	لفظ۔ کلمہ۔ بات۔ کلام۔ افواہ۔	
	سوز	ف	ــــــــــــــــ	جلن۔ سوزش۔ دُکھ۔ درد۔ جلانے والا۔
		اردو	ــــــــــــــــ	مرثیہ خوانی کی ایک طرز۔
Spektroskop	اسپیکٹروسکوپ	فرانسیسی	ایک آلہ جس کے ذریعہ چمکدار اشیا کی وہ شکلیں جو آنکھ کو روشنی سے پھیرنے کے بعد نظر آئیں اور جن سے اشیا کی ساخت کے بارے میں پتہ لگایا جا سکے بنانے اور جانچ کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اسپیکٹروسکوپ۔	اسپیکٹروسکوپ۔
Spiker	اسپیکر	انگریزی	ریڈیو پر بولنے والا۔ اناؤنسر۔ ریڈیو پر اناؤنس کرنے والا۔	بولنے والا۔ متکلم۔ تقریر کرنے والا۔ مقرر۔ پارلیمنٹ یا اسمبلی کا صدر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Spor	اسپورٹ	فرانسیسی	کھیل۔اسپورٹس۔	کھیل
Sportmen	اسپورٹس مین	انگریزی	کھلاڑی۔پہلوان۔	کھلاڑی۔
Stadyum/ Sitadyum	اسٹیڈیم	یونانی	کھیل کا میدان۔کھیل یا دوڑنے کا میدان جس کے چاروں طرف دیکھنے والوں کے بیٹھنے کی جگہ ہو۔	کھیل کا میدان۔اکھاڑہ۔ریس کورس۔
Stepne	اسٹپنی		کار کا فالتو پہیہ۔	کار کا فالتو پہیہ۔
Stok	اسٹاک	انگریزی	اسٹاک۔ذخیرہ۔سامان۔	ذخیرہ۔رسد۔سامان۔اسٹاک۔
Strateji	اسٹریٹیجی	یونانی	فن صف آرائی۔(ملٹری سائنس) داؤ گھات کرنے کے اصول۔	سپہ سالاری۔صف آرائی۔کسی مہم کو چلانے کا فن یا فوج کی حکمت عملی یا داؤ گھات۔
Stüdyo	اسٹوڈیو	انگریزی	سینما کی فلمیں بنائی جانے کی جگہ۔ریڈیو کے پروگرام نشر کرنے کی جگہ جہاں اناؤنس کرنے والوں تقریر کرنے والوں وساز بجانے والوں وغیرہ کے لیے جگہ ہو۔ آرٹسٹوں کے کام کرنے کی جگہ۔	فوٹوگرافی کا کمرہ یا دوکان۔فلم کمپنی کا کارخانہ۔ریڈیو اسٹیشن کا کوئی کمرہ جہاں سے تقریریں گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔
Su/Suyu	سُو	ت	پانی۔پھل،میوہ وسبزی وغیرہ کا نچوڑ کر یا دبا کر نکالا گیا رس۔بعض خوشبودار پتوں یا پھولوں کا مقطر کیا گیا خوشبودار عرق۔لوہے کے آلات واوزاروں کو آگ میں تپانے کے بعد پانی میں ڈالنے سے سختی۔فولاد کا ٹیمپر۔شوربا۔یخنی۔رواں ڈیزائن یا آرائش۔ندی۔	پانی۔شراب۔
	سُو/سُوئے	ف	———	طرف۔جہت۔جانب۔
Sual	سُؤال	ع	سوال۔درخواست۔پرسش۔پوچھ گچھ۔	سوال۔پوچھ تاچھ۔استفسار۔پرسش۔درخواست۔التماس۔طلب۔دعویٰ یا عرضی۔گذارش۔عرض داشت۔پوچھنا۔بھیک مانگنا۔ حل طلب بات۔(ریاضی یا اقلیدس کا) جواب طلب مسئلہ۔
Suali	سُؤالی	ع	سوال۔جس میں سوال شامل ہو۔	سوال کرنے والا۔مانگنے والا۔
Sudur	صُدُور	ع	جمع Sadır کی۔سینے۔چھاتیاں وغیرہ۔	سینے،چھاتیاں۔بالانشیں لوگ۔امیر لوگ۔جمع صدر کی۔
	صُدُور	ف	ڈگری وغیرہ کا اجرا۔خروج۔روانگی۔	صادر ہونا یا اجرا۔کسی جگہ سے باہر نکلنا۔
Suğra	صُغریٰ/صُغرا	ع	چھوٹا۔چھوٹی۔خفیف۔	سب سے چھوٹی چیز۔چھوٹی لڑکی۔علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ۔
Sui	سُوء	ع	برائی۔بدی۔	بدی۔برائی۔خرابی۔بیماری۔بگاڑ۔مزاج کا تغیر۔آفت۔مرض بد۔
Suizan	سُوئے ظن	ع	شبہ۔بے اعتباری۔	بدگمانی۔بدظنی۔برا خیال۔
Sukut	سُقُوط	ع	گراوٹ۔اسقاط۔سہو۔چوک۔غلطی۔ تنزلی۔زوال۔گرنا۔	گر پڑنا۔خطا کرنا۔جنگ ہارنا۔(علم عروض کی اصطلاح میں) کسی حروف کا وزن شعر کے خلاف ہونا۔ناتمام بچہ عورت کے پیٹ سے نکل آنا۔اسقاط۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sulb/Sulp	صُلب	ع	سخت۔ ٹھوس۔ مضبوط۔ پائدار۔ ریڑھ کی ہڈی۔	سخت۔ چست۔ قوت۔ سخت زمین۔ ریڑھ کی ہڈی کی گریاں۔ پشت کے مہرے۔ پیٹھ کی ہڈیاں۔ تخلف۔ اولاد و نسل۔ خاندانی بزرگی۔
Sulbî	صُلبی	ع	اپنی نسل کے بچے۔ جائز لڑکا۔	سگا۔ اصلی۔ حقیقی۔ نسلی۔ اپنے نطفہ کا۔
Suleha	صُلحا	ع	جمع Salih کی۔ نیک لوگ۔ نیک آدمی۔	جمع صالح کی۔ نیک آدمی۔ نیک لوگ۔ متقی۔
Sulh	صُلح/صَلحہ	ع	امن۔ آشتی۔ مفاہمت۔ سمجھوتہ۔ امن رکھنا۔	آشتی۔ امن۔ میل۔ ملاپ۔ فساد کی ضد۔ اتحاد۔ دوستی۔ امن و امان تصفیہ باہمی۔ آپس کی صفائی رشتے سرے سے دوستی۔
Sulh-name	صُلح نامے	ع/ف	امن کا سمجھوتہ۔ امن کا معاہدہ۔	صلح کا عہد نامہ۔ امن کا سمجھوتہ۔ راضی نامہ
Sulhperver	صُلح پرور	ع/ف	امن پسند۔	امن پسند۔
Sultan	سُلطان	ع	حاکم۔ بادشاہ۔ عظیم مطلق۔ بادشاہ کی بیٹی۔ سلطانہ۔	بادشاہ۔ والی۔ فرمانروا۔ راجہ۔ بادشاہی۔ فرمانروائی۔ حکومت۔
Sultanî	سُلطانی	ع	بادشاہ یا سلطان سے متعلق۔ شہنشاہی۔ عمدہ قسم کا (پھل وغیرہ)۔ سابقہ۔ سیکنڈری اسکول۔ ایک قسم کا بغیر بیجوں کا انگور۔	بادشاہی۔ فرمانروائی۔ حکومت۔
Suntur	سُنتُور	ف	بربت۔ پچاس تاروں کا ایک باجہ۔ سنتور۔ بہت زیادہ خوشی کی آواز۔	ایک قسم کا باجہ۔
Sunuf	صُنُوف/صِنف	ع	جمع S ı n ı f کی۔ کلاسیں۔ قسمیں۔ درجے۔	جمع صنف کی۔ قسمیں۔ انواع۔ اقسام۔ اصناف۔
Supara	سپارہ/سیپارہ	ف	بچوں کے پڑھنے کی کتاب۔ پرانے زمانے میں بچوں کو پڑھانے کی ابتدائی کتاب۔ سپارہ۔	سپارہ۔ پارہ قرآن۔ قرآن شریف کے تیس حصوں میں سے ایک حصہ۔
Sur	سُور	ت	قسمت۔ چانس۔	——
Sûr/Sur	سُور	ع	شہر کی دیوار۔ شہر کی فصیل۔ قلعہ۔	قلعہ کی دیوار شہر کی فصیل۔ کھانے یا پینے کا پس ماندہ۔ جھوٹن۔
Sur	سُور	ف	شادی۔ شادی یا ختنہ کی دعوت۔	دعوت جشن عروسی۔ شادی۔ رنگ سرخ۔
Sur	صُور	ع	بگل خاص طور سے قیامت کے دن کا۔	بگل جس کو اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن پھونکیں گے۔ ترئی۔ نفیری۔ بگل۔ قرنا۔ سنکھ۔
Sur	سُور	ہندی	——	بہادر یا شجاع آدمی۔ مرد غازی۔
Surat	سُورَت	ع	چہرہ۔ وضع۔ طور۔ تیوری چڑھانا۔ چہرہ پر بدمزگی لانا۔ ترشی والا چہرہ۔	تیزی۔ تندی۔ غصہ۔ ظلم۔ تپ کی تیزی۔ جوش۔ بھڑکن۔ ابلنا۔
Sure	سُورَت/سُورَۃ	ع	قرآن شریف کا ایک باب۔ سُورَۃ۔	سورۃ۔ قرآن مجید کا ایک مقررہ ٹکڑا۔ بزرگی۔ شرف یا باب۔ فصل۔ سورت۔
Suret	صُورَت	ع	شکل۔ تصویر۔ نقل۔ پہلو۔ شباہت۔ خیال۔ گمان۔ طور۔ کیس۔	تصویر۔ شکل۔ نمونہ۔ چہرہ۔ موقع محل۔ مانند۔ مشابہ۔ طور۔ طریق۔ کام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Surî	صُوری	ع	ظاہرہ۔ظاہری۔بناوٹی۔	ظاہری۔معنوی کی ضد۔منسوب بہ صورت۔
	سُوس	ع	ملیٹھی۔	اصل۔طبیعت۔ریگ۔نام ایک درخت کا جس کی جڑ کو اصل السوس یا ملیٹھی کہتے ہیں۔
Suubet	صُعُوبَت	ع	دِقّت۔دشواری۔	دِقّت۔سختی۔دشواری۔تکلیف۔مصیبت۔
Suud	صُعُود	ع	بلندی۔ اونچائی۔ اُٹھان۔ عروج۔ سرفرازی۔ترقی۔	بلندی پر چڑھنا۔اوپر چڑھنا۔حساب میں کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دے کر اس کی قوتوں کو ابھارنا۔
Suziş	سُوزِش	ف	جلن۔تکلیف۔سخت اندوہ۔بڑا غم۔	جلن۔کھولن۔درد۔تکلیف۔
Sübhan	سُبحَان	ع	اللہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔	اسم مصدر ہے۔حق تعالیٰ کو پاکی سے یاد کرنا۔خداوند پاک۔
Sübhanallah Süphanallah	سُبحَانَ اللہ	ع	سبحان اللہ بمعنی خدا کی تعریف ہو۔ اے میرے خدا۔خدا کی شان ہو۔	(کلمۂ تحسین) اللہ پاک ہے۔میں اللہ کو پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہے۔
		اردو	———	تعجب یا طنز کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔
Sübut	ثُبُوت	ع	ثابت کرنے کا عمل۔ ثابت ہونا۔ یقینیت۔وجود میں ہونا۔اصلیت کھلنے میں ظاہر ہونا۔حقیقت۔	دلیل۔سچائی۔گواہی دلوا کر ثابت کرنا۔شہادت۔گواہی۔دوام۔قیام۔مضبوطی۔پائیداری۔
Sücud/ Sücut	سُجُود	ع	عبادت کرتے وقت خاکساری سے زمین پر سجدہ کرنا۔ذِلّت کرنا۔سجدہ کرنا۔	جمع سجدہ کی۔سجدے اور بمعنی مصدر سجدہ کرنا بھی آتا ہے۔
Südde	سُدّہ	ع	چوکھٹ۔دہلیز۔دروازہ۔جسم کے کسی راستہ میں رکاوٹ یا روک۔	ڈیوڑھی۔دہلیز۔آستانہ۔چوکھٹ۔غلیظ۔سوادی کا ٹکڑا جو انتڑیوں یا رگوں میں اٹک جائے۔ایک بیماری کا نام جس سے ناک کا سوراخ بند ہو جاتا ہے اور سانس کی آمد ورفت ناک کی راہ سے منقطع ہو جاتی ہے۔
Südüs	سُدس / سُدُس	ع	۱/۶۔چھٹا حصہ۔	چھٹا حصہ۔
Süfera	سُفَرا	ع	جمع Sefir کی۔بہت سے ایلچی۔سفیر یا راجدوت۔	سفیر کی جمع۔ایلچی لوگ۔بہت سے سفیر۔
Süflî	سِفلی	ع	نیچ۔گھٹیا۔نیچا۔گراہوا۔حقیر۔ذلیل۔کمینہ۔	منسوب بہ سفل۔نیچے کا۔نیچی۔
Süha	سُہا	ع	دبِ کبیر کے ایک چھوٹے ستارہ کا نام۔	نام ایک باریک ستارے کا جو بنات النعش میں ہے۔
Süheyl	سُہَیل	ع	ستاروں کے جنوبی مجموعہ کا ایک چمک دار ستارہ۔	ایک مشہور ستارے کا نام۔
Sühulet	سُہُولَت	ع	آسانی۔آسان۔ملائمیت۔آسانی کے حالات۔	آسانی۔نرمی۔ہم آہنگی۔
Sühunet	سُخُونَت	غ	گرمی۔بخار۔ٹمپریچر۔	گرمی۔گرم ہونا۔
Sükkân	سُکّان	ع	جمع Sakin کی۔رہنے والے۔باشندے۔	ساکن کی جمع۔رہنے والے لوگ۔باشندے۔جہاز۔کشتی کا ڈنڈا۔
Sükna	سُکنٰی	ع	گھر۔مسکن۔سکونت۔	سکون کی جمع۔مکان۔
Sükûn	سُکُون	ع	خاموشی۔آرام۔راحت۔آسائش۔قرار۔آسودگی۔اطمینان۔	ٹھہراؤ۔ امن۔ خاموشی۔ قرار۔ اطمینان۔ ساکن۔ حرف کی علامت۔جزم۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sükûnet	سُکُونت	ع	خاموشی۔ آرام۔ قرار۔	مستقل قیام۔ رہنے کی جگہ۔ رہنا۔ آرام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اقامت۔ گاہ۔ مکان۔
Sükût	سُکُوت	ع	خاموشی۔ خاموش ہونا۔	خاموشی۔ چپ رہنا۔ امن۔
Sülale	سُلالَہ	ع	کنبہ۔ خاندان۔ بال بچے۔ فیملی۔ سلسلہ۔ نسل۔ اولاد۔	وہ چیز جو دوسری چیزوں میں سے کھینچی جائے۔ نطفہ۔ چھوٹا بچہ۔ خلاصہ۔
Sülûk	سُلُوک	ع	کسی راستہ پر چلنا۔ کسی طرز زندگی پر چلنا۔ کسی مذہبی عقیدہ کا ہونا۔ متفکر زندگی۔	راہ چلنا۔ کاموں میں نیک روی کرنا۔ نیک چلنا۔ صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کی نزدیکی ڈھونڈنا۔ تلاش حق۔ برتاؤ۔ طرز۔ عمل۔ رویہ۔ بھلائی۔
Sülüs	ثُلُث	ع	۱/۳۔ ایک تہائی۔ بڑے بڑے حرفوں میں عربی لکھنے کا ایک طرز تحریر یا اسٹائل۔	تیسرا حصہ یعنی ۱/۳۔ ایک تہائی۔ ایک عربی رسم الخط۔ ایک خط کا نام جو تین خطوں سے مل کر بنا ہے۔
Sülüsan	ثُلثان	ع	دو تہائی حصے۔	تین حصوں سے دو حصے۔
Sümbül	سُنبُل/سُنبُل	ع/ف	سنبل۔ کھلنے والا ایک خوبصورت پھول۔	سنبل۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ بالچھڑ۔ جٹاماسی مراد زلف معشوق۔
Sümbüle	سُنبُلَہ	ع	اناج کی ایک بال۔ پھولوں کا ایک خوشہ۔ آسمان کے برج کنیا راس کا نام۔	گیہوں یا جو کی بالی۔ خوشہ۔ پسینے کے قطرے۔ آسمان کے برج کنیا راس کا نام۔
Sümün	ثُمن	ع	آٹھواں حصہ۔	آٹھواں حصہ۔ ۱/۸
Sündüs	سُندُس	ع	ریشمی براکیڈ۔ ریشمی کمخواب۔ ریشمی زربفت۔	ایک قسم کا نہایت بیش قیمت کپڑا۔ باریک ریشمی کپڑا۔ اطلس۔
Sünnet	سُنّت	ع	مسلم رسوم وضابطے جو قرآن میں درج نہیں ہیں مگر حضرت محمد صاحب کی عادات اور ان کے اقوال کے مطابق ہیں۔ رسم ورواج۔ ختنہ۔	(فقہ اسلام) وہ طریقہ جس پر رسول اللہ اور صحابہ خلفا نے عمل کیا ہو۔ راہ۔ روش۔ دستور۔ عادت۔ ختنہ۔
Sünnî	سُنّی	ع	سُنّی عقیدہ کا ماننے والا۔ راسخ الاعتقاد۔	سُنّی عقیدہ کا ماننے والا۔ سنت رسول پر چلنے والا گروہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو خلفائے راشدین کو برحق مانتا ہے۔ اہل سنت والجماعت مسلمان۔
Sünuh	سُنُوح	ع	کسی معاملہ کا دماغ میں ظاہر ہونا۔	شکار کا بائیں طرف سے ظاہر ہونا۔ مجاز اً حادثہ کا پیدا ہونا۔
Sürahi	صُراحی	ع	صراحی۔ جام یا بلور کے پیالے۔	صراحی۔ پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن۔ کوزہ۔ بوتل۔ مخروطی شکل کپڑے جو انگرکھے وغیرہ کی بغلوں کے نیچے خوبصورتی کے لیے سی دیتے ہیں۔
Sürat/ Sür'at	سُرعت	ع	اسپیڈ۔ رفتار۔ جلدی۔ عجلت۔ تیزی۔	جلدی۔ شتابی۔ تیزی۔ پھرتی۔
Süreyya	ثُریّا	ع	سات اور اس سے زیادہ ستاروں کا گروپ جو بُرج ثور کے ستاروں کے مجموعہ کے سہارے سے ہے۔	جھمکا۔ پروین۔ وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں۔ سات سہیلیوں کا جھمکا اور کبھی مراد آنتوں سے۔ روشنی کا جھاڑ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sürfe	سُرفہ	ف	کیڑا۔ جھانجا۔ گھُن۔ لکڑی میں سوراخ کرنے والا کیڑا۔	ایک سفید رنگ کا کیڑا جو درخت اور لکڑی میں سوراخ کرتا ہے۔ اس کیڑے کی مشابہت آواز سے نام ایک مرض کا جس کو عربی میں سعال اور ہندی میں کھانسی کہتے ہیں۔
Sürme	سُرمہ	ت	جو چیز کھینچی گئی ہو۔ چٹخنی۔ ڈراور۔ شطرنج کی چال۔ اندر باہر سرکانا۔ کنڈ وا۔ گیہوں کا میلا دانا۔ سرمہ۔	سرمہ۔ کحل۔ انجن۔ بہت باریک۔
Sürmedan	سُرمے دان/ سُرمے دانی	ت/ف	سُرمے دانی۔ سرمہ رکھنے کا برتن۔	سرمے دانی۔ سرمہ رکھنے کی چیز۔
Sürre	صُرّہ	ع	تھیلی۔ ہمیانی۔ بٹوہ۔ پرانے زمانہ میں عثمانی ترک بادشاہوں کی طرف سے ہر سال مکہ اور مدینہ کو بھیجی گئی رقوم و تحفے وغیرہ۔	تھیلی۔ ہمیانی۔ توڑا۔ چھوٹی پوٹلی۔
Sürur	سُرُور	ف	خوشی۔ فرحت۔	خوشی۔ فرحت۔ ہلکا ہلکا نشہ۔ خمار۔
Süryani	سُریانی		شمالی عراق کے شامی عیسائی۔ شامی خاص طور سے شام کی پرانی زبان۔	ملک شام کی ایک قدیم زبان۔
Süsen	سُوسن	ف	سُوسن۔ ایک قسم کا پھول۔	سُوسن۔ آسمانی رنگ کا ایک پھول جسے شعرا زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
Sütun	ستُون	ف	ستُون۔ مکان کا کھمبا۔ اخبار کا کالم۔ روشنی کی شعاع۔	ستُون۔ کھمبا۔ لاٹھ۔ منارہ۔ اہم رکن۔
Süvari	سُواری	ف	گھوڑسوار۔ گھوڑسوار فوج کا سپاہی۔ گھوڑسوار پولیس۔ بحریہ کا کپتان۔ سواروں کا رسالہ۔	گھوڑے پر چڑھنے کا کام۔ وہ حیوان یا جانور یا چیز جس پر سوار ہوجائے۔ جلوس۔ کشتی کا ایک داؤ۔ جو سوار ہو۔ ہم رکاب۔ جس پر چڑھ کر کہیں جائیں۔
Süveter	سُویٹر	انگریزی	سویٹر۔	سویٹر۔

■◈■

Ş/(ş)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şa	شا	ت	Yasa کا مخفف بمعنی زندہ باد، سلامت باش۔ کھلاڑیوں کے مابین ہمت افزائی کے لیے Yasa یا Yaşa sin کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی تکرار تین مرتبہ کی جاتی ہے۔	شاد۔
Şab	شاب	ع	نوجوان۔ جوان۔	جوان۔ چوبیس برس سے چالیس برس کا آدمی۔ گبرو۔
Şaban	شابان	ع	اسلامی سال کا آٹھواں مہینہ۔ ماہ شابان۔	قمری سال کا آٹھواں مہینہ۔ شابان۔
Şad/	شاد	ف	خوش وخرم۔ مسرور۔ خوش۔	خوش۔ مسرور۔ بے غم۔ خوش وخرم۔
Şadan	شادان			
Şaduman	شادمان			
Şadi	شادی	ف	خوشی۔ مسرت۔	خوشی۔ مسرت۔ عید۔ تہوار۔ جشن۔ میلہ۔
Şadumani	شادمانی	ف	خوشی۔ مجری۔	خوشی۔ مجری۔
Şafak	شفق	ع	(اصلی معنی) شفق۔ نیم تاریکی۔ سرشام۔ کچھ کچھ اندھیرا۔ (حالیہ معنی) تڑکا۔ علی الصباح۔	سرخی جو طلوع آفتاب سے پیشتر صبح کو اور غروب آفتاب کے بعد شام کو نمودار ہوتی ہے۔ شفق۔
Şafi	شافی	ع	شفا دینے والا۔ صحت دینے والا۔ قابل اطمینان۔ واضح اور غیر مشروط قطعی جواب۔	صحت یا شفا دینے والا۔ تسکین دینے والا۔ شبہ رفع کرنے والا۔ صاف۔ فیصلہ کن۔ قطعی۔
Şafi	شافع	ع	شفاعت کرنے والا۔ بیچ میں پڑنے والا۔	شفاعت کرنے والا۔ سفارش کرنے والا۔
Şafii	شافعی	ع	اسلام میں شافعی فرقہ۔	امام شافعی کی پیروی کرنے والا۔ اہل سنت والجماعت کے چار اماموں میں سے ایک کا نام۔
Şaft	شافٹ	انگریزی	شافٹ۔	شافٹ۔
Şah	شاہ	ف	ایران وافغانستان کے حکمراں۔ شطرنج کے ایک خاص مہرہ کا نام۔	آقا۔ مالک۔ بادشاہ۔ سلطان۔ فقیروں کا لقب۔ شطرنج کا ایک مہرا۔ نوشہ۔ دولہا۔ سیدوں کے نام کا مخصوص لفظ۔ بہتر۔ عمدہ۔ بڑا۔ عظیم۔ مرکبات میں آتا ہے۔
		ت	گھوڑے کے اگلے پاؤں کو جگہ سے کاٹ دینا۔ کھانے کی میز کا کانٹا۔ سینگھ۔	
Şahab	شہاب	ع	شعلہ۔ لو۔ ٹوٹتا تارہ۔	لو۔ لپٹ۔ وہ ستارہ جو آسمان سے گرتا دکھائی دیتا ہے۔ روشن تارہ۔ شعلہ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şahadet/ Şehadet	شہادت	ع	گواہی۔ گواہی دینا۔ ثبوت۔ اسلام کی گواہی دینا۔ مسلمان کا جنگ میں مر جانا۔ سچ پر جان دینے والے کی موت۔ شہادت۔	گواہی۔ راہِ خدا میں شہید ہونا۔ کلمہ شہادت۔ خدا کی وحدانیت اور حضرت محمد صاحب کی رسالت کا سچے دل سے اقرار کرنا۔
Şahadet-name	شہادت نامہ	ف+ع	ڈپلوما۔ دستاویز۔ سرٹیفکیٹ۔	تحریری شہادت جو داخل کی جائے۔ کلمہ شہادت جو شیعہ لوگ لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں۔ وہ کتاب جس میں امام حسین کی شہادت کا حال ہو۔ سند۔ سرٹیفکیٹ۔
Şahane	شاہانہ	ف	شاہی۔ خسروانہ۔ شاندار۔ باشکوہ۔ عظیم الشان۔ عالی شان۔	بادشاہوں کے موافق۔ بادشاہوں کے مانند۔ سلطانی۔
Şahbaz/ Şehbaz	شاہباز/شہباز	ف	شاہی شکرا۔ چیمپئن۔ ہیرو۔ عمدہ۔	بڑا باز یا شکرا جس سے شکار کرتے ہیں۔ شاہین۔
Şahım	شحیم	ع	موٹا۔ فربہ۔	موٹا۔ فربہ۔
Şahıs	شخص	ع	فرد۔ شخص۔ شخصی خدوخال۔ ذاتی حلیہ۔ پیمائش کرنے کا راڈ یا پیمانہ۔	آدمی۔ بشر۔ انسان۔ آدمی کا جسم۔ بدن۔
Şahi	شاہی	ع	شاہی۔ بادشاہی۔ شہنشاہی۔ فارسی سکہ۔ منہ کی طرف سے بھری جانے والی پرانی طرز کی توپ۔ نشاستہ اور انڈے سے بنائی گئی مٹھائی۔	بادشاہی۔ سلطانی۔
Şahid	شاہد	ع	گواہ۔ (قواعد میں) مثال۔ (تجربہ میں) کنٹرول۔ کسی مشہور کتاب سے مثال۔	حاضر۔ گواہ۔ حضرت محمد کا نام۔ روزِ جمعہ۔ روزِ قیامت۔ خوب خوشنما۔ حسین۔ محبوب۔ معشوق۔
Şahin	شاہین	ف	باز۔ شکرا۔ عقاب۔	باز۔ شکرا۔ ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ ترازو کی سوئی یا ڈنڈی۔
Şahmerdan	شاہ مرداں	ف	دیوار گرانے کا انجن۔ ڈھیر کو نیچے کھینچنے والا انجن۔ بھاری ہتھوڑا۔ موگری۔	حضرت علی کا لقب۔
Şahname	شاہنامہ	ف	تاریخ جو شعروں میں لکھی گئی ہو۔ رزمیہ۔ نظم جس میں جنگ کا بیان کیا گیا ہو۔ شاعرانہ تاریخ۔	وہ تاریخ جس میں بادشاہوں کا ذکر کیا جائے۔ تاریخ سلاطین۔ ایک مشہور قدیم شاہانِ فارس کی منظوم تاریخ جسے فردوسی شاعر نے ۱۰۰۰ء میں محمود غزنوی کے حکم سے تصنیف کی تھی۔
Şahnis/ Şahnişin	شاہ نشین / شہ نشین	ف	بند بالکونی کا دریچہ۔ دریچہ جو دیوار سے باہر نکلا ہو۔	بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ۔ بساط۔ گراں مایہ۔ وہ برآمدہ جو آگے نکلا ہوا ہو جس پر اکثر بیٹھ کر بادشاہ لوگوں کو درشن دیا کرتے تھے۔
Şahrah/ Şehrah	شاہراہ / شہراہ	ف	خاص سڑک۔ اہم سڑک۔ ہائی وے۔ عام راستہ۔	کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔ جرنیلی سڑک۔ شارع عام۔ بادشاہی گذرگاہ۔ عام راستہ۔
Şahsi	شخصی	ع	ذاتی۔ پرائیویٹ۔	ذاتی۔ پرائیویٹ۔ ایک آدمی کے متعلق۔ منسوب شخص کے۔
Şahsiyet	شخصیت	ع	قدر و منزلت والا۔ شخصیت۔ خاص شخص۔	شخص ہونے کی خصوصیت۔ ذات۔ شیخی۔ غرور۔ وجہ عزت۔
Şahsüvar	شاہسوار	ف	اچھا گھوڑ سوار۔	گھوڑے کی سواری کا ماہر۔ اچھا گھوڑ سوار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şahtane	شاہ دانہ	ف	بڑا موتی۔ پٹ سن کا بیج۔	بڑا موتی۔ تسبیح کا دانہ۔ بھنگ کا بیج۔
Şahtere	شاہتر / شاہترا شاہترہ	ت	شاہترا۔ ایک پودا جسے حکیم لوگ بطور دوائی کے استعمال کرتے ہیں۔	شاہتراہ۔ پٹ پاپڑہ۔ ایک نہایت سبز اور تلخ ساگ کا نام جو دوا میں کام آتا ہے اور مصفی خون خیال کیا جاتا ہے اور خارش کے واسطے بہت مفید ہے۔ ایک خون صفا دوائی۔
Şaibe	شائبہ	ع	دھبا۔ کمی۔ گندگی۔ قصور۔ نقص۔	آلودگی۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔ بُری چیز کا اچھی چیز میں شامل ہو جانا۔ شک۔ شبہ۔ احتمال۔
Şair	شاعر	ع	شعر لکھنے یا کہنے والا۔ شعر گانے والا۔ گویا۔ مطرب۔ عوام میں گانے والا۔	شعر بنانے والا۔ شاعر۔ کوی۔ شعر کہنے والا۔ شعر لکھنے والا۔
Şairane	شاعرانہ	ع	شاعر کے طریقہ پر۔ شاعر کی طرح۔	شاعر کے طریقہ پر۔ شاعر سے منسوب۔ مبالغہ آمیز۔
Şak	شق	ع	شگاف۔ کریک۔ دراز۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔	شگاف۔ دراز۔ شگاف پڑا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ پھٹنا۔
		ت	کسی چیز جیسے لکڑی سے مارنے، کوڑا مارنے، یا کان پر گھونسا مارنے سے پیدا ہونے والی آواز۔	
	شاق	ع	مشکل۔ دشوار طلب۔	دشوار۔ سخت۔ مشکل۔ دوبھر۔ ناگوار۔
Şakavet/ Şakavet	شقاوت شقوت	ع	چوری۔ ڈکیتی۔ راہزنی۔	بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدمعاشی۔ سنگ دلی۔
Şakayık	شقائق	ع	ایک قسم کا پیڑ جس میں گہرے لال رنگ کے سفیدی مائل پھول آتے ہیں۔	شقیقہ کی جمع۔ گُل لالہ۔ ایک پھول کا نام۔
Şâki	شاکی	ع	شکایت کرنے والا۔	شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔
Şakî	شقی	ع	راہزن۔ ڈکیت۔ باغی۔	بدبخت۔ بدنصیحت۔ ظالم۔ سنگ دل۔
Şakir	شاکر	ع	شکر کرنے والا۔ ممنون۔ احسان مند۔	شکر کرنے والا۔ صابر۔ شاکر۔ قانع۔
Şakird/ Şakirt	شاگرد	ف	کام سیکھنے والا۔ شاگرد۔	کام سیکھنے والا۔ چیلا۔ طالب علم۔ نوکر۔ خدمت گار۔ خُعلم۔
Şakul/ Şahul	شاقول	ع	ساہول مع ڈورے کے۔ سیسہ کا ساہول۔ لنگن۔ شاقول۔ سائل۔	معماروں کا ساہول۔ لوہے یا پتھر کا وہ کنڈے دار گولا جس میں ڈوری باندھ کر معمار لوگ دیوار کی کجی کا پتہ لگاتے ہیں۔
Şal	شال	ف	شال خاص طور سے کشمیری شال۔ لبادہ۔ سیاہ کپڑا جو تابوت پر ڈالتے ہیں۔	اون یا پشم کی شال۔
Şalgam	شلغم / شلجم	ف۔ت	شلجم۔ شلغم۔	شلجم۔ شلغم۔
Şali	شالی	ع	ایک اونی ریشمی کپڑا۔ پٹو۔ جھنڈا۔ جھنڈی پیرو ملک کی بھیڑ کے ملائم اور لمبے اون سے بنا ایک قسم کا باریک کپڑا۔ عمدہ ملائم اون سے بنایا گیا باریک کپڑا۔ جھنڈا بنایا ہوا کپڑا۔	شال سے منسوب۔
Şalvar	شلوار	ت	شلوار۔ ڈھیلا ڈھالا ترکی پاجامہ۔	شلوار۔ ایک خاص قسم کا ازار بند پاجامہ۔ بھاری گاؤدم پاجامہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şam	شام	ع	ملک شام کی راجدھانی دمشق۔	ملک شام۔
Şam	شام	ع	شام۔ دن ختم ہونے اور رات شروع ہونے کے بیچ کا ٹائم۔	شام۔ سورج ڈوبنے کا وقت۔
Şama	شمع	ع	شمع۔ وہ چیز جو موم کو ڈھال کر روشنی کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ موم بتی۔	چربی کی بتی۔ موم بتی کی چربی۔ موم بتی۔ موم۔
Şamama	شمامہ	ع/ت	ایک قسم کا خوب صورت دخوشبودار خربوزہ یا تربوز۔ لاغر آدمی یا بچہ۔ نارمل سائز سے نیچے کا جس کی بڑھوار طبعی طور سے نہ ہوئی ہو۔	خوشبو۔ خوشبو کی گولیاں۔ ایک قسم کا جنگلی خربوزہ جو چھوٹا اور دھاری دار اور خوشبودار ہوتا ہے۔ ایک طرح کا گولا جس کو عطر وغیرہ خوشبودار چیزوں سے ترکیب دے کر گول بناتے ہیں اور ہاتھ میں رکھ کر سونگھا کرتے ہیں۔
Şamar	شمر	ت	تھپڑ۔ کان پر گھونسا۔	———
	شمر	ف	———	تالاب۔ حوض۔ سرشیر یا بالائی۔
	شمر	ع	———	اِٹھلا کر چلنا۔
Şamdan	شمع دان	ف	شمع دان۔ وہ چیز جس پر موم بتی رکھی جائے یا کھڑی کی جائے۔	شمع دان۔ وہ برتن جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں۔
Şamil	شامل	ع	اندر ہونے والا۔ ڈھکنے یا شامل ہونے والا۔ ملانے والے۔ وسیع گنجائش دار۔ شامل۔	ملا ہوا۔ شریک۔ ساتھ۔ اکٹھا۔ شامل۔
Şamme	شامّہ	ع	سونگھنے کی لیاقت یا قوت۔	سونگھنے کی قوت یا حس۔
Şampanya	شیمپین	فرانسیسی	فرانس میں بنی ایک قسم کا خاص شراب یا اس سے ملتی جلتی دوسرے ممالک میں بنائی جانے والی شراب جو ذائقہ دار ہوتی ہے اور جس میں گیس بھی ہوتی ہے۔	انگوری عمدہ شراب۔ شیمپین۔ ایک قسم کی شراب۔
Şampanze	شمپانزی		ایک قسم کا بن مانس جو افریقہ کے براعظم میں پایا جاتا ہے۔	ایک قسم کا بن مانس۔ شمپانزی۔
Şampiyon	چیمپین	فرانسیسی/انگریزی	کھیل کے مقابلہ میں اوّل آنے والا۔ چیمپین۔	چیمپین۔ کھیل کے مقابلہ میں اوّل آنے والا۔ کسی مقصد کے حصول کے لیے لڑنے والا۔ حمایتی۔ مددگار۔
Şan	شان	ع	شہرت۔ شوکت۔ نام آوری۔ نام۔ حالت کوالٹی۔ نمائش۔ اہمیت۔ صفت۔ حال۔	شوکت۔ عظمت۔ کام۔ حال۔ حق۔ دبدبہ۔ عزت۔ طاقت۔ انداز۔ طرز۔ خاصیت۔ خوبی۔
Şans	چانس	فرانسیسی	چانس۔ موقعہ۔ قسمت۔ اتفاق۔	اتفاق۔ موقعہ۔
Şap	شاپ	ع	پھٹکری۔ مونگے سے بنی چٹان۔	پھٹکری۔
Şaplak	شپلق	ت	چپت۔ طمانچہ۔	طمانچہ۔ تھپڑ۔
Şar	شار	ف	شہر۔ بڑا قصبہ۔	شہر۔ بستی۔ بلند۔ عمارت۔ پانی کا گرانا۔ طوقی جو چاندی اور سونے میں ہو۔ بہت باریک اور رنگین کپڑا جس کی ساڑی۔ مینا۔ کشادہ و پرفضا راہ۔ بڑا سانپ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şarab/ Şarap	شراب	ع	شراب۔	شراب۔ ستواں و نشا آور عرق۔
Şarabhane/ Şaraphane	شراب خانہ	ع+ف	شراب بنانے و فروخت کرنے کی جگہ۔ شراب خانہ۔ شراب بنانے کی فیکٹری۔ شراب جمع کرنے کا گودام۔	شراب۔ وہ جگہ جہاں شراب بنے یا بکے۔
Şâri	شارع	ع	لیجسلیچر۔ قانون ساز۔ قانون بنانے والا۔	شریعت بتانے والا۔ صاحب شرع۔ جو لوگوں کو دین کی تعلیم دے۔ بڑا راستہ۔ راہ کشادہ۔ سڑک۔
Şarib	شارب	ع	Ülleyl vennehar میں بمعنی ناامید یا مایوس شرابی۔	پینے والا۔ مونچھ۔
Şarih	شارح	ع	شرح کرنے والا۔ کمنٹری کرنے والا۔ کمینٹیٹر۔ کھول کر بیان کرنے والا۔ مُفسِّر۔	شرح کرنے والا۔ کھول کر بیان کرنے والا۔ مُفسِّر۔ تفسیر کرنے والا۔ شرح کرنے والا۔
Şark	شرق	ع	پورب۔ مشرق۔ یورپی کلچر سے باہر کے علاقے۔	مشرق۔ پورب۔ آفتاب کے نکلنے کی جگہ۔
Şarkî	شرقی	ع	پوربی۔ مشرقی۔	مشرق سے نسبت رکھنے والا۔ مشرق کا۔ پوربی۔
Şarkı-karib	شرق قریب	ع	ترکی اور بلقان وغیرہ۔	ترکی و بلقان وغیرہ۔
Şarkıyat	شرقیات	ع	مشرقی زبانوں و ادب کا علم۔ مشرقیات۔	مشرقی زبانوں و ادب کا مطالعہ۔ مشرقیات۔ مشرقی زبانوں و خیالات کا اظہار یا وضع۔
Şart	شرط	ع	حالت۔ شرط۔ کسی معاہدہ کی دفعہ۔ قول و پیمان۔ عہد و پیمان۔ مشروط۔ فقرہ۔	اقرار۔ وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو۔ قید۔ پابندی۔ ضروری۔ لازم۔ کچوں۔ کبینہ۔ مہر۔ قول و قرار۔
Şartî	شرطی	ع	مشروط۔	منسوب بہ شرط۔ کسی شرط پر۔ اقراری۔ ضرور۔ بیشک۔
Şartname	شرط نامہ	ف	معاہدہ۔ شرائط کی فہرست۔ ٹھیکہ۔ تصریح۔	شرائط کی فہرست۔ فہرست۔ ٹھیکے کی تصریحات۔
Şâsaa	شعشعہ	ع	چمک۔ دمک۔ روشنی۔	چمک۔ آفتاب کی روشنی۔ حرف کا آخری حصہ۔ افواہ۔ جھوٹی رپورٹ۔
Şat	شط	ع	بڑا دریا خاص طور سے متحدہ دریائے دجلہ و فرات جسے شط العرب کہتے ہیں۔ چپٹی پیندی کی کشتی۔ کھلی ہوئی بڑی کشتی۔	دریا۔ ندی۔ دریا کا کنارہ۔ اونٹ کے کوہان کی ایک طرف۔
Şatıh	شطح	ع	ادب میں سنجیدہ و فکری مذاق کو ڈھکا چھپا کر سمجھانے کا کام۔	خلاف شرع بکواس۔ بے حیائی۔
Şatir	شاطر	ع	خوش۔ شادماں۔ چالاک۔ تیز۔ چست۔ نمائشی دوڑنے والا ملازم جسے پہلے اعلیٰ قسم کے افسر گھوڑ سواری کے وقت نوکر رکھتے تھے۔	شوخ۔ عیار۔ چالاک۔ شطرنج کھیلنے والا۔ وہ شخص جو کسی پر بار نہ ہو۔
Şathiyat	شطحیات	ع	بکواس یا طنزیہ تحریریں۔	بیہودہ باتیں۔ اُن کلمات کا جو ظاہری طور سے خلاف شرع ہوں زبان پر لانا یا زبان سے نکالنا۔ ڈینگ بازی۔ خلاف شرع بڑ یا بکواس۔ شطح کی جمع۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şatranc/ Şatranç	شطرنج	ف	شطرنج۔	شطرنج۔
Şatu	شاٹو	ت	چھت پر بیٹھنے کے لیے کھلی ہوئی یکسار جگہ۔	سیڑھی۔ زینہ۔
Şayan	شایان	ف	مناسب۔ لائق۔ مطابق۔ قابل۔ حقدار۔	لائق۔ مناسب۔ موزوں۔ زیبا۔ سزاوار۔
Şayed/ Şayet	شاید	ف	شاید۔ ایسا نہ ہو۔ اگر اتفاق سے ایسا ہو۔ احتمال سے کچھ کم۔ اگر۔	غالباً۔ ممکن ہے۔ بگمان شک۔
Şayegân	شایگان	ف	مناسب۔ فٹ۔ فراواں۔ کشادہ۔ فراخ۔ وسیع۔ بہت زیادہ۔	فراخ۔ کشادہ۔ لائق۔ خوب۔ اصل۔ وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو۔ قالین کا عیب۔ بہتر۔
Şayeste	شائستہ	ف	لائق۔ صاحب لیاقت۔ حقدار۔	مناسب۔ موزوں۔ بااخلاق۔ بامروت۔ باسلیقہ۔ مہذب۔
Şayi	شائع	ع	افشاں کی گئی خبر یا بات۔ پھیلائی گئی یا تشہیر کی گئی۔ عام طور سے جانی گئی۔ آپس میں بانٹی گئی۔ کسی چیز کا جانکار۔	عام۔ آشکارا۔ چھاپ کر مشتہر کیا ہوا۔ فاش۔ ظاہر۔
Şaz	شاذ	ع	نادر۔ عام اصولوں کی ضد یا اس کے برعکس۔ بے قاعدہ۔ استثنا۔	نادر۔ عجیب۔ انوکھا۔ غیر معمولی۔ جدا۔ تنہا۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جو خلاف قیاس اور قاعدہ ہو۔
Şaemet	شآمت	ع	بدشگونی۔ بدفالی۔ بدعلامت۔	بدنصیبی۔ آفت۔ برائی۔ نحوست۔ بدشگونی۔ بدفالی۔
Şeb	شب	ف	رات۔	رات۔
Şebab	شباب	ع	جوانی۔ عالم شباب۔	جوانی۔ عروج کا زمانہ۔ موسیقی کے ایک راگ کا نام۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔
Şebeke	شبکہ	ع	جالی۔ جالی دار جنگلہ۔ ریلوں کا جال۔ راہزنوں کا گروہ وغیرہ۔ بیوپاریوں کا حلقہ وغیرہ۔	صیاد کا جال۔ دام صیاد۔ جالی۔ بڑا سوراخ۔ آنکھ کا پردہ۔ کبوتروں کے پکڑنے کا جال۔
Şebih	شبیہ	ع	ملتا جلتا۔ مانند۔ مشابہ۔ مثل۔	مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ وہ تصویر جو مطابق شکل و صورت کسی شخص کے کھینچی گئی ہو۔
Şebi-yelda	شب یلدا	ف	سال کی سب سے لمبی رات۔	سخت تاریک رات۔ سال کی سب سے لمبی رات جب سورج برج جدی میں داخل ہونے کو ہوتا ہے۔
Şebnem	شبنم	ف	اوس۔	اوس جو رات کو پڑتی ہے۔ ایک نہایت سفید اور عمدہ کپڑے کا نام۔
Şebpere	شپرہ، شپر، شپرک	ف	چمگادڑ	چمگادڑ۔
Şecaat	شجاعت	ع	بہادری۔ ہمت والا۔ نڈر۔	بہادری۔ جوانمردی۔ دلیری۔
Şecer	شجر	ع	پیڑ۔	پیڑ۔ درخت۔
Şecere	شجرہ	ع	شجرہ۔ نسب نامہ۔	شجرہ۔ نسب نامہ۔
Şeci	شجیع	ع	بہادر۔ جوانمرد۔	بہادر۔ دلیر۔ جری۔
Şedaid	شدائد	ع	سختیاں۔ بدبختیاں۔ آفتیں۔	تکلیفیں۔ سختیاں۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şedde	شدّہ	ع	عربی زبان میں حرف صحیح کو دو مرتبہ پڑھنے کا نشان یا علامت۔ مکمل۔ قطعی۔ بالکل۔	ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھنا۔ تشدید دینا۔ زور دینا۔ سختی۔ مخالف پہلوان کا نعرہ۔
Şedid	شدید	ع	سخت۔ مضبوط۔ تیز۔ تُند۔	سخت۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ زبوں۔ بڑا۔ عظیم۔ تکلیف دہ۔ تیز۔
Şefaat	شفاعت	ع	شفارش۔ کسی کو اس کے قصور یا جرم سے بچانے کے لیے یا خواہش پوری کرنے کے لیے سفارش۔	گناہوں کی معافی کی سفارش۔
Şefe	شفاہ	ع	ہونٹ۔ لب۔	جمع شفتہ کی۔ ہونٹ۔
Şefevi	شفوی	ع	متعلق بہ لب۔ جو ہونٹ سے تعلق رکھے۔ حرف شفوی۔	وہ حروف جو ہونٹ سے نکلتے ہیں۔ جیسے م۔ ف۔ ب وغیرہ۔
Şeffaf	شفاف	ع	صاف۔ براق۔ شفاف۔ جس کے آر پار نظر جا سکے۔	نہایت صاف شے جس کے آر پار نظر گزر سکے۔
Şefik	شفیق	ع	مہربان۔ ہمدرد۔ دردمند۔ رحمدل۔	ہمدرد۔ غم خوار۔ مہربان۔
Şefkat	شفقت	ع	محبت۔ الفت۔ دردمندی۔ ہمدردی۔ تعلق۔ لگاؤ۔ رحم۔	مہربانی۔ رحم۔ لطف۔ محبت۔ پیار۔
Şeftali	شفتالو	ف	شفتالو۔ آڑو۔ آلو بخارہ۔ بوسہ۔	شفتالو۔ آڑو۔ آلو بخارہ۔ بوسۂ معشوق۔
Şehadet	شہادت	ع	کسی چیز کا گواہ ہونا۔ اسلام کے ہونے کی گواہی دینا۔ سچ کی خاطر جان دینے والے کی موت۔ کسی دیکھی ہوئی چیز کی گواہی۔ شہادت۔ سند۔ سرٹیفکیٹ۔	گواہی۔ گواہی دینا۔ خدا کی راہ میں قتل ہو جانا۔ ناحق مارا جانا۔ خبر درست۔ سرٹیفکیٹ۔ خدا کی وحدانیت اور رسول مقبول کی رسالت کا سچے دل سے اقرار کرنا۔ کلمۂ شہادت۔
Şehadet-name	شہادت نامہ	ف	سند۔ سرٹیفکیٹ۔ ڈپلوما۔	تحریری شہادت جو داخل کی جائے۔ وہ کتاب جس میں حضرت حسین کی شہادت کا حال ہو۔ شیعہ لوگ کپڑے پر کلمۂ شہادت لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں۔
Şehamet	شہامت	ع	قابلیت کے ساتھ بہادری۔	بہادری۔ شجاعت۔ بزرگی۔ توانائی۔ شادمانی۔ چستی۔ دلیری۔
Şehid/ Şehit	شہید	ع	مسلمان جو جنگ میں یا ملک کے مفاد کی خاطر مارا گیا ہو۔ اب حادثات میں مارے جانے لوگوں کے لیے بھی اکثر استعمال ہوتا ہے۔	خدا کی راہ میں قربان ہونے والا۔ وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو۔ مقتول۔ عاشق۔ فدا۔ قربان۔ کشتہ۔
Şehik	شہیق	ع	سانس لینا۔ دم کشی۔ سسکی۔ سسکنا۔ سسکنا۔ ہچکی۔	گدھا یا کالی کھانسی۔
Şehir	شہر	ف	بڑا قصبہ۔ شہر۔	شہر۔ بڑی آبادی۔ بلدہ۔ نگر۔
Şehir	شہر	ع	مہینہ۔	قمری مہینہ۔ ماہ۔
Şehir	شہیر	ع	مشہور۔ نامور۔	مشہور۔
Şehislâm/	شیخ الاسلام	ع	شیخ الاسلام۔	سب سے بڑے عالم دین یا پیشوائے دین۔ مفتی اعظم۔ امام

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şeyhülislâm				وقت۔ مجتہد۔
Şehlâ	شہلا	ع	آنکھ میں تھوڑا ترچھاپن ہونا۔ آنکھ کا وہ تھوڑا ترچھاپن جو مقبول شمار ہو۔	وہ عورت جس کی آنکھیں مثل بھیڑ کے سیاہ ہوں۔ ایک قسم کا نرگس کا پھول جس کے پھول میں بجائے زردی کے سیاہی ہوتی ہے۔ وہ آنکھ جو سیاہ ہو اور اس میں سرخی کے ڈورے بھی ہوں۔ سیاہی لیے بھوری آنکھ۔
Şehnaz	شہناز	ف	مشرقی موسیقی میں ایک راگ یا سُر وغیرہ۔	موسیقی میں ایک راگ کا نام۔ ایران کے بادشاہ جمشید کی بہن کا نام۔
Şehrî	شہری	ع	شہر سے متعلق۔ شہر کا۔ خلیق۔ خوش خلق۔	شہر سے منسوب۔ شہر کا باشندہ۔ نام ایک راگ کا۔
	شہری	ف	ماہانہ۔ ہر ماہ۔	
Şehiryar	شہریار	ع	سلطان۔ فرمانبروا۔ بادشاہ۔	بادشاہ۔ عادل۔
Şehvanî	شہوانی	ع	عیاش۔ نفس پرست۔ پُرشہوت۔	منسوب طرف شہوت کے۔ شہوت سے متعلق۔
Şehvet	شہوت	ع	شہوت۔ جنسی بھوک۔ غیر رُوحانی بھوک۔ عیاشی۔	آرزو۔ شوق۔ خواہش۔ حصولِ لذت کا شوق۔ خواہش جماع۔ جنسی خواہش۔
Şehvet-engiz	شہوت انگیز	ف	خواہش بڑھانے والا۔ جذبات بھڑکانے والا۔ جماع کے لیے بھڑکانے والا۔ شہوت بھڑکانے والا۔	شہوت بھڑکانے والا۔ خواہش نفسانی کو ابھارنے والا۔
Şehvet-perest	شہوت پرست	ف	عیاش۔ نفس پرست۔	نفس پرست۔ عیاش۔ بدکار۔ زناکار۔
Şehzade	شہزادہ	ف	بادشاہ کا لڑکا یا بادشاہ کے خاندان کا لڑکا۔	بادشاہ کا لڑکا۔ شاہزادہ۔
Şehzadegân	شہزادگان	ف	شہزادے۔ بادشاہ کے بیٹے۔ جمع Şehzade کی۔	جمع شہزادہ کی۔ بادشاہ کے لڑکے۔ شاہزادے۔
Şek	شک	ع	شبہ۔ شک۔ غیر یقینیت۔	شبہ۔ احتمال۔ ابہام۔ گمان۔ گمان کرنا۔
Şekve-şübhe	شک وشبہ	ع	شک اور شبہ۔	شک اور شبہ۔
Şekavet	شقاوت	ع	چوری۔ ڈکیتی۔ راہزنی۔	بدبختی۔ سنگدلی۔ بدنصیبی۔ بدمعاشی۔
Şeker	شکر رشکر	ف	شکر۔ مٹھائی۔ محبوب۔ معشوق۔ خوبصورت۔	شکر۔ چینی۔ بُورا۔ بوسہ۔ لبِ معشوق۔
Şeker-renk/ Şekerengi	شکر رنگی رشکر رنجی	ف	سفیدی مائل بھورا۔ مستحکم۔ راستہ پہ نہ ہونے والا۔ سرد مہر (رشتے)۔ تعلقات جو پُرتپاک نہ ہو۔	تھوڑی سی کدورت اور آزردگی جو دوستوں کے درمیان بھی واقع ہو جاتی ہے۔ اَن بَن۔ معمولی سی رنجش۔
Şekil	شکل	ع	صورت۔ ہیئت۔ ساخت۔ شکل۔ ڈھانچہ۔ بناوٹ۔ نمونہ۔ خاکہ۔ پلان۔ نقشہ۔ خدوخال۔ حلیہ۔ قسم۔ وضع۔ طرز	صورت۔ قطع۔ رُوپ۔ چہرہ۔ وضع۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طور طریق۔ نوع۔ قسم۔ نقشہ۔ تدبیر۔ حالت۔ مشابہ۔ مانند۔ مثل۔
Şekva	شکوا رشکوئی رشکوہ	ع	شکایت۔ گلہ۔	گلہ۔ شکایت۔ گلہ کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şelâle	شلال	ع	آبشار۔ پانی کا جھرنا۔	آبشار۔ پانی کا جھرنا۔
Şelf	شیلف	انگریزی	الماری۔ شیلف۔ چپٹی نکلی ہوئی چٹان۔	طاق۔ الماری۔ شیلف۔ خانہ۔
Şem	شم	ع	سونگھنا۔ قوت شامہ۔	سونگھنا۔
Şem'a	شمع	ع	موم بتی۔ شمع۔	موم بتی۔ شمع۔
Şemail	شمائل	ع	خط و خال۔ صورتیں۔ شکلیں۔	خصلتیں۔ عادتیں۔ صورتیں۔ وضع۔ درخت کی کونپلیں۔
Şemme	شمہ	ع	سب سے تھوڑی مقدار۔ ایک مرتبہ سونگھنا۔ علامت کا اشارہ وغیرہ۔	ذرا سی خوشبو۔ تھوڑی سی مہک۔ تنک۔ ذم۔ کم۔ اندک۔ تھوڑی بو۔ کسی چیز کا ایک مرتبہ سونگھنا۔ تھوڑی سی۔ قلیل مقدار۔
Şems	شمس	ع	سورج۔ آفتاب۔	سورج۔ آفتاب۔
Şemse	شمسہ	ع	سورج کی آرائشی شکل۔	وہ سنہرا چاند جو کلس میں لگاتے ہیں۔ چھوٹا پھندا جو تسبیح میں لگاتے ہیں۔ کلس کی سنہری تھالی۔ روشن دان۔
Şemsî	شمسی	ع	سورج کا۔ آفتابی۔	سورج کا۔ سورج سے متعلق۔
Şemsiye	شمسیہ	ع	چھتری۔ چھاتا۔ عورتوں کی چھتری۔	عورتوں کی چھوٹی چھتری۔ چھاتا۔ منطق کے ایک رسالہ کا نام۔
Şenaat	شناعت رشنعت	ع	بدی۔ گندگی۔ حیلہ بازی۔ بے ایمانی۔ گناہ۔ بدکاری۔	بدی۔ زشتی۔ طعنہ۔ برائی۔ گندگی۔
Şenayi	شنائع	ف	جمع Senia کی۔ بُری حرکتیں۔ کمینہ حرکتیں۔ بدکاری۔	بدیاں۔ برائیاں۔ برے افعال۔
Şeni	شنیع	ف	قابلِ مذمت۔ بُرا۔ گندا۔ بھدا۔ غیر اخلاقی۔ بدنما۔ غیر انسانی۔	بد۔ زشت۔ بُرا۔ خراب۔ معیوب۔
Şer	شر	ع	برائی۔ شرارت۔ بدی۔ بدکار۔ جھگڑا فساد۔	جھگڑا۔ فساد۔ خرابی۔ بدی۔ برائی۔
Şerri	شری	ع	برائی۔ شرارت۔ بدی۔ برا۔ بدکار۔ جھگڑا فساد۔	فسادی۔ شریر۔ بد۔
Şerafet	شرافت	ع	بزرگی۔ عظمت۔ شرافت۔ خاندان کی قدامت۔ حضرت محمد صاحب کی نسل سے ہونا۔	بزرگی۔ اصالت۔ نجابت۔ عالی خاندان۔ بجل نسائی۔
Şerait	شرائط	ع	جمع Sart کی۔ شرطیں۔	جمع شرط کی۔ شرطیں۔
Şer'an	شرعاً	ع	شریعت کے مطابق۔ اسلامی قانون کے مطابق۔ دین کے اصولوں کے مطابق۔	از روئے شرع۔ اسلام کے قانون کے مطابق۔
Şerare	شرارہ	ع	چنگاری۔	چنگاری۔ چٹکا۔
Şerayin	شرائن	ع	جمع Şiryan کی۔ اُچھلنے والی رگیں۔ ناڑیاں۔	اُچھلنے والی رگیں۔ جمع شریان کی۔
Şerbet	شربت	ع	پینے والی میٹھی چیز۔ میوہ، پانی اور شکر ملا کر بنی والی چیز۔ کسی بھی مادّے کو پانی میں گھول کر پینے والی چیز۔ جوشاندہ۔ بوٹی	طبیبوں کی اصطلاح میں دوا کی وہ خوراک جو ایک دفعہ پی جائے۔ کسی پھل، پھول یا دوا کے قند میں پکایا ہوا عرق۔ قند یا مصری پانی میں گھلی ہوئی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			بھگویا ہوا پانی۔ کسی ایسی چیز کا گھونٹ جو صحت یاب کرنے و مرض و تکلیف کو کم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے یا دست آور ہو۔	
Şeref	شرف	ع	شان۔ برتری۔ امتیاز۔ عزت۔ عظمت۔ خوبی۔ فضیلت۔ رتبہ۔ جائز گھمنڈ۔ سرفرازی۔ ممتازی۔	بزرگی۔ بلندی۔ جائے بلند۔ حسب کی بزرگی جو باپ کی طرف سے ہو۔ اونٹ کا کوہان۔ تازیانہ۔ کسی سیارے کا اپنے اصلی برج پر آنا۔
Şerefe	شرفہ	ع	مسجد کے مینارے کی وہ گیلری جہاں سے اذان دی جاتی ہے۔	عمارت کا کنگرہ۔ حمد و ثنا۔
Şerefyab	شرف یاب	ع/ف	عزت پایا ہوا۔	عزت پانے والا۔
Şerh	شرح	ع	تفسیر۔ تشریح۔ صراحت۔	کھولنا۔ ظاہر کرنا مطلب کا۔ کھول کر بیان کرنا۔ کسی کتاب کی تفسیر۔ نرخ۔ بھاؤ۔
Şerha	شرحہ	ع	زخم۔ کشاد۔ ہونٹوں کا پھٹ جانا۔ ٹکڑا۔ لمبا کاٹا ہوا یا الگ کیا ہوا ٹکڑا۔	لمبائی میں کٹا ہوا گوشت کا ٹکڑا۔ لوتھڑا۔
Şer-i	شرع	ع	اسلامی قانون۔ مذہبی قانون۔ قانون الٰہی۔	اسلامی قانون۔ راہ راست جو حق تعالیٰ نے بندوں کے واسطے پیدا کی اور چلنے کا حکم دیا۔ آئین۔ مذہب۔ روشن راہ۔
Şer'î	شرعی	ع	شرع کے مطابق یا اسلامی قانون کے مطابق۔	شرع کے مطابق۔ اسلامی قانون کے مطابق۔
Şeriat	شریعت	ع	مذہبی قانون کی پابندیاں۔ اسلامی قانون۔ مذہبی قانون۔	مذہبی قانون۔ قانون الٰہی۔ قانون۔ طریقہ۔ بڑی نہر اور جاری پانی کا کنارہ جہاں سے لوگ پانی پئیں۔ پنگھٹ۔ بندوں کے لیے معاملات اور عبادات کی بابت پیدا کی ہوئی راہ راست۔
Şerif	شریف	ع	عالی منش۔ بزرگ۔ حضرت محمد صاحب کی نسل سے۔ مکہ کے گورنر کا سابقہ لقب۔	مرد بزرگ۔ بڑے مرتبے کا۔ عالی خاندان۔ بھلا مانس۔ اصل۔ مہذب۔ کلمہ تعظیم جو شہروں اور مقدس مقامات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مکہ شریف۔ شرق پور شریف۔
Şerik	شریک	ع	حصہ دار۔ پارٹنر۔ ساتھی۔	حصہ دار۔ پارٹنر۔ ساتھی۔
Şerir	شریر	ع	بُرا۔ بد۔ باغی۔ لُچا۔ ذلیل۔ بدمعاش۔	بد۔ شرارتی۔ بُرا۔ بدذات۔ دریا کا کنارہ۔
Şerm	شرم	ع	حیا۔ لاج۔	حیا۔ لاج۔ شرم۔
Şeş	شش	ف	چھ جو صرف کھیتین کے کھیل میں اور ایک دو جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔	چھ۔
Şetim	شتم	ع	گالی۔ دشنام۔ بدزبانی۔	گالی گلوچ۔ دشنام۔
Şevahik	شواہق	ع	چوٹیاں۔ بلندیاں۔ جمع Şahika کی۔	بلند چیزیں۔ بلندیاں۔
Şevaib	شوائب	ع	دھبے۔ نقائص۔ عیوب۔ جمع Şaibe کی۔	آمیزش۔ آلودگیاں۔ عیوب۔
Şevk	شوق	ع	خواہش۔ محبت و چاہ۔ رغبت۔ آرزو۔ کمال شفقت۔ بشاشت۔ خوشی۔ نشاط۔	آرزومندی۔ خواہش۔ رغبت۔ میل۔ شغل۔ کام۔ جوش۔ سرگرمی۔ لطف۔ محبت۔ عشق۔ چسکا۔ دریافت کرنے کی خواہش۔ امنگ۔ دھن۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şevk	شوک رشوکہ	ع	کانٹا۔خار۔	خار۔کانٹا۔کانٹے کا چبھنا۔کانٹے کو چبھو دینا۔کانٹوں میں گرنا۔کم سن لڑکی کی چھاتیوں کا ابھرنا۔پرند کے پروں کا نکلنا۔بالوں کے منڈوانے کے بعد نکلنا۔قوت اور تیزی کرنا۔اونٹ کی کچلیوں کا نکلنا۔
Şevket	شوکت	ع	شان وشکوہ۔عظمت۔رعب۔	زور۔قوت۔دبدبہ۔رعب داب۔مرتبہ۔شان۔شکوہ۔
Şevval	شوّال	ع	اسلامی قمری سال کا دسواں مہینہ۔	اسلامی قمری سال کا دسواں مہینہ۔عیدالفطر کا مہینہ۔
Şey	شے رشی	ع	چیز۔اکثر کسی چیز کا نام یا صحیح اور مناسب لفظ نہ پاسکنے کی صورت میں بھی اسے استعمال کیا جاتا ہے جیسے "تم اسے کیا کہتے ہو؟" "اس کا کیا نام ہے؟" کے لیے۔	چیز۔نایاب چیز۔معاملہ۔واقعہ۔
Şeyatin	شیاطین	ع	جمع Şeytan کی۔بہت سے شیطان۔	جمع شیطان کی۔بہت سے یا ایک سے زیادہ شیطان۔
Şeyb	شیب	ع	بالوں کا سفید ہونا۔کھچڑاپن۔سفیدی۔	بڑھاپا۔بالوں کی سفیدی۔
Şeyda	شیدا	ف	عشق میں دیوانہ۔	دیوانہ۔مدہوش۔عاشق۔فریفتہ۔فدا۔
Şeyh	شیخ	ع	بوڑھا آدمی۔بزرگ۔بڑا۔کسی خاندان یا قبیلے کا سردار۔کسی مذہبی فرقہ کا پیشوا۔کسی تکیہ یا مذہبی گروہ کا صدر۔	بوڑھا آدمی۔بزرگ۔پیر۔مرشد۔مذہبی علوم میں فائق۔خانقاہ کا سردار۔سجادہ نشین۔عرب کا سردار۔مسلمانوں میں ایک جاتی۔
Şeyhu-hat/ Şeyhuhiyet	شیخوخت رشیخوخیت	ف	بڑھاپا۔	بڑھاپا۔سرداری۔بزرگی۔
Şeyh-ül-Islam	شیخ الاسلام	ع	پرانے زمانہ میں شرع، شریعت، اسلامی قوانین اور مذہبی مدارس کا وزیر جس کا درجہ وزیر اعظم کے بعد ہوتا تھا۔	سب سے بڑا پیشوائے دین۔مفتی اعظم۔مجتہد۔
Şeyn	شین	ع	برائی۔نقص۔عیب۔بدنامی۔رسوائی۔	زشتی۔برائی۔عیب۔
Şeytan	شیطان	ع	شیطان۔ابلیس۔دشمن۔نحوست۔چالاک شخص۔چھوٹا شریر بچہ۔فرشتوں کو سجدہ کرنے کے باوجود انسان کو سجدہ نہ کرنے کی پاداش میں آسمان سے نکالا گیا فرشتہ جو ہر وقت انسان کو غلط راستے پر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔	شیطان۔ابلیس۔خدا کا دشمن۔سرکش اور نافرمان۔خبیث۔بدکار۔مردود۔بدذات۔
Şeytanet	شیطنت	ع	شیطانی کام۔چالاکی۔عیاری۔کینہ۔بغض۔	شرارت۔خباثت۔بدی۔شرارت۔فتنہ فساد۔
Şeytanî	شیطانی	ع	شیطان کا۔شیطانی۔شیطانی کی طرح کا کام۔	شیطان سے منسوب۔شیطان کا۔احتلام جو عورتوں کو ہو جاتا ہے۔
Şık	شق	ع	کسی دو حصوں میں کاٹی گئی چیز کا آدھا حصہ۔امراختیاری میں سے ایک۔وقت گذاری کے راستوں میں سے ایک۔	ہر شے کا آدھا ٹکڑا۔نصف حصہ۔ٹکڑا۔حصہ۔طرف۔جانب۔قسم۔نوع۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şıra/Şira	شیرہ	ف	انگور کا عرق۔ انگور کی شراب جسے سڑا کر نہ بنایا گیا ہو۔	قوام۔ چاشنی۔ تیل گر جو تمبا کو میں ڈالا جاتا ہے۔ رَاب۔
Şîa	شیعہ	ع	مسلمانوں میں شیعہ عقیدہ کا ماننے والا۔	شیعہ۔ مسلمانوں میں شیعہ عقیدہ کا ماننے والا گروہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی کو پیغمبر اسلام کے بعد خلافت کا حقدار مانتا ہے۔ امامیہ مذہب کا پیروکار۔
Şirar	شِعار	ع	نشان۔ پلّہ۔ علامت۔ جنگ کا اعلان۔ دستخط کے مقابل پہ تصدیقی دستخط کرنا۔ کاؤنٹر سائن۔ جنگ میں استعمال کیا جانے والا اشارہ یا اعلان۔ خاصیت۔ چوکیدار کو دیا گیا اشارہ۔ سگنل۔ خدوخال۔ خاصیت ظاہر کرنے کے لیے لفظ کے آخر میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے Rahmet کے آخر میں لگا کر Rahmetsiar۔ وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لیے پہرہ والے بتائے جاتے ہیں۔	وہ کپڑا جو اور کپڑے کے نیچے پہنیں جیسے کرتہ بنیان وغیرہ۔ وردی۔ لباس۔ بدن سے لگا ہوا کپڑا۔ انگرکھے کے نیچے پہنے جانے والا کپڑا جو بدن سے لگا رہے۔ چلن۔ طریقہ۔ طور۔ عادت۔ مرکباب کے آخر میں آتا ہے جیسے ستم شعار۔ وفاشعار۔
Şibih	شَبِیہ	ع	مانند۔ ملتا جلتا۔ مرکبات میں مشابہ کے معنی میں آتا ہے۔	مانند۔ مشابہ۔ ملتا جلتا۔ وہ تصویر و شکل و صورت جو مطابق کسی شخص کے کھینچی یا بنائی گئی ہو۔
Şiddet	شِدّت	ع	سختی۔ طاقت۔ تیزی۔ زیادتی۔ دُرشتی۔ تشدد۔	سختی۔ زور قوت۔ تکلیف۔ زیادتی۔ کثرت۔ جبر۔ زور۔
Şifa	شِفا	ع	صحت کا بحال ہونا۔ صحت کا بیماری کے بعد ٹھیک ہونا۔ رُو بہ صحت ہونا۔	بعد مرض کے صحت اور تندرستی کا بحال ہونا۔
Şifabahş	شِفابخش	ف	شفا دینے والا۔ مرض کو ٹھیک کرنے والا۔ مفید۔	شفا دینے والا۔ مفید۔ مرض کو ٹھیک کرنے والا۔
Şifahane	شِفاخانہ	ف	اسپتال۔ شفاخانہ۔ پاگل خانہ۔	اسپتال۔ شفاخانہ۔ وہ جگہ جہاں مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے۔
Şifayab	شِفایاب	ف	صحت بحال کیا گیا۔ صحت بحال۔	جس کی صحت بحال ہو گئی ہو۔ صحت بحال۔
Şiî	شیعی	ف	شیعہ مذہب کو ماننے والا۔	شیعہ فرقہ سے منسوب۔ شیعہ۔
Şiir	شِعر	ع	نظم۔ شاعری۔	کسی باریک چیز کا جاننا۔ دریافت کرنا۔ سخن موزوں یا قافیہ جو کہنے والے نے اپنے مقصد سے موزوں کیا۔ شعر۔ نظم۔ بیت۔ گیت۔ بال۔ مُو۔
Şikak	شِقاق	ع	مخالفت۔ دشمنی۔ نزاع۔ نااتفاقی۔ علاحدگی۔	دشمنی کرنا۔ مخالفت۔ نفاق۔
Şikâr	شِکار	ف	پیچھا۔ تعاقب۔ شکار کرنا۔ شکار۔ آفت رسیدہ مظلوم۔ وہ چیز جو نادر ہو یا کسی کے ساتھ دستیاب ہو اور جس کی مانگ بہت زیادہ ہو۔ مالِ غنیمت۔	شکار۔ جانوروں کو مارنا۔ مارا ہوا جانور۔ لوٹ۔ مفت کا مال۔ وہ جانور جس کا شکار عام طور سے کیا جاتا ہے۔
Şikâyet	شِکایت	ف	شکوہ۔ گلہ۔ شکایت۔	گلہ۔ شکوہ۔ مرض۔ بیماری۔ فریاد۔ دادخواہی۔ برائی۔ بدی۔ عیب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şikâyet-name	شکایت نامہ	ف	تحریری شکایت۔	تحریری شکایت۔
Şikem	شکم	ف	پیٹ۔ بچہ دانی۔ کوکھ۔ رحم۔	پیٹ۔ بطن۔
Şikem-perver	شکم پرور	ف	زیادہ کھانے والا۔ پیٹو۔	بسیار خوار۔ پیٹو۔
Şiken	شکن	ف	توڑنے والا۔	توڑنے والا۔ ہر چیز کا خم۔ جھول۔ سلوٹ۔ معشوق کی زلفوں کا پیچ۔
Şikest	شکست	ف	ٹوٹنا۔ برباد ہونا۔ ٹوٹ پھوٹ۔ بربادی۔ ہڈی کا ٹوٹنا۔	ہار۔ ہزیمت۔ مات۔ ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی۔
Şikeste	شکستہ	ف	ٹوٹا ہوا۔ عربی لکھنے کا فارسی طریقہ۔	ٹوٹا ہوا۔ گرا ہوا۔ خراب۔ بے رونق۔ وہ رسم الخط جو گھسیٹ کر لکھا جائے۔ ٹوٹا پھوٹا۔
Şil	شل	ف	نیزہ۔ برچھی۔	چھوٹا نیزہ۔ برچھی۔ ترشول۔ مچھلی مارنے کا نیزہ۔
		ت	سرخ و بیمار آنکھ۔	ــــــــــــ
Şilin	شلنگ	انگریزی	برطانیہ کا سکہ۔ پونڈ کا بیسواں حصہ۔ ایک برطانوی سکہ شلنگ۔	ایک برطانوی سکہ۔ شلنگ۔
Şimal	شمال	ع	اتر۔	اتر۔ قطب شمالی کی سمت۔ اتر کی جانب۔ وہ ہوا جو قطب شمالی کی طرف سے چلتی ہے۔ بایاں ہاتھ۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت۔ وہ تھیلی جو درخت کے پھلوں اور بکری کے تھنوں پر حفاظت کے واسطے چڑھاتے ہیں۔
Şimalen	شمالاً	ع	شمال سے یا شمال کو۔	شمال کی طرف۔ شمال کی سمت۔
Şemalî	شمالی	ف	اتری۔ شمال سے منسوب۔	شمال سے منسوب۔ اتر کا۔
Şimsir	شمشیر	ف	تلوار۔ تیغ۔	تلوار۔ تیغ۔ ناخن۔ شم۔ شیر کے ناخن کی مانند۔
	شمشیر	ت	ایک قسم کا پیڑ۔	ــــــــــــ
Şin	شین	غ	عیب۔ دھبہ۔ داغ۔ بدنامی۔ رسوائی۔ ذلت۔	زشتی۔ برائی۔ عیب۔
Şinas	شناس	ف	جاننے والا۔ واقف۔	پہچاننے والا۔ جاننے والا۔ واقف۔
Şinaver	شناور	ع	تیرنے والا۔ تیرنے والی۔	تیرنے والا۔ تیرنے والی۔ تیراک۔
Şir	شیر / شیر	ف	دودھ۔ خمیر۔	دودھ۔
	شیر	ف	ــــــــــــ	باگھ۔ بگھیلا۔ اسد۔ بہادر۔ جواں مرد۔ نڈر۔ پرنالے کا منہ جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے۔ شیر۔
Şira	شراء	ع	خرید یا فروخت۔	خرید و فروخت۔ بیچنا۔ مول لینا۔
Şiraze	شیرازہ	ف	ایسی چیز جو دوسری چیزوں کو جوڑتی ہے۔ باقاعدگی۔ ترتیب۔ انتظام۔ ضابطہ۔ مجلد کتابوں میں اوراق کو باندھنے والا باریک ریشہ۔	فیتہ جو کتاب کی جز بندی کے بعد اس کی پشت پر لگاتے ہیں۔ سلائی جو کتاب اور پٹھوں پر کی جاتی ہے۔ سلسلہ۔ انتظام۔ کتاب کی جز بندی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şirin	شیریں	ف	میٹھا۔ جان کے نزدیک۔ خوش اخلاق۔ حلیم۔ دلفریب۔ دلربا۔	میٹھا۔ مرغوب۔ خوشگوار۔ پیارا۔ نرم۔ ملائم۔ مزیدار۔
Şirk	شرک	ع	کئی خداؤں کو ماننا۔ خدا کے ساتھ کسی کو شریک بنانا۔	خدائے لاشریک کے ساتھ کسی کو شریک کرنا۔ کفر۔ بت پرستی۔
Şirket	شرکت	ع	حصّہ داری۔ شریک ہونا۔ ملی جلی ملکیت۔ کمپنی جس میں حصص ہوں۔	شریک ہونا۔ شمولیت۔ ساجھا۔ لمیٹڈ کمپنی۔
Şirret	شرّت	ع	تندمزاج۔ بدمزاج۔ جھگڑالو۔ قدآور ۔دلیر عورت۔	حرص۔ نشیلا جوانی۔
Şiryan	شریان	ع	رگ۔ نبض۔ ناڑی۔ خون کو دل سے مختلف حصوں میں لے جانے والی رگ۔	اچھلنے والی رگ جس کا تعلق دل سے ہوتا ہے۔
Şiryanî	شریانی	ع	شریان سے متعلق۔	شریان سے متعلق۔
Şişe	شیشہ	ف	بوتل۔ لیمپ کی چمنی۔ سینگی۔ ڈھلی ہوئی یا پلین خراد۔	کانچ۔ آئینہ۔ بوتل۔ قرابہ۔ آرسی کا شیشہ۔
Şisek	شیشاک	ت	ایک سال کی عمر کا بکری کا بچہ۔	بکری کا بچہ جو ایک برس کا ہو۔ چارتار کا یاب۔
Şita	شتاء	ع	جاڑے کا موسم۔ موسم سرما۔	موسم سرما۔ جاڑے کا موسم۔ سردی کا موسم۔
Şitab	شتاب	ف	رفتار۔ اسپیڈ۔ جلدی۔ تیزی۔	جلد۔ تیز۔ جھٹ پٹ۔ بلاتوقف۔ فوراً۔
Şive	شیوہ	ف	بولنے کا ڈھنگ۔ لہجہ۔ تلفظ۔ محاورہ۔ اشائل۔ وضع۔ خوش اسلوبی۔	طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ دستور۔ ہنر۔ رسم۔ روش۔ عادت۔
Şoför	شوفر	فرانسیسی	کار کا ڈرائیور۔ شوفر۔	کار کا ڈرائیور۔ شوفر۔
Şom/Şum	شوم	ع	منحوس۔ خراب۔ نامبارک۔ تاریک۔ دلگیر۔ بُراشگون۔	بدفالی۔ منحوس۔ کنجوس۔ بخیل۔
Şöhret	شہرت	ع	نیک نامی۔ نام جس سے آدمی جانا پہچانا جاتا ہے۔ ناموری۔ آبرو۔ عزت۔ تخلص۔ مصنف کا فرضی نام۔	افواہ۔ شہرہ۔ چرچا۔ ناموری۔ نیک نامی۔ رسوائی۔ بدنامی۔ عام ذکر۔
Şua	شعاع	ع	روشنی کا کرن۔	روشنی کا کرن۔ آفتاب کی روشنی۔ چمک۔
Şuara/ Şüera	شعرا	ع	ایک سے زیادہ شاعر۔ بہت سے شاعر۔ شاعر لوگ۔ جمع Şair کی۔	جمع شاعر کی۔ شعر لکھنے والا۔
Şubat	شباط	ع	———	نام ایک رومی مہینہ کا جو ہندی میں ماہ پھاگن کے ہوتا ہے تھوڑے تفاوت سے۔
		ت	سال کا دوسرا مہینہ۔ ماہ فروری۔	———
Şube	شعبہ	ع	شاخ۔ سیکشن۔ دفتر کی شاخ۔ برانچ آفس۔	ٹکڑا۔ حصہ۔ شاخ۔ وہ نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے۔ محکمہ۔
Şuh	شوخ	ع	زندہ دل۔ خوش دل۔ پُر مذاق۔ نخرہ باز۔ عشوہ گر۔ تیز۔	شریر۔ دل لگی باز۔ ظریف۔ گستاخ۔ طرار۔ جانباز۔ نڈر۔ چالاک۔ تیز۔ چلبلا۔ بیباک۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şule	شعلہ	ع	شعلہ۔ آگ کی لپٹ۔	آگ کی لپٹ۔ روشنی۔ لو۔ چمک۔
Şûra	شورا۔ شوریٰ۔ شورے	ع	کونسل۔ مجلس۔	مشورہ۔ صلاح۔
Şure	شورہ	ف	نمکین و کھاری زمین۔ بنجر زمین۔	نمک کے مثل ایک مشہور چیز۔ ایک قسم کا کھار۔ کھاری زمین۔ نمناک زمین۔ سفید رنگ کا ایک مرکب جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارود میں استعمال ہوتا ہے۔
Şûride	شوریدہ	ف	پریشان حال۔ گھبرایا ہوا۔ انتشار کی حالت میں۔ پریشان۔	پریشان حال۔ دیوانہ۔ جنونی۔ مستانہ۔ عاشق۔ حیران۔
Şuriş	شورش	ف	مخالفت۔ لڑائی جھگڑے کی کیفیت۔ ابتری۔ انتشار حواس و خیال۔ ہنگامہ۔ ہلچل۔ ہڑبڑی۔ غوغا۔	فتنہ۔ فساد۔ بلوہ۔ ہنگامہ
Şurub	شُروب	ع	شربت۔ پینے کی میٹھی دوائی۔	پینا۔ پینے کی چیز۔
Şuur	شعور	ع	عقل۔ دانائی۔ دماغ۔ سمجھ۔ فہمیدہ ضمیر۔ قوت ایمانیہ۔ اپنے دل کی گواہی۔	عقل۔ سلیقہ۔ تمیز۔ پہچان۔ سمجھ۔ دانش۔ آگاہی۔ واقفیت۔
Şübban	شُبّان	ع	جمع Şab کی۔ جوان لوگ۔	جمع شاب کی۔ جوان لوگ۔
Şübhe	شبہ/شبہہ	ع	شک۔ غیر یقینیت۔ احتمال۔ تذبذب۔ بدگمانی۔ بے اعتباری۔ اندیشہ مندی۔	شک۔ گمان۔ وہم۔
Şüf'a	شفعہ	ع	حق شفعہ۔ پڑوسی کی زمین یا جائداد خریدنے کا حق۔	زمین یا مکان کی ہمسائگی۔ حق شفعہ۔ زمین یا مکان کی ہمسائگی جس کا بڑا حق ہے۔
Şüheda	شہدا	ع	جمع Şehid کی۔ شہید ہونے والے۔	جمع شہید کی۔ خدا کی راہ میں بے گناہ قتل ہونے والے۔
Şükran	شکران	ع	شکرگزاری۔ احسان مندی۔ شکر۔	احسان ماننا۔ احسان مندی۔ سپاس۔
Şükûfe	شگوفہ	ف	پھول۔	کلی۔ بن کھلا پھول۔ عجیب۔ انوکھی بات۔ میوہ دار درخت کا پھول۔ قے جو منہ کے راستہ سے آتی ہے۔
Şükür	شکر	ع	احسان مندی۔ شکرگزاری۔	احسان مندی۔ احسان ماننا۔ سپاس۔
Şümul	شمول	ع	شامل ہونا۔ شامل کرنا۔ اندر لینا۔ ڈھکنا۔ چھپانا۔	کسی چیز پر محیط ہو جانا۔ شمولیت۔ شامل ہو جانا۔
Şürekâ	شرکاء	ع	جمع Şerik کی۔ شریک لوگ۔ ساجھی۔	جمع شریک کی۔ ساجھی۔ ساتھی۔
Şûru	شُروع	ع	ابتدا۔ آغاز۔	ابتدا۔ آغاز۔ پہل۔ اٹھان۔
Şût	شاٹ	فرانسیسی	فٹ بال کا شاٹ۔ فٹ بال کے کھیل میں گیند کو زور لگا کر تیزی سے پھینکنا۔	فٹ بال کے کھیل میں شاٹ مارنا۔
Şütum	شتم	ع	جمع Şetim کی۔ بددعائیں۔ لعنتیں۔ سراپ۔	گالی گلوچ۔ دشنام۔
Şüyu	شیوع	ع	شہرت۔ ظہور۔ ظاہر ہونا۔ افشاں ہونا۔ کسی جائداد میں غیر منقسم حصے۔	ظاہر ہونا۔ رواج پانا۔ جاری ہونا۔ پھیلنا۔ اشاعت۔ خبر آشکار ہونا۔

■❖■

T/(t)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ta	تا	ف	اور۔ پھر بھی۔ جہاں تک۔ حتیٰ کہ۔ تک۔ جب تک۔ قدر یا تک کی طرح اعداد سے بنائے گئے یا کسی کام کو انجام دینے یا شروع کیے جانے کے اوقات کے درمیان کے فاصلوں کو سمجھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	تہ۔ تل۔ بیچ۔ تک۔ جس وقت تک۔ جب تک۔ اس وقت تک۔ تا کہ۔ اس لیے کہ۔ جب۔ اس تک اور بمعنی گنتی کے جیسے دوتا۔ تختہ۔ کاغذ۔ ہرگز۔ زنہار۔ تار کا مخفف۔ خبردار کرنے اور حرف تنبیہ کے واسطے اور بمعنی اگر کے جو کلمۂ شرط ہے اور واسطے ربط کے اور واسطے علت کے اور واسطے نتیجہ کے اور بمعنی "جہاں دم" اور "ہمیں" کے بھی آتا ہے۔ تیجوں کا ایک گلہ۔ ماتھ۔
		غ	Tek (تک) کی مانند مقصد بیانی کرتا ہے۔	تک۔ ہرگز۔ جب سے۔ جب تک۔ زم خاک۔
Taki	تاکہ	ف	بغرض۔ اس لیے کہ۔ اس واسطے کہ۔	اس لیے کہ۔
Taab	تعب	ع	تھکن۔ تھکاوٹ۔	تھکن۔ ماندگی۔ رنج۔ دکھ۔ تکان۔ محنت۔ مشقت۔ تنگی۔ تکلیف۔
Taabüd	تعبّد	ع	عبادت کرنا۔ عبادت میں سجدہ کرنا یا جھکنا۔ پرستش۔ پوجا۔ بھگتی۔ عبادت۔ زہد۔	بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔ عبادت۔ بندگی۔ پوجا۔ پرستش۔
Taacüb/ Taacüp	تعجب	ع	حیرت۔ تعجب۔ آشچرج۔ اچنبھا۔ اچنبھے میں پڑنا۔	اچنبھا۔ حیرانی۔ انوکھاپن۔ حیرت۔
Taaddi	تعدّی	ع	ظلم۔ ستم۔ حکم عدولی۔ تجاوز کرنا۔ جرم۔ تقصیر۔ چڑھائی۔ خلل۔ سختی۔	ظلم و ستم کا حد سے بڑھنا۔ جور۔ جفا۔ ناانصافی۔ ناحق۔
Taaddüd/ Taaddüt	تعدّد	ع	بڑھانا۔ اضافہ کرنا۔ گنتی کو بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ کثرت۔ ضرب دینا۔ تعداد بڑھانا۔	کثرت۔ بہتات۔ تعداد میں اضافہ ہونا۔ اعداد۔ گنتی۔ ضرب دینا۔ بڑھنا۔
Taaddü-ü zevecat	تعدّدِ ازدواج تعدّدِ ازواج	ع	بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا۔ کثیر الازدواجی۔	بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا۔ کئی عورتوں سے شادی کرنا۔ کثیر الازدواجی۔
Taaffün	تعفّن	ع	بدبو۔ سڑاند۔ بساند۔ بدبو آنا۔	بدبو۔ عفونت۔ سڑا ہوا۔
Taahhüd/ Taahhüt	تعہّد	ع	خطوط کا رجسٹر کیا جانا وغیرہ۔ کام کرنے کی ذمہ داری اپنے اوپر لینا۔ قبول کرنا۔ اپنے اوپر لے لینا۔	کسی کام کو سرانجام دینے کو اپنے ذمہ لینا۔ ضامنی کرنا۔ وعدہ۔ عہد۔ عہدنامہ۔ پکا۔ اقرارنامہ۔ کام کا بیڑا اٹھانا۔
Taakul	تعقّل	ع	سمجھ۔ فہمید۔ خیال۔ سوچ۔ دھیان۔	سمجھنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ کام کا بیڑا اٹھانا۔
Taal-âllah	تعالیٰ اللہ	ع	Tevekkel Taalâllah میں جو Tevekkeltu Alâllah کا صحیح تلفظ ہے اور جس کے معنی ہوتے ہیں "میں اپنے آپ کو خدا کے سپرد کرتا ہوں۔ مجھے اس کے بارے میں کچھ نہیں کرنا۔"	(کلمۂ تعجب و تحسین) اے خدائے بزرگ و برتر۔ سبحان اللہ۔ واہ واہ

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Taallûk	تعلّق	ع	ربط۔ رشتہ۔ کنکشن۔ واسطہ۔ لگاؤ۔ ربط رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔	لگاؤ۔ علاقہ۔ مناسبت۔ رشتہ داری۔ میلان۔ رجحان۔ محبت۔ سروکار۔ واسطہ۔ ملکیت۔ آشنائی۔ ملازمت۔ جائداد۔ تعلق رکھنا۔
Taallûkat	تعلّقات	ع	جمع Taallûk کی۔ رشتے۔ خاندانی رابطے یا رشتے۔ رشتہ دار۔	رشتے۔ رابطے۔ لگاؤ۔ واسطے۔ مراسم۔ عزیزداریاں۔ جمع تعلق کی۔
Taallül	تعلّل	ع	کسی سے بچنے یا کوئی کام نہ کرنے کے لیے بہانہ کرنا۔	عذر پیش کرنا۔ عذر۔ بہانہ۔ حیلہ۔ دل بہلانا۔ وقت گذاری کرنا۔
Taallûm	تعلّم	ع	مطالعہ کرنا۔ پڑھنا۔	علم پڑھنا۔ کسی سے کچھ سیکھنا۔
Taam	طعام	ع	کھانا۔ خورش۔	کھانا۔ بھوجن۔ غذا۔
Tammüd	تعمّد	ع	جان بوجھ کر کرنا۔ پہلے سے سوچنا سمجھنا۔	کام کا قصد کرنا۔
Taammüm	تعمیم	ع	عام ہو جانا۔ عام کر دینا۔ پھیلانا۔	عام کرنا۔ ہر ایک کو شامل کرنا۔ عمومیت۔ کلیت
Taannüd/ Taannüt	تعنّد	ع	ضد۔ ہٹ۔ سرکشی۔ ثابت قدمی۔ کسی بات پر قائم رہنا۔	دشمنی کرنا۔ لڑائی کرنا۔ جھگڑنا۔
	تعنّت	ع	ضد۔ ہٹ۔ سرکشی۔ ثابت قدمی۔ کسی بات پر قائم رہنا۔	عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ بدگوئی۔ کسی کے عیب ڈھونڈنا۔
Taaruz	تعارض	ع	حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ یورش۔ ایذا۔ تکلیف۔ جھگڑا کرنا۔ یورش کرنا۔ حملہ کرنا۔ کسی عورت کو ناپاک کرنا۔	ایک دوسرے کے مقابل۔ آپس میں جھگڑنا۔ برابری کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔
Taassub/ Taassup	تعصّب	ع	طرفداری۔ مذہبی جنون۔ کٹر پن۔ جوش۔ شوق۔ سرگرمی۔ کسی خیال یا فکر سے بندھے رہنا اور دوسری طرف نہ سوچنا۔	پچ کرنا۔ طرفداری کرنا۔ حمایت۔ طرفداری۔ پچ۔ ہٹ۔ بے جا حمایت۔
Taaşşuk	تعشّق	ع	عاشق ہو جانا۔ محبت میں گرفتار ہو جانا۔	چاہ۔ عشق۔ پیار۔ محبت۔ شوق۔ اشتیاق۔ آرزو۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ محبت کرنا۔
Taat	طاعت	ع	زہد۔ خدا کی فرمانبرداری کا کام۔ عبادت۔	بندگی۔ عبادت۔ پوجا۔ فرمانبرداری۔
Taayün	تعیّن	ع	جو ظاہر ہو۔ ظاہرہ۔ ظاہر۔ مقرر کی گئی۔ عیاں۔ معین۔ یقینی ہو جانا۔ واضح اور صاف ہو جانا۔	تقرر۔ تخصیص کرنا۔ مخصوص ہونا ایک چیز کا بہت سی چیزوں سے۔ ہستی۔ وجود۔
Taayyüs	تعیّش	ع	ٹھیک طرح سے زندہ رہنا و گذر بسر کرنا۔ ذریعہ معاش۔	عیش کرنا۔ عیش کا سامان و اسباب مہیا اور فراہم کرنا۔ عیش و عشرت۔
Taazzum	تعظّم	ع	اپنے آپ کو بڑا یا بزرگ ظاہر کرنا۔ گھمنڈ۔ تکبر۔	بزرگ ہونا۔
Tab	تاب	ف	طاقت۔ قوت۔ چمک۔ تجلّی۔ روشنی۔	طاقت۔ مجال۔ چمک۔ روشنی۔ حرارت۔ رونق۔ گرمی۔ روز روشن۔ پیچ و خم۔ لپیٹ۔ برداشت۔
Tabaat	طباعت	ع	چھاپنا۔ پرنٹنگ۔	پرنٹنگ۔ چھپائی۔ چھاپنا۔ تلوار بنانے یا کمہار کا فن۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tababet	طبابت	ع	دوائی کی سائنس۔ حکیمی۔ حکمت۔	حکیمی۔ فن طب۔ حکمت۔ علاج معالجے کا علم خاص کر یونانی طریقِ علاج۔
Tabahat	طباخت	ع	کھانا پکانا۔ باورچی گیری۔	باورچی گیری۔
Tabak	طبق	ع	پلیٹ۔ ڈش۔ بڑی رکابی۔	تھالی۔ طباق۔ بڑی رکابی۔ تہہ۔ تختہ۔ خطہ۔ ملک۔ ولایت۔ پرت۔ لوک۔ حصہ۔ پردہ۔ موافق۔ مطابق۔ پریوں کی نیاز کا کونڈا۔ چپنی۔ سونے کا ورق۔ چھلکا۔ گھوڑے کے ایک مرض کا نام جس میں اس کے جسم پر ورم ہو جاتا ہے۔ عورت کی شرمگاہ۔ طبقہ۔ گھٹنہ۔ پیٹا۔ پٹی۔ جُز میں تکیہ۔ ڈھکنا۔ حال۔ درجہ۔ منزل۔
	طبک	ع	چمڑہ کمانے والا۔ دباغ۔ کھلیک۔	———
Tabaka	طبکا	فرانسیسی	جیب میں رکھنے والا تمباکو یا سگریٹ کا بکس۔	———
	طبقہ	ع	کاغذ کا شیٹ۔ تہہ۔ پرت۔ قسم۔ فرقہ۔ جماعت۔	درجہ۔ منزل۔ تہ۔ پرت۔ آدمیوں کا گروہ۔ روک۔ پردہ۔ پایہ۔ رقبہ۔
Tabakat	طبقات	ع	پرتیں۔ تہیں۔ درجے۔ علم طبقات۔ علم ارضیات۔ جیولوجی۔ طبقات۔	جمع طبق کی۔ طبقے۔ پرتیں۔ پردے۔ تہیں۔
Tabakat-ülarz	طبقات الارض	ع	علم ارضیات۔ تہیں۔ پرتیں۔	زمین کے طبقے۔ زمین کی تہیں۔
Tâban	تاباں	ف	چمکدار۔ روشن۔	روشن۔ درخشاں۔ چمکدار۔ نورانی۔ ویدہ۔ تمار۔
Tabanca	طپنچہ/طمنچہ	ف	پستول۔	پستول۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ طمنچہ۔ پچکانہ۔ چھوٹا سا معشوق۔
Tabayi	طبائع	ع	Tabiat کی جمع۔ طبعی خصوصیات۔ فطری خصوصیات۔ سرشتیں۔	جمع طبیعت کی۔ طبیعتیں۔
Tabı	طبع	ع	پیدائشی خو۔ سرشت۔ چھاپنا یا مہر لگانا۔ ایڈیشن۔ جلد۔	مزاج۔ فطرت۔ خصلت۔ آدمی کی سرشت۔ پیدائشی خو۔ نقش کرنا۔ چھاپنا۔ خط وغیرہ پر مہر لگانا۔ قالب میں کوئی چیز ڈھالنا۔ تلوار بجانا۔ مٹی کے برتن بنانا۔ تلوار وغیرہ کا زنگ پکانا۔
Tabıh	طبخ	ع	کھانا پکانا۔ پکانا۔	پکانا۔
Tabıl	طبل	ع	ڈھول۔ کان کا پردہ۔	ڈھول۔ بڑا نقارہ۔ دمامہ۔ دھونسہ۔
Tâbi	تابع	ع	پیچھے چلنے والا۔ انحصار کرنے والا۔ نقل کرنے والا۔ پیروی کرنے والا۔ مطیع۔ تابع۔ آدمین۔ موافقت کرنے والا۔ ماتحت۔ فرمانبردار۔ معاون دریا۔ کسی ملک کی رعیت۔ پیروی کرنے والا۔ پیچھے چلنا۔ نقل کرنا۔	ماتحت۔ نوکر۔ ملازم۔ فرمانبردار۔ تابعدار۔ مطیع۔
Tabi	طابع	ع	ناشر۔ ایڈیٹر۔ پبلشر۔ چھاپنے والا۔	چھاپنے والا۔ پرنٹر۔
Tabiat	طبیعت	ع	سرشت۔ عادت۔ خصلت۔ کیریکٹر۔ پیدائشی خو۔ مزاج۔ شعور۔ لطافت۔ شگفتگی۔	مزاج۔ فطرت۔ طینت۔ خصلت۔ عادت۔ سوبھاؤ۔ خلقت۔ پیدائش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			باقاعدگی پاخانہ آنے یا قے ہونے میں۔	
Tabib/ Tabip	طبیب	ع	ڈاکٹر۔ علاج کرنے والا۔	علاج کرنے والا۔ ڈاکٹر۔ حکیم۔ معالج۔
Tabiî	طبعی/طبیعی	ع	قدرتی۔ نارمل۔ فطری۔ یقینی۔ پیدائشی۔ بلاشک وشبہ۔ جو صاف ظاہر کرے۔	منسوب طرف طبع کے۔ ذاتی۔ خلقی۔ پیدائشی۔ فطری۔ اصلی۔ قدرتی۔ سائنس جس میں خواص اشیاء اور تحقیقات سے بحث کی جاتی ہے۔ وہ علم جس میں اجسام کے تغیر وتبدل اور ان کی خاصیت کا حال بیان ہوتا ہے۔
Tabiîyat	طبعیات/طبیعاتی	ع	فطری علوم۔ علوم طبعی۔ نیچرل سائنسز۔	علوم الاجسام (بشمول نباتات) وجمادات۔ فزکس۔
Tâbiiyet	تابعیت	ع	شہریت۔ انحصاری۔ تابعداری۔ موافقت۔ موافق ہونا۔ یکسانیت۔	حکم ماننا۔ پیروی۔ تقلید۔ نقل۔ اطاعت۔ فرمانبرداری۔ متابعت۔
Tâbir	تعبیر	ع	لفظ۔ جملہ۔ اظہار۔ تشریح۔ تفسیر۔ خوابوں کا مفہوم یا تشریح۔	بیان کرنا۔ خواب کے معنی بتانا۔ تشریح۔ توضیح۔ عبارت میں لانا۔
Tâbirat	تعبیرات	ع	تفسیریں۔ تشریحات۔ خوابوں کے مفہوم۔ جمع Tâbir کی۔	تعبیر کی جمع۔ تشریحات۔ تفسیریں۔ خوابوں کے مفہوم۔
Tâbiş	تابش	ف	چمک دمک۔ جلوہ۔ روشنی۔	چمک۔ روشنی۔ نور۔ حرارت۔ گرمی۔ تپش۔ طاقت۔
Tâbiye	تعبیہ	ع	فن صف آرائی۔ فوجوں کے داؤ گھات لگانے کی حکمت عملی۔	لشکر کو آراستہ اور آمادہ کرنا۔ آراستہ کرنا۔ کسی چیز کو اس طرح آرائش کرنا کہ وہ عجیب وغریب دکھائی دے۔ پنہاں کرنا۔ پچی کاری کرنا۔ جڑنا۔ کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مل جانا کہ علاحدہ نہ معلوم ہو۔
Tablo	تابلو	فرانسیسی	ہاتھ کی بنائی ہوئی تصویر۔ ایک دوسرے سے جانکاری یا واقفیت کی بنا پر تحریر کردہ یا حاصل کردہ اشیا کا مجموعہ۔ تھیٹر کے کسی سین کا نیا منظر۔	شبیہ یا تصویر۔ کسی واقعہ یا کہانی کی خاموش اداکاری۔
Tabnak/ Tabende	تابناک تابندہ	ف	چمکدار۔ روشن۔	روشن۔ چمکیلا۔ چمکتا ہوا۔ نورانی۔
Tablet	ٹیبلیٹ	فرانسیسی	سپاٹ اور گول شکل کی چیز۔ ٹکیا۔ قُرص۔ چھوٹی وچپٹی گولی۔	قرص۔ چھوٹی وچپٹی گولی۔
Tabut	تابوت	ع	مردے کا صندوق۔ جنازہ۔ انڈوں کا بڑا بکس۔	مردے کا صندوق۔ لاش۔ جنازہ۔
Tac/Taç	تاج	ع	مکٹ۔ بادشاہی ٹوپی۔ چڑیا کی کلغی۔ کلاہ شاہی۔	بادشاہی ٹوپی۔ مکٹ۔ تاج۔ کلغی۔ پرندکی چوٹی۔
Tacdar	تاجدار	ع	وہ سر جس پر تاج ہو۔ حکومت کا سربراہ۔ بادشاہ۔ فرمانبردا۔	بادشاہ۔ صاحب تاج۔ تاج والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tevil	تاویل	ع	تفسیر کرنا۔ تشریح کرنا۔ زبردستی کا مطلب۔ تعبیر یا مفہوم سمجھانا۔ تعبیر بتانا۔ اپنے مقصد کی خاطر کسی بات کو گھمانا۔	خواب کی تعبیر کو بیان کرنا۔ کسی چیز کو ظاہر کرنا اور اس کے ایک ہی معنی بیان کرنا مگر مناسبت سے۔ شرح۔ بیان۔ حلیہ۔ عذر۔ بہانہ۔ بچاؤ کی دلیل۔
Tevki	توقیع	ع	سلطان کے دستخط (طغرا)۔ شاہی فرمان۔	فرمان شاہی جو کسی مضمون تحریر پر شامل ہو۔ بادشاہ کا فرمان شاہی پر دستخط کرنا۔ شاہی دستخط۔ شاہی مہر لگا کر دستخط کرنا۔
Tevkif	توقیف	ع	گرفتاری۔ کسٹوڈی۔ قید۔ حراست۔ حراست میں رکھنا۔ روکنا۔ حساب میں رقم کاٹنا۔	خبردار کرنا۔ روکنا۔ مال وقف کرنا۔
Tevkil	توکیل	ع	اپنا وکیل یا نمائندہ مقرر کرنا۔	وکیل کرنا۔ کسی کام کو کسی شخص پر چھوڑنا۔ اعتماد کرنا۔ کام سپرد کرنا۔
Tevkir	توقیر	ع	عزت۔ احترام۔ احترام کرنا۔ عزت کے ساتھ ویوہار کرنا۔	عزت۔ وقعت۔ تعظیم و تکریم۔
Tevlid/ Tevlit	تولید	ع	پیدا کرنا۔ جننا۔ پرورش کرنا۔ بنانا یا پیدا کرنا۔ دائی کی طرح کام کرنا۔ جنم دینا۔	پیدا کرنا۔ جننا۔ پیداوار۔
Tevliyet	تولیت	ع	متولی کی تقرری۔ متولی کا عہدہ۔	انتظام۔ سربراہی۔ نگرانی۔ کسی شخص کو کسی کام کی سپردگی دینا۔ حاکم کرنا۔ حاکم بنانا۔ کسی کام کا خصوصاً مالی معاملات کا ذمہ دار ہونا۔ ذمہ دار کرنا۔ کسی چیز کا خریدے کے داموں پر بیچ ڈالنا۔ متولی کا عہدہ کارکن بنانا۔ پیٹھ پھیرنا
Tevrat	توراۃ/توریت	ع	توریت۔ پیغمبر موسیٰ کی شریعت کی کتاب۔	وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی تھی۔ عبرانی۔
Tevris	توریث	ع	وارث مقرر کرنا۔	وارث کرنا۔
Tevriye	توریہ	ع	ایک چیز کو دوسری چیز کے پیچھے چھپانا۔ ذو معنی الفاظ کا استعمال۔	چھپانا۔ کسی چیز کا ارادہ دل میں کرنا اور اس کے خلاف زبان سے ظاہر کرنا۔ دل میں کچھ زبان پر کچھ۔ پہنانا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tevsi	توسیع	ع	کشادگی۔ فراخی۔ درازی۔ وسعت بڑھانا۔توسیع کرنا۔	کشادگی۔وسعت۔فراخ کرنا۔کشادہ کرنا۔وسعت کرنا۔
Tevsik	توثیق	ع	مضبوط یا قابل اطمینان بنانا۔ثابت کرنا۔ تحریری دستاویزات سے ثابت کرنا۔ تصدیق کرنا۔پکا کرنا۔	مضبوطی۔پختگی۔تصدیق۔مضبوط کرنا۔پکا کرنا۔تصدیق کرنا۔
Tevzi	توزیع	ع	تقسیم۔خطوط کی ڈلیوری یا سپردگی وغیرہ۔	بانٹنا۔پراگندہ کرنا۔ٹکڑے کرنا۔جمع بندی۔فرزگان۔جلسے کا نقشہ۔
Tevzin	توزین	ع	ہم وزنی۔برابری۔	دو چیزوں کا باہم وزن کرنا۔تولنا۔وزن کرنا۔
Teyakkun	تیقن	ع	یقین۔اعتقاد۔	یقین۔اعتبار۔یقین ہونا۔اعتبار ہونا۔
Teyakkuz	تیقظ	ع	جاگتا ہوا۔ بیدار۔ بیداری۔ چوکسی۔ خبرداری۔	بیداری۔بیدار ہونا۔بیدار مغزی۔اپنی یا اپنی قوم کی گری ہوئی حالت کو بہتر بنانا۔
Teyemmüm	تیمم	ع	پانی نہ ہونے کی صورت میں رسمی طور پر ریت سے وضو کرنا۔خواہش کے ساتھ کسی چیز کو دیکھنا جسے پا نہ سکے۔	پاک کرنا۔طہارت کرنا۔خاک سے وضو کرنا۔پانی کے بجائے مٹی سے ہاتھ اور منہ کا شرع کے مطابق مسح کرنا۔
Teyemmün	تیمن	ع	مبارک سمجھنا۔خوش قسمتی سمجھ کر خوشی منانا۔	برکت۔کامیابی۔بابرکت ہونا۔
Teyemmü-nen	تیمنا تیمنا وتبرکا	ع	خوش قسمتی کے طور پر۔تقویٰ اور زہد کے طور پر۔	برکت اور تبرک کے طور پر۔
Teyid/ Teyit	تائید	ع	تصدیق۔پختگی۔مدد۔تصدیق کرنا۔مضبوط کرنا۔مستحکم کرنا۔زور دینا۔تائید کرنا۔	حمایت۔ مدد۔ طرفداری۔ تقویت۔ مدد کرنا۔استحکام دعوی کی دستاویز۔
Tez	تیز	ف	جلد۔جلدی سے۔تیزی سے۔مستعدی سے۔	سرگرم۔مستعد۔گرم۔بدمزاج۔غصیلی۔مضبوط۔شدید۔سخت۔فوقیت رکھنے والا۔شریر۔شوخ۔(نظر کی صفت میں) باریک بیں۔دوربیں۔غائر۔بہتر۔جوشیلا۔مہنگا۔گراں۔زخم یا آنکھ میں لگنے والا۔جلا دینے والا۔تلخ۔چڑچڑا۔زخم ڈالنے والا۔غالب۔جلد۔شتاب۔دھار والا۔
Tezad/ Tezat	تضاد	ع	تفاوت۔مقابلہ۔بہ لحاظ اختلاف۔ناموافقت سے۔مخالفت سے۔	ضد۔مخالفت۔باہم ضد ہونا۔آپس میں ایک دوسرے کا دشمن ہونا۔نظم یا نثر کی ایک صنف جس میں مخالف الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔
Tezahür	تظاہر	ع	ظاہر ہونا۔ دکھائی دینا۔ عیاں ہونا۔ اپنے آپ کو دکھانا۔ظاہرداری۔نمائش۔	باہم پشتی کرنا۔مددگار کرنا۔آپس میں مدد کرنا۔
Tezauf	تضاعف	ع	دوگنا ہونا۔دو چند ہونا۔	دوگنا ہونا۔دو چند۔
Tezayüd/ Tezayüt	تزاید	ع	بڑھنا۔ افزوں ہونا۔ زیادہ ہونا۔ ترقی۔ بڑھوتری۔بالیدگی۔افزونی۔	زیادہ ہونا۔افزوں ہونا۔بڑھنا۔بڑھوتری۔افزونی۔
Tezebzüb/ Tezebzüp	تذبذب	ع	ہڑبڑی۔گھبراہٹ۔انتشار حواس یا خیال۔غیر استقلالی۔	ڈبدھا۔تردد کرنا۔بے چینی۔اضطراب۔شک وشبہ۔حیرانی۔کسی چیز کا بلند جو ہوا میں لٹکی ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tezekkür	تذکّر	ع	مباحثہ۔صلاح مشورہ۔مباحثہ کرنا۔صلاح و مشورہ کرنا۔خیال کرنا۔	یاد کرنا۔یاد آجانا۔
Tezellül	تذلّل	ع	ذلت۔خواری۔اپنے آپ کو گرا دینا۔	عاجزی۔خوشامد۔اپنے کو دوسروں سے حقیر و ذلیل جاننا۔فروتنی و عاجزی کرنا۔
Tezelzül	تزلزل	ع	ایجی ٹیشن۔کھلبلی۔جنبش۔اضطراب۔جھٹکا۔ہلچل۔ہنگامہ۔اینٹھن۔ہلا ناپا جانا۔مغلوب کیا جانا۔	ہلچل۔گڑبڑ۔زلزلہ۔بھونچال۔لرزش۔جنبش۔حرکت کرنا۔ڈگمگانا۔کانپنا۔زلزلہ آنا۔
Tezevvüc	تزوّج	ع	شادی۔بیاہ۔شادی کرنا۔ازدواج۔	شادی کرنا۔بیاہ کرنا۔زوجہ کرنا اور شوہر کرنا۔
Tezeyyün	تزیّن	ع	خود کو آراستہ کرنا۔	آرائش۔زیب و زینت۔سجاوٹ۔بناؤ سنگار۔آراستہ ہونا۔ٹھاٹھ دکھانا۔
Tezhib/ Tezhip	تذہیب	ع	سونا چڑھانا۔سونے کا ملمع کرنا یا سونے کا کام کرنا۔	سونے کا ملمع کرنا۔طلائی ملمع کا کام۔سونے کا پانی چڑھانا۔
Tezkâr	تذکار	ع	ذکر۔یاد۔چرچا۔واقعات کی یادگاری۔یاد کرنا۔ذکر کرنا۔	بیان۔ذکر۔یاد۔چرچا۔
Tezkere	تذکرہ	ع	نوٹ۔یادداشت۔سرکاری سند یا رسید۔فوج سے ڈسچارج کیے جانیکے سپاہی کے کاغذات۔سوانح عمری۔سرگذشت۔	یادداشت۔یادگار۔ذکر۔چرچا۔بیان۔سوانح عمری۔سرگذشت۔وہ کتاب جس میں کسی شخص کا حال لکھا جائے۔
Tezkir	تذکیر	ع	یاد دلانا۔یاد دہانی کرانا۔قواعد میں مذکّر کا صیغہ بنانا۔	تذکرہ کرنا۔یاد دلانا۔نصیحت کرنا۔مذکّر ہونا۔مرد ہونا۔مذکّر کا صیغہ۔
Tezkiye	تزکیہ	ع	صفائی۔پاکی۔تعریف۔مسلمانوں میں دفن کی رسومات کا وہ حصہ جس میں مولوی موجود لوگوں سے مردے کی اچھی صفات کی تصدیق کراتا ہے۔کسی کے چال چلن کو ظاہر کرنا۔	پاک کرنا۔صاف کرنا۔پاکی۔صفائی۔
Tezlil	تذلیل	ع	ذلیل کرنا۔بے عزت کرنا۔	دوسرے کو ذلیل و رسوا کرنا۔خوار کرنا۔بے عزت کرنا۔ذلت۔
Tezvic	تزویج	ع	شادی کرانا۔شادی سے مرد و عورت کو جوڑنا۔	شادی کرنا۔بیاہ کرنا۔نکاح۔شادی جوڑ لگانا۔نزدیکی کرنا۔
Tezvir	تزویر	ع	جھوٹ۔دھوکہ۔فریب۔بدخواہ ترغیب۔جان بوجھ کر غلط بیانی۔	مکر۔فریب۔دھوکا۔جھوٹ۔دروغ۔جھوٹ بولنا۔فریب کرنا۔
Tezyif	تزییف	ع	حقیر سمجھنا۔تمسخر۔تضحیک۔مذاق اُڑانا۔حقارت سے دیکھنا۔	کھوٹا کرنا۔روپیہ کا زیوں اور کھوٹا کرنا۔
Tezyil	تذییل	ع	تتمہ یا سپلیمنٹ کے طور پر جوڑنا۔	ایک چیز کو دوسری چیز کا دامن بنانا یعنی اس کے آخر میں لگانا۔
Tezyin	تزئین	ع	سجانا۔سجاوٹ۔زیبائش۔	آرائش۔سجاوٹ۔بناؤ سنگار۔زینت کرنا۔زیبائش کرنا۔
Tezyinat	تزئینات	ع	Tezyin کی جمع۔سجاوٹیں۔زیبائشیں۔	تزئین کی جمع۔سجاوٹیں۔زیبائشیں۔آرائشات۔بناؤ سنگار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tib/Tip	طِب	ع	طب۔ علاج کی سائنس۔ دوا کا علم۔ علم حکمت کا وہ مجموعہ جس میں ادویات کی ایجاد و ان کے استعمال کا ذکر ہو۔	حکمت۔ علاج معالجے کا علم۔ ڈاکٹری خاص کر یونانی طریقۂ علاج۔ حکمت کرنا۔ علاج کرنا۔
Tibbî	طِبّی	ع	طِب کا۔ میڈیکل۔	طب کا۔ یونانی اور ڈاکٹری علاج معالجے سے متعلق۔ طب سے منسوب۔
Tibbiye	طِبّیہ	ع	حکیموں کا اسکول۔ طبّی فیکلٹی۔	حکیموں کا اسکول۔ حکیموں کا۔
Tifil	طِفل	ع	بچہ۔ بچکانہ سمجھ کا آدمی۔	بچہ۔ لڑکا۔
Tifillâne	طِفلانہ	ع	بچکانہ۔ بچکانہ طریقے سے۔	بچوں کی طرح۔ بچوں جیسی۔
Tihal	طِحال	ع	تلی۔	تلی۔
Tilâ	طِلاء	ع	سونے کے رنگ کی روشنائی۔ روغن۔ پینٹ۔ مرہم۔ مرہم لگانا وغیرہ۔ پوتنا۔	اصطلاح طب میں ایک خاص روغن جو سستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لیے عضو پر ملتے ہیں۔ زر سرخ۔ سونا۔ ملمع کرنا۔ لذت۔
Tılsim	طِلسم	ع	جادو۔ سحر۔ تعویذ۔	سحر۔ جادو۔ راز۔ جادو کا تماشہ۔ جادو کے خطوط اور نقش۔ وہ ڈراؤنی شکلیں یا سانپ جو دفینوں پر بنادی جائیں۔ وہ ملک جہاں یہ مدفون رہتے ہیں۔
Timar	تیمار	ف	کسی بیمار آدمی یا جانور کی دیکھ ریکھ۔ زخموں کی مرہم پٹی۔ پیڑوں کی کانٹ چھانٹ۔ گھوڑوں کا کھلانا اور سائیسی کرنا۔ پرانے زمانہ میں سلطان کی طرف سے سپاہیوں کو عطا کردہ ایک قسم کی جاگیر یا تعلقہ۔	بیمار کی خبر گیری۔ علاج۔ معالجہ۔ ہمدردی۔ بیمار پرسی۔
Tıynet	طِینت	ع	طبیعت۔ مزاج۔ کریکٹر۔	سرشت۔ سبھاؤ۔ عادت۔
Tiraktör	ٹریکٹر	فرانسیسی/ انگریزی	ٹریکٹر۔	ٹریکٹر۔
Tiramway	ٹرام/ٹریم	انگریزی	شہر میں لوہے کی پٹری پر چلنے والی گاڑی۔	بجلی یا تیل میں لوہے کی پٹری پر سڑک پر چلنے والی گاڑی۔
Tirandaz/ Tirendaz/ Tirandaz/ Tirendaz	تیر انداز	ف	تیر کا نشانہ لگانے والا۔ خوش اندام۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ بنا ٹھنا۔ خوش پوشاک۔ مقطع۔ حکتی۔	تیر چلانے والا۔ تیر چلانے کا ماہر۔ کماندار۔ قدر انداز۔
Tiransit/ Transit	ٹرانزٹ	فرانسیسی/ انگریزی	مال کا ایک حکومت سے دوسری حکومت کے علاقہ سے گذر۔	گذر۔ روانگی۔ گذرنے کا عمل۔
Tiraş	تراش	ف	شیو کرنا۔ ڈاڑھی بنانا۔ دو شیووں یا تراشوں کے دوران اُگتے ہوئے بال۔ بور کرنے والی بات۔ جھوٹ بولنا۔ بور کرنا۔ شیخی کرنا۔	کانٹ چھانٹ۔ کتربیونت۔ کسی پھل کی پھانک۔ ڈھنگ۔ طرز۔ آرائش۔ بناؤ سنگار۔ اختراع۔ ایجاد۔ کاٹنے کا ڈھنگ۔ افکار۔ بُش وگنجے کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں۔ اسمائے فارسی سے ملک کرفاعل کے معنی دیتا ہے جیسے سنگ تراش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tıraşide	تراشیدہ	ف	ہموار کیا ہوا۔ شائستہ (اسٹائل)۔ تراشا ہوا۔	تراشا ہوا۔ چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔
Ticaret	تجارت	ع	کاروبار۔ تجارت۔ منافع۔ کامرس۔ دیوپار۔ سوداگری۔	سوداگری۔ دیوپار۔ دوکانداری۔
Tiğ	تیغ	ف	تلوار۔	تلوار۔ شمشیر۔
Tik	ٹیک	ملیالم	ٹیک۔ ایک قسم کی لکڑی۔	ٹیک۔ جنوبی مشرقی ایشیا کی ایک قیمتی پائیدار لکڑی۔
Tike	ٹکا	ت	ٹکڑا۔ جز۔ پارچہ۔ پیوند لگا ہوا۔	
		اردو		گوشت کا ٹکڑا۔ لمبی یا پتلی بوٹی۔ ٹکڑا۔ بچہ۔
Tilâvet	تلاوت	ع	قرآن شریف کا پڑھنا۔	قرآن شریف پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ پڑھنا۔
Tilmiz	تلمیذ	ع	شاگرد۔ چیلا۔	شاگردی۔ شاگرد ہونا۔
Tim	ٹیم	انگریزی	ٹیم۔	ٹیم۔
Timsah	تمساح	ع	مگرمچھ۔ گھڑیال۔	گھڑیال۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔
Timsal	تمثال	ع	تصویر۔ نشان۔ موڈل۔ مثال۔ شبیہ۔ نقل۔	شکل۔ صورت۔ پیکر۔ فرمان۔ شاہی۔
Tir	تیر	ف	تیر۔	بان۔ ناوک۔ بان کا تیر۔ عطارد ستارہ۔ کڑی۔ طاقت۔ قدرت۔ قصہ۔ ہر شمسی مہینے کی تیرھویں تاریخ۔ چھت کی سیدھی شہتیر۔
Tirak/ Tiryak	تریاک / تریاق	ع/ف	زہرمہرہ۔ مانع زہر دوا۔ دوا جو زہر کے اثر کو ختم کرتی ہے۔	زہرمہرہ۔ زہر کی دوا۔ مرکب۔ دوائے مرکب۔ دافع جمیع اقسام زہر اصطلاحاً افیون۔
Tirandaz	تیر انداز	ف	Tirendaz کی رائج شکل لیکن بمعنی بنا ٹھنا۔ مقطع۔ اچھے کپڑے پہننے والا۔ چالاک۔ پھرتیلا۔	تیر چلانے والا۔
Tirdan	تیر دان	ف	ترکش۔	ترکش۔ جس میں تیر رکھیں۔
Tirendaz/ Tirandaz	تیر انداز	ف	تیر چلانے والا۔	تیر چلانے والا۔
Tiren	ٹرین	انگریزی	ٹرین۔ ریل گاڑی۔	ٹرین۔ ریل گاڑی۔
Tirkeş	ترکش	ف	تیر دان۔	تیر دان۔
Tiryak	تریاق	ف	زہرمہرہ۔ مانع زہر۔	زہرمہرہ۔ زہر کی دوائی
Tiryaki	تریاقی	ف	تمباکو وافیون وغیرہ کے نشہ کا عادی یا دھتیا۔ بہت زیادہ سگریٹ پینے والا۔ کسی بھی چیز کا عادی۔ تھکانے والا۔ اکتانے والا۔	افیونی۔
Tiyatro	تھیاٹر / تھیٹر	انگریزی / یونانی	تھیٹر۔ تماشہ۔ تھیٹر کی عمارت۔	تھیٹر۔ تماشگاہ۔ ناچ گھر۔ ناٹک۔ تماشہ۔
Tiz	تیز	ف	جلدی۔ بہادر۔ جری۔ باہمت۔ جوشیلا۔ مہین گانے کا سُر (موسیقی میں)۔	ہوشیار۔ ذہین۔ چالاک۔ بدمزاج۔ شدید۔ سخت۔ جوشیلا۔ آتشیں مزاج۔ مہنگا۔ گراں۔ دھاردار۔ خوب کاٹنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tizreftar	تیز رفتار	ف	تیزی سے چلنے والا۔	تیزی سے چلنے والا۔ چالاک۔ پھرتیلا۔
Toğrul	طغرل	ت	بڑے سائز کا شکرا یا باز جو شمالی عرض البلاد میں پایا جاتا ہے۔	ایک شکاری پرندے کا نام جس کو سندی میں بحری کہتے ہیں۔
Tohaf/ Tuhaf	تحفہ	ع	غیر معمولی۔ نادر۔ بے مثل۔ عجیب۔ خندہ رو۔ خوشنما۔ دلچسپ۔	نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ بہت خوب۔ عمدہ۔ بہتر۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نذر۔ پیشکش۔ انعام۔
Tohum	تخم	ف	بیج۔ دانا۔ کیڑوں کے انڈے۔ نطفہ۔ منی۔	بیج۔ دانہ۔ انڈا۔ بیضہ۔ نطفہ۔ گٹھلی۔ اولاد۔ نسل۔
Ton	ٹن	فرانسیسی / انگریزی	ٹن۔	وزن کا پیمانہ۔ اٹھائیس من کا وزن۔ ٹن۔
Tondura	ٹنڈرا	انگریزی	ٹنڈرا۔ شمالی روس میں بغیر پیڑوں کا برف سے ڈھکا ہموار علاقہ۔	ٹنڈرا۔ قطب شمالی سے ملحق شمالی روس میں بغیر پیڑوں کا برف سے ڈھکا میدانی اور ہموار علاقہ۔
Top	توپ / ٹوپ	ت	توپ۔ گیند۔ توپ کا گولا۔ کسی چیز کا ڈھیر۔ گول چیز۔ کاغذ یا کپڑے کا پورا رول یا تھان۔	توپ۔
Tor	ٹور	ف	جال۔ نباتاتی رگ۔	جالی جو اکثر دلہنوں اور بیگمات کی سواری کے پردوں میں لگی ہوتی ہے۔ مچھلی کے شکار کا جال۔ جالی کی پوشش جو پالکی یا چیتوں پر ڈالتے ہیں۔
Torpido/ Torpito	تارپیڈو	انگریزی	تارپیڈو بوٹ کا مخفف۔	آب دوز مشین جو جہازوں کو تباہ کرتی ہے۔
Torpidobot	تارپیڈو بوٹ	انگریزی	جہازوں کو تباہ کرنے والی تیز رفتار کشتی جس میں تارپیڈو و بارودی سرنگیں لدی ہوتی ہیں۔	تارپیڈو کشتی۔
Töhmet	تہمت	ع	الزام۔ کسی پر الزام کا شبہ۔ جرم۔ قصور۔	عیب لگانا۔ برائی لگانا کسی کی طرف سے بدگمان کرنا۔ الزام۔ بہتان تراشی۔
Töre/ Törü	توُرہ	ت	رسم۔ رواج۔ قانون۔ رول۔	قانون۔ دستور العمل۔ رسم و رواج۔ حکم شاہی۔ فرمان شاہی۔ قاعدہ۔
Tövbe	توبہ	ع	کسی جرم کو دوبارہ نہ کرنے کی قسم۔ پچھتاوا۔ پشیمانی۔ تاسف۔	گناہ سے باز آنا۔ پشیمانی۔ ندامت۔ انفعال۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ استغفار۔ کسی برے کام سے باز رہنے کا عہد۔
Traktör	ٹریکٹر	فرانسیسی / انگریزی	ٹریکٹر۔	ٹریکٹر۔
Trignometri Tirigonometri	ٹرگنومیٹری	یونانی	ٹرگنومیٹری۔	علم مثلث۔ ٹرگنومیٹری۔
Trompet	ٹرمپیٹ	فرانسیسی	ٹرمپیٹ۔ ترہی۔	ٹرمپیٹ۔ ترہی۔ ایک باجے کا نام جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔
Tröst/ Türsot	ٹرسٹ	انگریزی	ٹرسٹ۔	ٹرسٹ۔ امانت۔ انتظام جس کے تحت جائداد کسی دوسرے کے چارج میں اس یقین یا اعتماد کے ساتھ دی جاتی ہے کہ وہ اسے کسی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				دوسرے کے فائدے کے لیے استعمال کرے گا و اس طرح کی جائداد جو دوسرے کے زیر اہتمام ہو۔ مصارف کو کم کرنے، پیداوار کا باقاعدہ بندوبست کرنے، کمیشن سے بچنے اور زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے لیے بہت سی کمپنیوں کو ایک انتظامیہ کے تحت ہونا۔ وقف۔ جائداد جو زیر تولیت ہو۔
Trup	ٹروپ	فرانسیسی	ٹروپ۔ تھیٹر کی کمپنی۔	ڈرامہ کھیلنے والوں، اداکاروں، ناچنے والوں اور قلابازوں کی کمپنی۔
Tu/Tü/ Tuh/Tüh	تُو/تُھو	ت	باعث شرم۔ نفرت اور کراہیت ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا حرف ندا۔	——
	تھو	ہندی	——	تف۔ لعنت۔
Tuba	طوبیٰ	ع	بہشت میں ایک درخت جس کی جڑیں آسمان میں اور پتے زمین میں ہوتے بتائے جاتے ہیں۔ خوشی۔ خوش قسمتی۔	بہشت کے ایک درخت کا نام جس کی ایک ایک شاخ کل بہشتیوں کے مکان پر ہوگی اور ایک شاخ سے طرح طرح کے میوے اور خوشبوئیں حاصل ہوں گی۔ نہایت خوشبودار۔ خوشگوار۔ نفیس۔ نہایت پاک۔
Tufan	طوفان	ع	زبردست و تیز بارش۔ سیلاب۔ حضرت نوح کے زمانہ میں زبردست بارش جس سے پوری دنیا بارش سے بھر گئی تھی۔	شدید بارش۔ سخت اور تند آندھی۔ شور۔ غل۔ پانی کا سیلاب جو ڈبو دے۔ ہر چیز جو بہت غالب ہو اور کل کو گھیر لے۔ آفت۔ ماتم۔ کہرام۔ فساد۔ جھگڑا۔
Tufeyli	طفیلی/طوفیلیا	ف/ع	پچھلگو۔ خوشامدی۔ ٹٹو۔ چاپلوس۔ طوفیلیا۔	دوسروں کی بدولت گذارا کرنے والا۔ پچھلگو۔ بن بلایا مہمان۔ دوسروں کے سر سے کھانے والا۔
Tufuliyet	طفولیت	ع	بچپن۔ صغر سنی۔	لڑکپن۔ بچپن۔ بال پن۔
Tuğ	توغ	ت	کلغی۔ تحفہ امتیاز۔ چوٹی۔ تاج۔ پروں سے بنائی گئی کلغی۔ پرانے زمانے میں بادشاہوں اور وزیروں کی ٹوپی میں کلغی کی طرح لگائے پر۔	فوج کا نشان اور علم۔
Tuğra	طغرا	ت	خطِ طغرا۔ بادشاہ کے زمانہ میں بعض زری کاغذات کے اوپر کے طرف یا سکوں پر چھپی ہوئی و بادشاہ کے نام کی پیچیدہ حروف میں لکھی ہوئی علامتی تحریر۔ اس دفتر کا ملازم جہاں خطِ طغرا دستاویز پر چھاپا جاتا ہے۔	عربی رسم الخط میں پیچیدہ حرفوں میں لکھی جانے والی ایک قسم کی فن کارانہ اور خوبصورت تحریر۔ مہر یا انگوٹھی پر کندی ہوئی خوبصورت تحریر۔
Tuğyan	طغیان	ع	حدود کو توڑنا۔ سیلاب کا آنا۔ پانی کا حد سے اوپر بہنا۔ بغاوت۔ ملازم کا حکم عدولی کرنا۔ حکم عدولی۔	حد سے گزر جانا۔ زیادتی۔ کثرت۔ نافرمانی۔ ظلم۔
Tul	طول	ع	لمبائی۔ درازی۔ طول البلد۔	درازی۔ لمبائی۔ وسعت۔ پھیلاؤ۔ طویل۔ بڑا۔
Tulânî	طولانی	ع	لمبائی میں۔ طول البلدی۔	لمبا۔ دراز۔ منسوب بہ طول۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tulen	طولاً	ع	لمبائی کے حساب میں۔لمبائی کے مطابق۔ لمبائی میں۔	لمبائی میں۔درازی۔
Tulû	طلوع	ع	ستارہ یا سورج کا نکلنا۔ظاہر ہونا۔دانت کا نکلنا۔خیال کا ذہن میں ہونا۔	ستارے سورج و چاند کا نکلنا۔ظاہر ہونا۔باہر نکلنا۔بلند ہونا۔
Tumturak	طمطراق	ع	لفاظی۔مبالغہ آمیزی۔نمائشی بول چال۔	کروفر۔شان و جمال۔شان و شوکت۔دھوم دھام۔رعب داب۔ غرور۔تکبر۔
Tunus	تیونس	ع	تیونس شہر۔	تیونس۔
Tur	ٹور	فرانس/ انگریزی	ٹور۔سیر۔گلگشت۔	سیر۔دورہ۔گشت۔سیر کرنا۔
Tura	تُورَہ	ت	طغرا۔شاہی خفیہ نویسی۔ریشم وغیرہ کا لچھا۔ ایک کھیل جو گرہ لگے رومال سے کھیلا جاتا ہے۔	قانون۔طریق۔رسم و رواج۔دستور العمل۔مجاز آوہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا۔حکم شاہی۔فرمان شاہی۔حکم شدید شاہی۔
Turanî	تُورانی	ت	تُوران سے متعلق۔	تُوران سے متعلق۔تورانی۔
Turhan	تُرخان	ف	سردار۔رئیس۔شریف۔شہزادہ۔	چغتائی قوم کا رئیس۔سردار۔شریف۔ترخان۔وہ شخص جس کو بادشاہ نے مواخذہ و عدالت سے بری کر دیا ہو۔
Turp	تُرب	ع	مُولی۔	مُولی۔
Turre	طُرّہ	ف	کسی رنگ،تاردار یا باریک چیز کا گولا۔ریشم کے کوئے کا گولا۔بالوں کی لٹ۔کاکل۔ زُلف۔	زُلف۔پیشانی کے بال۔مکان کا چھجا۔سر کے بالوں کی لٹ۔ کاکل۔وہ پھندنا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں۔پگڑی کے اوپر کا سرا جو ابھار رہتا ہے۔جانوروں کی کلغی۔منڈیر۔کوئی پیچ دار چیز۔کوڑا۔ تازیانہ۔اضافہ۔علاوہ۔انوکھی بات۔عمدگی۔خوبی۔چال۔پھندنا۔ بھنگ کی چٹکی یا گھونٹ۔پھولوں کی لڑیوں کا گچھا جو دولہا کے کان کے پاس لٹکاتے ہیں۔سبز و نازک شاخیں جو شمشاد کے درخت سے نکل کر نیچے لٹکتی ہیں۔ایک قسم کا سرخ و زرد پھول۔کسی چیز کا بہترین حصہ۔غالب۔بڑھ کر۔سبقت لے جانا۔عجیب۔انوکھا۔
Turşu	طرشو/طرشی/ترشی	ف	اچار۔	اچار۔کھٹائی۔ترشی۔
Turuk	طُرق	ع	جمع Tarik کے۔راستے۔راہیں۔	جمع طریق کی۔راستے۔راہیں۔
Turunc/ Turunç	تُرنج	ف	نیبو کے پیڑ کی قسم کا ایک درخت و اس کا پھل۔	ایک قسم کا بڑا نیبو۔چکوترا۔کار چوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بنا دیتے ہیں۔
Turup	ٹروپ	فرانسیسی/ انگریزی	کھیل دکھانے والوں کی ٹیم۔	ٹیم۔ٹروپ۔فوج کے ۶۰ یا ۸۰ سواروں کی جماعت۔
Tutı	طوطی	ف	طوطا۔	طوطا۔ایک خوش آواز چھوٹا پرند۔
Tutya	طوطیا	ع	زنک۔جستہ۔	طوطیا۔نیلا تھوتھا۔سرمہ۔
Tuvalet	ٹوائلیٹ	فرانسیسی	پاخانہ۔ٹوائلیٹ۔ٹوائلیٹ کی میز۔	پاخانہ۔ٹوائلیٹ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			نہانے، ڈاڑھی بنانے و کپڑے پہننے کی طرح لوگوں کے ملنے جلنے کے لیے ضروری تیاریاں۔ عورتوں کی بال ورم کی طرح رات کی مجالس میں بغیر بازو کی سینہ کھلی و لمبے دامن کی پوشاک۔	
Tuvana/ Tüvana	توانا	ف	طاقتور۔	طاقتور۔ صاحب قوت۔
Tuyur	طیور	ع	جمع Tayir کی۔ چڑیاں۔ پرندے۔	جمع طائر کی۔ پرندے۔ چڑیاں۔
Tüb/Tüp	ٹیوب	انگریزی	ٹیوب۔ ایک طرف سے بند شیشے کی نلی۔	ٹیوب۔ نلکا یا نلی۔ نال یا نالی۔
Tüber-küloz	ٹیوبر کلوسز	فرانسیسی	تپ دق۔	تپ دق۔
Tüccar	تجار	ع	جمع Tacir کی۔ واحد کی طرح استعمال میں بمعنی تجارت کرنے والا۔ سوداگر۔	جمع تاجر۔ سوداگر۔
Tüfek	تفک	ع	بندوق۔ رائفل۔	بندوق۔
Tül	ٹول/ٹویل	فرانسیسی/ انگریزی	روئی یا ریشم کا باریک و ہلکا کپڑا۔	دسوتی کی طرح کا سوتی کپڑا۔
Tümen	تمن	ت	زیادہ تعداد۔ بڑا ڈھیر۔ دس ہزار۔ ایرانی سونے کا سکہ۔ فوج کا ڈویژن۔	تومان کا مخفف۔ رسالہ پلٹن۔ سو سو سواروں کا دستہ۔ ایک طلائی سکہ۔ دس ہزار۔
Tümör	ٹیومر	انگریزی	گلٹی۔ پھوڑا۔ ٹیومر۔	گلٹی۔ پھوڑا۔
Tünel	ٹیونل	انگریزی	سرنگ۔	سرنگ۔
Türab	تراب	ع	مٹی۔ زمین۔ خاک۔	مٹی۔ زمین۔ خاک۔
Türbe	تربت	ع	قبر۔ مزار۔ مرقد۔	قبر۔ گور۔ مزار۔
Türk	ترک	ف	ترک۔ ترکی۔	ترک۔ تاتار یا ترکستان کا باشندہ۔ یافث بن نوح کے ایک بیٹے کا نام جن سے ترکوں کا سلسلہ چلنا کہا جاتا ہے۔ معشوق۔ سپاہی۔ بہادر۔ مسلمان۔
Türkiyat	ترکیات	ع	ترک چیزوں کا مطالعہ یا علم۔	ترکی زبان و ادب کا علم۔
Türrühat	ترہات	ع	بیہودہ باتیں۔ لغو۔	باطل چیزیں۔ بیہودہ باتیں۔
Türkmen	ترکمان	ت	جنوبی مغربی ایشیا میں رہنے والی ترکوں کی ایک نسل کا نام۔	ترکوں کی ایک قوم کا نام۔
Tütün	تتن	ف	تمباکو۔ دھواں۔	تمباکو۔
Tüvan	تواں	ف	طاقت۔ قوت۔	زور۔ قوت۔ قدرت۔ طاقت۔ بل۔ ہمت۔

■✤■

U/(u)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ubudiyet	عُبُودِیَّت	ع	خدا کی فرمانبرداری۔ غلامی۔ تابعداری۔ اطاعت۔	بندگی۔ غلامی۔ اطاعت۔ عبادت۔
Ubur	عُبُور	ع	گذرنا۔ گذر جانا۔ راستہ۔ کراسنگ۔ پار کرنے کی جگہ۔ کراس کرنا۔	راہ سے گذر جانا۔ پل کے پار جانا۔ دریا کو پار کرنا۔ کتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا۔ خوب مہارت کرنا۔ اترنا۔
Uc	اُوج	ع	سرا۔ نقطہ۔ سیما۔ آخری حد۔ سب سے اونچا سرا۔ سمت۔ سبب۔ مقصد۔	بلندی۔ اونچائی۔ عروج۔ بلند اقبالی۔ رفعت۔
Ucube	عُجوبہ	ع	عجیب وغریب شے۔ معجزہ۔ تجسس۔ راز۔ خوبی۔ تحفہ۔ گربھ پات۔ غیر فطری پیداوار۔ اسقاط۔	عجیب چیز۔ انوکھی شے۔ حیرت میں ڈالنے والی شے۔
Ud/Ut	عُود	ع	تنبور۔ بین۔	ایک قسم کا ساز۔ بربط۔ سیاہ رنگ کی ایک خاص لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے۔ اگر۔
Udî	عُودِی	ع	بین بجانے والا۔ تنبور بجانے والا۔	وہ سیاہ رنگ جو مشابہ عود لکڑی کے ہو اور یہ رنگ سیاہ اور مائل بہ سفیدی اور سرخی ہوتا ہے۔ سیاہ رنگ کا ریشمی کپڑا۔ منسوب بہ عود۔
Uf	اُف	ع	حرف ندا جو نفرت، پریشانی یا تھکن کے اظہار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	آہ۔ اوہ (حیرت کے لئے۔ درد یا رنج کے لیے۔ افسوس (تاسف کے لیے)۔ اور کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
Ufkî	اُفقی	ع	اُفق کے متوازی۔ سطح کے ہموار۔ سپاٹ۔	افق سے متعلق۔ اُفق کے قریب۔ افق کے متوازی۔ چپٹا۔ مسطح۔
Ufuk	اُفق	ع	دائرہ۔ اُفق۔ زمین اور آسمان کے ملنے کی ظاہری جگہ۔	وہ جگہ جہاں زمین اور آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آسمان کا کنارہ۔
Ufûl	اُفول	ع	ڈوباؤ۔ سورج کا غروب وغیرہ۔ کسی کا فوت ہونا۔	زوال۔ غروب۔
Ufunet	عُفُونت	ع	بدبو۔ سڑن۔ سوزش۔ جلن دسوجن۔ آشوب۔	بدبو۔ سڑاند۔ گندگی۔
Uhde	عُہدہ	ع	ذمہ داری۔ چارج۔ ڈیوٹی۔ فرض۔	ذمہ داری۔ رتبہ۔ منصب
Uhrevi	اُخروِی	ع	آنے والی دنیا یا اگلے جہان سے متعلق۔	آخرت کی بات۔ اگلے جہان کے متعلق۔
Uhud	عُہود	ع	جمع Ahid کی۔ معاہدے۔ کنٹریکٹ۔ عہد و پیمان۔	وعدے۔ پیمان۔ قول و قرار۔ معاہدے۔ عہد کی جمع۔
Uhuvvet	اُخوّت	ع	برادرانہ جذبات۔ محبت۔	برادری۔ بھائی بندی۔ بھائی چارہ۔
Ukab	عُقاب	ع	شکرہ۔ باز۔ ایک برج کا نام۔	شکرہ۔ باز۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں نوشادر۔ اونچی جگہ۔ حضرت محمد صاحب کا ایک جھنڈا۔ ڈورا جو لٹکانے کے لیے کان میں ڈالیں۔ ہر چیز جو بلند ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ukalâ	عُقَلا	ع	جمع Âkil کی۔ درویش لوگ۔ عقلمند لوگ۔ (واحد کے صیغہ میں) اپنی علمیت کی شیخی مارنے والا۔ گستاخ شخص۔	عاقل کی جمع۔ دانش وران۔ سمجھدار لوگ۔ عقلمند لوگ۔
Ukba	عُقبےٰ/عُقبیٰ	ع	دوسری دنیا۔	آخرت۔ دوسری دنیا۔ عاقبت۔
Ukde/ Ukte	عُقدہ	ع	گرہ۔ گانٹھ۔ اندر سے سخت۔ کسی پٹھے یا رگ میں گلٹی یا سُوجن۔ کسی پٹھے کا بڑا ہونا۔ نسوں کے عمل کا کوئی خاص مرکز۔ اندر کا پھوڑا۔ گھاؤ والی چیز۔ جو گلے میں اٹکتا ہو۔	گرہ۔ گانٹھ۔ مشکل بات۔ پیچیدہ بات۔ معمہ۔ راز۔ بھید۔
Uknum	اُقنوم	ع	جز۔ بنیاد۔ اصل۔ تثلیث۔ تین کا ملک کر خدا ہونا اور ان میں خدائیت کے جز۔	ہر چیز کی اصل بنیاد۔ دین مسیح میں خدا کے ہر جز باپ بیٹے اور روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں۔ عیسائی مذہب کی ایک کتاب۔
Ukubet	عُقُوبت	ع	سزا (خاص طور سے دوسری دنیا میں)۔ اذیت۔ عذاب۔	عذاب۔ دُکھ۔ سزا۔
Ukul	عُقُول	ع	جمع Akil کی۔ دانائیاں۔ عقلیں۔	جمع عقل کی۔ دانائیاں۔ عقلیں۔
Ulâ	اُولیٰ	ع	پہلا۔ سب سے پہلا۔ سب سے اوّل۔	بہتر۔ سب سے اچھا۔ اچھا۔
Ulak	اُلاق/الاغ	ع	خبر لے جانے والا۔ کوریئر۔	چھوٹی کشتی۔ ڈاک کا گھوڑا۔
Ulema/ ülema	عُلما	ع	جمع Âlim کی۔ عالم لوگ۔ اسلامی دینیات کے ماہر۔	عالم کی جمع۔ عالم فاضل لوگ۔ اسلامی دینیات کے ماہر۔ علما۔
Ulu	اُولُو	ع	مالک۔ صاحب۔ بڑا۔ بڑا آدمی۔	مالکان۔ قابضان۔ صاحبان۔ بہتر۔
Ululemir	اُولُوالامر	ع	حکمراں۔	صاحبانِ حکم۔ بااختیار لوگ۔ بادشاہ۔
Ulûm	عُلُوم	ع	جمع Ilim کی۔ علم۔ حکمتیں۔ سائنس۔	جمع علم کی۔ حکمتیں۔ ہنر۔ فنون۔
Ulus	اُلُوس	ت	دوسرے گروہوں سے زبان، ثقافت و کلچر اور فکر و عمل کے لحاظ سے الگ گروہ یا قبیلہ خاص طور سے چار تورانی قبائل میں سے ایک۔ قوم۔ گروہ۔ لوگ۔	قوم۔ ترک۔
Ulüv	عُلُو	ع	(مرکبات میں) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ بلندی۔	بلندی۔ اونچائی۔ برتری۔ رفعت۔
Ulüvvühi-mmet	عُلوہمت	ع	بلند آرزوئیں۔ اونچی تمنائیں۔	عالی ہمتی۔ ارادے کی بلندی۔ بلند ہمتی۔
Ulvî	عُلوی	ع	اعلیٰ۔ اونچا۔ فلکی۔	فلکی۔ اعلیٰ درجہ کا۔ ستارہ۔ آسمانی۔ فرشتہ۔ ملک۔
Ulviyet	عُلویت	ع	برتری۔ بلندی۔ عظمت۔ شرافت۔	بلندی۔ رفعت۔
Umde	عُمدہ	ع	سہارا۔ پایہ۔ ٹیک۔ روک۔ اصول۔ وہ شخص جو کسی ادارہ یا مقصد میں کلیدی حیثیت کا حامل ہو۔	وہ جس پر اعتماد کیا جائے۔ کمیٹی۔ مجلس۔ نفیس۔ تحفہ۔ معتمد۔ اعتماد۔ ستون۔ تجربہ۔ اول درجے کا۔ اعلیٰ۔ خالص۔ منتخب۔ سردار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Umk	عُمق	ع	گہرائی۔ موٹائی۔	گہرائی۔ اتھاہ۔ تہ۔
Umman	عُمّان	ع	سمندر۔ بحرِ ہند۔	سمندر۔ جنوبی مشرقی عرب میں واقع ایک ملک کا نام۔
Umran	عُمران	ع	اچھی حالت میں اور ٹھیک طرح تعمیر شدہ مکان۔ اچھی طرح مزروعہ وخوشحال علاقہ۔ خوشحال۔ ترقی یافتہ۔ زمین کی اچھی حالت اور خوشحالی سے متعلق۔	سوسائٹی سے متعلق۔ انسانوں کی آبادی سے متعلق۔
Umud/ Umut	عُمود	ع	اُمید۔ آرزو کی ہوئی شے۔ اُمید سے پیدا اندرونی خوشی۔	ستون۔ تھم۔ کھمبا۔ چوب خیمہ۔ خطِ مستقیم جو سیدھے خط پر واقع ہو اور زاویہ قائمہ بنائے۔
Umum	عُموم	ع	عالمگیر۔ عام۔ تمام۔ کل۔ عام لوگ۔ جملہ عوام الناس۔ پبلک۔	عام۔ عام ہونا۔ سب جگہ ہونا۔ بیشتر۔ بہت۔ سرسری طور سے
Umumen	عُموماً	ع	عام طور سے۔	عام طور پر۔ اکثر۔ بیشتر۔
Umumî	عُمومی	ع	عام طور سے۔ خلقت یا عام آدمی سے متعلق۔ عام۔	اکثر و بیشتر۔ عام۔ منسوب بہ عموم۔ عموم کا۔ عموم کی۔
Umumiyet	عُمومیت	ع	عام۔ عالم گیریت۔ کلیت۔	عالم گیریت۔ عام ہونا۔
Umur	اُمور	ع	جمع Emir کی۔ کام۔ معاملات۔ خاص یا اہم باتیں۔ واسطہ۔ سروکار۔	جمع اَمر کی۔ بہت سے کام۔ بہت سی باتیں۔
Unf	عُنف	ع	سختی۔ درشتی۔ تشدد۔	تندی۔ سختی۔ درشتی۔
Unfuvan	عُنفوان	ع	اٹھتی جوانی یا خوبصورتی۔ نوخیزی۔ عالمِ شباب۔	آغاز جوانی۔ خوبصورتی۔ تازگی۔ آغاز۔ ہر شے کا اوّل۔ شروع۔
Unk	عُنق	ع	گردن۔	گردن۔
Unsur	عُنصر	ع	شے۔ مادّہ۔ جز۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ جز۔	اصل۔ بنیاد۔ اصلی جز۔ طبیبوں کی اصطلاح میں پانی، خاک اور آگ میں سے ہر ایک۔ منفرد چیز۔ وہ چیزیں جو مرکب نہ ہوں۔
Unsurî	عُنصری	ع	بنیادی۔ اصولی۔ غیر مرکب۔ اصلی۔	منسوب بہ عنصر۔ بنیادی اجزا سے متعلق۔
Unvan	عُنوان	ع	خطاب۔ خط پہ پتہ۔ پرائڈ۔ نخوت۔ غرور۔ بالائی تحریر۔ سرنامہ۔	سرنامہ۔ سرخی۔ ہر چیز کا دیباچہ۔ خط کا پتہ۔ آغاز۔ شروع۔ فصل۔ باب۔ سبب۔ وجہ۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔
Uruc	عُروج	ع	اونچائی۔ چڑھائی۔ اٹھان۔ چڑھاؤ۔ بلندی۔ اوپر چڑھانا۔	بلندی۔ اونچائی۔ ارتقا۔
Uruk	عُروق	ت،ع	Irk کی جمع۔ تخم۔ نسل۔ سلسلہ۔ قبیلہ۔ خاندان۔	عرق کی جمع۔ نسلیں۔ درخت کی جڑیں۔ بدن کی باریک رگیں۔
Uryan/ Üryan	عُریان/عُریاں	ع	ننگا۔ برہنہ۔	ننگا۔ برہنہ۔
Usat	عُصات	ع	Asi کی جمع۔ نافرمان۔ مجرم۔ تقصیروار۔ باغی۔	جمع عاصی کی۔ گنہگار لوگ۔ مجرم۔ خطاکار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Usta	اُستاد	ت	کسی کام یا فن کا ماہر۔ ماہر کاریگر۔ ماہر۔ فورمین۔ اوورسیر۔ ہنرمند۔ چالاک۔ تجربہ کار۔ پرانے زمانہ میں رکھیل عورتوں یا ملازمین کی دیکھ بھال کرنے والی عورت۔ کاریگروں کے نام کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے Mehmet Usta بمعنی محمد استاد۔	معلم۔ گرو۔ ماہر۔ کامل فن۔ چالاک۔ مشاق۔ پنجے باز۔ سکھانے والا۔ تجربہ کار۔
Ustura	اُسترہ	ف	بال مونڈنے کا اوزار۔ استرہ۔	استرہ۔ بال مونڈنے کا اوزار۔
Usul	اُصول	ع	راستے۔ طرز۔ بنیادی اصول۔ قاعدے۔ طریقے۔ دستور۔ (بطور واحد) میتھڈ۔ سسٹم۔ قاعدہ۔ دستور العمل۔ پروسیجر۔ (موسیقی) وقت۔ ہم آہنگی سے۔ ملائمت سے۔ خاموشی سے۔ توجہ سے۔ جمع Asıl کی۔	جمع اصل کی۔ جڑیں۔ قاعدے۔ بنیادیں۔ ڈھنگ۔ طور و طریقہ۔ دستور۔
Uşşak	عُشّاق	ع	جمع Aşık کی۔ چاہنے والے۔ درویش۔ گھوم پھر کر گانے والے۔ ترکی موسیقی میں ایک راگ۔	جمع عاشق کی۔ چاہنے والے۔ عشق کرنے والے۔ ایک راگ کا نام۔
Utarid/ Utarit	عُطارد	ع	سیارہ عطارد یا بدھ۔	ایک ستارے کا نام۔ عطارد۔ بدھ۔ دبیر فلک کیمیاگروں کی اصطلاح میں جست۔
Utopia	یُوٹوپیا	یونانی	خیالی۔ قیاسی۔ خیالی پروجیکٹ۔	خیالی۔ خیالی حکومت۔ مثالی مقام یا معاشرت۔
Utufet	عُطوفیت	ع	مہربانی۔ نیک اندیشی۔ کرم۔	مہربانی۔ شفقت۔ کرم۔ نوازش۔
Uygur	اُویغُر	ت	ترکوں کا ایک فرقہ یا نسل یا اس فرقہ کا کوئی بھی فرد۔	ترکوں کا ایک فرقہ اور اس فرقہ کا کوئی بھی شخص۔
Uyun	عُیُون	ع	جمع Ayn کی۔ آنکھیں۔	جمع عین کی۔ آنکھیں۔ پانی کے چشمے۔
Uzlet/ Üzlet	عُزلت	ع	گوشہ نشینی۔ تنہائی۔ عبادت کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرنا۔	گوشہ نشینی۔ خلوت۔ تنہائی۔ اعتکاف۔
Uzma	عُظماء، عُظمٰی	ع	جمع Azim کی۔ بزرگ لوگ۔ بہت بڑے۔ سب سے بڑے۔ بہت عظیم۔	جمع عظیم کی۔ بزرگ لوگ۔
Uzuv	عُضو	ع	جسم کا حصہ۔ کسی تنظیم یا انجمن کا ممبر۔ بازو۔	بدن کا حصہ۔ ممبر۔ رکن۔ جسم۔ بدن۔ جوڑ۔ بند۔ بدن کا ٹکڑا۔ اندام۔
Uzvi	عُضوی	ع	عضو سے متعلق۔ کسی تنظیم کے رکن سے متعلق۔	اعضاء سے متعلق۔ عضو سے منسوب۔

■◆■

Ü/(ü)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Übüvvet	اُبُوّت	ع	پدریت۔ پدری رشتہ۔	پدری۔ باپ ہونا۔
Ücret	اُجرت	ع	تنخواہ۔ مزدوری۔ ڈاک وتار کا صرف۔ ریل کے ٹکٹ کی قیمت۔	بدلہ۔ صلہ۔ مزدوری۔ محصول۔ کام کا عوض۔ حق الخدمت۔ نقد مزدوری۔
Ücurat	اُجرات	ع	جمع Ücret کی۔ تنخواہیں۔ فیسیں وغیرہ۔	جمع اُجرت کی۔ مزدوریاں۔ حق الخدمات وغیرہ۔
Üdeba	اُدَبا	ع	جمع Edib کی۔ فاضل۔ علم سے منسوب لوگ۔ عالم اور ادیب لوگ۔	ادیب کی جمع۔ ادب سکھانے والا۔ انشا پرداز لوگ۔ شعرا۔ شاعر۔
Üftade	افتادہ	ف	گرا ہوا۔ پریشانی میں۔ عشق میں مبتلا۔ برباد۔ اوندھا پڑا ہوا۔	گرا پڑا۔ درماندہ۔ بغیر جوتی ہوئی ناکارہ زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔
Üful	اُفول	ع	ڈوبنا یا غروب ہونا۔ نیستی۔ فنا۔ موت۔	ڈباؤ۔ غروب۔
Ülfet	اُلفت	ع	دوستی۔ بے تکلفی۔ انسیت۔ بے تکلفانہ ربط ضبط۔	دوستی۔ پیار۔ محبت۔
Ülûhiyet	اُلوہیت	ع	خدائیت۔	خدائی۔ خداوندی۔ ربوبیت۔ معبودیت۔ شان خداوندی۔
Ümem	اُمَم	ع	جمع Ümmet کی۔ مذہبی فرقے۔ عوام۔ قومیں۔	جمع اُمّت کی۔ امتیں۔ آدمیوں کے گروہ۔
Ümera	اُمَرا	ع	جمع Emir کی۔ سرادر۔ محکموں کے افسران۔	جمع امیر کی۔ رئیس۔ سردار۔ مالدار۔ دولت مند لوگ۔ معزز۔
Ümid/Ümit	اُمید	ف	توقع۔ آس۔ آشا۔	آرزو۔ آس۔ توقع۔ حمل۔
Ümidgâg	اُمید گاہ	ف	شخص یا چیز سے امید وابستہ ہونا۔	امید کی جگہ۔ جس پر امید کا دار و مدار ہو۔
Ümidvar	اُمید وار		امید رکھنے والا۔ پُر امید۔ آرزومند۔	امید رکھنے والا۔ آرزومند۔ خواہش رکھنے والا۔ آئندہ بھروسے پر کام کرنے والا۔
Ümmet	اُمّت	ع	ایک ہی مذہب کا فرقہ۔ عوام۔ قوم۔ کسی پیغمبر کے ماننے والے۔	گروہ جو کسی کے تابع ہو۔ پیرو۔ تابع۔ جماعت۔
Ümmeti-Muhammed	اُمّتِ محمّد	ع	مسلمان۔ اکثر عوام کے معنوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔	محمد کی اُمّت۔ مسلمان۔
Ümmî	اُمّی	ع	بے پڑھا لکھا۔	بے پڑھا لکھا۔ اَن پڑھ۔
Üniforma	یونیفارم	فرانسیسی	فوجیوں کی پوشاک یا وردی۔	وردی۔ بانا۔ یونیفارم۔
Ümniye	اُمنیہ	ع	امید۔ خواہش۔ مقصد۔	آرزو۔ امید۔
Üniversite	یونیورسٹی	فرانسیسی	یونیورسٹی۔	یونیورسٹی۔ جامعہ۔ تعلیم گاہ جس میں طلبہ کے لیے جملہ علوم یا اکثر علوم کی اعلیٰ تعلیم یا امتحان یا دونوں کا انتظام ہو۔
Ünsiyet	اُنسیت	ع	دوستی۔ لگاؤ۔ بھاری چاہ۔	محبت۔ پیار۔ لگاؤ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Oranyum	یُورینیم	لاطینی	ایک دھات کا نام۔ یورینیم۔	یورینیم۔ دھات۔
Üre	یُوریا	یونانی	یُوریا۔	یوریا۔
Üryan	عُریاں	ع	برہنہ۔ ننگا۔	برہنہ۔ ننگا۔ بے پرواہ۔
Üryani	عُریانی	ف	باریک چھلکے کے بیر کی ایک قسم۔ کھال اتارا ہوا اور خشک کیا ہوا آلو بخارہ یا بیر۔	برہنگی۔ ننگا ہونا۔
Üsera	اُسارٰی	ع	جمع Esir کی۔ جنگی قیدی۔	جمع اَسیر کی۔ قیدی۔ بندی۔
Üslûb/ Üslûp	اُسلُوب	ع	ڈھنگ۔ طریقہ۔ طرزِ تحریر۔	طور۔ طریق۔ طرز۔ روش۔
Üstad/ Üstat/Üstaz	اُستاد/ اُستاذ	ف	سکھانے والا۔ ماسٹر۔ ماہر۔	سکھانے والا۔ ماسٹر۔ معلّم۔ گرو۔ تجربہ کار۔ کامل فن۔ مُدرّس۔ اتالیق۔
Üsne	اُشنہ	ع	ایک قسم کی بوٹی جسے خوشبو کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔	ایک خوشبو دار گھاس جس کو ہندی میں چھڑیلہ یا بالا گیر کہتے ہیں۔
Üsür	عُشر	ع	دسواں حصہ۔	دسواں حصہ۔ قرآن شریف کی دس آیتیں۔
Üzlet	عُزلت	ع	تنہائی میں چلے جانا۔ تنہائی۔ خلوت۔ گوشہ نشینی۔	خلوت۔ تنہائی۔ اعتکاف۔
Üzletgâh	عُزلت گاہ	ع	تنہائی میں بیٹھنے کی جگہ۔	گوشۂ تنہائی۔
Üzletnişin	عُزلت نشیں	ع/ف	گوشہ نشین۔	گوشہ میں بیٹھا ہوا۔ تنہائی میں بیٹھا ہوا۔
Üzüm	اُزُم	ت	انگور۔	انگور۔

■❖■

V/(v)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vabeste	وابستہ	ف	متعلق۔ منحصر۔ تابعدار۔	بندھا ہوا۔ منسلک۔ متعلق۔ رشتہ دار۔ عزیز۔
Vacib/Vacip	واجب	ع	لازم۔ ضروری۔ مسلمانوں کے لیے ضروری ہونا۔	لازم۔ لائق۔ ضروری۔ ہمیشہ۔ دائم۔ سزاوار ہونے والا۔ فقہ میں وہ رکن دین جس کو بغیر عذر ادا نہ کرنے والا گناہگار ہو۔
Vacib-üleda	واجبُ الادَا	ع	جس کو ادا کیا جانا چاہیے۔	جس کو ادا کیا جانا ضروری ہو۔ ایسی رقم جو کسی کے ذمے نکلتی ہو۔
Vacibünnifaz	واجبُ النفاذ	ع	حکم جس کی عمل آوری ہونی چاہیے۔	حکم جس کا نفاذ ہونا چاہیے۔
Vadi	وادِی	ع	گھاٹی۔ درّہ۔ راستہ۔ موضوع۔ دائرہ۔ معنی مطلب۔ کھلی جگہ۔	گھاٹی۔ نیچی زمین۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین۔ نالے یا دریا کے سیلابی پانی کی گذرگاہ۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔ مجازاً مقدمہ۔ معاملہ۔
Va'di/Vaid	وَعدہ	ع	وعدہ۔	وعدہ۔
Vafi	وَافی	ع	کثرت سے۔ وافر۔ فراواں۔ کثیر۔	بہت سارا۔ خاطر خواہ۔ پورا۔ مکمل۔ پر خلوص۔ مخلص۔
Kâfi-ve-Vafi	کافی وَافی	ع	کافی۔ کافی سے زیادہ۔	بہت سے۔ بہت۔ بھرا ہوا۔ بخوبی۔ پورا پورا۔
Vagon	وَیگن	انگریزی	لوہے کی پٹری پر چلنے والی گاڑی۔	ویگن۔ مال گاڑی کا ڈبہ۔ چھکڑا۔
Vah	وَاہ	ف	رحم یا افسوس کے ظاہر کرنے کا کلمہ یا حرف ندا جسے زیادہ تر بار بار استعمال کیا جاتا ہے۔	وائے یا کلمہ۔ آہ۔ افسوس۔ کسی کام سے انکار (کیوں؟) کلمہ تحسین و آفرین۔ ماشاءاللہ۔ سبحان اللہ۔ آفرین۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا بات ہے؟ (طنزاً) کیا خوب۔ چہ خوش۔ (حیرت یا تعجب) کلاہ سے۔ کیسے۔
Vahamet	وَخَامت	ع	سنجیدہ نتائج سے بھرا ہوا۔ سنجیدگی۔ گمبھیرتا۔ موقعہ کی سنجیدگی۔ خطرہ ہو سکنے والی حالت۔	گرانی۔ دشواری۔ ناسازگاری۔
Vahdaniyet	وحدانیت	ع	خدا کی رحمت۔	خدا کی یکتائی۔ توحید۔ واحد ہونا۔ اکیلا پن۔ ایک ہونا۔
Vahdet	وَحدت	ع	یگانگت۔ یکتائی۔ اکیلا پن۔	ایک ہونا۔ یکتائی۔ توحید۔ اکیلا پن۔ یگانگت۔
Vahdet-i-vücud	وَحدتُ الوُجُود وَحدتِ وُجُود	ع/ف	عقیدہ جس میں دنیا کو خدا مانتے ہیں۔ ہمہ اوست۔	صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدائے تعالیٰ کا ایک وجود ماننا اور وجود ماسوا کو محض اعتباری سمجھنا جیسے موج اور حباب اور بھنور اور قطرہ وغیرہ سب کو پانی سمجھنا۔
Vâhi	وَاہی	ع	بیہودہ۔ بیکار۔ ناکارہ۔	بیہودہ۔ لغو۔ فضول۔ سست۔ ناکارہ۔ گمراہ۔ کمزور۔ کاہل الوجود۔
Vâhid/Vâhit	وَاحِد	ع	ایک۔ یگانہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ یکتا۔	ایک۔ منفرد۔ یکتا۔ یگانہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ صرف۔ محض۔ فقط۔ فرد۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
Vahîd	وَحِید	ع	ایک۔ تنہا۔ یگانہ۔	یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔ اکیلا۔
Vahîm	وَخِیم	ع	بھاری۔ ڈراونا۔ بہت زیادہ پر خطر۔	دشوار۔ گراں۔ ناگوار۔ بد۔ زشت۔ برا۔ بدگو۔ بعداز۔
Vahime	وَاہِمہ	ع	وہم۔ برے خیالات۔ اوہام۔ جو چیز نہ بنی ہو اس کو یقین کرنا۔ بلا وجہ کا شبہ۔ دھوکا۔ غمگین۔ غم آلودہ۔	قوت تصور۔ وہ تصور جس سے ایسی باریکیاں اور جزئیات معلوم ہوتی ہیں جن کا تعلق محسوسات سے ہے۔ وہ قوت جو وہم کی جزئیات کو معلوم کرے اور دیکھی اور بغیر دیکھی ہوئی چیزوں کا خواہ مخواہ

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				ہوں خواہ جھوٹ خیال کرے اور یہ قوت عقل کے تابع نہیں ہے برخلاف دوسری قوتوں کے مثلاً کوئی شخص اندھیرے مکان میں مُردے کے پاس ہو اور ہرچند عقل کہے گی کہ مُردہ جماد ہے اس سے خوف نہ کرنا چاہیے مگر قوت واہمہ ضرور خوف دلائے گی۔
Vahiy/ Vahyi	وحی	ع	خدا کی طرف سے پیغمبر کو ترسیل یا پیغامات۔ وحی۔ الہام۔	وحی۔ الہام۔ خدا کا پیغام یا خدا کے وہ احکام و پیغام جو نبیوں پر اترتے ہیں۔
Vahşet	وحشت	ع	خوف۔ ڈر۔ جنگلی پن۔ تنہائی۔ اُداسی۔ ویرانگی۔ بےرحمی۔ غم آلود۔ حیوانیت۔	گھبراہٹ۔ دیوانگی۔ جنون۔ حیوانیت۔ نفرت۔ آوارگی۔ اُداسی۔ خوف۔ ڈر۔ ہیبت۔ آوارگی۔ بھڑک۔
Vahşi	وحشی	ع	جنگلی۔ ظالم۔ شرمندہ۔ انسان سے خوف زدہ۔ ظالمانہ۔ حیوان خصلت۔	صحرائی۔ جنگلی۔ غیر مہذب۔ ناتراشیدہ۔ اُجڈ۔ بھڑکنے والا۔ غیر مانوس۔ جسے انسانوں سے وحشت ہو۔
Vahşiyane	وحشیانہ	ف	جنگلی۔ ناشائستہ۔ بےرحم۔ بےرحمی۔ خونخوار۔	وحشیوں کی طرح۔
Vaız	وعظ	ع	وعظ۔ دینی نصیحت۔ نصیحت۔ پند۔	مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے۔ مذہبی تقریر۔ مذہبی باتوں کا بیان۔ نصیحت۔ پند۔
Vaiz	واعظ	ع	وعظ کہنے والا۔ دینی نصیحت کرنے والا۔	وعظ کہنے والا۔ نصیحت کرنے والا۔
Vak'a	واقعہ	ع	حادثہ۔ واقعہ۔ سانحہ۔ تاریخی اہمیت کا واقعہ۔ جیسے جنگ عظیم یا پلیگ وغیرہ پھیلنے کا کیس۔	حادثہ۔ وقوعہ۔ سانحہ۔ واردات۔ خیر حال۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ جگ بیتی۔ آپ بیتی۔ لڑائی۔ جنگ۔ مڈبھیڑ۔ انتقال۔ موت۔ وفات۔ سختی۔ آفت۔
Vakaâ/ Vakıâ	واقعی	ف	دراصل۔ اصلیت میں۔ واقعی۔ یہ سچ ہے کہ۔	درست۔ ٹھیک۔ سچ مچ۔ دراصل۔ حقیقت میں۔ واقع کی طرف منسوب۔
Vakar/ Vekar	وقار وقر	ع	مرتبہ۔ قائم مزاجی۔ سنجیدگی۔ شان۔ شکوہ۔	بھاری بھرکم پن۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بردباری۔ قدر و منزلت۔ جاہ۔ جلال۔ حلم۔
Vekayi	وقائع	ع	جمع Vakıa کی۔ واقعات۔ حادثے۔ ادبار۔ مصیبتیں۔ جنگیں۔	جمع وقیعہ کی بمعنی لڑائی کی خبر۔ واقعات۔ حالات۔ حوادث۔ مصیبتیں۔ لڑائیاں۔ جنگ کی خبریں۔
Vakfe	وقفہ	ع	انٹرول۔ ٹھہرنا۔ توقف کرنا۔ ٹھہراؤ۔	مہلت۔ انٹرول۔ ٹھہراؤ۔ رکاؤ۔ قرآن شریف کی تلاوت میں اوقاف پر رُکنا۔
Vakıf	وقف	ع	وقف۔ صالح عطیہ۔	ٹھہراؤ۔ توقف۔ خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو۔
Vakıfname	وقف نامہ	ع	نیک کام کے لیے بنائے گئے وقف کی دستاویز۔	وہ دستاویز جو وقف کردہ جائداد کے لیے کی جائے۔
Vâkıf	واقف	ع	جانکار۔ آگاہ۔ محرم۔ بیدار۔ خبردار۔ جائداد وقف کرنے والا۔	شناسا۔ آگاہ۔ جاننے والا۔ ماہر۔ تجربہ کار۔ مطلع۔ چابک دست۔
Vaki	واقع	ع	واقع ہونے والا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ اصلی۔ صحیح۔ سچ۔	ہونے والا۔ پیش آنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
	وَاقِی	ع	حفاظت کرنے والا۔ بچانے والا۔ حامی۔	نگاہ رکھنے والا یعنی کسی کو بچانے والا۔ حفاظت کرنے والا۔
Vakit	وَقت	ع	ٹائم۔ وقت۔ کب۔	زمانہ۔ عرصہ۔ گھڑی۔ ساعت۔ میعاد۔ مہلت۔ فرصت۔ نوبت۔ باری۔ حالت۔ موت۔ عمر۔ زندگی۔ مصیبت۔ وقت۔ دشواری۔
Vakom/ Vakum	وَیکیُوم	لاطینی	خالی جگہ۔ خلا۔	خالی جگہ۔ خلا۔
Vakur	وَقُور	ع	باحرمت۔ سنجیدہ۔ باعزت۔	ذی عزت آدمی۔
Valâ	وَالا	ف	بلند۔ اعلیٰ۔ ممتاز۔	بزرگ۔ بلند مرتبہ۔ عالی۔ اونچا۔ ذی عزت۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
Vali	وَالی	ع	صوبہ کا گورنر۔	مالک۔ آقا۔ سردار۔ حاکم۔ بادشاہ۔ گورنر۔ صوبے دار۔ حاکم صوبہ۔ دوست۔ حامی۔ مُربّی۔ سرپرست۔ محافظ۔ نگہبان۔
Valid	والِد	ع	باپ۔ پیدا کرنے والا۔	باپ۔ پتا۔
Valide	وَالِدہ	ع	مادر۔ ماں۔	مادر۔ ماں۔ ماتا۔
Valideyn	وَالِدَین	ع	ماں باپ۔ مادر پدر۔	ماں باپ۔ ماتا پتا۔ مادر و پدر۔
Valih	وَالِہ	ع	گھبرایا ہوا۔ حیران۔ پریشان۔	شیفتہ۔ سرگشتہ۔ عاشق۔ مجنوں۔ فریفتہ۔ شیدا۔
Valihane	وَالِہانہ	ع	سرگشتگی کے انداز میں۔ جنونی انداز میں۔ شیفتگی کی طرح۔	شیفتگی کے انداز میں۔ عاشقانہ انداز میں۔ شیفتہ کی مانند۔
Vallah/ Vallahi	وَاللہ	ع	خدا کی قسم۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ یہ ایسا ہے۔	قسم خدا کی۔ بے شک۔ یقیناً۔ سچ سچ۔ فی الحقیقت۔
Vantilâtör	وَینٹی لیٹر	فرانسیسی/ انگریزی	روشن دان۔ پنکھا۔ غلیظ ہوا نکلنے کا آلہ۔ بادہ کش۔	روشن دان۔
Varak	وَرَق	ع	پتی۔ کاغذ کا شیٹ۔ پھول کی پتی۔ سونے یا چاندی یا دوسری کسی دھات کو ٹکڑا بنایا گیا باریک پتر۔	درخت کا پتا۔ کاغذ کا ٹکڑا یا پارچہ۔ چاندی یا سونے کو ٹکڑا بنایا گیا باریک پتر۔ پھول کی پتی۔ تاش کا پتا۔ باریک اور چوڑی تراشی ہوئی کوئی چیز۔
Varaka	وَرَقہ	ع	کاغذ۔ لکھنے کا کاغذ۔ واحد ورق۔ واحد پتہ یا پتی۔ نوٹ۔ خط۔ دستاویز۔	کتاب کا ورق۔ پتا۔ ٹکٹ۔
Varkî	وَرقی	ع	ورق کی طرح۔ ورق سے منسوب۔	ورق سے منسوب۔ پرت دار۔
Vâreste	وَارَستہ	ف	آزاد۔ مجرّد۔ بری الذمہ۔ معاف۔	آزاد۔ فارغ البال۔
Varid	وَارِد	ع	آنے والا یا واقعہ ہونے والا۔ اغلب۔ روا۔ جائز۔ قرین قیاس۔	آنے والا۔ پہنچنے والا۔ قاصد۔ موجود۔
Varidat	وَارِدَات	ع	آمدنی۔ سالانہ محاصل۔ سالانہ آمدنیاں۔	وارد کی جمع۔ جو کچھ اوپر بیتی ہوں۔ وہ حال جو آدمی پر گذرے۔ پیش آئی ہوئے۔ حال احوال۔ حالات۔ سانحہ۔ حادثہ۔ واقعہ۔ فساد۔ ہنگامہ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔
Vâris	وَارِث	ع	وارث۔ وارث ہونا۔ ارث ہونے والا۔	میراث لینے والا۔ مُردے کے مال کا صحیح حقدار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vasat	وَسط	ع	درمیان۔ بیچ۔ درمیانہ۔ اوسط۔ اوسط درجہ یا قد کا۔ میانہ۔ متوسط۔	درمیان۔ بیچ۔ قلب۔ مرکز۔ وہ چیز جو جسامت یا درجہ میں میانہ ہو۔
Vasatî	وَسطی	ع	بیچ کا۔ بیچ کی۔ درمیانہ۔ اوسط۔ اوسط درجہ یا قد کا۔ میانہ۔ متوسط۔	بیچ کا۔ بیچ کی۔ درمیانی۔ اوسط درجہ کا۔
Vasfî	وَصفی	ع	قابلیت والا ہونا۔ کوالی فائی کرنے والا۔	صفاتی۔ توصیفی۔ تعریفی۔
Vasıf	وصف	ع	خصوصیت۔ تعریف۔ بیان۔ صفت۔ کوالٹی۔	تعریف۔ خوبی۔ اچھائی۔ عمدگی۔ صفت۔ کمال۔ ہنر۔ جوہر۔ مخصوص صلاحیت۔ پہچان۔ نشان۔
Vâsıf	واصف	ع	بیان کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔ کوالی فائی کرنے والا۔	تعریف کرنے والا۔ وصف یا خوبی بیان کرنے والا۔
Vasıl	وَصل	ع	ملنا۔ ملاقات۔ ملاپ۔ اتصال۔ حصول۔	ملاقات۔ معشوق سے ملنا۔ ہجر کی ضد۔
Vâsıl	واصل	ع	پہنچنے والا۔ ملنے والا۔ پہنچنا۔ اپنے محبوب سے ملنا۔	ملنے والا۔ حاصل ہونے والا۔ ملاقات کرنے والا۔
Vasi	وَصی	ع	ٹرسٹی۔ سرپرست۔ کسی یتیم، عقل سے کمزور یا بیمار شخص کی جائداد کا انتظام کرنے والا۔	وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ وصیت پر عمل کرنے والا۔ سربراہ۔ منتظم۔
Vâsi	وَسیع	ع	چوڑا۔ فراخ۔ فراواں۔ بہتات سے۔	فراخ۔ چوڑا۔ کشادہ۔ دور تک پھیلا ہوا۔
Vasiyet	وَصیت	ع	مرنے والے کی آخری خواہش۔ وصیت۔	آخری نصیحت یا ہدایت۔ سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا کرنا یا نہ کرنا۔
Vasiyet-name	وَصیت نامہ	ع	تحریری وصیت۔	تحریری وصیت۔
Vaşak	وَشق	ف	بن بلاؤ۔ بن بلاؤ سے حاصل کردہ اُون یا فر۔	ایک جانور کا نام جو ترکستان میں لومڑی کے برابر ہوتا ہے اور اس پر سفید اور کالے رنگ کے دھبے ہوتے ہیں اور جس کی پوست کا پوستین بنتا ہے۔ اس جانور سے حاصل شدہ پوستین۔
Vat	واٹ	انگریزی	واٹ۔ ایک پیمانہ۔	واٹ۔ بجلی ناپنے کا پیمانہ۔
Vatan	وَطن	ع	رہنے کی اصلی جگہ یا ملک۔ ماتر بھومی۔ آبائی ملک یا مقام۔	پیدا ہونے اور آدمی کے رہنے کی جگہ۔ دیس۔ جنم بھومی۔ اپنا ملک۔
Vatanî	وَطنی	ع	وطن سے منسوب۔	وطن سے متعلق۔ ہم وطن۔ ایک دیس کا۔
Vatanperver	وَطن پرور	ف	حُبّ الوطن۔ وطن پرست۔ حب الوطنی سے بھرا ہوا۔	حُبّ الوطن۔
Vavelyâ	واویلا	ع	افسوس۔ خوف یا غم سے چلانا۔ فریاد۔	افسوس۔ فریاد۔
Vay	وای/وائے	ع	حرف ندا جو تعجب یا افسوس کے اظہار کے کلمہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمۂ افسوس جو اظہار مصیبت یا رنج والم کے موقع پر زبان پر آتا ہے۔
Vazaif	وَظائف	ع	فرائض۔ ڈیوٹیاں۔	جمع وظیفہ کی۔ وہ چیزیں یا کام جو کسی کے واسطے روزمرہ کے لیے مقرر رہوں۔ ڈیوٹیاں۔ فرائض۔ تنخواہیں۔ پنشن۔ نادار بچوں کی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				تعلیمی اخراجات کے لیے دی جانے والی رقومات۔
Vazelin	ویسلین / ویزلین	جرمن / انگریزی	ویسلین۔ خام پٹرول سے برآمد ۳۱۰ ڈگری درجہ حرارت پر گرم کرنے سے حاصل الگ ایک معدنیاتی تیل۔	ویسلین۔ ایک قسم کی چکنی نرم چیز جو مرہم میں استعمال ہوتی ہے اور اعضا میں نرمی پیدا کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔ موم۔ روغن۔
Vazı	وَضع	ع	جمانے، ڈالنے یا قائم کرنے کا عمل۔ جمع کرنا۔ ٹیکس لگانا۔ انتظام۔ طور طریق۔ رویہ۔ ڈھنگ۔ چال چلن۔	طور طریق۔ رنگ ڈھنگ۔ طرز۔ چال ڈھال۔ چلن۔ ظاہری حالت۔ حال۔ شکل۔ صورت۔ خلیہ۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ترکیب۔ مجرا۔ منہا۔ کاٹنا۔ تفریق کرنا۔ ترتیب کرنا۔ جننا۔
Vazıhamil	وَضع حمل / وَضعِ الحمل	ع	بچہ دینا۔ جننا۔ زائدگی۔ پیدائش۔	بچہ پیدا ہونا۔
Vâzı	وَاضِع	ع	شروع کرنے والا۔ قائم کرنے والا۔	رکھنے والا۔ بنانے والا۔
Vâzı+kanun	وَاضِع قانُون	ع	قانون ساز۔ قانون بنانے والا۔	قانون بنانے والا۔
Vazıh	وَاضِح	ع	کھلا ہوا۔ ظاہر۔ عیاں۔	عیاں۔ آشکارا۔ روشن۔ کھلا ہوا۔ صاف۔ مفصل۔ شرح کے ساتھ۔ جلی قلم سے لکھا ہوا۔ ظاہر جس کے پڑھنے میں کوئی دقت نہ ہو۔
Vazife	وَظِیفہ	ع	فرض۔ ڈیوٹی۔ کام۔ تنخواہ۔ اسکول کی فیس۔	وہ کام جو روزانہ پابندی سے کیا جائے۔ وہ چیز جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہو۔ کوئی دعا جو روزانہ پڑھی جائے۔ تنخواہ۔ وہ رقم جو نادار طالب علم کی تعلیمی اخراج کے لیے دی جائے۔ کسی بات کی ترت۔ حسنِ خدمات کے سلسلے میں عطا کی گئی وغیرہ۔ روزینہ۔ پنشن۔ خدمت۔
Ve	و	ع	اور۔ دو جملوں یا الفاظ کو جوڑنے کے لیے درمیان میں استعمال کیا جاتا ہے۔	اور۔
Veba	وَبَا	ع	پلیگ۔ مہاماری۔ طاعون۔	متعدی بیماری۔ مرگِ عام جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ۔ وہ بیماری جو ہوا خراب ہونے کی وجہ سے پھیلتی ہے۔
Vebaî	وَبائی	ع	پلیگ یا مہاماری سے متعلق۔	وبا سے متعلق۔
Vebal	وَبَال	ع	گناہ جس کی سزا دوسری دنیا میں دی جائے گی۔ برے یا منحوس نتائج۔	بوجھ۔ بار۔ عذاب۔ آفت۔ مصیبت۔ جو ناگوار معلوم ہو۔ دکھ۔ گرانی۔
Veca	وَجَع	ع	تکلیف۔ دردِ شکم۔ قولنج۔	درد۔ ٹیس۔ دکھ۔
Vecahet	وَجاہت	ع	خوبصورتی۔ شکل وصورت کی عظمت یا شرافت۔	خوبصورتی۔ چہرے کی رونق۔ چہرہ کا رعب۔ احترام۔ عزت۔ حکومت۔ دبدبہ۔
Vecd/ Vecid	وَجد	ع	انبساط۔ جوش۔ مسرت۔ نہایت خوشی۔ بیخودی۔ وحشیانہ خوشی۔	بیخودی کی حالت۔ بے اندازہ خوشی۔ حال۔ جذبہ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ حالت بیخودی جو بعض اشخاص کو سماع سے ہوتی ہے۔
Vecdaver	وَجد آور	ع	وجد میں آنے والی۔ بیخود کرنے والی۔ فریفتہ کرنے والی۔	وجد میں آنے والی۔ بیخود کرنے والی۔
Veche	وَجہہ	ع	سمت۔ رُخ۔ سائڈ۔	طرف۔ جانب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vechi/ Vecih	وجہ	ع	چہرہ۔ سطح۔ سمت۔ طور وطریق۔ سبب۔ ذریعہ۔ طرز۔	سمت۔ چہرہ۔ طریقہ۔ سبب۔ باعث۔ ذات۔ طرف۔ رقم۔ معاش۔
Vecīh	وجیہہ	ع	خوش وضع۔ مائل یا رجوع کرنے والا۔	خوبصورت۔ صاحب جاہ۔ خوش وضع۔ مرد روشناس۔ موزوں۔ زیبا۔ دولت مند۔
Veciz	وجیز	ع	مختصر۔ چھوٹا۔ صاف۔ لطیف۔ نفیس۔ مختصر بات۔ ذو مطلب۔ پُر معنی۔	کوتاہ۔ مختصر۔
Veda	وداع	ع	رخصت دینا۔ الوداع۔ رخصت۔	رخصت۔ روانگی۔ دلہن کی رخصتی کی رسم۔
Vedad	وداد	ع	محبت۔ دوستی۔	دوستی۔ محبت۔ الفت۔ انس۔ چاہت۔
Vedia	ودیعت	ع	امانت۔ چیز جو جمع کی جائے یا حفاظت سے رکھنے کے لیے دی جائے۔	امانت۔ سپردگی۔
Vefa	وفا	ع	وفاداری۔ نمک حلالی۔ خیرخواہی۔ ایمان داری۔	خیرخواہی۔ نمک حلالی۔ عقیدت مندی۔ دوستی۔ تعمیل و تکمیل۔
Vefadar	وفادار	ف	خیرخواہ۔ نمک حلال۔ وعدہ پورا کرنے والا۔	وفا کرنے والا۔ باوفا۔ نبھانے والا۔ نمک حلال۔ وعدہ پورا کرنے والا۔ دوست۔
Vefat	وفات	ع	موت۔ انتقال۔ مرنا۔ انتقال ہونا۔	موت۔ مرگ۔
Vefik	وفاق	ع	سازگاری۔ موافق کرنا۔ ساتھی۔	موافقت کرنا۔ مطابقت کرنا۔ سازگاری کرنا۔ محبت۔ اتفاق۔ کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنا لینا۔ فیڈریشن۔
Vefiyat	وفیات	ع	جمع Vefat۔ اموات۔ وفاتیں۔	وفاتیں۔ مجازاً وفات پانے والے۔
Vefk	وفق	ع	موافقت۔ مطابقت۔ تعویذ۔ گنڈا۔	موافقت۔ سازگاری۔ مطابقت۔
Vega	وغا	ع	شور۔ غوغا۔ مخالفت۔ جھگڑا۔ نزاع۔	شور وغل۔ جنگ۔ لڑائی۔ ہنگامہ۔
Vehabi	وہابی	ع	وہابی عقائد کے لوگ۔ وہابی۔	شیخ الوہاب کے فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگ۔ وہابی۔
Vehbi	وہبی	ع	فطری۔ جبلی۔ سرشتی۔ خدا کی طرف سے بخشا ہوا۔	بخشا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ قدرت کی طرف سے دیا ہوا۔ کسبی کی ضد۔
Vehim	وہم	ع	بلاوجہ کا خوف۔ شبہ۔ شک۔ گمان۔ فریب۔ دھوکا۔ بہلاوا۔ کسی چیز کی پہلے سے خبر خاص طور سے بُری بات کا احساس۔	وہم۔ شک۔ بے اعتباری۔ دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے۔ احتمال۔ وسواس۔
Vehimi	وہمی	ع	خیالی۔ قیاسی۔ تیاتی۔	قیاسی۔ خیالی۔ موہوم۔ وہم سے تعلق رکھنے والی۔ وہ ہر بات میں وہم کرے۔
Vehle	وہلہ رو ہلہ	ع	لحہ۔ لحظہ۔	ڈرنا۔ خوف۔ حملہ۔ دھاوا۔ نوبت۔ باری۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ ایک بار۔
Vekâlet	وکالت	ع	کسی کا ایجنٹ یا نمائندہ ہونا۔ (ترکی زبان میں وزارت)۔ ایجارٹی شپ۔ مختاریت۔	وکیل کا کام۔ وکیل ہونا۔ قائم مقامی۔ نیابت۔ نمائندے کی حیثیت سے کسی کے معاملے کو پیش کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vekaleten	وَکالتاً	ع	کسی کا نمائندہ یا نائب ہونے کی حیثیت سے۔	وکیل کے ذریعہ۔ وکیل کی معرفت۔ اصالتاً کی ضد۔
Vekalet-name	وَکالت نامہ	ع	وکیل نامزد کیے جانے کا کاغذ۔ مختار نامہ۔	وکیل یا مختار مقرر کیے جانے کا کاغذ۔ وکالت کے لیے مختار نامہ۔ وکالت نامہ۔
Vekar	وَقار	ع	سنجیدگی۔ قائم مزاجی۔ عزت۔ جلال۔ شان۔ شکوہ۔ درجہ۔ توقیر بخش سکون۔	بردباری۔ حلم۔ گرانباری۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بھاری بھرکم بننا۔ جاہ و جلال۔ قدر و منزلت۔
Vekil	وَکیل	ع	ایجنٹ۔ نمائندہ۔ نائب۔ قائم مقام۔ عوض (صرف ترکی میں) وزیر مملکت۔	مختار۔ قائم مقام۔ نائب۔ وہ شخص جس پر کوئی دوسرا اپنا کام سپرد کرے۔ سند یافتہ قانون داں۔
Velâdet	وِلادت	ع	پیدائش۔	پیدائش۔ بچہ جننا۔ جنم۔
Velâkin	وَلٰکن	ف	لیکن۔ پھر بھی۔	لیکن۔ مگر۔ بلکہ۔
Velâyet	وِلایت	ع	ولی ہونا۔ سرپرستی۔ ٹرسٹی ہونا۔ اولیاپن۔ ٹرسٹی شپ۔	ولی ہونا۔ سرپرستی ہونا۔ ولی کا مرتبہ۔ ملک۔ اقلیم۔ سلطنت۔ مملکت۔ بادشاہت۔ محکوم ملکوں کے باشندوں کے لیے وہ ملک جہاں کا بادشاہ ہو۔
Veled/ Velet	وَلَد	ع	بچہ۔ لڑکا۔ اولاد ذکور۔	بچہ۔ بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا۔ پسر۔
Veledizina	وَلَدِ الزِّنا	ع	حرام کا بچہ۔ غیر منکوحہ عورت کی اولاد۔ کمینہ یا بدخصلت شخص۔	حرام کا بچہ۔ حرام زادہ۔ وہ کیڑے اور پروانے وغیرہ جو برسات میں پیدا ہوتے ہیں اور بعد طلوع کرنے ستارہ سہیل کے مرجاتے ہیں۔
Veleh	وَلَہ	ع	بیخودی۔ بے حواسی۔ بیہوشی۔ تند جذبہ۔	سرگشتگی۔ عشق۔ غصہ۔ غضب۔ شیفتگی۔
Veli	وَلی	ع	خدا کے نزدیک۔ خدا کا دوست۔ درویش۔ بچہ کا سرپرست۔ اولیا۔	سرپرست۔ محافظ۔ مربی۔ متولی۔ دوست۔ یار۔ خدا کے نزدیک۔ کسی کام کا ذمہ دار اور کفیل۔ ایسا انسان جو خدا کے قریب ہو۔
Veli-ahad	وَلی عہد	ع	تاج و تخت کا وارث۔	بادشاہ وقت کا ہونے والا جانشین۔ تاج و تخت کا وارث۔
Velinimet	وَلی نعمت	ع	سرپرست۔ خیر خواہ۔ احسان یا نیکی کرنے والا۔ پشت پناہ۔	پرورش کرنے والا آقا۔ مربی۔ سرپرست۔
Velime	وَلیمہ	ع	شادی کی ضیافت۔	شادی کا کھانا۔ بیاہ کی ضیافت۔
Velûd/ Velût	وَلُود	ع	ثمر دار۔ بچے دینے والی۔ بچہ پیدا کرنے والی۔ زرخیز۔	وہ عورت جو بہت زیادہ بچے جنتی ہو۔ بہت بچے جننے والی بکری۔
Veludiyet	وَلُودِیت	ع	زرخیزی۔ پیداواری۔ باداری۔ ثمر داری۔	
Velvele	وَلوَلہ	ع	فریاد۔ شور۔ غل۔ فغاں۔ جوش و خروش۔ غوغا۔ باجوں کا شور۔	اُمنگ۔ بہت زیادہ شوق۔ شور و غل۔ جوش و خروش۔ فریاد۔
Veraset	وِراثت	ع	ورثہ۔ میراث۔	ورثہ۔ میراث۔ ترکہ۔
Verdi	وَردی	ع	گلاب کے پھول سے متعلق۔ گلابی رنگت۔	گلاب کی رنگت۔
		ہندی	————————	فوجی لباس۔ یونیفارم۔ ڈریس۔ پریڈ پر طلبی کے لیے بجایا جانے والا بگل۔ وہ باجہ جو فوجی بارکوں میں صبح کو جگانے اور رات کو سونے کے لیے بجتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Verem	وَرَم	ع	تپ دق۔ مدقوق۔ تپ دق کا مریض۔ چھپی روگ والا۔	بیماری یا چوٹ سے جسم کا سوجنا یا پھول جانا۔ سوجن۔ اماس۔
Verese	وَرثاء	ع	جمع Varis کی۔ وارثان۔ میراث پانے والے۔	جمع وارث کی۔ میراث پانے والے لوگ۔ ورثاء۔
Verid	وَرِید	ع	وہ رگ جو خون کو دل کو واپس پہنچاتی ہے۔ رگ۔	گردن کی موٹی رگ۔ شہ رگ۔ طبیبوں کے نزدیک وہ رگ جو پھڑکتی نہ ہو برخلاف شریان کے جو پھڑکتی ہے۔
Vesail	وَسائل	ع	جمع Vasile کی۔ بہانے۔ حیلے۔	وسیلہ کی جمع۔ وسیلے۔ واسطے۔ ذریعے۔
Vesaik	وَثائق	ع	جمع Vesike کی۔ دستاویزات۔	جمع وثیقہ کی۔ وعدے۔ معاہدے۔ دستاویزات۔ تمسکات۔
Vesait	وَسائط	ع	جمع Vasıta کی۔ ذرائع۔ وسیلے۔	جمع واسطہ کی۔ واسطے۔ وسیلے۔ تعلقات۔ ذریعے۔
Vesatet	وَساطت	ع	بچولیاپن۔ درمیانی۔ بچولیا کی طرح کام کرنا۔ ذریعہ ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔	وسیلہ۔ ذریعہ۔ واسطہ۔ وسیلہ ہونا۔ درمیان ہونا۔ واسطہ ہونا۔ بیچ۔
Vesaya	وَصایا	ع	Vasiyet کی جمع۔ احکامات۔ ہدایات۔ تنبیہات۔ نصیحتیں۔ وصیتیں۔	جمع وصیت کی۔ نصیحتیں۔ مرنے والے کی نصیحتیں۔ وصیتیں۔
Vesi	وَسیع	ع	کشادہ۔ فراواں۔ کثرت سے۔ کافی۔ فراخ۔ کثیر۔	کشادہ۔ فراخ۔ چوڑا۔ دور تک پھیلا ہوا۔
Vesika	وَثیقہ	ع	وہ دستاویز جس سے کسی چیز کی شناخت ہوتی ہو۔ قبالہ۔ دستاویز جس سے حق ثابت ہو۔ راشن کارڈ۔	اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔ بانڈ۔ پٹہ۔ تمسک۔ پرونوٹ۔ پرامسری نوٹ۔ دستاویز۔ مضبوطی۔ استحکام۔ اعتماد۔ بھروسہ۔ پیمان۔
Vesile	وَسیلہ	ع	سبب۔ ذریعہ۔ بہانہ۔ موقع۔	ذریعہ۔ واسطہ۔ سبب۔ حمایت۔ سہارا۔ آسرا۔
Vesim	وَسیم	ع	خوب صورت۔ جمیل۔	خوب صورت۔ جمیل۔ خوش وضع۔ حسین۔ نشان کیا ہوا۔
Vesvese	وَسوَسہ	ع	فکر۔ تشویش۔ شک۔ شبہ۔ اندیشہ۔ تردد۔ ڈر جو پنہاں ہو۔	وہم۔ ڈر۔ خوف۔ شبہ۔ گمان۔ اندیشہ۔ بدی۔ برائی۔ بری بات جو دل میں آئے۔ عورت کے زیور کی آواز۔
Veşim	وَشم	ع	گودنا۔ نشان لگانا۔	نشان۔ نقش۔
Veted	وَتَد، وَتِد	ع	میخ۔ چوب۔ کھونٹا۔ خیمہ کی کھونٹی۔ کھوپڑی کی ایک ہڈی۔	لکڑی کی میخ۔ کھونٹی۔ کھونٹا۔ میخ۔ لاٹھی۔ ڈنڈا۔ سہ حرفی لفظ (علم عروض میں)
Veter	وَتر	ع	کمان کا زہ۔ کمان کا چلہ۔ باجے کا تار۔ پٹھا۔ عصب۔	باجے کا تار۔ کمان کا چلہ۔ مثلث۔ قائم الزاویہ کا سب سے بڑا ضلع۔ وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے۔ وہ خط جو دائرے کے کسی حصہ کو گھیرے اور دائرے کے قطر سے چھوٹا ہو۔
	وَطر	ع	———	حاجت۔ ضرورت۔
Vetire	وَتیرہ	ع	راہ۔ راستہ۔ طور و طریق۔ دو خالی جگہوں کے بیچ کی دیوار۔	راہ۔ روش۔ دستور۔ شیوہ۔ طریقہ۔
Veto	ویٹو	لاطینی	اختیار نا منظوری قانون وغیرہ سے۔ نامنظوری۔ حاکمانہ امتناع۔ روکنے یا رد	نامنظوری۔ حاکمانہ امتناع۔ کسی فیصلے یا قانون کی نامنظوری کا اختیار۔ حق استرداد۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کرنے کا اختیار۔ منظوری کو روک دینا۔	
Veyl	ویل	ع	افسوس۔ افسوس تیرا کیا حال ہے کہنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمہ افسوس۔ عداوت۔ سختی۔ شور و فغاں۔ ہلاکت۔ انتقام۔ مصیبت اور غم میں بے قراری اور فریاد۔ دوزخ کی ایک وادی کا نام۔
Vezaif	وظائف	ع	جمع Vezife کی۔ فرائض۔ ڈیوٹیاں۔	جمع وظیفہ کی۔ وہ چیزیں جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہوں۔
Vezaret	وزارت	ع	وزیر کا دفتر۔ وزیر کا عہدہ۔	وزیر ہونا۔ وزیر کا عہدہ۔ وزیر کا کام وزیر کا دفتر۔
Vezin	وزن	ع	بوجھ۔ بھاری پن۔ بھار۔ شعر کی بحر۔ قافیہ۔	بوجھ۔ بار۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ عزت۔ وقار۔ بزرگی۔ سنجیدگی۔ متانت۔ علم عروض میں شعری بحر۔
Vezir	وزیر	ع	وزیر۔ منسٹر۔ منتری۔ شطرنج کا وزیر۔	وزیر۔ منتری۔ بادشاہ یا حکومت کے سربراہ کے ساتھ سلطنت کے کام بوجھ اٹھانے و ذمہ داری سنبھالنے والا۔ وہ شخص جو بوجھ اٹھانے میں کسی کا شریک ہو۔
Vezir-i-azam	وزیرِ اعظم	ع	بڑا وزیر۔ پردھان منتری۔ وزیر اعظم۔	بڑا وزیر۔ پردھان منتری۔ مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔
Vezne	وزنہ	ع	ترازو۔ خزانہ۔ دفتر جہاں سے تنخواہ ملتی ہے۔ باروت دانی۔	باروت کا پیمانہ۔
	وزنہ	اردو	————	لوہے یا پتھر کی بنی ہوئی وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کے لیے اس پر رکھی جائے۔ پیپر ویٹ۔
Vicdan	وجدان	ع	ضمیر۔ دل۔ قوت ایمانیہ۔ تمیز۔	قوت ذکاوت۔ جاننے اور دریافت کرنے کی قوت۔ دریافت کرنا۔ کھوئی ہوئی چیز کو پانا۔ جاننا۔ آگاہی۔
Vicdanî	وجدانی	ع	ضمیر سے متعلق۔	وجدان سے متعلق۔
Vifak	وفاق	ع	راضی نامہ۔ موافقت۔ اتفاق۔ ہم آہنگی۔ صلح میل۔	محبت۔ اتفاق۔ اتحاد۔ سازگاری کرنا۔ موافقت کرنا۔ کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنالینا۔
Vikaye	وقایہ	ع	حفاظت۔ محافظت۔ حفاظت کرنا۔	نگاہ رکھنا۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ وہ چیز جس سے دوسری چیز کو محفوظ رکھ سکیں۔
Vilâyet	ولایت	ع	ملک۔ صوبہ جس کی دیکھ ریکھ گورنر (والی) کرتا ہو۔ ولایت۔	حکومت۔ سلطنت۔ مملکت۔ اقلیم۔ بادشاہت۔ ولی کا رتبہ۔ کفالت۔ کسی کا ولی ہونا۔ سرپرست ہونا۔
